UNIVERSAL
LIBRARY

OU_224054

UNIVERSAL
LIBRARY

OUP—67—II-1-68—5,000.

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. ۸۹۱۵۴۳۰۵ Accession No. ۱۱۹۶۵

Author

Title

This book should be returned on or before the date last marked below.

سالگرہ نمبر ۱۹۳۵ء

بیادگار علامہ فصیح آنریبل جسٹس میاں محمد شاہدین صاحب ہمایوں مرحوم

ہمایوں

اُردو کا علمی و ادبی ماہوار رسالہ

ایڈیٹر: بشیر احمد بی اے (آکسن)
بیرسٹرایٹ لا

جائنٹ ایڈیٹر: حامد علی خاں



دیبنے اور ببدرس باغ میں

Checked 1996

جلد ۲۷

فہرستِ مضامین

نمبر ۱

"ہمایوں" بابت ماہِ جنوری ۱۹۳۵ء

تصاویر

(۱) دیہاتی لڑکی (سنگ) (۲) سوئستان کی ایک پہاڑی سڑک کا نظارہ (۳-۴) شعلے کے دو منظر (۵) ڈوبتا ہوا برتن (۶) مغربی ایشیا کی ایک وادی (۷-۸) بچپن (۹) ژان دارک میدانِ جنگ میں سو رہی ہے (۱۰) خیال (۱۱) فینٹے کا بچپن (۱۲) قدیم روس کی ایک دعوت عروسی (۱۳) گرمی۔

شمار	مضمون	صاحبِ مضمون	صفحہ
۱	بجلی	آنریبل جسٹس میاں محمد شاہدین صاحب ہمایوں (مرحوم)	۳
۲	بزمِ "ہمایوں"	بشیر احمد	۴
۳	جہاں نما	"	۶
۴	کون ہے؟ (نظم)	حضرتِ جوش ملیح آبادی	۱۵
۵	اذان (نظم)	"	۱۵
۶	خوب و خوب تر (نظم)	بشیر احمد	۱۶
۷	اے ہندوستان	ب۔ ل	۱۸
۸	چینی نظم کا تتبع	"فلک پیما"	۱۹
۹	یہ نیرنگِ زمانہ	بشیر احمد	۲۰
۱۰	اے خوبصورتی! (نظم)	"	۴۰
۱۱	پھوٹ ہیوی کی کیا دن لاکھ ملامتیں	"فلک پیما"	۴۲
۱۲	رعنائی خیال (نظم)	سید عبد الحمید صاحب عدم	۴۵
۱۳	افسانہ اور حقیقت نگاری	جناب مولوی محمد حسین صاحب ادیب ایم۔ اے۔ بی۔ ای ڈی۔	۴۶
۱۴	کلجگ کتھا (نظم)	حضرتِ مقبول احمد پوری	۵۶

۱۵	ریچھ (ڈراما)	مسٹر سعادت حسن منٹو	۶۰
۱۶	جہاں ریحانہ رہتی تھی (نظم)	حضرت اختر شیرانی	۷۳
۱۷	رنگین وادی (نظم)	جناب تدبیر میرزا برلاس	۷۶
۱۸	جمالیات	علامہ کیفی دہلوی	۷۷
۱۹	خونی بینڈ (نظم)	حضرت جوش ملیح آبادی	۸۳
۲۰	مسرور بچہ	"گلچیں"	۸۴
۲۱	پیاری چڑیا (نظم)	ح۔ ب	۸۵
۲۲	سنگ تراش (افسانہ)	پروفیسر حمید احمد خاں صاحب ایم۔ اے	۸۷
۲۳	دیارِ محبوب (نظم)	حضرت حفیظ ہوشیارپوری	۹۷
۲۴	از کجا ست تا بہ کجا (افسانہ)	خان بہادر میاں عبدالعزیز صاحب ایم اے کمشنر انبالہ	۹۹
۲۵	غزل	حضرت صدق جالسی	۱۰۹
۲۶	خرابات کی رات	جناب جلال ملیح آبادی	۱۱۰
۲۷	گندم کے پودے کی موت (افسانہ)	جناب مہدی علی خاں صاحب	۱۱۱
۲۸	غزل	حضرت نشتر جالندھری	۱۱۳
۲۹	سی۔ آر۔ داس کی شاعری	سر حبیب احمد بنگالی	۱۱۴
۳۰	افشائے راز (نظم)	خواجہ عبدالسمیع صاحب پال اثر صہبائی ایم۔ اے ایل ایل۔ بی	۱۱۷
۳۱	دو خط (افسانہ)	"تمنائی"	۱۱۸
۳۲	بچہ اور سارس (افسانہ)	جناب طاہر قریشی	۱۲۰
۳۳	بیوی کا روٹھنا	مسٹر عطاء اللہ کلیم ایم۔ اے	۱۲۱
۳۴	ایک تھا بادشاہ! (افسانہ)	حامد علی خاں	۱۲۳
۳۵	محفلِ ادب		۱۳۰
۳۶	مطبوعات		۱۳۵
۳۷	تصاویر		۱۳۶

چندہ سالانہ مع سالگرہ نمبر ۶ شتماہی (مع محصول) قیمت فی پرچہ سالگرہ نمبر علاوہ



بجلی

بجلی چمک کے چھپ گئی پھر کیوں سحاب میں؟ — کیا کوئی دید حسن کے لائق نہ تھا یہاں؟
کب تک چھپے گا چہرہ یہ آخر نقاب میں؟ — لو یک بیک پھر آپ کا جلوہ ہوا عیاں؟

حقّا کہ برقِ حسنِ حسیناں شنیدہ ایم
ایں نورِ شعلۂ رخِ رخشاں ندیدہ ایم

بجلی نہیں تجلّیٔ یزداں ہے ابر میں! — اور یہ بھی محض عکس ہے اُس کے ظہور کا!
جلوہ اُسی کا ظاہر و پنہاں ہے ابر میں! — صد برق ایک قطرہ ہے دریائے نور کا!

اے آفتاب ذرّۂ مہرِ ضیائے تو
گستاخی تمام خیالِ ثنائے تو

حضرتِ ہمایوں مرحوم

بزمِ ہمایوں

اگر پوچھا جائے کہ اردو کے موجودہ ادب کا مطالعہ کہاں کیا جا سکتا ہے تو غالباً صحیح جواب ہوگا کہ جامعہ عثمانیہ میں اور اردو کے رسائل میں باقاعدہ علمی مواد حیدرآباد سے دستیاب ہوگا اور بے قاعدہ علمی و ادبی ذخیرہ مختلف شہروں میں بکھرا ہوا نظر آئے گا بظاہر بے قاعدہ و بے ترتیب اور اسی لیے دلچسپ اور کم از کم عمر رسیدہ کم فرصت لوگوں کے لیے بسیط آموز بھی۔ آج کل مغرب میں بھی ہر زبان کے علم و ادب کا خاصا حصہ رسالوں یا رسالہ نما کتابوں میں پیش کیا جا رہا ہے اس کی دو وجوہ ہیں۔ اوّل تو یہ کہ زندگی کی گوناگوں مصروفیتوں میں لوگوں کو فرصت بہت کم ہوتی ہے اور وہ طول طویل کتابوں کے باقاعدہ مطالعہ کیلئے وقت نہیں پاتے۔ دوسرے چونکہ اب علوم و فنون کی معلومات کو ہر کہ و مہ تک پہنچانا مقصود ہے۔ لہٰذا یہ ضرورت لاحق ہوگئی ہے کہ انھیں ایسا لبادہ پہنایا جائے جو خاصوں عام کے لئے دلچسپ و دلکش ہو۔ اس کا نتیجہ ہے کہ بڑے بڑے مضامین کو چھوٹی چھوٹی کتابوں کی صورت میں پیش کیا جائے۔ یا ایک ہی کتاب میں ایک علمی مسئلے کے مختلف موضوعات پر مختلف مصنفین سے مضامین لکھوائے جائیں تاکہ مضمون میں تنوع اور دلچسپی پیدا ہو۔ یا مضمون کو واضح اور دلآویز بنانے کے لیے جا بجا تصویریں اور خاکے زیب کتاب ہوں۔ اب علم و فن صرف چند خانہ نشین طبع کتابی کیڑوں کا مشغلہ نہیں رہا بلکہ عام تعلیم و ترقی کی وجہ سے لاکھوں کروڑوں انسانوں میں مختلف قسم کی معلومات سے بہرہ اندوز ہونے کا شوق پیدا ہو گیا ہے۔ ہمارے ملک میں یہ کام اخبارات و رسائل کے ذریعے سے سرانجام ہو رہا ہے۔ اگر کوئی اردو ادب کا طلب گار اپنی خلوت میں ۱۹۳۵ء کے اردو رسائل اپنے ارد گرد پھیلا کر بیٹھ جائے اور انکی ورق گردانی کرے اور چاہے کہ وہ انسانوں کے علاوہ دوسرے چند مفید و دلچسپ مضامین پر ایک سرسری نظر ڈالے تو غالباً اس کی نظر مفصلہ ذیل عنوانات پر بھی پڑے گی:۔

علمی و فنی اور فلسفیانہ مضامین میں تجزیۃ النفس حیاتیات اور طب میں جدید رجحانات طبیعی مظاہر کا ایک نیا نظریہ صورتوں اور مزاجوں میں فرق (بصیر خواب) رسالہ سائنس پھلوں کا فن مصوری حیات انسانی کا اساسی تضاد (جامعہ) انسان کی لازوال عظمت زندگی کی عجیب و غریب داستان (دنگار) نظریۂ اضافیت (ہندوستانی) زندہ فلسفے نیند (ہمایوں) **معاصرانہ تحریکات کے مضامین** جمعیۃ الشبان المسلمین (جامعہ) ملاحظات تمہارا مسلک اور میرا (زندگی) اسلام کا عظیم انقلاب موجودہ ترقی دھوکا ہے (دنگار) موجودہ کساد بازاری کے اسباب (ہندوستانی) مغرب کی خوفناک غلطی اور اس کا ازالہ (معارف) روس میں جہالت کا دیوالہ شادی اور محبت (ہمایوں) **ملکی مضامین** میں ہندی وفاقی حکومت (جامعہ) دیہات کی اصلاح و بہبود کا کام (زمانہ) اردو ہندی ہندوستانی (ہندوستانی) ہندوستانی گھر کی تعمیر جدید (ادبی دنیا) ایک مغل شاہزادے کی تعلیم (نیرنگ خیال) **ادبی و تنقیدی مضامین** میں اردو شاعری کا مطالعہ سودا۔ روسی ناول مضامین ٹیگور (اردو) اودھ پنچ

کا پہلا دور (جامعہ) عہدِ حاضر کے افسانہ نگار ترجمہ کی چند اصولی باتیں (نگار) ہندی ادب میں مسلم مصنفین۔ اردو کے ہندو ادیب (زمانہ) تذکیر و تانیث۔ اردو کے افسانوں میں عورت۔ افسانوں کے ترجمے (ادبی دنیا) کبیر کے دوہے۔ اردو ڈراما حسن کاری و افسانہ نویسی۔ اردو ادب اور ابوالکلام آزاد (ہمایوں) یہاں گنجائش نہیں کہ ہم ان مفید و دلچسپ مضامین پر تنقیدی نظر ڈالیں۔ قارئین میں سے جن کی نظر سے یہ مضامین نہ گزرے ہوں وہ ان رسالوں کے سال گذشتہ کے پرچے قیمتاً طلب کرلیں محض بیچارے دوستوں سے عاریتاً نہ مانگیں، اور لطف اندوز ہوں۔

موجودہ اردو ادب کو کس قسم کے خیالات کی حاجت ہے؟ ہماری رائے یہ ہے کہ ہر چند تنقید کی موجودگی ایک ترقی یافتہ ادب کی نشانی ہے اور ہر چند اہلِ ادب کو ضرورت ہے کہ وہ اُردو ادب میں کھرے کھوٹے کی پہچان کرنا سیکھیں اور سکھلائیں یعنی تنقیدی مضامین بکھیں اور کھوائیں لیکن ماسوا "اردو" کے دیگر رسائل کے ادبی مضامین کا بیشتر حصہ محض زبان و ادب یا خیالی و نظری مضامین کے لئے وقف نہ ہونا چاہیئے۔ زبان خیالات کے اظہار کا ذریعہ ہے۔ لہٰذا ہمیں اپنی زبان کے اہم ترین خیالات کو اپنی زبان میں ادا کرنا و پیش کرنا ہے ہمارے زمانے کے لیے ہم خیالات حکمت کے نظریوں اور تمدن کے رجحانات سے متعلق ہیں لہٰذا رسائل کو محض زبان بیان کا اجارہ دار نہ ہونا چاہیئے بلکہ انھیں ملک و قوم کے لئے موجودہ تحریکات اور تازہ ترین افکار و نظریات کی نشر و اشاعت کا آلۂ کار بننا بھی لازم ہے اس سریع السیر زمانے میں ہمیں محض اپنی زبان کی خدمت کرنی ہے بلکہ اپنے قومی و ملکی بھائیوں کی تعلیم و ترقی کا سامان بہم پہنچانا ہے ہم کہاں ہیں اور دنیا کہاں سے کہاں نکل گئی! کہیں محکوم آزاد ہو گئے کہیں مزدور حاکم بن گئے کہیں عورتیں مردوں کے برابر آبیٹھیں کہیں نوجوان بڑوں اور بوڑھوں پر خندہ زن ہوئے جمہوریت متزلزل ہوئی۔ شہنشاہیت اٹھی تھی کہ اشتمالیت پھلانگ کر اس سے بھی کوسوں آگے بڑھ گئی معیشت نے سانچے میں ڈھل رہی ہے نفسِ شعور اور تحت الشعور میں مقسم ہو رہا ہے اور آزادی صرف سیاست میں نہیں بلکہ معیشت میں، مذہب میں، فن میں تقریر میں ہر جگہ ہر جانب کیا کیا گل کھلا رہی ہے۔ اور کاہلی غافل دلوں میں بھی خود بخود بزرنفوذ کر رہی ہے اس حال میں کیا ہمارے علماء و ادبا کا سب سے پہلا فرض نہیں کہ وہ اپنے ہم وطنوں کو ان جدتوں سے آگاہ کریں تاکہ ان میں سے جو ہمارے لیے حیات افزا ہوں ان کا ہم بلا تامل خیر مقدم کریں اور جو حیات کش ہوں اُن سے بچنے کے لیے خودداری و سلامتی کا رویہ اختیار کرلیں ہم اپنے معزز اہلِ قلم کو اس اہم بات کی طرف خاص طور پر توجہ ہونے کی درخواست کرتے ہیں۔

آخر میں ہم مفصلۂ ذیل اہلِ قلم کا دلی شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے گزشتہ سال ہمایوں کو اپنے خیالات سے مستفید کیا:۔

نثر میں حضرات فلک پیما فیاض محمود ادیب ممتاز حسن بیگم بیگ عطا الرحمٰن مخمور سعادت حسن جمیل واسطی منصور احمد۔ وقار عظیم شہاب تمنائی مہدی علی خاں، ڈاکٹر حمید۔ رسا زوجلیلی۔ راہرو محمد حسن خاں محمود مورخ ح۔ ب صاحبہ غلام السیدین مقبول تقی علی یاسمی محمد صدیق تاوانی یعقوب الرحمٰن عثمانی حسن عزیز جاوید جیواد۔ ماہر القادری عبدالقادر جیلانی ناظم محمد سلم خاں دیوانہ وغیرہ۔

نظم میں حضرات جوش مقبول۔ عدم۔ اختر آزاد۔ وقار مجدد اصغر اثر۔ رد رسا۔ ذوقی حفیظ ہوشیارپوری نشتر صدق جائسی۔ ندیم۔ ریاض احسن قیس۔ غازی بشر۔ وحشت۔ ناشاد۔ ماہر فراق علی منظور۔

بشیر احمد

تصحیح: ہمیں افسوس ہے کہ دسمبر ۱۹۳۴ء کے "ہمایوں" میں "نازی جرمنی" کے متعلق مضمون غلط طور پر مسٹر صغیر احمد صدیقی سے منسوب ہو گیا۔ یہ مضمون مسٹر محمد صدیق تاوانی کا تھا۔

جہاں نما

گزشتہ پانچ سالوں میں ہر پچھلا سال پہلے سالوں سے زیادہ یاس خیز ثابت ہوا ہے۔ پانچ سال ہوئے کہ متمدن دنیا کی معاشی حالت یک لخت بگڑتی معلوم ہوئی۔ رسد زیادہ ہوئی طلب کم قیمتیں گھٹیں خسارے بڑھے۔ بنک کچھ بند ہوئے کچھ ٹوٹے۔ ہر ملک میں لاکھوں مزدور بیروزگار ہو گئے۔ سینکڑوں کروڑ پتی دیوالیے ہوئے حکومتوں نے اپنی حدود پر محاصلی دیواریں کھڑی کر دیں اور معاشی خوش حالی کے لئے قسم قسم کی تدبیریں چلیں لیکن تقریباً سب ناکام رہیں۔ دو سال سے ایک دل خوش کن وہم پیدا ہوا تھا کہ شاید معاشی حالت بہتری کی طرف مائل ہونے والی ہے کہ معاً سیاسی حالت کی روز افزوں ابتری اپنی بھیانک صورت دکھانے لگی ۱۹۳۳ء کے متعلق شکایت تھی کہ دنیا کی معاشی کانفرنس اور تخفیف اسلحہ کی کانفرنس کامیاب نہ ہوئیں اور مانچوریا کے متعلق جاپان نے انجمن اقوام کی متفقہ آواز پر کان نہ دھرا۔ جرمنی اور فرانس آپس میں روٹھے رہے اور صلح و سلامتی خطرے میں پڑی رہی لیکن ۱۹۳۴ء کا سال اس سے بدرجہا بدتر نکلا اور بہت سے ایسے واقعات پیش آئے جن سے کبھی شبہ اور اکثر یقین ہو گیا کہ متمدن دنیا عنقریب پھر ایک خوفناک عالمگیر جنگ میں مبتلا ہونے والی ہے۔ ایسی جنگ جو غالباً ایک لمبے عرصہ کے لیئے اسے تباہ و برباد کر دیگی دنیا اب تک اس جنگ سے محفوظ رہی ہے لیکن یہ سلامتی ہلاکت سے کچھ کم حیات بخش نہیں کیونکہ فقط اس شخص کی سی سلامتی ہے جسے موت کا حکم سنایا جا چکا ہو لیکن جس کی موت کا دن معین نہ کیا گیا ہو۔ اتحادوں کے جوڑ توڑ، مقابلے اور سنا تنے مطلق مختاروں کی زبردستی، سامان حرب میں اضافے، سیاسی رہنماؤں کی ناعاقبت اندیشیاں، کاروباری غرض پرستیاں! جیسا کہ مشہور ماہر سیاست سر فلپ گبز جس نے ۱۹۳۴ء کے موسم بہار و گرما میں۔ یورپ کی سیر و سیاحت سے اس کی تازہ ترین حالت کا اندازہ کیا ہے رقم طراز ہے۔ یہی وہ خوفناک عناصر ہیں جن سے مہذب دنیا ہر لمحہ خطرے میں ہے۔ گو یہ بھی واقعہ ہے کہ جہاں کہیں بھی جاؤ عوام الناس ہر طرح کی جنگ کے شدید مخالف اور صلح و امن کے زبردست موید نظر آتے ہیں لیکن ان کی دلی خواہشات کس کام آئیں گی اگر ان کے شقی القلب رہنما انھیں ڈھوروں کی طرح لڑائی کے میدان میں دھکیل دیں گے کہ یا اپنے ہم جنسوں پر گولی چلاؤ یا خود اُن کی گولیوں کا نشانہ بن جاؤ۔

انگلستان بمقابلہ اور ملکوں کے ۱۹۳۴ء میں سب سے زیادہ امن پسند بنا رہا کچھ اس وجہ سے کہ وہاں کی معاشی حالت اب پہلے سے بہتر ہو رہی ہے اور کچھ اس لیئے کہ سیاسی نقطۂ نظر سے بھی امن پسندی اور حال پر قناعت مدت سے انگلستان کا مطمح نظر بنی رہی ہے کیونکہ اس کی پھیلی ہوئی سلطنت کے لیئے اب اور پھیلنے کی گنجائش کم اور سمٹنے اور ٹکڑے ٹکڑے ہو جانے کا اندیشہ زیادہ ہے تخفیف اسلحہ کی کانفرنس کے انگریز صدر ہنڈرسن نے بڑی چوٹی کا زور لگایا کہ کسی طرح یہ کانفرنس ناکام نہ رہے اور روٹھا ہوا جرمنی پھر واپس آجائے۔ مگر نہ ہو سکا۔ اسی طرح انگریز سیاست دان ایڈن پیرس

سے روما اور روما سے برلن کا چکر لگاتا رہا کہ کسی طرح فرانس اور اطالیہ اور جرمنی میں مفاہمت پیدا ہو لیکن سیاسی حالت جوں کی توں رہی۔ آخر انگلستان کی حکومت نے اپنی ہوائی طاقت کو بڑھانے کا یہ کہہ کر اعلان کر دیا کہ یہ ناممکن ہے کہ باقی ساری دنیا روز بروز زیادہ مسلح ہوتی جائے اور صرف انگلستان تخفیف پر مصر رہے۔ انگریز سلحہ ساز کارخانہ داروں نے اس تجویز کی تائید کی۔ دو اور واقعات قابلِ غور ہیں۔ برطانیہ کی مزدور جماعت نے مقامی مجالسِ اضلاع کے انتخابات میں حیرت انگیز کامیابی حاصل کی جس سے مستقبل کے متعلق اس کی اُمیدیں روشن ہوئیں اور دارالعوام میں ہندوستان کو نام نہاد خود اختیاری حکومت دئے جانے کے متعلق کمیٹی کی رپورٹ شائع ہوئی جس سے قدامت پسند انگلستان میں اطمینان اور ہندوستان میں شورش پیدا ہو گئی۔

فرانس میں جیسا کہ ہوتا رہا ہے نئی وزارتوں کا شور و غل برپا رہا۔ ایک حکومت مٹی ایک اُبھری بین الاقوامی حلقے میں فرانس بدستور اپنی سلامتی پر زور دیتا رہا۔ کہا گیا کہ جرمنی کے ہاں چالیس پچاس لاکھ فوج تیار ہو رہی ہے اور اس کی نیت صاف نہیں۔ اُدھر اطالیہ سے بھی تعلقات بہتر نہ ہوئے۔

اطالیہ کی آبادی بڑھ رہی ہے لیکن اس کی سلطنت چھوٹی ہے۔ اس کے برعکس فرانس کی آبادی میں مقابلتہً کمی ہے۔ گو اس کی سلطنت وسیع ہے۔ فرانس چاہتا ہے کہ فالتو اطالویوں کو فرانسیسی بنالے مگر اطالیہ اپنی قومیت پر مصر ہے پھر بحیرۂ روم میں بھی دونوں میں مسابقت ہے، جنگِ عظیم میں اطالیہ نے باوجود ظاہری کامیابی کے اپنی کمزوری کو محسوس کیا اور جان لیا کہ یورپ کی سیاسی محفل میں اسے وہ زور و سطوت حاصل نہیں جو بعض اور دولتوں کو حاصل ہے۔ اس کے بعد مسولینی نے آکر اس کے سامنے اتحاد و قوت کا ایک نیا فاشی نصب العین پیش کیا اور اسے بڑی سے بڑی طاقتوں کے مقابلے کے لیے تیار کر دیا۔ اسی لیے برِاعظم پر گر فرانس یگوسلاویا کا حامی ہے تو اطالیہ ہنگری اور آسٹریا کی پشت پناہ ہے۔ اگر فرانس جرمنی کا دشمن ہے تو اطالیہ اس کا دوست بننے کو تیار ہے۔ مسولینی اطالیہ کو حقیقی معنوں میں ایک دولتِ عظمیٰ بنانے کے درپے ہے۔ ایک تو قومی تنظیم کے ذریعے سے اور دوسرے بین الاقوامی اکھاڑے میں سیاسی داؤ پیچ کے طریقے سے۔ اس کام میں وہ بھی دوسرے مطلق مختاروں کی طرح مقررہ مسلمہ اصولوں سے بے نیاز ہے اور اپنا مقصد حاصل کرنے میں ہر طرح کے ذرائع اختیار کرنے کو ہر وقت تیار رہتا ہے۔ حال میں اس نے اطالیہ کے سیاسی دستور کی موقوفی کا اعلان کیا اور ملک میں بائیس "شخصیتیں" مرتب کر کے ماہرین کے ذریعے سے ملکی نظم و نسق کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لے لی۔ ماہِ اگست میں اس نے اپنی ایک تقریر میں اطالیہ کو آنے والی جنگ کے لیے ہمہ تن تیار ہو جانے کی ہدایت کی جس کا مدعا اپنے ہم قوم کو ابھارنے سے زیادہ دنیا کو ڈرانا دھمکانا تھا۔

جرمنی کو آج کل مغرب کے قبیلے کا ایک ضدی ہٹیلا نوجوان سمجھا جاتا ہے۔ بالخصوص فرانس اور انگلستان میں لوگ یہ سمجھے ہوئے ہیں کہ یورپ کی اکثر موجودہ مشکلات کا موجب جرمنی ہی کا رویہ ہے۔ فروری میں دس لاکھ نازیوں نے ہٹلر سے وفاداری کا حلف اٹھایا۔ جولائی میں ہٹلر نے ایک خفیہ سازش کا سراغ پا کر اپنے سینکڑوں مخالفین و موافقین کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ اگست میں ہنڈن برگ مر گیا اور چالیس لاکھ

جرمنوں کے سوا باقی تمام قوم نے ہٹلر کے حق میں رائے دی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہٹلر صدر جمہوریہ اور سپہ سالار اور واحد قومی رہنما سب کچھ بن کر جرمنی کا مختارِ مطلق ہو گیا۔ جنگِ عظیم کے بعد پندرہ سال تک جرمن اتحادیوں کی فوجی قوت اور تاوانِ جنگ کی شدت کے نیچے دبتے چلے گئے تھے کہ ہٹلر کی نازیت نے آکر ان کو اس مصیبت سے چھڑایا۔ اور ان میں ایک نئی روح پھونک دی۔ اس نے کہا کہ جرمنی جنگِ عظیم کا ذمہ دار نہ تھا اس لئے کوئی وجہ نہیں کہ جرمنی کو فوجی طاقت کے معاملے میں دوسروں کے ساتھ برابری کا درجہ حاصل نہ ہو۔ اس نے ساری جرمن قوم میں اعتمادِ نفس اور خودداری کی ایک رو دوڑا دی۔ جرمن پھر جرمن بنے۔ وہ پولستان سے غصب شدہ ڈرین زگ کا شہر اور فرانس سے غصب شدہ سار کا علاقہ واپس لینے پر مصر ہوئے اور تمام جرمنوں کو ایک ہی جھنڈے کے نیچے جمع کرسکنے کے لئے آسٹریا کو جرمنی میں شامل کر لینے کے خواہاں بھی نظر آئے۔ آسٹریا کی نازی پارٹی نے ان سے روگردانی کی جس پر آسٹریا کے نازیوں نے جوش میں آکر اپنے صدر جمہوریہ ڈاکٹر ڈالفس کو (جولائی میں) قتل کر دیا۔ یورپ میں ایک سنسنی پھیل گئی۔ جنگ کی گفتگو ہونے لگی۔ فرانس نے کہا ہم نہ کہتے تھے، انگلستان نے بھی برا مانا۔ اطالیہ بھی ناراض ہوا۔ اور نومبر میں آسٹریا، ہنگری اور اطالیہ کے درمیان ایک خفیہ سمجھوتا ہو گیا۔ اس میں شبہ نہیں کہ ایک مطلق العنان اپنے مقاصد کے حصول میں اپنے خیالات کے سوا عام اصولوں کے ٹھکرا دینے میں ذرا پس و پیش نہیں کرتا۔ جمہوریت کی روح جرمنی میں نیم مُردہ، شاید مردہ ہی ہو چکی ہے۔ یہودیوں کے ساتھ وحشیانہ ناروا داری کا سلوک کیا گیا ہے۔ عورتوں کی آزادی ایک حد تک چھن گئی ہے۔ جرمنی اپنا قرضہ ادا کرنے میں لیت و لعل کر رہا ہے لیکن ادھر دیکھو کہ باوجود جرمنی کی انتہائی کوششوں کے اس کی مالی حالت خراب سے خراب تر ہو رہی ہے۔ اس لئے وہ ادائے قرض میں کینہ کو التوا کی درخواست نہ کرے اور اسی لئے وہ اپنی نوآبادیات کی واپسی کا مطالبہ کرنے پر بھی مجبور ہے۔ بلکہ مذہبی آدمی یہ سن کر خوش ہوں گے کہ جرمنی میں پھر لوگ حق و حقیقت گرجاؤں میں جانے لگے ہیں اور صلح پسندوں کو یہ جان کر مطمئن ہونا چاہیئے کہ کئی انصاف پسند اجنبی جرمنی کے عوام کو بلکہ خود ہٹلر کو بھی فرانس سے مفاہمت کرنے کا خواہشمند پاتے ہیں اور نسائیت کے حامیوں کو سٹنگارٹ کا وہ منظر نہ بھولنا چاہیئے جہاں جسمانی طاقت کے ایک مظاہرے میں اسی ہزار جرمن عورتوں نے حصہ لے کر نازی جرمنی میں اپنی خودداری اور روز افزوں اہمیت کا زندہ ثبوت پیش کیا۔ حق یہ ہے کہ جرمن قوم خواہ مخواہ لڑائی چھیڑنا نہیں چاہتی۔ گو اس میں شک نہیں کہ اس کے نوجوان اپنے انسانی و قومی حقوق پر اصرار کر رہے ہیں اور قوموں کی انجمن میں ان ہم جنسوں کے برابر بیٹھنے کے خواہاں ہیں جن سے تھوڑی مدت ہوئی ان کے بزرگ برسرِ پیکار رہے۔

روس کا انجمنِ اقوام کا رکن بن جانا گزشتہ سال کا ایک اہم ترین واقعہ ہے۔ سوویٹ کی سولہ سالہ تاریخ اس کے اشتمالی رہنماؤں کی تندمزاجی و دوراندیشی کی داستان ہے۔ ۱۹۲۰ء تک روس خانہ جنگی اور خوں ریزی میں منہمک رہا اور ملک میں سوویٹ کا دستور رائج ہوا ۱۹۲۱ء سے ۱۹۲۸ء تک ماسکو کی مساعی اس بات پر وقف رہیں کہ خارجی دنیا اس کی انقلابی حکومت کو تسلیم کر لے۔ اسی دوران میں اشتمالیت کی داخلی پالیسی گرم سے نرم ہوئی تاکہ یوں کاشتکاروں کی کچھ دل جوئی ہو سکے۔ ۱۹۲۸ء سے ۱۹۳۲ء تک پہلے پنج سالہ لائحہ عمل کی تکمیل ہوئی اور توقع سے جلد تر ہوئی۔ پھر دوسرے پنج سالہ لائحہ عمل کا آغاز ہوا جس کا مقصد اشیاء کی پیدائش میں اضافہ اور ان کی قیمتوں میں کمی تھا۔

اس کے ساتھ ہی سوویئے نے غیر یعنی سرمایہ دار ملکوں کی طرف دوستی اور یگانگت اور اشتراکِ عمل کا ہاتھ بڑھایا۔ کیونکہ اس کے دوربین ہنماؤں نے صاف دیکھ لیا کہ دنیا کو راہ پر لانے کا کام اس قدر دشوار ہے کہ اس کے سرانجام دینے میں خود سوویئے کے اُلٹ جانے کا کھٹکا ہی سلسلۂ مصلحت اسی میں ہے کہ پہلے صرف اپنے گھر کے سنبھالنے کا کام ذمے لیا جائے اور آیندہ کے منصوبوں کو فی الحال آیندہ پر چھوڑ دیا جائے۔ چنانچہ روس نے ہر طرف صلح و آشتی کے پیغام بھیجے اور دوسری قوموں کے ساتھ کم از کم چودہ معاہدے مکمل کر لیے۔ روس کے متعلق رائیں اتنی ہی مختلف ہیں جتنے رائیں دینے والے بلکہ تعجب تو اس پر ہے کہ جتنے لوگ وہاں سے لوٹ کر آتے ہیں۔ چار دوست بھی مل کر وہاں جاتے ہیں تو آکر ہر ایک اپنی اپنی الگ کہانی سناتا ہے۔ اس کی صریح وجہ یہ ہے کہ ہر شخص روس کے نئے تجربوں کو عموماً اپنے ہی نقطۂ نگاہ سے دیکھتا اور محسوس کرتا ہے۔ وہاں اتنی بری اچھی چیزیں پہلو بہ پہلو نظر آتی ہیں کہ جو شخص تبا حوں کو دیکھتا ہے وہ سوویئے کو بہت برا۔ اور جو اس کی خوبیوں کو دیکھتا ہے وہ اسے بہت اچھا سمجھنے لگتا ہے۔ روس میں کیا ہوا؟ ایک عظیم الشان پرانی عمارت کو منہدم کیا گیا۔ اس کے ٹوٹے پھوٹے آثار ابھی وہاں اِدھر اُدھر بکھرے پڑے ہیں۔ اور بیچ ہی میں ایک عظیم الشان نئی عمارت بھی تعمیر ہو رہی ہے کہیں ابھی اس کی بھدی سی بنیادیں ہیں کہیں اس کی سر بفلک دیواریں بن رہی ہیں۔ اس کراہ اور چیخ پکار اور اس اے وائے اور واہ واہ کو جو سنتا ہے اس پر اس کا جدا جدا اثر ہوتا ہے ذرا تھوڑی دیر کے لیے اپنے آپ کو روس کا ایک باشندہ تصور کرو۔ تمھاری تھوڑی یا بہت جائداد ہو۔ باپ۔ دادا کی کمائی یا اپنے ہی پسینے کی۔ اور اس پر آکر کوئی قبضہ جمالے اور تمھیں مار پیٹ کر نکال دے پھر تمھارا پیچھا کرے تمھیں اور تمھارے بال بچوں کو پکڑے اور ان کا اور تمھارا گلا گھونٹے۔ اور یوں کسی کو مار ڈالے اور کسی کو طرح طرح کے عذابوں میں مبتلا کر دے تم میں کوئی ہمت والا بھاگ نکلے لیکن اکثر سسک سسک کر جان دے دیں کہو پھر تمھارا دل کیا کہے۔ کہو پھر تم اشتمالیت کی تعریف کے لیے کسی معاشیات داں کے پاس جاؤ گے؟ یا خیال کرو کہ تم ایک چیتھڑا پوش مزدور ہو تمھیں دو وقت کی روٹی بھی میسر نہیں تمھارے بچے فاقوں مرتے ہیں۔ ان کے اور تمھارے رہنے کو ایک زندان نما اندھیری کوٹھڑی ہے اور سونے کو ایک اٹوٹی کھٹوٹی۔ اور کوئی یک لخت آکر تمھیں اس قفس سے کھینچ نکالے۔ اور تمھیں اور تمھارے بیوی بچوں کو ایک کھلے روشن مکان میں لے جا کر آباد کر دے۔ تم دن میں بجائے ۱۰ گھنٹے کام کرنے کے صرف ۴، ۵ گھنٹے کام کرو۔ ہر چوتھے پانچویں سکوت تمھارے لیے تھیٹر اور سینما فراہم کرے تمھاری بیوی کا رحجان کھیتوں میں کام کرے تو تمھارے نھنے کے لیے ایک سرکاری ماما موجود ہو۔ بلکہ جب تم اور وہ سرکاری باغ کی سیر کو جاؤ تو وہاں پہنچتے ہی ایک سرکاری کھلائی تمھارے بچے کی نگہداشت کو فوراً حاضر ہو جائے تمھاری زندگی کا محکومت خود بیمہ کرائے تمھیں پوری اجرت پر چھٹیاں ملا کریں۔ تم رذیل اور ان پڑھ سے پڑھے لکھے اور شریف بن جاؤ اور پھر تم سے کہا جائے کہ تم ہی دنیا کی واحد امید ہو تو کہو تمھیں زندگی کتنی شاندار معلوم ہو؟ تم پھر اگر فردوس بر روئے زمین است وغیرہ وغیرہ نہ کہہ اٹھو؟

اس لیے یہ کہنا سخت دشوار ہے کہ روس اچھی جگہ ہے یا بری۔ سوویئے کی حکومت ملعون ہے یا متبرک حقیقت یہ ہے کہ صرف مستقبل ہی فیصلہ کر سکے گا کہ اشتمالیت کی موجودہ برائیاں اور خوبیاں کہاں تک بری اور اچھی اور نتیجہ خیز ہیں۔ تاہم اس سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا کہ سوویئے

نے بعض شعبوں میں حیرت انگیز ترقی کی ہے اور ملک کو اور کا اور بنا دیا ہے ۱۹۳۲ء میں مشترکہ کاشت گاہیں (FARMS) ۷۰ فیصدی تھیں ۱۹۳۳ء میں ان کی تعداد ۸۰ فی صدی ہوگئی۔ اخبارات کی تعداد سوویئے کے عہدِ حکومت ۴۶۷ سے ۵۴۰۰ اور ان کی اشاعت بیس لاکھ سے تین کروڑ اسی لاکھ ہوگئی ہے ۱۹۱۷ء میں پبلک کتب خانوں میں کتابوں کی تعداد نوے لاکھ تھی ۱۹۳۴ء میں یہ ۲ کروڑ چالیس لاکھ کو پہنچ گئی اور قارئین کی تعداد جو ۱۹۲۶ء میں صرف بارہ لاکھ تھی ۱۹۳۳ء میں ایک کروڑ پندرہ لاکھ ہوگئی۔ روس میں خواندہ اشخاص کی نسبت ۱۸۹۷ء میں ۲۸٫۵ فی صدی تھی ۱۹۳۱ء میں یہ ۷۳ ہوگئی بلکہ کہا جاتا ہے کہ اس وقت روس میں صرف ۱۰ فی صدی ناخواندہ لوگ ہیں ۱۹۲۱-۲۲ء میں خواندہ اشخاص کی مجموعی تعداد چار لاکھ ۵۶ ہزار تھی ۱۹۳۱-۳۲ء میں یہ بڑھ کر ایک کروڑ ۳۶ لاکھ ۳۱ ہزار ہوگئی۔ اور مفت اور جبری تعلیم کی مدت جو پہلے چار سال تھی۔ اب سات سال کر دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ سوویئے نے ایک ہزار صنعت گاہوں کی بنیاد ڈالی ہے اور تیس لاکھ فاحشہ عورتوں کو حکومت نے ترغیب دے کر کارخانوں میں شریفوں کا سا کام کرنا سکھایا ہے اور ان کی باقی ماندہ ہٹ دھرم ہستیوں کے لیے خاص ادارے کھول دیئے ہیں۔ اُدھر سوویئے کے جوشیلے رہنماؤں نے اپنے پہلے پنج سالہ لائحۂ عمل کے تجربے سے ماہرین اور علماء و فضلا کی اہمیت کو محسوس کرنا شروع کیا ہے۔ چنانچہ نومبر ۱۹۳۴ء کے اخیر میں فیصلہ کیا گیا کہ روس میں روئی کے کارخانوں کے قیام و استحکام کیلئے روسی ماہرین کی ایک جماعت انگلستان اور جرمنی اور امریکہ کو روانہ کی جائے جو وہاں سے آکر اس بیش بہا صنعت کے علمی و عملی پہلوؤں پر نظر ڈالے اور اپنا مشورہ پیش کرے اور گو کاشتکاروں کو روز و شب مشترک کاشت گاہوں میں داخل ہونے کی ہر طرح ترغیب دی جاتی ہے لیکن وہاں اُن کے لیے قسم قسم کے آرام و آسائش اور سامانِ شائستگی فراہم کیا جاتا ہے اور لینن کے اس زریں اصول پر احتیاط سے عمل ہو رہا ہے کہ اشتمالیت کی رفتار ترقی قدم بہ قدم بلکہ اینچ بہ اینچ ہونی چاہیئے۔ حال میں ایک یورپی پروفیسر مسٹر سپیئر نے لاہور میں ایک اعلیٰ انگریز افسر کی صدارت میں روس کی حالت پر ایک مؤثر تقریر کی جس میں اس نے کہا کہ روس میں اظہارِ خیال کی آزادی نہیں کیونکہ روسیوں کا خیال ہے کہ خیال کو جس طرح چاہیں شکنجے میں دبا سکتے ہیں۔ ان کے نزدیک نوعِ انسان کی بہتری معاشرہ کی بہتری میں مضمر ہے۔ اسی لیے وہ معاشرہ کے آگے فرد کی کچھ حقیقت نہیں سمجھتے۔ ۱۹۱۷ء کے انقلاب سے پہلے روس کی مجموعی حالت ناگفتہ بہ تھی۔ انقلاب کے بعد امراء تو مفقود ہو گئے متوسط طبقہ کچھ تباہ ہوا۔ باقی ماندہ اسفل طبقے میں مل گیا۔ مزدور جو اس سے قبل محض ایک ذلت کی زندگی بسر کرتے تھے۔ اب پہلی بار آسائش اور خودداری سے روشناس ہوئے ہیں اور صحیح معنوں میں زندہ ہو گئے ہیں۔ علاوہ سیاسی کام کے ان کا فالتو وقت شبانہ انجمنوں، سوسیتی کے جلسوں، تصویر گاہوں، عجائب خانوں۔ اور پبلک کھیلوں میں حصہ لینے میں گزرتا ہے۔ مزدور اب محض ایک تماشائی نہیں رہا بلکہ وہ ملک کے سٹیج پر سب سے نمایاں ایکٹر کی حیثیت سے کام کرتا نظر آتا ہے اور ایک نئی دنیا وضع کر رہا ہے۔ کسان گو اتنے فائدے میں نہیں تاہم ان کی حالت بھی یقیناً پہلے سے بہتر ہے اور علم کی روشنی سے انکی زندگی میں ایک خوش گوار تبدیلی واقع ہو رہی ہے لیکن سب سے زیادہ دل خوش کن اور حیرت انگیز تغیر عورتوں کی حالت میں رونما ہوا ہے۔ اشتمالیت نے عورت کو اس کی صدیوں کی غلامی سے رہا کر دیا ہے۔ عورت کے سر پر تین بار تھے۔ باورچی خانہ، بچے اور مرد۔ اب روس کے شہروں میں اشتمالی باورچی خانے

ہیں اور کارخانوں اور کھیتوں میں بچوں کی نگہداشت کا انتظام ہے اور اپنی کمائی آپ کر سکنے کے باعث عورت مرد کی حکومت سے آزاد ہو چکی ہے اب شادی کی بنا نہ مذہب پر ہے نہ کسی عدالتی معاہدے پر۔ طرفین صرف ایک یادداشت پر خود ہی دستخط کر لیتے ہیں اور محکمہ متعلقہ کو اطلاع دے دیتے ہیں۔ ابھی کہا نہیں جا سکتا کہ ایسی شادیاں کہاں تک کامیاب ہیں گی۔ یہ صرف تجربے سے ظاہر ہوگا۔ روسی پادریوں کی حالت ابتر ہو رہی ہے لیکن مذہب کے معاملے میں اب رواداری مطلق نہیں رہی۔ گو اشتمالی خیال کے آدمی بدستور لامذہب ہیں۔ علماء دارہا کی جماعت تخلیقی کام میں مصروف ہے اور بالعموم روسیوں کے پیش نظر ایک عظیم الشان مشترک مطمح نظر ہے جو انھیں ہر روز آگے کو بڑھائے چلا جاتا ہے۔ اور انھیں یقین ہے کہ وہ ایک نئی دنیا کی طرح ڈال رہے ہیں اور ان کی مساعی کے باعث نوع انسان کا مستقبل شاندار ہو جانے والا ہے۔ اور گو یہ کہا جا سکتا ہے کہ بغیر کسی قسم کی روحانیت کے اشتمالیت کا پودا پروان نہ چڑھے گا لیکن اس حقیقت کو کوئی دوست۔ دشمن نظر انداز نہیں کر سکتا کہ باوجود انتہائی مشکلات اور شدید مخالفت کے روس کو اپنے نئے تجربے میں حیرت انگیز کامیابی حاصل ہو رہی ہے۔

ممالک متحدہ (امریکہ) کے نئے جمہوری صدر نے اپنے معاشی نظم و ترتیب کے تجربوں سے امریکہ میں ایک عظیم تغیر پیدا کر دیا ہے اس نے ماہرین کی ایک جماعت بنا کر گویا دماغوں کی ایک شراکت قائم کی ہے۔ جو معاشی و اجتماعی گتھیوں کو سلجھاتی اور مستقبل کی ایک نئی راہ دکھانے میں ممد و معاون ہو رہی ہے۔ ہر صنعت کے لیے ایک ضابطہ قرار دیا گیا ہے۔ مزدوروں کے لیے روزانہ کام کی مدت اور کم از کم اجرت معین کر دی گئی ہے۔ مزدور جماعت کا مجموعی طور پر گفت و شنید کرنے کا حق تسلیم کیا گیا ہے جو کہ ست بھوکے بے روزگاروں کی مدد کرتی ہے۔ اور بے کاری کی لعنت کو دور کرنے کے لیے نظارت نافعہ کے کئی کام شروع کر دئے گئے ہیں۔ کسانوں کے فائدے کے لئے گیہوں اور روئی کی پیداوار پر بندشیں عائد کی گئی ہیں۔ اور انھیں بہ سہولت قرضہ حاصل کرنے میں مدد دی جاتی ہے۔ بجلی کی طاقت ارزاں کر دی گئی ہے۔ بنکی کاروبار شرح زر اور شغل اصل سب کو منضبط کیا گیا ہے نتیجۃً اجناس کی قیمتیں گھٹ کر خرید و فروخت بڑھ گئی ہے اور ملک میں عام خوش حالی کا دور دورہ ہے۔ روس کے برعکس یہاں سرمایہ داری کی بنیاد قائم ہے۔ گو اس میں نامداخلت کی پالیسی ترک کر دی گئی ہے۔ ان نئے تجربوں کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ جہاں معاشی کساد بازاری سے تخریب کا سامنا تھا وہاں اب اس نئی تنظیم سے ایک نئی تعمیر کی صورت رونما ہو رہی ہے حقیقت یہ ہے کہ روزولٹ نے اپنے آپ کو دنیائے حاضر کا ایک بہترین مدبر و منتظم ثابت کر دیا ہے۔ اس نے امریکہ کو سرد بازاری کے غار سے نکال کر گرم بازاری کی راہ پر لگا دیا ہے۔ اس نے حکمت اور حکومت کے امتزاج سے ایک مکمل تمدنی مرکب تیار کر کے دنیا کو دکھا دیا ہے کہ علم اور تنظیم مل کر نوع انسان کے لیے کیا کچھ کر سکتے ہیں!

بین الاقوامی حلقوں میں جرمنی کی طرح **جاپان** نے بھی دوسروں سے روگردانی اختیار کر لی ہے اور اس کی وجہ محض اس کی ہٹ دھرمی نہیں بلکہ اس کے خصوصی حالات نے اسے اس رویے پر مجبور کیا ہے۔ پچاس برس میں جاپان کی آبادی تین کروڑ سے بڑھ کر چھ کروڑ ہو گئی ہے تعلیم کی ترقی کا یہ عالم ہے کہ ۹۰ فی صدی جاپانی لکھ پڑھ سکتے ہیں۔ اور مقابلے کی یہ حالت ہے کہ حال میں ۴۶۵ فوجی اسامیوں کے لیے ۴۴۲۰ عرضیاں

پیش ہوئیں۔ تمدن نے متمدن لوگوں کا حال ہر جگہ پتلا کر دیا ہے ہنگری کے ایک پروفیسر نے راقم کو بتایا کہ بڈاپسٹ کے شہر میں تھوڑی مدت ہوئی جب برف باری کے دنوں میں جاروب کشوں کی ضرورت پیش آئی تو پچاس ساٹھ اسامیوں کے لئے کم از کم تین چار ہزار امیدواروں کی عرضیاں آئیں جن میں سینکڑوں پروفیسر اور تاجر اور دیگر شریف آدمی شامل تھے۔ جاپان متمدن یورپ کا شاگرد رشید ہے۔ اس لیئے وہاں بھی تنازع للبقا کا یہی حال ہے تعجب ہوتا ہے۔ جب اہل یورپ جاپان کو اپنے سے روٹھا ہوا دیکھ کر اسے برا بھلا کہتے ہیں۔ جاپان نے جو کچھ یورپ سے سیکھا ہے وہ کیسے اپنی ترقی کے لئے اسے استعمال نہ کرے؟ محض اس وجہ سے نہ کرے کہ اس میں بچارے بھلے مانس یورپ کا نقصان ہے جاپان لیگ سے علیحدہ ہو چکا ہے عنقریب اس انقطاع تعلقات کا آخری مرحلہ پیش ہوگا۔ اور اس پر بحرالکاہل کے ان جزائر کی ملکیت کا سوال بھی اٹھے گا جو لیگ نے جاپان کے سپرد کئے تھے چین سے جاپان پہلے ہی الجھا ہوا ہے کیونکہ اس نے مہذب قوموں کی طرح اپنے کمزور ہمسائے پر پہلے ہاتھ صاف کیا۔ قزاقی کے اس اقدام میں اس نے مغربی قوموں کو صاف لفظوں میں "چین سے پرے ہٹ جاؤ" کا حکم سنا دیا ہے۔ بھاری بھرکم روس بھی اس سے ڈر رہا ہے۔ اور اس سوچ میں ہے کہ کس طرح سائبیریا کے علاقے کو جاپانی دستبرد سے محفوظ رکھے۔ اسی لئے اس نے دوسری دول سے معاہدوں اور سمجھوتوں کا ایک سلسلہ قائم کر لیا ہے۔ ممالک متحدہ بحرالکاہل کی سب سے زبردست طاقت ہے۔ وہاں جاپان کی بڑھتی ہوئی قوت کے آگے اپنی طاقت کو برقرار رکھنا چاہتا ہے۔ اسے خوف ہے کہ دس بارہ برس میں جب وعدے کے مطابق وہ جزائر فلپائن کو آزاد کر دیگا تو جاپان ان پر قبضہ نہ جمالے۔ اور پھر یہ دست درازی دوسری مشرقی قدیموں کا پیش خیمہ نہ بن جائے۔ علاوہ بریں جاپان نے بحری کانفرنس میں امریکہ اور انگلستان کے آگے بحری معاہدۂ واشنگٹن کی تریم بلکہ تنسیخ کا مسئلہ چھیڑا ہے کہ اسے بحری طاقت میں ۵-۵-۳ کی نسبت قابل قبول نہیں بلکہ حالات ایسے ہو چکے ہیں کہ اب اسے اس بارے میں مساوات درکار ہے۔ انگلستان اور امریکہ اس مطالبے کو ماننے کے لئے تیار نہیں اور جاپان جرمنی کی طرح اپنے انسانی حق مساوات پر مصر ہو رہا ہے۔ یہ واقعہ ہے کہ جاپان نے تمدن زندگی کے ہر شعبے میں تحیر خیز ترقی کر لی ہے وہ جہاں کہیں پہنچتا ہے وہاں دیکھتا ہے کہ کوئی نہ کوئی مغربی دولت اشیاء پر پہلے سے قبضہ جمائے بیٹھی ہے! چونکہ تمدن کے حلقے میں قبضہ طاقت پر منحصر ہے اور جاپان اپنے جسم و جان میں طاقت محسوس کرتا ہے لہذا وہ بھی مقبوضہ اشیاء میں اپنا حصہ طلب کرتا ہے۔ اس پر مغرب کے عقلمند اپنے گستاخ شاگرد پر ناک بھوں چڑھاتے ہیں اور اسے طرح طرح سے سمجھاتے ہیں کہ کسی طرح وہ ان کی سی ٹیڑھی چالوں سے باز آجائے۔ مگر وہ بھی اپنے بزرگ استاد کا پورا پورا پیرو ہے منہ پھیر لیتا ہے اور سیدھا آگے کو بڑھے جاتا ہے۔ عالمگیر سرد بازاری کے گزشتہ پانچ سال میں دو ملکوں کی معاشی خوش حالی نے کاروباری دنیا کو حیرت میں ڈال دیا ہے۔ ایک روس اور دوسرا جاپان۔ اس مدت میں جاپان کی مصنوعات بعض دگنی۔ بعض چوگنی اور بعض سات گنی ہو گئی ہیں۔ دنیا کی منڈیاں خود مغربی ملکوں کے بازار جاپان کی ارزاں اشیاء سے بھرے پڑے ہیں جن کے مقابلے کی کوئی تاب نہیں لا سکتا۔ اور واقعی اس ملک کے ساتھ مقابلہ دشوار ہے جس میں حب الوطنی، تن دہی اور ارزانی کا دہ عالم ہو جو جاپان میں ہے۔ کہا جاتا ہے کہ بہت سے صنعتی کارخانوں میں جاپانی مزدور تین آنے میں دن میں تین مرتبہ خوب پیٹ بھر کر کھانا کھا سکتا ہے۔ اس سیاسی و تجارتی مقابلہ کا نتیجہ ہے کہ جاپان متمدن دنیا میں علیحدہ اور تنہا ہو رہا ہے چین

روس، امریکہ، انگلستان۔ انگلستان کا بچہ آسٹریلیا، جاوا، سماٹرا والے ٹرچ سب اس سے خائف ہیں اور اس لئے ناراض۔ یوں جنگ جاپان کے لئے بھی مفید نہیں اور پھر جنگ بھی ایسی جس میں ممکن ہے کہ یہ سب کے سب حریف بہ یک وقت شریک ہو جائیں لیکن دقت یہ ہے کہ اب ترقی و تمدن میں سکون ممکن نہیں اور توقف رجعت کا مترادف ہو گیا ہے اور اس لیئے بدقسمتی سے جنگ کی تیاری خودداری بلکہ صلح جوئی کے اظہار کے لئے بھی ضروری ہو چکی ہے۔ ساری تمدن دنیا کا یہی حال ہے۔ سو غریب جاپان کے لئے بھی اس کے سوا چارہ کار نہیں!

یہاں گنجائش نہیں کہ دنیا کے دوسرے ملکوں کا بہ تفصیل ذکر کیا جائے **چین** کی ایک منظم جماعت اس کی آزادی اور ترقی کی خواہاں ہے لیکن ترقی بغیر امن و اتحاد کے ممکن نہیں۔ اور چین میں اگر ایک طرف شمالی ریاستیں قائم ہیں تو دوسری طرف جنوبیوں اور خصوصاً جاپانیوں کی ہوا و ہوس نے ابتری پھیلا رکھی ہے **ترکی** کی رفتار ترقی کا اس ذرا سی بات سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ ترکی کے سب سے بڑے بنک کا نائب ناظم ایک مرد نہیں بلکہ ایک خاتون ہے **ایران** اور ترکی میں مفاہمت اور اتحاد کی صورت پیدا ہو رہی ہے **افغانستان** لیگ اقوام کا رکن بن گیا ہے **آسٹریا** نے اپنے ہی جرمن نازیوں سے ڈر کر اطالیہ کی گود میں پناہ لی ہے **یوگوسلاویا** نے اپنے بادشاہ کے قتل پر **ہنگری** کے "جریہ" TERRORIST فرقے کو مورد الزام قرار دیا ہے اور لیگ کے آگے فریاد کی ہے **آئرستان** انگلستان سے ہر ممکن رشتے کو توڑ دینے میں مصروف رہا ہے **مصر** کے داخلی معاملات میں برطانیہ مخل ہوا ہے اور **پیراگوے** (جنوبی امریکہ) نے لیگ کا مشورہ سننے اور اس کی بات ماننے سے صاف انکار کر دیا ہے۔

ہندوستان میں بہت سے اہم واقعات پیش آئے۔ شروع سال میں بہار میں ایک ہیبت ناک زلزلہ آیا پھر گاندھی جی نے ترک موالات کی حکمت عملی کو ترک کر کے کانگرس کو کونسلوں کے ذریعے سے حکومت پر دباؤ ڈالنے کی اجازت دے دی اور خود علاوہ ہری جنوں کی اعانت کے ملک کی دیہاتی صنعتوں کے احیا میں مصروف ہونے کا تہیہ کیا۔ ملک نے انتخابات میں کانگرس کا توقع سے بڑھ کر ساتھ دیا اور یہ خیال ہر طرف پھیلا کہ بجائے روحانی طور پر روٹھے رہنے کے ہر جسمانی و دماغی کوشش صرف کرنی چاہیئے کہ قوم کی آواز نہ صرف ملک کے کونے کونے میں بلند کی جائے بلکہ اپنے حکمرانوں اور دنیا کے کانوں تک بھی پہنچائی جائے۔ اُدھر حکمران قوم نے اپنی ایک "منتخب جماعت" کی رائے کی اشاعت کی کہ ہندوستان کو خود اختیاری حکومت نہایت آہستہ آہستہ اور محض ذرا ذرا سی دی جائے۔ اور ایسی رائے کیوں کر قائم نہ ہوتی جب محکوم قوم کی ذہنیت ہنوز محکوم اور وہ محض کہنے کو ایک قوم ہے۔ جب اس کے افراد اس حریت کے زمانے میں بھی بجائے اتحاد و آزادی کے محض خود غرضی اور بندش کے نام لیوا ہیں۔

یہ ملکوں اور قوموں کا حال ہے۔ ان میں سے اکثر کے دل غصے اور کینے سے بھرے ہوئے ہیں جس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ سب کے سب ایک دوسرے سے خائف ہیں کسی کو کسی پر اعتماد نہیں اور **سیاسی و معاشی مسائل کا ہجوم** تمدن میں ایک ابتری سی پھیلا رہا ہے جس کے باعث حکمت عملی میں یک جہتی اور عاقبت بینی اور بھی کم ہو گئی ہے۔ مختلف ملک ایک دوسرے سے معاہدے کر رہے ہیں۔ تاکہ کوئی اس خطرناک زمانے میں اکیلا نہ رہ جائے۔ ۱۹۳۴ء میں ترکی۔ رومانیا۔ یونان اور یوگوسلاویا نے ایک بلقانی معاہدے پر دستخط ثبت کئے جسے نہ بلغاریہ نے پسند کیا اور نہ آسٹریا اور

اطالیہ نے آسٹریا اور اطالیہ اور ہنگری نے بھی اپنا ایک معاہدہ وضع کیا اور پھر مسولینی کی تجویز پر اطالیہ، انگلستان، فرانس اور جرمنی نے اپنا ایک جدا عہدنامہ مرتب کر لیا۔ مسولینی چھوٹی ریاستوں کا اصولاً مخالف ہے۔ وہ بارہا کہہ چکا ہے کہ دنیائے حاضر چھوٹی حکومتوں کی متحمل نہیں ہو سکتی اور حالات کا تقاضا ہے کہ صرف بڑی ولایتیں پھولیں پھلیں اور صرف انھیں کی حکمت عملی تمدن کی سمت نمائی میں کارفرما ہو۔ اس نفسانفسی میں **بین الاقوامیت** کا جو حال ہے وہ ظاہر ہے۔ ان مختلف الاضلاع شکلوں کے سامنے لیگ فقط ایک لکیر سی ہو کر رہ گئی ہے اور اس کے کارکن محض لکیر کے فقیر۔ فقیر جنھیں کوئی بھی نہیں پوچھتا۔ لیگ کی کس مپرسی اور کم زوری کا یہ عالم ہے کہ بمقابلہ ۱۹۱۳ء کے دنیا نے ۱۹۳۴ء میں سامان جنگی پر ۶۳ فی صدی زیادہ روپیہ صرف کیا۔

معاشرت و حکومت کے **تین بڑے نظام** اس وقت ایک دوسرے کے مدِمقابل ہو رہے ہیں۔ **جمہوریت** جو نامداخلت اور آزادی کو اپنا اصول بنائے ہوئے ہے **فاشیت** جو مکمل انسان کا مصالحہ لے کر اجتماعی نقطۂ نگاہ سے ایک قومی عمارت کھڑی کرنے کے درپے ہے اور **اشتمالیت** جو نوعِ انسان کی بہتری اس میں سمجھتی ہے کہ جماعتیں ایک مزدور جماعت میں مدغم ہو کر معاشی مساوات کے ذریعے سے دنیا کو ایک جنت بنا دیں۔

علاوہ بریں مختلف قسم کی **جماعتوں میں مناقشے** برپا ہیں۔ تورانی کی حالت ہم دیکھ چکے۔ نسلیں بھی اسی حال میں ہیں۔ گورے۔ کالے۔ حبشی۔ یورپی سب ایکدوسرے کو حقارت سے دیکھتے ہیں۔ اونچے۔ درمیانے اور نچلے طبقے ایک دوسرے کو پاؤں تلے روندنے کی تجویزوں میں مصروف ہیں۔ مذہبی معرکوں کی چیخ پکار اب کم سنائی دیتی ہے لیکن اسکی بجائے اب آوازیں اٹھتی ہیں۔ ادھر عورت مرد کی بہتری و بدتری کا شور سنائی دیتا ہے تو ادھر بوڑھوں اور نوجوانوں کی تو تو میں میں کا بڑھتا ہوا غُل ہے اور اسی پر بس نہیں انتہا یہ ہے کہ خود فرد کے نفس میں مختلف خیالات و احساسات میں ایک مسلسل جنگ ہو رہی ہے کچھ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تمدن کی حالت اس وقت ایک جوشیلے مریض کی سی ہے جو اپنے غم و غصہ میں اپنے ہی پاؤں پر کلھاڑی مارنا چاہتا ہے جسے طرح طرح کے امراض اور مختلف الرائے اطبا نے دیوانہ سا بنا دیا ہے گو عجب نہیں کہ یہ دیوانہ بکاربخود ہوشیار ثابت ہو اور یہ جوش و خروش بتدریج یا شاید فوراً ایک بہتر قلبی و دماغی حالت میں تبدیل ہو کر دنیا کے لیے ایک خوشتر صورتِ حالات پیدا کر دے۔ نوعِ انسان کو طبیعیات کی ترقی نے بزعم خود آسمان پر پہنچا دیا اور نفسیات کی تفتیش اسے اپنے نفس کی گہرائیوں تک لے گئی۔ یوں انسان زمین و آسمان کے قلابے ملانے لگا لیکن جب تک وہ معاشیات میں تنظیم سیاست میں مساوات جماعت بندی میں عدل و انصاف اور علم و ہنر میں ضبط و حسن کاری کو مدِنظر نہ رکھے گا۔ اس کی خوشیاں غم و تشویش میں اور اس کی کامرانیاں سب کی سب ناکامیوں میں تبدیل ہو جائیں گی۔

انسان کی زندگی آج ایک سخت مشکل میں گھر رہی ہے لیکن یہ امر یقینی ہے کہ اگر وہ اپنی عقل و ہمت سے کام لے گا تو یہ مشکل خود آسان ہو کر اس کے لئے ہزاروں شاندار جدتوں کا دروازہ کھول دے گی!

بشیر احمد

کون ہے؟

کون کہنا چاہتا ہے مجھ سے اپنے دل کا راز،
یہ، ہواؤں میں ہے کس کے سانس لینے کا گداز
کس کا سایہ کانپتا ہے یہ در و دیوار پر
جھانکتا ہے کون ظلمت کا دریچہ کھول کر
یہ مرے سینے میں اے شب سسکیاں لیتا ہے کون،
یہ اندھیرے میں مجھے پیغام سا دیتا ہے کون
کس سے میں پوچھوں، یہ کیا انداز، یہ کیا طور ہے
خود یہ دل ہی کے کرشمے ہیں، کہ کوئی اور ہے

جوشؔ

اذان

افق سے سحر مسکرانے لگی — موذن کی آواز آنے لگی،
یہ آواز ہر چند فرسودہ ہے — جہاں سوز صدیوں سے آلودہ ہے
مگر اس کی ہر سانس میں متصل
دھڑکتا ہے اب تک محمد کا دل

جوشؔ

خُوب و خُوب تر

جو کچھ بھی ہے وہ خوب ہے کر اُس کو خوب تر!

یہ چہچہے یہ قہقہے
یہ پتیاں یہ لہلہے
یہ بحر و بر یہ خشک و تر
ہیں خوب تو مگر کر اِن کو خوب تر
جو کچھ بھی ہے وہ خوب ہے کر اُس کو خوب تر!

یہ نت نیا چمن ہے یہاں سیر کو نکل!

تو بھی چہک تو بھی لہک
کبھی مٹک کبھی بھٹک
یہ بھول جا کہ ہو گا کیا!
بھول اور پھول پھل فرصت ہے پل کی پل
میٹھا سا گیت گا کوئی اور اس چمن سی چل!

تجھ کو ملی تھی عقل، وفا، آن اِس لئے ؟
یہ معرکے یہ مخمصے
مُناقشے مباحثے
لڑائیاں بُرائیاں!
تُو اس لئے جیئے؟ خونِ جگر پیئے؟
کم بخت! تُو بنا تھا پھر انسان کس لئے ؟

تقدیر کارساز ہے تدبیر کارگر!
پروانہ کر عقبےٰ ہے کیا
دُنیا کو تُو جنت بنا
جی اور جلا بڑھ اور بڑھا!
ہر شے پہ رکھ نظر اور دیکھ اے بشر!
کون و مکاں وہ نخل ہے تُو جس کا ہے ثمر
جو کچھ بھی ہے وہ خوب ہے کر اس کو خوب تر!

بشیر احمد

اے ہندوستان!

اے ہندوستان! تیرے بہتے دریا سے اپنی گاگر بھر کر وہ تیرے پیپل تلے آ کھڑی ہے۔ وہ جس کا دل صدیوں سے اپنے شوہر اور اپنے بچوں کے لیے دھڑکتا رہا ہے۔ وہ جس پر اس کے شوہر اور اس کے بچوں نے صدیوں ہی ظلم و ستم بھی توڑے۔ اس کی گاگر بس آج کل میں ٹوٹنے والی ہے!

وہ دریا۔ وہ بہتا پانی۔ وہ گھریلو دیوی۔ وہ مٹی کی گاگر ان سب کا دور ہو چکا۔ اب تو لوہے کے نل ہیں۔ اور موٹر کار اور ڈھکے کانوں اور مُنڈی بھوؤں والی انگریزی بولتی ہوئی نازک بیبیں! اب تو پیپل کے پیڑوں کی غلط تصویریں ہیں۔

نہیں نہیں یہ حال وہاں ہے جہاں قصبے پھیل کر شہر بن گئے ہیں۔ جہاں شہر فولادی پٹڑیوں کی باہیں پھیلا کر ایک دوسرے کے گلے ملنے کی فضول کوشش میں ہانپ رہے ہیں کہ وہاں دریا ہیں تو گدلے اور پیپل ہیں تو ناپاک اور عورتیں ہیں تو بجائے گاگر سر پر تولے بھاری بھرکم کتابوں سے لدی پھرتی ——— لیکن وہاں اے ہندوستان! جہاں تیرے وسیع میدانوں میں دریا بہتے ہیں۔ اُسی شان اُسی آن بان کے ساتھ جہاں ہوائیں کبھی تیز کبھی مدھم، اب بھی پیپل کے پتوں میں سے سرسراتی ہوئی گزرتی ہیں۔ وہاں اے پیارے وطن اے دلدادۂ رنج و محن! وہاں اب بھی اپنی اپنی گاگر کو سر پر سنبھالے ایک دو نہیں بیسیوں۔ وہ سادہ دل جفاکش ہستیاں تیری پگ ڈنڈیوں پہ صبح و شام آتی جاتی ہیں جن سے میدانوں کی آرائش اور زمین و آسمان کی زیبائش ہے۔ اے میرے مجبور و مقہور وطن!

سو اُن کو اے وطن! جو تیری بیڑیاں کاٹنے کو شہروں میں شور و غُل مچاتے پھرتے ہیں ان کو ان سرسبز و شاداب ویرانوں کی طرف بلا، جا انھیں یہاں کھینچ لا یہاں جہاں نہ بندش ہے۔ نہ غلامی، جہاں نہ کالے ہیں نہ گورے۔ جہاں صبح کے سنہری تخت پر بادشاہ نہیں بیٹھتے بلکہ ننھی چڑیاں کھیلتی ہیں۔ جہاں کے دریاؤں کے اوپر پُل نہیں بند ہتے بلکہ جہاں ان کے کناروں پر قدرت اپنی پیاسی مخلوق کو خود چُلّو بھر بھر کر تازہ پانی پلاتی اور سکراتی ہے۔ اے میرے ہزاروں نعمتوں سے مالا مال وطن!

ب



دیہاتی لڑکی

چینی نظم کا تتبع

اگر تم شاعری کے نشہ میں چور نہ ہوئے یعنی تمہارا دماغ بجز قوافی کی قیود سے آزاد ہوا تو شاید تم میری مندرجہ ذیل کوشش کو ناپسند نہ کرو۔ میں خوب سمجھتا ہوں کہ یہی چیز تم نہایت خوبصورت الفاظ اور بندشوں سے کہ سکتے ہو مگر وہ الفاظ اور بندشیں اب رسمی ہو گئی ہیں۔

(۱)

کل شب
مری ماہ پارہ
شاداں، رقصاں
آنکلی کہیں سے

(۲)

بولی
"چاند کی سیر کو چل تو
بیگانہ نہ بن تو
مجھے ہے الفت
تجھے ہے فرصت
ٹال نہ میرا کہنا"۔

(۳)

اور
لپٹی ہوئی مجھ سے
وہ نازکی پتلی
صحنِ باغ میں ٹہلی +

(۴)

صبحدم
ہوں میں پریشاں
غالب ہے گماں
افسانہ تھا یہ سب

(۵)

کون
کہہ سکتا ہے
ماجرا سارا
یہ تھا کہ نہ تھا؟

"فلک پیما"

یہ تیز رَو زمانہ

بیسویں صدی کے پہلے تینتیس سالوں کی معنی خیز داستان

(۱۹۰۰ء تا ۱۹۳۳ء)

بیسویں صدی کے پہلے تینتیس سال ایک عجیب و غریب زمانے پر مشتمل ہیں۔ واقعات بلکہ تحریکات بھی کبھی اس سے پہلے ایسی سرعت کے ساتھ ظہور میں نہیں آئیں! اس عہد میں زمانے کی رفتار اس قدر تیز ہوگئی کہ ہماری ایک عمر میں گویا بیسیوں عمریں گزر گئیں ہم سے پہلے نوع انسان کی ہزاروں پشتیں آئیں اور چلی گئیں اور ان میں سے بعض نے معاشرت کو بدلتے دیکھا بعض نے پرانے ادارات کو تہ و بالا ہوتے دیکھا لیکن ان سب کے اساسی خیالات کا بیشتر حصہ ہمیشہ برقرار رہا حکومتیں مٹ گئیں۔ مذہب کا رنگ اور کا اور ہو گیا لیکن انسانی فطرت جوں کی توں رہی اور دنیا و کائنات کے آئین و قوانین بدستور قائم رہے!

اس کے برعکس ہمارا زمانہ پہلا زمانہ ہے جس میں یہ بظاہر غیر متغیر سلسلہ آ کے ٹوٹا۔ ہماری پشت پہلی پشت ہے جس کے نہ صرف سیاسی و معاشری خیالات میں ایک انقلابی تبدیلی واقع ہوئی ہے بلکہ جس کے نزدیک زندگی و کائنات کے بنیادی اصول و قوانین جو ہمیشہ سے اٹل سمجھے جاتے تھے متزلزل ہو کر ایک نئے سانچے میں ڈھل گئے ہیں! اس نقطۂ نظر سے لاکھوں برس ہوئے کے حجری زمانے سے لے کر انیسویں صدی تک محض ایک زمانہ ہے اور ہماری زندگی ایک بالکل دوسرا زمانہ۔ اس لئے کہ ہمیں پہلے وہ لوگ ہیں جنھوں نے سمجھ لیا ہے کہ ہمارا ماحول اب کبھی مستقل طور پر قائم نہ رہے گا بلکہ اس کا نقشہ روز بروز تبدیل ہوتا رہے گا ہم نے جانچ لیا ہے کہ دنیا اور کائنات کی کوئی قائم و دائم بنیاد نہیں ہے ہمیں پہلے انسان ہیں جنھیں اس امر کا احساس ہوا ہے کہ محض معاشرتی نظام بلکہ قدرتی نظام بھی ہمارا ہی ساخت کردہ ہے۔ اور جب ہم بدلتے ہیں تو ہمارے ساتھ یہ دونوں بھی بدل جاتے ہیں۔ گزشتہ لوگوں نے بیرونی قدرت کو اس لئے اٹل سمجھ لیا کہ وہ اپنی اندرونی فطرت سے بخوبی آگاہ نہ تھے۔ انسانی فطرت اس قدر آہستہ گام زن تھی کہ بیرونی دنیا کا عکس جو اس میں پڑتا تھا وہ بھی حقیقت معلوم ہوتا تھا!

لیکن یہ امر کہ ہر شے اس قدر سرعت کے ساتھ بدل رہی ہے۔ اور بالخصوص یہ انکشاف کہ ہر شے ہمارے ارادے سے اس حد

تک بدلی جاسکتی ہے حد درجہ دردانگیز ہے جب ہم دیکھتے ہیں کہ ہمارے حالات اور ہمارا ماحول اس قدر بدل سکنے والا ہے تو ہم ڈر جاتے ہیں کیونکہ یہ امر ہماری ذمہ داری کو بدرجہا بڑھا دیتا ہے پھر ہم الگ تھلگ ہوکر اور محض واقعات وحالات کو قابل الزام ٹھہرا کر قانع نہیں رہ سکتے!

گزشتہ تینتیس سال پر نظر ڈالنے سے نہ صرف یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ زمانہ بہت سریع السیر ہے بلکہ یہ بھی صاف طور پر عیاں ہوجاتا ہے کہ ہم لوگ اس صریح حقیقت کے سمجھنے اور دیکھنے سے عمداً جی چراتے ہیں۔ جو کچھ ہوا ہے اور ہو رہا ہے ہم اس کی طرف محض گویا آنکھیں بند کئے دیکھتے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ ہم نے نئی سے نئی طاقتیں حاصل کرلی ہیں اور قدرت کے کئی بھید ہمارے اپنے دلوں کے کئی بھید ہم پر منکشف ہوچکے ہیں پس اس انکشاف کے بعد بھی اگر ہم تجاہل عارفانہ سے کام لیں گے تو ہمارا انجام یقیناً خطرناک ہوگا ہمارے لئے لازم ہے کہ ہم اپنی ان نئی طاقتوں کے لئے نئے مطمح نظر ڈھونڈیں۔ اپنے خیالات کو بدلیں۔ اپنے نصب العین کو بدلیں اور اپنی نئی دنیا میں گویا ایک نئی یا اختیار مخلوق ہوکر رہیں ہمیں!

۱۹۳۴ء میں ایک مغربی مفکر جیرلڈ ہیرڈ نے سنہ ۱۹۰۰ء سے لے کر ۱۹۳۳ء تک کے زمانے کی ایک مختصر تاریخ "یہ تیز رو زمانہ" کے نام سے لکھی ہے جس میں اس نے یہ ثابت کرنیکی کامیاب کوشش کی ہے کہ ہمارے عہد کے تمام بیرونی حادثات یعنی تمام لڑائیوں، انقلابوں ایجادوں، دریافتوں، اور نظریوں کی ظاہری کشمکش کے نیچے ایک عالمگیر زلزلہ نما تحریک بپا ہے۔ وہ سمجھتا ہے کہ ہماری اس تمام ظاہری افراتفری اور گڑبڑ کے پس پشت فی الحقیقت انسانی نفس کا روز افزوں شعور کارفرما ہے۔ ایک نئے انقلابی علم کا شعور، علم قدرت کے مظاہر کا علم بطون فطرت کا اور اس پراسرار تعلق کا جو قدرت و فطرت انسانی میں پیدا ہے! وہ کہتا ہے کہ اکثر لوگ اس علم سے جان بوجھ کر منہ پھیرے ہوئے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ دور حاضر کے سیاسی و معاشری انقلاب فقط بیرونی واقعات مثلاً معاشی سرد بازاری معاشری تفریق قومی روایات کے ماضی سے نتائج ہیں لیکن ایسا خیال محض فضول اور بغایت مضرت رساں ہے حقیقت یہ ہے کہ تمام ظاہری واقعات کے نیچے بعض مخصوص تحریکات کام کر رہی ہیں اور پھر ان تحریکات کے اور نیچے ایک گہرا نیم شعوری زبردست رجحان ہے جو ہماری دنیا کو کہیں سے کہیں لیے جاتا ہے۔ تمام واقعات و تحریکات کی صحیح علت غائی یہی رجحان ہے جو ہمارے زمانے کی مخصوص علامت ہے۔

اگر ہم اس چھپے ہوئے رجحان اس زبردست زلزلے کی عظیم الشان حرکات سے تباہ نہیں ہونا چاہتے؛ اگر ہم اس سے اپنی زندگیوں کو مسرور و کارآمد بنانے کے آرزومند ہیں تو ہمیں اس عالمگیر حادثے سے گھبرا نہ جانا چاہیئے بلکہ بیدار و ہوشیار ہوکر دیکھنا چاہیئے کہ اس زمین دوز حرکت کی سمت کیا ہے۔ اغلب ہے کہ ہم اس بظاہر جاں کاہ حادثے کو سمجھ سکیں گے۔ پھر یقیناً ہم یا ہمارے بعد میں آنے والے لوگ جو ہمارا فراہم کردہ مواد استعمال میں لائیں گے ایک قطعاً نیا پائدار "نظام تعمیر کرسکیں گے!

THESE HURRYING YEARS BY GERALD HEARD (1934)

مفکّر مذکور نے بیسویں صدی کے پہلے تینتیس سالوں کو چار زمانوں میں تقسیم کیا ہے۔ اوّل سنہ ۱۹۰۰ء تا سنہ ۱۹۱۰ء۔ دوم سنہ ۱۹۱۰ء تا سنہ ۱۹۱۹ء سوم سنہ ۱۹۱۹ء تا سنہ ۱۹۲۹ء چہارم ۱۹۲۹ء تا سنہ ۱۹۳۳ء۔ اس نے ہر زمانے میں پہلے "بیرونی منظر" کو لیا ہے یہاں اس نے معمولی سیاسی اور بظاہر اہم واقعات کی تاریخ لکھی ہے پھر اس نے "پس منظری قوتوں" پر نظر ڈالی ہے۔ یہاں اس نے مختلف النوع معاشرتی و علمی تحریکات کو بیان کیا ہے۔ اخیر میں اس نے ایک مخفی "رجحان" کا انکشاف کیا ہے یہاں اس نے فنون لباس وغیرہ کی تبدیلیوں کا اندازہ کیا ہے۔ اور یہ نکتہ سمجھایا ہے کہ کسی زمانے کے اصلی میلان کا پتہ انہیں باتوں سے چل سکتا ہے جو بظاہر بالکل غیر اہم ہوں کیونکہ یہی دراصل اس زمانے کے رجحان کا صحیح آئینہ ہوتی ہیں۔

حصّۂ اوّل

سنہ ۱۹۰۰ء تا سنہ ۱۹۱۰ء

(بیرونی منظر)

ہماری یہ تاریخ سنہ ۱۹۰۰ء میں شروع ہوتی ہے۔

صدی کے آغاز میں دول یورپ نے چین کو اپنے تجارتی تشدد کا نشانہ بنایا۔ اس پر بعض چینیوں کی برافروختگی نے (باکسر یعنی) مکّے بازوں کی بغاوت کی شکل اختیار کی جسے مہذب اجنبیوں نے بڑے ظلم و ستم کے ساتھ فرو کیا۔ اور پھر ایک بہت بڑا تاوان ان غریبوں سے وصول کیا۔

جاپان اس سے پہلے ہی چین سے اپنا لوہا منوا چکا تھا۔ جولائی سنہ ۱۹۰۰ء میں ممالک متحدہ (امریکہ) نے ہسپانیہ کو شکست دے کر فلپائن کے جزائر کو حاصل کیا۔ ان فتح مندیوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ بحرالکاہل میں فقط دو طاقتوں کا یعنی جاپان اور امریکہ کا ڈنکا بجنے لگا۔ ہاں برطانیہ بھی اپنی سلطنت کو استوار رکھنے کا خواہشمند تھا۔ سنہ ۱۹۰۱ء میں آسٹریلیا کی حکومت کو ایک دولت عامّہ قرار دیا گیا اسی سال جنوبی افریقہ میں برطانیہ اور بوروں کے درمیان جنگ چھڑ گئی جو سنہ ۱۹۰۲ء تک جاری رہی۔ برطانیہ بظاہر کامیاب ہو گیا لیکن مجبور ہوا کہ بوروں کو خود اختیاری حکومت کا وعدہ بھی دے۔ اس وقت انگلستان میں قدامت پسندوں کی حکومت تھی جو ایک عالمگیر برطانوی سلطنت کے دل دادہ اور علم بردار تھے۔ جنوبی افریقہ، مصر، آسٹریلیا، کینیڈا۔ اس زنجیر کی چند کڑیاں تھیں۔ اور ان کو ہر ممکن ذریعے سے روز بروز مربوط و مضبوط کرنا مقصود تھا۔ اسی لئے قاہرہ سے راس امید تک ایک خالص برطانوی ریل کی تجویز کی گئی اور اسی لئے سنہ ۱۹۰۲ء میں برطانیہ نے جاپان کے ساتھ معاہدہ کیا اور اپنی بحری طاقت کی طرف بیش از بیش توجہ کی لیکن جس طرح قدامت پسندوں کی تحریک محاصل ناکام رہی۔ اسی طرح برطانوی سلطنت کا یہ عظیم الشان منصوبہ بھی بالآخر اس حد تک کامیاب نہ ہو سکا جس کی توقع تھی۔ وجہ اس کی یہ تھی کہ دنیا کے حالات ایک واقعی مستقل برطانوی سلطنت کی کامرانی کی راہ میں حائل تھے۔ یورپ کا سیاسی نظام

کمزور ہو رہا تھا۔ سلطنتِ ترکیہ تنزل پذیر تھی۔ روس جاپان سے برسرِ پیکار تھا اور ممالک متحدہ (امریکہ) انگلستان کا مدِمقابل بننے کا خواہشمند تھا۔ اور خود برطانوی سلطنت کے بعض حصص میں شورش کے آثار نمایاں تھے یہاں تک کہ روس و جاپان کی جنگ میں جاپانی کامیابی نے سوتے ہوئے ہندوستان کو بھی ذرا سا جگا دیا تھا اور لارڈ کرزن کی مستبدانہ روش نے تقسیم بنگال کی چھیڑ چھاڑ سے ملک میں ۱۹۰۵ء ایک قومی تحریک پیدا کر دی تھی۔ جدت پسند مارلے کی رفارم سکیم نے اس تحریک کے بانیوں کی اشک شوئی کرنی چاہی لیکن نتیجہ زیادہ خاطر خواہ نہ ہوا۔ بات یہ ہے کہ جاپان کی جنگی کامیابی نے ادھر مہذب دنیا کو حیرت میں ڈال دیا اور ادھر مشرق کو اپنی مدتوں کی نیند سے بیدار کر دیا۔ عہد حاضر کی تاریخ میں اس جنگ کی بڑی اہمیت ہے۔ اس سے یورپ کے توازنِ قوت میں خلل پیدا ہو گیا۔ روس کا زیادہ کمزور ہو جانا اس توازن کے لئے تسلی بخش نہ تھا۔ نتیجتہً انگلستان فرانس کی طرف مائل ہونے لگا۔ اس جنگ کے طریقۂ حرب پر بھی نئی روشنی پڑی۔ جنگی محاذ اس قدر وسیع ہوئے کہ سپہ سالار اب میدان جنگ کی بدلتی ہوئی حالت سے بخوبی آگاہ نہ ہو سکتے تھے۔ گولے بارود کی اہمیت بڑھ گئی۔ اور بمقابلہ جارحانہ کارروائی کے مدافعانہ طرز جنگ کے فوائد ظاہر ہونے لگے۔ واقعات کا رنگ ایسا ہوا کہ سیاسی دنیا میں پہلے سے امن و اطمینان کی گنجائش نہ رہی۔ زبردست انگلستان کی الگ تھلگ حکمت عملی قائم نہ رہ سکی۔ اور اس کے "جدت پسند" طبقے کی بے نیازی بھی طوعاً و کرہاً یورپی سیاسیات اور رقابتوں کی طرف متوجہ ہونے لگی۔ ۱۹۰۶ء میں انگلستان اور فرانس نے الجیری کانفرنس میں طے کر لیا کہ مراقش فرانس کے زیر اثر رہے گا۔ اور وہاں جرمنی کا دخل محض دخل در معقولات سمجھا جائیگا۔ ۱۹۰۷ء میں انگلستان نے ایک طرف تو اپنے نئے حلیف فرانس سے بری و بحری فوجوں کی تقسیم و تعیین کے متعلق گفت و شنید کی اور اپنے بحر روم کے بیڑے کا بیشتر حصہ بحیرۂ شمالی کی طرف منتقل کر لیا۔ اور دوسری طرف اس نے اپنے پرانے رقیب روس سے ایران وغیرہ میں "حلقہائے اثر" کے متعلق مفاہمت کر لی۔ ان تمام تر تبدیلیوں اور سمجھوتوں سے جرمنی یہی سمجھا اور اس کا یوں سمجھنا ایک فطری امر تھا کہ وہ سیاسی دنیا میں علیحدہ کیا جا رہا ہے اور بے یار و مددگار ہو رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ۱۹۱۴ء کی جنگِ عظیم کی بنیادیں قائم ہو رہی تھیں جنگ سے گریز کرنے والی "جدت پسند" جماعت بھی جو انگلستان میں برسر اقتدار تھی باوجود اپنی آزاد خیالی کے اپنی احتیاطوں ہی کے طفیل جنگ کی زنجیروں کو گویا اور مضبوط کر رہی تھی اور امن و امان کے متزلزل کرنے میں ممد و معاون ہو رہی تھی چنانچہ ۱۹۰۸ء میں جب برطانیہ نے اپنے ڈریڈناٹ (نڈر) جہازوں کی طرح ڈالی تو اس سے بحری رقابت کی رفتار دوچند ہو گئی۔ اسی سال میں شاہِ پرتگال قتل کیا گیا اور ترکان احرار نے سلطان عبدالحمید سے جو گو قدامت پسند تھا لیکن جو زیرک جریص یورپ کی چالوں کو خوب سمجھتا اور اپنی جوابی چال بازی سے اس کا سدباب کئے ہوئے تھا از سرِ نو اپنا سیاسی دستور حاصل کیا۔ ادھر آسٹریا نے آن کی آن میں ترکی کے دو مقبوضہ صوبے بوسنیا اور ہرزیگوینا دبوچ لئے۔ روس کہ ابھی اس فوج کھسوٹ کے لئے تیار نہ تھا دیکھتے کا دیکھتا رہ گیا یوں بغیر جنگ کا اعلان کئے دوران صلح

میں کسی کا مال جلدی اور آسانی سے سمیٹ لینے کے نئے مہذب طریقے کی ایک روشن مثال قائم کی گئی۔ برطانوی "جدت پسند" اپنی خانگی قانون سازی سے اپنی حریت کا ثبوت بہم پہنچاتے رہے۔ ۱۹۰۰ء میں مزدوروں کی اجرت[1] کا معیار بڑھایا گیا۔ اور ویلز کے کلیسا کی موقوفی[2] کا اعلان کیا گیا۔ ۱۹۰۹ء میں لائڈ جارج نے اپنا "جمہوری میزانیہ" پیش کیا۔ اور دارالعوام اور دارالامرا کو دست و گریباں کر دیا۔ ۱۹۱۰ء میں وزیر اعظم اسکوتھ نے انتخابات کے ساتھ اپنے وہ آئرش ارکان لے کر آیا جنھوں نے ہر بات میں جدت پسندوں کی حمایت کا اس کڑی شرط پر بیڑا اٹھایا کہ وہ آئرستان کو آزادی دلا دیں۔ غرض ۱۹۱۴ء تک کے زمانے کے خاتمے پر گو جدت پسند بظاہر حکمران تھے مگر ظاہر تھا کہ ان کی سیاسی جوڑ توڑ میں اصولی گڑبڑ ہو رہی تھی۔ یہ اس زمانے کی سب سے المناک کیفیت تھی کہ جدت پسندوں نے اپنی احتیاطوں اور بزدلی سے آپ اپنے پاؤں پر کلھاڑی ماری اور طاقت و صولت کے میدان میں قدامت پسندوں اور مزدوروں کے مقابلے کے لئے رستہ صاف چھوڑ دیا۔ اس زمانے کی دوسری اہم خصوصیت مہارت[3] کا نشوونما اور ماہرین کی ترقی تھی۔ تمدن کے مختلف شعبوں میں بڑے بڑے قابل ماہرین فن پیدا ہوئے جن کی مہارت نے مختلف قسم کی انسانی مہارتوں کو درجۂ کمال پر پہنچایا۔ لیکن یہ مہارت اور یہ کمال اندھا دھند اپنا کام کر رہے تھے۔ ماہرین کو مطلق خبر نہ تھی کہ ان کی محنت و مہارت تمدن کے کس کام میں لگائی جاتی ہے نتیجہ یہ ہوا کہ یہ نیک نیت ناآگاہ لوگ اپنے بعض چالاک ہم جنسوں کے ہاتھوں میں کٹ پتلی بن کر رہ گئے۔ جو اپنی اپنی خود غرضانہ یا کم اندیشانہ اغراض کے لیے ان کی ترقی سے ناجائز فائدہ اٹھانے کے خوگر ہو گئے۔ جیسا ہم آگے چل کر دیکھیں گے۔ یہ اسی جہل و دنائت کا نتیجہ تھا کہ نوع انسان تباہی کے تاریک رستے پر ڈھکیلی گئی اور شاعر کا یہ قول مہذب یورپ پر صادق آگیا کہ "تمھاری تہذیب اپنے خنجر سے آپ ہی خودکشی کرے گی"! اس عہد کی تیسری خصوصیت شدید احساس کا مسلسل نشوونما تھا۔ انسان جور و ستم اور تکلیف و کرب پر زیادہ گھبرانے اور خوف زدہ ہونے لگا۔ ان تمام خصوصیات کا ماحصل یہ تھا کہ انسانی روح اپنے ہی ساتھ برسرپیکار تھی اور اس کی قوت بجائے مجتمع ہونے کے منتشر ہو رہی تھی! انسان کے نفس میں ایک عظیم الشان جنگ چھڑ گئی تھی!

(پس منظر کی قوتیں)

اس زمانے کی سب سے نمایاں تحریک مزدوروں کی تحریک تھی جس میں تین عناصر کی آمیزش تھی۔ ایک عنصر انجمن اتحاد مزدوران تھا۔ دوسرا اشتراکیت کی انقلابی تحریک اور تیسرا باقاعدہ علمی منصوبہ بندی[4] کا طریقہ جو روایات، مراعات اور توہمات کی مخالفت پر مبنی تھا۔ اس زمانے

---

[1] MINIMUM WAGE ACT

[2] WELSH CHURCH DISESTABLISHMENT

[3] SKILL

[4] SCIENTIFICALLY PLANNING METHOD

میں اتحاد مزدوراں کی تحریک نے بہت فروغ پایا جس کا سب سے بڑا سبب تمام طبقوں میں عام فہم تعلیم کا رواج پانا تھا۔ انگلستان میں ایک طرف بیمز سیکڈانلڈ۔ کیئر ہارڈی وغیرہ نے مزدوروں کی سیاسی جماعت کو ترتیب دیا۔ اور دوسری طرف برنارڈ شا ویلز والس وغیرہ نے نچلے طبقے کی حمایت میں ایک علمی جماعت کی بنیاد ڈالی۔ ۱۹۰۰ء میں لندن یونیورسٹی کی از سر نو تنظیم سے بھی مزدوروں کی تحریک کو تقویت پہنچی لیکن مزدوروں کی یہ مختلف حامی ایک ہی مضبوط سلسلے میں منسلک و متحد نہ ہو سکے۔ مزدوروں کی تحریک محض قومی سرحدوں تک محدود نہ رہی۔ چنانچہ اکتوبر ۱۹۰۰ء میں انگریزی جماعت نے جرمن مزدوروں کو ان کی ہڑتال میں اپنے محدود سرمائے میں سے دو ہزار پونڈ کی گراں قدر رقم ہفتہ وار پیش کی۔ ۱۹۰۶ء میں پارلیمنٹ میں انتیس ۲۹ مزدور ارکان بھی آ داخل ہوئے لیکن تاہم اس تحریک میں کافی زور اور گرمجوشی پیدا نہ ہو سکی اس کی وجہ صاف ظاہر تھی۔ اور وہ یہ تھی کہ معاشیات اور عقلیت جب تک نفسیات اور جذبات کی پُرجوش امداد سے مستفید نہ ہوں کوئی تحریک صحیح معنی میں زندہ و مؤثر نہیں ہو سکتی۔

وہ تحریک جس نے ان دونوں اہم عناصر کو اپنی ترقی میں استعمال کیا **نسوانی تحریک** تھی۔ عورتوں نے نشر و اشاعت اور اظہار جذبات سے بڑے جوش و خروش سے کام لیا۔ انیسویں صدی میں اس تحریک کی مخالفت شدید تھی۔ رومانی تحریک میں صنف نازک کی حیثیت سے عورت کی پرستش تک کی جاتی تھی لیکن اسی وجہ سے اسے مساوات بلکہ کئی ضروری حقوق تک حاصل نہ تھے۔ لہٰذا اب ایک طرف تو عورتوں نے علمی بغاوت کا جھنڈا بلند کیا۔ اور کہا کہ مردوں کی فوقیت کا نظریہ محض لغو ہے۔ اور دوسری طرف تشدد کے مختلف مظاہرے پیش کئے جلوس نکالے۔ دروازوں کھڑکیوں کے شیشے توڑے غرض خاص و عام کو ہر طرح تنگ کیا۔ یہ جارحانہ کارروائیاں خوب پھل لائیں اور آگے چل کر عورتوں کو ان کے بعض حقوق مل گئے جس کا نہ صرف عورتوں پر بلکہ کئی دوسری جماعتوں پر خاص اثر پڑا اس زمانے میں **حفظان صحت** کے بعض نئے طریقے ایجاد ہوئے۔ فرائڈ کا نفسیاتی تجزیہ[1]۔ نومیتھ[2]۔ مسیحی حکمت[3]۔ ان سب نے اپنے اپنے خیالات پھیلائے اور اپنے اپنے کرتب دکھائے۔ بالخصوص نفسیاتی تجزیے کے نظریات نے جو نفس انسانی کی نیم شعوری قوت اور اس کی جنسی جذبات کی پیشیدہ کشمکشوں پر مبنی تھے ذہن عامہ پر خوب اپنا سکہ جمایا ساتھ ہی یہ خیال بڑھا کہ صحت تمام جسمانی قوتوں کے اجتماعی فروغ کا نام ہے۔ اور یہ فروغ عام بود و باش تازہ ہوا اور روشنی۔ ورزش اور خوراک اور آرام اور دلی و دماغی سکون سے حاصل ہوتا ہے لیکن پھر بھی حفظ صحت کے دائرے میں نئے خیالات والوں کو بوجہ اپنے اختلاف و تخالف کے پرانے ڈاکٹری علاج اور قدیمی نقطۂ نظر کے مقابل میں زیادہ کامیابی حاصل نہ ہو سکی اور پرانی چیزوں کا بدستور دور دورہ رہا۔ گو نئے خیالات کی کرید دماغوں میں شروع ضرور

---

[1] PSYCHOANALYSIS

[2] HYPNOTISM

[3] CHRISTIAN SCIENCE

ہو گئی

تفتیش و دریافت کے شعبے میں جو کچھ ہوا اُس کا نتیجہ پرانے اخلاق کی بیخ کنی کی ابتدا تھا پیری ۱۹۰۹ء میں قطب شمال میں جا پہنچا غیر مہذب ملکوں کے اصلی باشندوں کے طرزِ معاشرت پر گہری علمی نظر ڈالی گئی اور مہذب انسان نوعِ انسان کے مختلف و متضاد اخلاق دیکھ کر سوچنے اور شک کرنے لگا کہ کیا صحیح اخلاق صرف وہی ہیں جنھیں میں صحیح سمجھتا رہا ہوں۔ یہ علم الانسان[1] انسانی بہتری کے آئندہ خیالات کو ایک نئے رنگ میں رنگنے والا تھا۔ یوں قدامت پھیکی پڑتی گئی اور وسیع النظری کی آب و تاب روز بروز بڑھتی گئی۔ نئے علم پیدائش[2] اور ضبط تولید نے کہا کہ آیندہ نسلوں کے لیے بہتر و مضبوط تر بچے پیدا کرنا ممکن ہے۔ نئی نفسی[3] تفتیش نے نفس کی انوکھی قوتیں دریافت کیں۔ "خیال رسانی[4]" نے خیال کو ایک جگہ سے دوسری جگہ ہزاروں کوس پر منتقل کر دکھایا۔ "نئی روحانیت" نے بزعم خود مُردوں سے گفتگو کی راہ نکالی۔ اُدھر اصلاح معاشرت کے سلسلے میں نوجوان ملزموں کے ساتھ نرمی و ملاطفت کے سلوک سے ان کی اصلاح ترقی کا رستہ نکلا۔ ۱۹۰۳ء میں انگلستان میں تہی دست غربا کی مفت وکالت کا انتظام کیا گیا۔ اور ۱۹۰۶ء میں بے روزگاروں کی امداد کا سلسلہ شروع ہوا کہ کیوں کر ان کے لئے کام مہیا کیا جائے۔ اسی سال میں بوائے سکاؤٹس کی تحریک کی بنا پڑی جو معاشری حیثیت سے بتدریج ایک نہایت نتیجہ خیز تحریک ثابت ہونے والی تھی۔

علمی تفتیش کے بعض عملی آلات نے انسانی بود و باش پر معتدبہ اثر ڈالنا شروع کیا۔ ۱۹۰۲ء میں مارکونی نے بحر اوقیانوس کے پار اپنا پہلا بے تار کا پیغام بھیجا۔ ۱۹۰۳ء میں موٹر کاروں کی رفتار میں میل فی گھنٹہ پر پہنچ گئی۔ ۱۹۰۴ء میں پہلا سینما کھولا گیا۔ ۱۹۰۵ء میں ٹیلیفون کا رواج عام ہونے لگا۔ ۱۹۰۶ء میں ٹربائن کے موٹر کی کل نے بڑے بڑے جہازوں کو دخانی قوت سے بسرعت و سہیج سمندروں کے پار لے جانا شروع کیا۔ ۱۹۰۹ء میں موسیو بلیریو اپنے طیارے میں بیٹھا۔ رود بار کے پار اڑتا ہوا انگلستان آ پہنچا۔

مغربی علم ادب میں کپلنگ نے برطانوی سلطنت کا ڈنکا بجایا۔ ولز نے تمدن کا گیت گایا۔ ہنری جیمز نے انسانی سیرت اور انسانی معاشری نسبت پر روشنی ڈالی۔ میٹرلنک نے اپنی تصنیف "شہد کی مکھی کی زندگی" میں ثابت کیا کہ چھتہ بعض باتوں میں انسانی تمدن سے بھی زیادہ اعلیٰ معاشری کارنامہ ہے۔ کونن ڈائل نے سراغ رسانی کی کہانیوں میں ایک نئی روح پھونکی۔ آسکر وائلڈ نے فن کو محض حسن فن کے نقطۂ نظر سے دیکھا اور پیش کیا۔ برنارڈ شا نے جو یقیناً اس عہد کا سب سے مؤثر مصنف تھا معاشی اصلاح کا پھریرا اُڑایا اور کہا کہ اشتراکی بنو بیری نے "بچپن کی طرف واپسی" کا نعرہ بلند کیا۔ ایبسن نے سمجھایا کہ "زندگی کا سامنا کرو"۔ نیٹشے نے مسیحیت کی غلام ذہنیت کا نقشہ کھینچا

---

[1] ANTHROPOLOGY

[2] EUGENICS

[3] PSYCHICAL RESEARCH

[4] TELEPATHY

غرض ان اور دیگر مختلف مصنفین کے پیغامات سننے اور ان پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانے کی یورپی علمی و ادبی تحریکات کا رخ زیادہ تر نفسیات اور سیرت نبی ہی کی جانب تھا۔ لوگ کچھ نہ کچھ آگاہ ہو رہے تھے کہ ان کی زندگیوں اور حالات میں جو گڑبڑ ہو رہی ہے۔ وہ محض اپنے متعلق زیادہ آگاہ ہونے ہی سے دور ہو سکے گی۔ اور اگر وہ نہیں چاہتے کہ ان کی زندگیاں بے سروپا حادثات کا نشانہ بنیں تو لازم ہے کہ وہ فطرت اور اس کی ضروریات سے کماحقہٗ واقفیت حاصل کریں۔ یوں علم ادب اور معاشرہ دونوں ہاتھ میں ہاتھ دیئے ایک نامعلوم سرزمین کی طرف بسرعت گام زن ہو رہے تھے۔ صرف انھیں اس بات کا دھندلا سا احساس ہو رہا تھا کہ کوئی شے انھیں کشاں کشاں بسرعت کہیں لئے جاتی ہے۔ اور کبھی کبھی یہ شک گزرتا تھا کہ وہ شے کوئی بیرونی وجود نہیں بلکہ ان کا اپنا ہی نفس ہے

نظری تفتیش کی بعض دریافتیں بظاہر محض نظری تھیں لیکن فی الاصل اساسی اور عمیق اور اس لئے بالآخر غایت درجہ اہم و انقلاب انگیز ثابت ہوئیں۔ مادام کیوری نے ریڈیم کی دریافت سے طبیعیات کے اساسی مفروضات اور مادیت کے منجمد سے اعتقادات کی بنیاد ہلادی۔ بورا و رٹامسن اور فورڈ نے جزو لاینجزے (ایٹم) کے متعلق ثابت کر دکھایا کہ وہ بھی ایسا ہی کھوکھلا ہے جیسا کہ نظام شمسی۔ اُدھر آئین سٹائن ابھی دور ہی دور قدیم کائنات کو اپنے نفس کے عرق میں گھول کر زور کا اور نیا رہا تھا جس سے مستقبل قریب میں ایک علمی انقلاب عظیم واقع ہونے والا تھا۔ ارتقائے حیات کے متعلق ڈارون نے حیات انسانی کو جس انفعالی حالت پر پہنچا دیا تھا۔ مینڈل نے اسے اس قعر ذلت سے نکالا اور بتایا کہ زندہ جرثومہ میں یہ طاقت موجود ہے کہ وہ خود بخود تبدیل ہو کر گویا پھلانگ کر ایک بالکل نئی جنس بن جائے۔ ڈارون نے زندگی سے از خود عمل کرنے کی جو قوت چھین لی تھی اور اسے حالات اور ماحول کے حوالے کر دیا تھا۔ مینڈل نے اسے پھر بحال کر دیا۔ کیرل نے مرغی کے جسم کا ایک ٹکڑا علیحدہ کر کے اور زندہ رکھ کر ثابت کر دیا کہ کسی جان دار کی ایک زندہ رگ غیر معین وقت تک زندہ رکھی جا سکتی ہے۔ یہ ٹکڑا آج تک زندہ موجود ہے۔ ان عجیب و غریب مظاہرے نے زندگی کے متعلق انسانی علم میں حیرت انگیز اضافہ کر دیا۔

(رجحان)

اب ہمیں غور کرنا ہے کہ مندرجہ بالا واقعات و تحریکات کے نیچے اور اندر ہی اندر جبلی زندگی کی کونسی موج اور کونسا رجحان اس زمانے میں کام کر رہا تھا جو انسان کو اس کے نامعلوم ٹھکانے کی طرف لئے جا رہا تھا؟ "یہ تیز رو زمانہ" کے مصنف کو اس بات پر اصرار ہے کہ گزشتہ تینتیس سال انسانی تاریخ میں ایک انوکھی حیثیت رکھتے ہیں وہ کہتا ہے کہ تاریخ کبھی اپنے آپ کو دُہرا نہیں سکتی کیونکہ تاریخ انسان کی مسلسل ارتقا کرنے والی رُوح کا محض عکس ہے۔ اور انسان ایک تبدیل پذیر حیوان ایک مخلوق تجرانی ہے۔ جو اپنے ماحول پر انحصار رکھنے کی حالت سے گزر کر اب بکمال سرعت اس بالکل دوسری حالت میں جا پہنچا ہے جہاں اسے اپنے ماحول پر پوری طاقت اور اس کا پورا اندازہ حاصل ہو رہا ہے۔ اس بیرونی اندازے سے گزر کر اب وہ اس اندازۂ نفس اور خود فہمی کی طرف گام زن ہے جہاں اسے یہ

سمجھنا ہوگا کہ آیندہ میری ترقی تمام تر اپنے نفس کے اندر اور فقط اپنے ہی آپ میں ہوگی۔ پھر وہ وقت آئے گا کہ نوع انسان دیکھے گی کہ وہ کیا کچھ کر رہی ہے؟ اس انقلاب کے مقابلے میں دوسرے تمام انقلابات محض بچوں کا کھیل ہیں۔ اس وقت ہمیں فوری حیرت کا ایک صدمہ پہنچے گا اور ہم سمجھیں گے کہ ہم کیا کچھ کرتے رہے ہیں اور کیوں؟ پھر موجودہ نیم آگاہی کی حالت کا خاتمہ ہو جائے گا اور ہم کامل طور پر ارادہ کرنے والے اور باشعور ہستی بن جائیں گے۔ لاتعداد صدیاں گزریں کہ ایک وہ ساعت تھی جب انسان انسان بنا۔ آج ایک ویسی ہی رفیع الشان ساعت نوع انسان سے دوچار ہو رہی ہے۔ اگر یہ نظریہ درست ہے تو پھر ہمارے اس زمانے کی خصوصیات اور اس انقلاب عظیم کی نشانیاں روزمرہ کے عام کاموں اور باتوں میں روز روشن کی طرح نمایاں ہونی چاہئیں۔ آؤ دیکھیں کہ کیا ہمارے بظاہر غیر اہم کاموں میں بھی ان کا کوئی نشان موجود ہے؟

فنون لطیفہ میں انیسویں صدی کے "امپریشنسٹ"[۱] فطرت کو زمانہ سے علیحدہ کر کے دیکھنے کے خواہاں تھے کہ وہ عین دیکھنے کی گھڑی میں کیسی نظر آتی ہے؟ اب فرانسیسی نقاش سیزان CEZANNE نے اس سے آگے قدم بڑھایا۔ وہ دنیا کی اس زندہ "فوری تصویر" کو اس کے مفہوم سے علیحدہ دیکھنے میں کوشاں ہوا۔ یورپی نقاشی کا مدعا اب یہ قرار پایا کہ وہ بیرونی دنیا کے صاف و صریح اور بے معنی اثرات میں سے بعض مخصوص نمونے چن کر مرتب کرے جو رنگ و وضع کی مدد سے بعض ایسی نسبتیں اور درجے ظاہر کریں جو ہمارے حسن کی چھپی ہوئی خاص حس کو بھلے معلوم ہوں۔ اس فطری رجحان کی مانی ہوئی مثال یہ ہے کہ اگر ایک خط مستقیم کو تقسیم کرنا ہو تو ہماری فطرت کا بلاوجہ خود بخود تقاضا ہوگا کہ وہ اسے نصف میں نہیں بلکہ اس کی لمبائی کی دو تہائی پر جا کر تقسیم کرے۔ بعض ماہرین کا خیال ہے کہ دو تہائی نسبت کے متعلق یہ فطری میلان انسانی جسم کی کی اپنی نسبت اور نمونے سے پیدا ہوتا ہے۔ علاوہ بریں بجائے نصف کے دو تہائی کی تقسیم بجائے تکمیل اور سیری اور سکون کے ایک نوع کی ناتمام پذیری اور عروج و کمال کی ممکنات کا احساس پیدا کرتی ہے جو انسان کے لئے دل خوش کن اور حیات افزا ثابت ہوتا ہے۔ آرٹ میں مکعبیت[۲] اور انتہائی واقعیت[۳] پسندی کی تحریکات اسی طرح پیدا ہوئیں۔ گو وہ پیدا ہوتے ہی جلد شکوک و اختلاف رائے کے باعث فنا بھی ہو گئیں۔

لیکن فنون لطیفہ کو اس تمام دھندلے سے منظر میں دو تحریکات کا صاف اندازہ ہو سکتا ہے۔ ایک موضوعی تحریک ہے جس کی بنا پر نقاشوں اور ماہرین فن کو روز بروز اس امر کا یقین ہوتا جاتا ہے کہ اگر وہ حقیقی نقاش ہیں تو وہ کسی مقررہ علمی اصول کے پابند نہیں ہو سکتے۔ اس دریافت کے نتائج نہ صرف ماہرین فن کے لئے بلکہ حصول تعلیم میں اور عام زندگی میں ہر خاص و عام کے لئے بغایت درجہ اہم ثابت ہوئے اور یہی ہمارے زمانے کی سب سے زبردست نفسیاتی دریافت ہے کہ تمام معیار اضافی ہیں۔ ان میں سے کوئی بھی مطلق و قائم بالذات نہیں جس سے صاف نتیجہ نکلتا ہے کہ معیار انسان کے وضع کردہ ہیں اور اس لئے انسان معیاروں کا خادم نہیں بلکہ معیار انسان کے خادم ہیں۔ ہمارے زمانے کی

---

۱ IMPRESSIONIST ۲ CUBISM ۳ SURREALISM

دوسری نفسیاتی دریافت جس کا عکس آج کل کے آرٹ میں بھی صاف ظاہر ہے یہ ہے کہ ہم حقیقی دنیا کو بہت کم دیکھ سکتے ہیں بلکہ اپنے خیالات کی فریب دہی کے باعث ہم اب تک اس کی ظاہری صورت کو بھی ٹھیک ٹھیک نہیں دیکھ سکے۔ نقاش ہمیں بتاتا ہے کہ ہم کبھی بلاواسطہ ادراک نہیں کر سکتے۔ ہم کبھی اشیاء کا معنی سے قطعاً علیحدہ ہو کر نظارہ نہیں کر سکتے۔

فن تعمیر میں بھی نعلی تعمیر کی نئی طرز سے ظاہر ہوا کہ اب اس فن میں ماہرین پرانے قواعد و اسناد سے روگردانی کرنا چاہتے ہیں

لباس میں پہلے سے زیادہ آزادی برتی جانے لگی۔ مثلاً مغربی عورتوں کے لباس میں بجائے زیب و زینت کے آرام و آسائش کا زیادہ خیال کیا جانے لگا۔ اپنی جنس کے متعلق عورتوں کے خیالات میں جو تبدیلی واقع ہوئی تھی وہ اب ان کے لباس میں بھی رونما ہونے لگی۔

یہ اس زمانے کی خصوصیات کی چند نشانیاں تھیں۔ ان سے صاف طور پر عیاں تھا کہ زندگی کے مختلف شعبوں میں ایک روز افزوں بے چینی۔ ایک بے اعتباری نئے نئے تجربے کرنے کی ایک خواہش بڑھ رہی ہے جس سے ظاہر تھا کہ مختلف طبقوں اور خواص و عوام میں خود آگاہی اپنے زوروں پر ہے۔ ہر شے مشکوک نظر آنے لگی تھی نکتہ چینی دل میں گھر کرنے لگی تھی۔ یہ دیکھ کر سوائے جدت پسندوں کے ہر کسی کا دل خوف و غصہ سے بھر گیا۔ قدامت پرست۔ قومیت پرست۔ قوت پرست۔ مذہب پرست یہ سب نوع انسان کے اس رجحان پر چراغ پا ہو گئے۔ قدامت پسندوں نے جدت پسندوں کو طنزاً دعوتِ عمل دی لیکن بدقسمتی سے جدت پسند محض خیال پرست اور بے عمل نکلے۔ وہ زمانہ جلد آنے والا تھا اور آیا جب جدت پسندوں کا جنازہ نکلتے ہی نوجی قوم پرستوں اور انقلابی انتہا پسندوں نے اپنی اپنی تلواریں میان سے نکال لیں اور ہر ایک نے کہا کہ صحیح تمدن کی محافظ صرف ہماری جماعت ہے اور کسی دوسرے کو اس سے سروکار نہیں۔

کیا جدت پسندی اور قدامت پسندی ایک دوسرے کو سمجھ سکتی ہیں؟ کیا وہ مل جل کر متاعِ تمدن کو نوعِ انسان کے لئے حاصل کر سکتی اور قائم رکھ سکتی ہیں؟ یہ وہ سوال ہیں جن کا کوئی شخص آج جواب نہیں دے سکتا۔ لیکن اگر ماضی و مستقبل ایک دوسرے کے سمجھنے سے قاصر رہیں گے تو پھر امن و امان کا اللہ ہی والی ہے۔ ہمارے زمانے کی تنہا امید اس کی روحِ مفاہمت میں مرکوز ہے۔ یہ صاف ظاہر ہے کہ عقل و فہم پہلے بیرونی دنیا سے گزرتی ہے اور پھر انسانی نفس کے تاریک گوشوں کو روشن کرتی ہے۔ اگر وہ وقت پر یہاں آ پہنچے گی تو ہم قوت و تشدد کی اس اندھا دھند کل کو اپنا خونی کام کرنے سے روک سکیں گے جو ہمیں تباہی کی طرف لے جا رہی ہے لیکن اگر اس کے آنے میں تاخیر ہو گی تو بس پھر ہم ہوں گے اور ہلاکت کے ہولناک غار ہمارے سامنے یہ آگاہی کے لئے ایک ڈور ہو رہی ہے۔ اور اس کی رفتار اسقدر تیز ہے کہ انہیں بیس پچیس سالوں میں جو ہماری نسل کے لئے باقی رہ گئے ہیں اس کا فیصلہ یا ادھر یا اُدھر ہو کر رہے گا!

لہ FUNCTIONAL ARCHITECTURE

حصّۂ دوم
۱۹۱۰ء تا ۱۹۱۹ء
بیرونی منظر

یہ زمانہ جنگ عظیم کی تیاریوں اور تباہ کاریوں کا زمانہ ہے۔

جیسا ہم دیکھ آئے ہیں جدّت پسند باوجود اپنی نام نہاد حریت پسندی کے محض شاہنشاہی اقتدار کے قیام کے نام لیوا بنتے چلے گئے ۱۹۱۰ء میں وہ ہنوز انگلستان میں برسرِ حکومت تھے لیکن صرف اپنے اتحادی آئرش مددگاروں کے ذریعے سے۔ یہ ضرور ہوا کہ لائڈ جارج نے اپنے قومی صحت کے بیمے کے قانون سے غریب مزدوروں کی امداد کی اور ۱۹۱۱ء میں پارلیمنٹ ایکٹ کی وجہ سے دارالعوام کو ہمیشہ کیلئے دارالامرا پر قانونی طور پر تفوق حاصل ہو گیا لیکن اُدھر حقوق طلب عورتوں نے امن پسندوں کا ناک میں دم کر دیا اور اِدھر قدامت پسندوں نے جو آخری آویزش کے لیے اپنی آستینیں چڑھا رہے تھے۔ آئرستان میں باغی السٹر کے سرکردہ کارسن کی پیٹھ ٹھونکی جس نے دنیا کو کچھ عرصہ ایک چھوٹے پیمانے پر "اختیارِ مطلق"[1] کا تماشہ دکھا دیا۔

جدّت و قدامت میں یہ کشمکش جاری تھی لیکن اس کی اس ہولناک جنگ کے آگے کیا حقیقت تھی جو کچھ عرصہ کے لئے اس بے معنی غل کو توپوں کے شور و غوغا میں گم کر دینے والی تھی کشمکش یورپ کو کسی زلزلے کی طرف لے جا رہی تھی۔ انگلستان اور جرمنی میں بحری قوت کا مقابلہ بڑی شد و مد سے شروع ہو گیا اور فریقین جہازوں کی تعمیر پر اپنا سارا اندوختہ صرف کرنے لگے سوال اب یہ نہ تھا کہ کیا جنگ ہو گی؟ بلکہ یہ کہ وہ کیا ہو گی؟ کچھ مدت سے فرانس اور روس باہم حلیف تھے اور اِدھر جرمنی اور آسٹریا۔ اور بظاہر اطالیہ بھی ان کے ساتھ تھا۔ اب اہم مسئلہ انگلستان کی دوستی حاصل کرنے کا تھا اور انگلستان باوجود اپنی علیحدگی کے فرانس کی طرف مائل تھا ۱۹۱۱ء میں اطالیہ نے بغیر لڑائی چھڑے ترکوں کے طرابلس پر ہاتھ صاف کیا ۱۹۱۲ء میں بلقانی ملکوں نے مل کر ترکی پر حملہ کیا۔ اور یورپ میں ترکی سلطنت کا تقریباً خاتمہ کر دیا صرف انور پاشا کی ہمت نے قسطنطنیہ اور اڈریانوپل کو ۱۹۱۳ء میں بچا لیا۔ دول یورپ مسکراتی ہیں لیکن مسکرانے کے اب تھوڑے ہی دن باقی تھے۔ ان کی باری بھی آ رہی تھی اور بہت جلد۔

۲۸ جون ۱۹۱۴ء کو سرویا والوں نے آسٹریا کے ولی عہد کو قتل کر دیا۔ آسٹریا نے الٹی میٹم دے دیا اور سخت شرائط پیش کیں۔ انگلستان اور جرمنی نے کہا کہ محض ایک بلقانی معاملہ ہے انصاف سے طے ہو جائے۔ اس میں زار روس نے بھی قیصر سے اتفاق کیا لیکن زار کے وزرا جو روس کی اندرونی شورشوں کو بیرونی جنگ سے دبا دینا چاہتے تھے۔ یہ اچھا موقع پا کر سرویا کی امداد کو اُٹھ کھڑے ہوئے۔ فوج کی تیاری کا جلد جلد سامان ہونے لگا قیصر نے زار کو تار بھیجا کہ ان تمام تیاریوں کے کیا معنی ہیں؟ لیکن اب الفاظ و معانی کا زمانہ گزر چکا تھا۔ اُدھر روس کی فوج

---

[1] DICTATORSHIP

تیار ہوئی۔ ادھر جرمنی کی جرمنی نے یکم اگست کو جنگ کا اعلان کیا اور بلجیم میں سے ہوتا ہوا روس کے حلیف فرانس کی طرف بڑھا۔ ۴ اگست کو انگلستان نے بھی جرمنی سے لڑائی کی ٹھانی۔ یوں یہ مہذب "دوراندیش" لوگ ایک دوسرے سے دست و گریباں ہو گئے!

سیاسی و حربی دونوں حیثیتوں سے جنگ عظیم تین حصوں میں منقسم ہو سکتی ہے۔ سیاسی طور پر جنگ کا پہلا دور تقریر و بلاغت کا دور تھا جدت پسند سیاست دانوں نے کہا یہ جنگ بلجیم کی آبرو کے لئے ہے۔ فرانسیسیوں نے کہا اس سے السّاس۔ لورین کے غصب شدہ علاقے ملینگے اور جرمن خطرے سے رہائی حاصل ہوگی۔ روسیوں نے سوچا کہ ہم قسطنطنیہ کو دبوچ لیں گے۔ اور اپنے ملک کی انقلابی تحریک کو ملیامیٹ کر سکینگے جدت پسند جرمنوں نے خیال کیا کہ اس سے روسی خطرہ رفع دفع ہوگا۔ اور جنگ پسند جرمنوں نے کہا کہ جنگ سے ادھر ہم اپنے ملک میں طاقتور ہو جائینگے ادھر ساری دنیا میں سب پر غلبہ پالیں گے جنگ کا دوسرا سیاسی دور خفیہ معاہدوں کا دور تھا۔ اتحادیوں نے دیکھا کہ محض جوش و خروش اور تقریروں تحریروں سے یہ جنگ نہ جیتی جائے گی۔ سیاسی جوڑ توڑ لازم ہے۔ اطالیہ چپ بیٹھا تھا۔ اس سے سلسلہ جنبانی شروع ہوئی۔ تم کیا لوگے؟ ہم کیا دوگے؟ اندر ہی اندر معاملہ طے ہو گیا۔ مئی ۱۹۱۵ء میں اطالیہ اتحادیوں کے ساتھ شامل ہو گیا لیکن اس شمول سے جرمنی پر کچھ بھی اثر نہ پڑا جنگ بدستور جاری رہی کئی مہینے گزرتے گئے۔ کیا اسی طرح برس بھی گزرتے جائیں گے؟ کچھ اور کرنا کرانا لازم ہو گیا۔ اسی لئے تیسرا سیاسی دور نشر و اشاعت کا دور تھا۔ جنگ کی طوالت سے فرانس اور انگلستان بے جان سے ہو گئے تھے۔ جرمن آب دوز کشتیوں اور ہوائی جہازوں کے حملوں نے عوام کے جوش کو ٹھنڈا کر دیا تھا۔ انھیں تازہ دم کرنا۔ اور اکسانا بھڑکانا ضروری ہو گیا چنانچہ نظارت مطبع کے ذریعے سے صرف ایسی خبروں کی اشاعت کی اجازت ملنے لگی جو خشک صداقت کا پہلو چھوڑ کر قومی ارادوں کی مضبوطی کا ذریعہ بن سکیں۔ اب لوگ اصلی واقعات سے بے خبر رہنے لگے ان کی حکومتیں انھیں جو چاہتی تھیں بتاتی اور جو چاہتی تھیں ان سے چھپاتی تھیں یعنی جھوٹ سچ کی ملی جلی معجون سے بیمار قوموں کی طاقت کو مصنوعی طور پر اکسایا اور بھڑکایا جا رہا تھا کیونکہ یہ بات سب کے ذہن نشین ہو چکی تھی کہ یہ جنگ صرف توپوں اور گولوں اور گیسوں سے نہ جیتی جائے گی بلکہ جوش و غصہ طیش۔ بدزبانی یعنی طعن یہ اس جہنمی جنگ میں کارآمد حلیف ثابت ہوں گے۔

حربی حیثیت سے بھی جنگ عظیم کے تین الگ الگ دور ہیں پہلا تیز رو جنگ کا دور جو کہ جیسا جرمنوں کا خیال تھا صرف چند ہفتے جاری رہا جرمن فوجیں ایک تند طوفان کی طرح پیرس پر ٹوٹ پڑیں لیکن عین قریب آکر انھیں جلد ہی لوٹ جانا پڑا۔ دوسرا دور مقاماتی[1] جنگ کا دور تھا جس میں ہر مقام کے لئے بلکہ ذرا ذرا سی زمین کے لئے اتنا سامان حرب اور اتنے جنگ جو برسرپیکار رہتے تھے اور قومیں چند کھیتوں کے حصول کے لئے اتنا اتنا مال متاع اور اس قدر قیمتی خون بہا دیتی تھیں کہ اس سے قبل کی بڑی بڑی جنگوں میں اتنے صرف سے ملکوں کی قسمت طے ہو جایا کرتی تھی۔ کہنے کو یہ جنگ مختلف مقامات کے حصول کی خاطر ہوتی تھی لیکن اصل یہ ہے کہ محض موجودہ حربی کل کی بے کاری کا ایک مظاہرہ تھا۔ روز و شب طرفین ایک دوسرے پر گولے برساتے تھے۔ گیسیں انڈیلتے تھے بم پھینکتے تھے لیکن بے سود۔ دوسروں کو مارتے تھے۔ آپ مرتے تھے لیکن یہ سب قتل و خون لاحاصل ہوتا تھا مہینوں بلکہ برسوں وہی خندقیں ہوتی تھیں اور اسی ملک کے جنگ جو جو

[1] WAR OF POSITIONS

جانوروں کی طرح ان خندقوں میں اسیر تھے جنگ کا تیسرا اور آخری حربی دور ماہرین میکانیت و کیمیا کی ایجادوں مثلاً بڑے بڑے شہروں پر ہوائی تاخت کے عمل کا زمانہ تھا۔ یہ طرز جنگ ابھی تھوڑا ہی عرصہ جاری رہی تھی کہ جنگ کا فیصلہ ان اتحادی جنگ جوؤں کے حق میں ہو گیا جو میدان جنگ میں لڑ کر کامیاب نہ ہو سکے تھے لیکن جن کی متفقہ صنعت نے اب زمینی و ہوائی جنگ میں بوجہ اپنی مسلسل میکانی فوقیت کے کامیابی حاصل کر لی۔

پہلے پہل جرمن پیرس پر جھپٹے اور اتحادی بھاگے جرمن اس قدر تیزی سے بڑھے کہ محض گویا اپنی قوت کے زور میں آگے کو جا پڑے۔ اُٹھے لوٹے اور ڈاہٹ کر ٹھہرے اور پھر خندقیں کھود کر بیٹھ گئے۔ اُدھر روسی مشرقی پروشیا میں گھس آئے لیکن وہاں ہنڈن برگ کی حیرت انگیز جنگی حکمت عملی نے آن کی آن میں اُن کا قلع قمع کر دیا پھر بالخصوص مغربی محاذ پر ایک بڑی غیر دلچسپ مہینوں بلکہ سالوں کی اندھی سی جنگ شروع ہوئی گولہ باری ہو رہی ہے بم پھٹ رہے ہیں اِدھر اُدھر والے اپنی اپنی خندقوں میں بیٹھے ہیں۔ یا بارش اور طوفان ہے اور برف باری ہو رہی ہے۔ یا سورج خاموشی سے چمکتا ہے یعنی صبح ہوتی شام ہوتی ہے اور یہ جنگ برابر یوں ہی جاری رہتی ہے۔ نہ غنیم کی شکل دکھائی دیتی ہے نہ فوجوں کا کھلم کھلا سامنا ہے سپاہی تو سپاہی قائدوں اور سرداروں تک کو علم نہیں کہ محاذ جنگ پر سب جگہ کیا کچھ ہو رہا ہے۔ ایک عظیم الشان شیطان کی آنت کی طرح لمبی چوڑی شے ہے جس کے ساتھ اوپر نیچے اِدھر اُدھر سب چمٹے ہوئے ہیں۔ ایک دوسرے کو چھپ چھپ کر دیکھتے ہیں۔ مارتے پیٹتے ہیں اور پھر اپنے اپنے بلوں میں جا گھستے ہیں جیسا جنرل فلرنے کہا یہ سارا عمل اس قدر جاہلانہ تھا کہ اسے محض دیوانہ پن کہا جا سکتا ہے جنگ اب وہ پہلے کی سی ایک شان دار کھیل نہ رہی تھی کچنر نے جھنجھلا کر کہا یہ جنگ نہیں ہے لیکن خواہ کچھ کہتے اور کچھ کرتے تھے یہ جنگ تھی لیکن ایک نئی طرح کی غیر دلچسپ ظالمانہ بغیر علمی حیوانی جنگ۔ خون چوسنے والی دل و دماغ کو ہلانے اور اعصاب کو بیکار کر دینے والی جنگ جس میں یونہی لڑنا اور یوں ہی سسک سسک کر جان دینا تھا۔ تمدن کا تاوان یونہی ادا ہونا تھا!

بحری جنگ میں بھی پہلے ذرا سی پرانے طرز کی کھلی لڑائی ہوئی لیکن جلد ہی سمندر پر بھی ویسی ہی خاموشی چھا گئی جیسی زمین پر طاری تھی جرمنی کی آب دوز کشتیوں نے نیچے ہی نیچے گولے چلانے شروع کئے پھر بارودی "کانیں" سمندروں میں لٹکا دی گئیں کہ جہاں کوئی ناآشنا جہاز آیا۔ اور اس کا خاتمہ ہوا۔ انگریزی عظیم الجثہ بحری بیڑے نے جرمن بیڑے کو اس کے بندرگاہوں میں بند کر دیا لیکن اُدھر سے خود بھی اپنے ملک کی دُور دراز خلیجوں میں محبوس ہونا پڑا۔ بحری جنگ بھی خاموشیوں اور نامعلوم خطروں اور خوفناک بھول بھلیوں کی جنگ بن کر رہ گئی۔

تین سال تک کبھی انھوں نے کبھی اُنھوں نے جارحانہ کارروائی کی ٹھانی۔ گولہ باریاں کیں بم پھینکے تباہ کیا لیکن خود بھی تباہ ہوئے اور ورنہ کی کھائی اور نتیجہ کچھ بھی نہ نکلا ۱۹۱۵ء آیا انگلستان والوں کی پکار تھی کہ گولے بناؤ اور گولے جرمنوں نے بلجیم میں۔ اسپرے میں اتحادیوں کو اپنی نئی گیس کا مزا چکھایا۔ اتحادی محاذ متزلزل ہوا لیکن خود جرمنوں کو خیال نہ تھا کہ یہ نیا ہتھیار اتنا کامیاب ہوگا۔ سو اس کامیابی سے زیادہ فائدہ نہ اٹھایا جا سکا۔ اتحادی پہلے چیخ چلائے کہ یہ ظلم ہے۔ وحشیانہ ظلم لیکن جب انھوں نے بھی اس ظلم کی کل کا بھید پا لیا تو وہ بھی اسے ویسے ہی

برتنے لگے۔ جرمنوں نے آب دوز کشتیوں اور زیپلن جہازوں سے جابجا تباہی پھیلائی۔ انگریز دردانیال کی تسخیر کو چلے۔ لیکن یہاں بھی ظاہر ہو گیا کہ موجودہ جنگ میں ایک ہوشیار غنیم کے لئے مدافعانہ جنگ اسی قدر آسان اور کارآمد ہے جس قدر اُس کے حریف کے لئے جارحانہ کارروائی خونریز اور بے سود ہے۔ جیسا اوپر بیان ہو چکا ہے اطالیہ مئی ۱۹۱۵ء میں اتحادیوں کے ساتھ آملا۔ لیکن زبردست جرمنی کے کان پر جوں بھی نہ رینگی۔ اتحادی بار بار حملے کرتے اور تباہ ہوتے رہے اور یہ امر ثابت ہو چکا ہے کہ اگر دو سال بعد امریکی آکر جان و مال سے ان کی مدد نہ کرتے تو اتحادی تھک ہار کر جرمنی کے سامنے ہتھیار ڈال دینے پر مجبور ہو جاتے۔ ۱۹۱۶ء میں دردان کے مستحکم ترین مقام پر گولہ باری کی تباہ کاریاں نظر آئیں جہاں ساڑھے تین لاکھ فرانسیسی کام آئے اور پانچ لاکھ جرمن۔ اور ظاہر ہو گیا کہ یک نوپرانی طرز کی جنگ کا اختتام ہو چکا ہے اور دوسرے یک پیک چھاپہ مارنے کا طریقہ بھی اب استعمال میں نہیں آسکتا۔ ہوائی جہازوں کی مخبری اور آگاہی کا کوئی جواب نہ تھا اسی سال مئی میں جٹلینڈ کی بحری جنگ ہوئی جرمن فائدے میں رہے لیکن اس پھیلی پھیلائی عالمگیر جنگ میں تھائی فائدے محض بے فائدہ تھے۔ یہ بھی درست تھا کہ روس کی سانس پھول رہی تھی۔ لیکن ادھر آسٹریا کا حال بھی پتلا ہو رہا تھا۔ اور اتحادی بھی گاہے گاہے اپنے وار چلاتے تھے۔ چنانچہ دریائے سوم پر انگریزی فوج بڑھی لیکن پونے پانچ لاکھ سپاہی کھو کر واپس لوٹی۔ اتحادی اپنے نوایجاد "ٹینک" (متحرک آہنی حوض) لے کر نکلے۔ جرمن صفیں درہم برہم ہوئیں لیکن جیسا اس جنگ کے بعض اور نئے اسلحہ کے استعمال کا نتیجہ ہوا۔ ویسا ہی ٹینکوں کا نتیجہ ہوا یعنی کامیابی اتنی زیادہ اور اتنی غیر متوقع تھی کہ خود موجد فوقت پر اس سے فائدہ نہ اٹھا سکے پھر کھل گیا اور جب دوبارہ ان کا استعمال ہونے لگا تو علاوہ فلانڈرز نے کیچڑ سے غنیم کی مدد کی اب یہ جنگ اتنی طویل ہو رہی تھی کہ اہل انگلستان بھی اپنے الگ تھلگ جزیرے میں بیٹھے روز و شب اس کا دباؤ بیش از بیش محسوس کرنے لگے طیاروں کی ہوائی تاخت آب دوزوں کی بحری تاراج۔ خوراک کی بڑھتی ہوئی کمی۔ فوجی بھرتی کا زور۔ ان سب کا الگ الگ اور مجموعی اثر پڑ رہا تھا۔ اب نشر و اشاعت اور چھوٹے سچے اعلانوں کا وقت آیا۔ قوم کو وعدے دے دلا کر اور کامرانی کے سبز باغ دکھا کر ابھارا گیا۔ یہ زمانہ بڑی سختی کا زمانہ تھا۔ ترکی کی وسیع کمزور سلطنت پر بھی کوئی کامیاب حملہ نہ ہو سکا۔ سرویہ مسطر ہو چکا تھا۔ رومانیہ بھی جسے ۱۹۱۶ء میں اتحادیوں نے کھینچ گھسیٹ کر اپنے ساتھ شامل کر لیا تھا پسپا ہو چکا تھا اور دنیا پر ان جرمن فتوحات کا خاصہ اثر ہو رہا تھا۔ یہ حالت تھی کہ امریکہ میدان جنگ میں داخل ہوا دراصل امریکہ برضائے خود جنگ میں شریک نہ ہوا۔ بلکہ جرمنی کی تنگ کرنے والی آبدوزی جنگ نے اسے مجبور کر دیا کہ وہ اتحادیوں کا ساتھ دے فروری ۱۹۱۷ء میں جرمنی نے اعلان کر دیا کہ اس کا ارادہ ہر ممکن ذریعے سے بحری آمد و رفت کا سدباب کرنا ہے بحری رستوں میں رکاوٹیں پیدا کر دی گئیں خشکی پر ایک زبردست مدافعت کا سامان کیا گیا اور وہ عظیم الشان ہنڈن برگ محاذ قائم ہوا جو دیوار چین کے بعد دنیا کی سب سے بڑی سدِ راہ کہی جا سکتی ہے۔ ادھر روس جہاں زارینہ کے مشیر اعظم روحانی بدکار رسپوٹین کے قتل کے ساتھ ہی گویا زاریت کا خاتمہ ہو گیا اور جہاں جرمنی کی چال بازی سے لینن چپکے سے اپنی انتہالیت لے کر گھس آیا تھا جنگ سے دست کش ہو گیا۔ اس سے جنگ تقریباً ایک سال اور طول کھینچ گئی جرمنوں نے برسٹ لٹوسک کے معاہدے سے روس کو زبردستیں کیا۔ لیکن اتنی سخت شرائط پیش کرنے اور اپنا لوہا منوا لینے میں

اپنی کوتاہ اندیشی کا ثبوت دیا ادھر امریکی صدر جمہوریہ ولسن نے فروری ۱۹۱۸ء میں اپنی چودہ شرائط کے اعلان سے دنیا کو اپنی جدت پسندی اور حریت نوازی کا روشن ثبوت دے کر اتحادی نشر و اشاعت پر کامیابی کی مہر ثبت کر دی غلام قوموں کو آزادی کا وعدہ ملا آزاد قوموں کو مساوات و اخوت کا سبق دیا گیا اور ساری نوع انسان کو ایک نورانی مستقبل کی جھلکی دکھائی گئی۔ ادھر جرمنوں نے آخری جارحانہ پیشقدمی پر کمر باندھی اتحادی پسپا ہوئے ان کا محاذ کچھ نشیب میں آیا لیکن جرمن اپنی تیز پیش قدمی سے کما حقہ فائدہ نہ اٹھا سکے اتحادی ڈر گئے اور سب کی سب اتحادی فوجیں فرانسیسی جنرل فوش کے تحت میں کر دی گئیں تاکہ یک جہتی قائم رہے ہر دو جانبین میں انتشالیت کی اور سرمایہ داری پر ٹیکس کی بجوچیز ہوئی بلکہ حالت اتنی نازک سمجھی گئی کہ خوراک کی کفایت کے لئے کتوں کو ہلاک کر دینے تک کی تجاویز پیش کی گئیں عورتوں نے صدائے احتجاج بلند کی اور اپنے چہیتے کتوں کو بچا لیا۔ ایک نسوانی لیڈر نے کہا۔ ہم حکومت کو بتا دینا چاہتے ہیں کہ کتے وفادار ہیں لیکن ادھر جرمنی کی طاقت آخر کار روز بروز کم ہو رہی تھی اور اتحادیوں کی متفقہ دولت و قوت اور منظم تنظیم آخر اپنا اثر پیدا کرنے لگی تھی جب آخری جرمن حملہ ناکامی میں ختم ہوا تو اتحادیوں نے یکبارگی آگے کو قدم بڑھایا جرمن فوجیں برابر پسپا ہوتی گئیں اب وہ اتحادیوں کے مقابلے میں تعداد میں کم تھیں ان کے پاس ٹینک کم تھے ہوائی جہاز کم تھے خوراک کم تھی غرض ہر شے کی کمی تھی ستمبر کے آخر میں بلغاریہ نے ہتھیار ڈال دیئے ایک ماہ کے بعد ترکی نے اس کے بعد آسٹریا کا خانمہ ہوا پھر بیلجیم کا ساحل غنیم کے ہاتھوں سے نکل گیا۔ جرمن شہروں پر بم پھینکے گئے اور جرمنی نے ہنگامی صلح کی درخواست کر دی فرانسیسیوں نے اس ڈر سے کہ جنگ کے طول کھینچنے سے امریکہ کا رعب روز بروز بڑھے گا۔ فوراً یہ صلح منظور کر لی اس وقت جرمنی کی حالت زار و نزار ہو رہی تھی جرمن سپہ سالار لیوڈن ڈورف سویڈن کی طرف بھاگ نکلا۔ بحری قائد ٹرپٹز بھی اپنی ڈاڑھی منڈوا کر روپوش ہو گیا۔ بحری ناجر نیبرگ کے دوست ہیلن نے اپنے دفتر میں بند ہو کر اپنے آپ کو گولی سے ہلاک کر دیا۔ خود قیصر تخت سے دست بردار ہو کر ہالینڈ میں جا چھپا صرف ہنڈن برگ جرمن فوجوں کو خوش اسلوبی سے غیر مسلح اور منتشر کر کے بڑے اطمینان و خاموشی سے ہینوور میں اپنے چھوٹے سے گھر میں جا کر بیٹھ گیا جمہوریت پسند جرمنی بھی اس کے اس صبر و استقلال کو نہ بھولا۔ ادھر اتحادی مسرت و انبساط کے نعرے بلند کرتے گھروں کو لوٹے لندن ذرا خاموش ضرور تھا لیکن حضرت لائڈ جارج اپنا قلم پکڑے یورپ کا نوسیدہ نقشہ سامنے رکھے بغلیں بجا رہے تھے کہ اب میں نئے جغرافیے کی جیسے چاہوں گا طرح ڈالوں گا۔ پیرس خوشی کی رنگ رلیوں میں غرق تھا۔ اور وہاں تین اتحادی مدبرین یعنی برطانوی رئیس اعظم لائڈ جارج اور فرانسیسی کلیمانسو جرمنوں کی دشمنی کے نشے میں چور اور امریکی خیر پرست "خدا خلق کا خادم" صدر ولسن اپنی انجمن صلح قائم کئے ہوئے بیٹھے سیاسی جوڑ توڑ کر رہے تھے۔ بیچارے لیگ پرست ولسن کی نیک مزاجی کی ہنسی اڑ رہی تھی کلیمانسو نے ٹھٹھا کر کہا "یہ تو یسوع مسیح کی طرح گفتگو کرتے ہیں" غرض لائڈ جارج اور کلیمانسو نے اس غریب کو کٹھ پتلی کی طرح نچایا اور جو چاہا کیا۔ جرمنوں نے طوعاً و کرہاً ورسائی کے معاہدہ پر دستخط ثبت کر دیئے لیکن انتہا درجہ کی ناانصافی کا یہ عظیم الشان مسودہ "دائمی" امن کا جھنڈا نہ بن سکا نہ ہو سکتا تھا نہ ہوا۔ انسانی جہل و خونریزی کا یہ نامہ اس لغو بے معنی یادداشت کے ساتھ ختم ہوتا ہے جس نے بالآخر حریت پسندی و جدت طرازی کو

BALLIN ۵۳ TIRPITZ ۵۴ LUDENDORF ۵۵

رہی سہی آبرو بھی قطعاً کھو دی۔ ولسن اپنا بستہ لے کر امریکہ کو سدھارا اور اس کے ہموطنوں نے معاہدے کی طرح سے منہ پھیر لیا لائڈ جارج لندن میں کچھ عرصہ تن تنہا ڈینگیں مارتا رہا۔ جرمنی کے پاؤں میں بیڑیاں پڑی تھیں۔ روس دم توڑ رہا تھا۔ اور حضرت لینن اس کے سر پر بیٹھے اپنی نئی تجاویز کا منتر پڑھ رہے تھے۔ باقی ماندہ دنیا فقط تباہ شدہ یورپ کو کن انکھیوں سے تک رہی تھی کہ دیکھیں اس نیم مردہ زخمی مریض کے بدن میں پھر ایک رعشہ سا اٹھتا ہے یا کب وہ یوں ہی سسک سسک کر جان دے دیتا ہے؟

پس منظر کی تفتیش

مزدوروں کی تحریک اب کوئی سنگین قوت نہ تھی انجمن مزدوران ۱۹۲۰ء سے ۱۹۳۰ء تک برسر اقتدار ہونے والی تھی لیکن ۱۹۱۰ء سے ۱۹۲۰ء تک اس کی ماہیت اور خیالات اور لائحہ عمل بردے کار آچکے تھے وہ حب الوطنی غلیظ پرستی اور اخلاق پسندی کی نام لیوا تھی اور اسی لئے وہ محض ماضی کی ایک یادگار بننے والی تھی نہ کہ مستقبل کی علمبردار۔

نسوانی تحریک بھی کامیاب ہو کر گویا ختم ہو چکی تھی۔ تاہم دراصل اس تحریک کا خاتمہ بالخیر اس وقت تک نہ ہو سکتا تھا جب تک یہ سوال پیش ہو کر طے نہ ہو جائے کہ کیا مرد اور عورتیں برابر ہیں اور اگر برابر نہیں تو کیا ایک جنس ہمیشہ دوسری پر چیرہ دستی کرتی رہے گی اور کیا جنسیت اسی قدر اہم ہے جتنی سمجھی گئی ہے؟ یہ مسائل محض نسوانی حق رائے دہی سے متعلق نہ تھے۔ رائے دہی کی تحریک تو جنگ کے شور و غل میں تقریباً گم صم ہو گئی تھی لیکن یہ مسائل اس سے بہت زیادہ وسیع اور بہت زیادہ اہم تھے اور ان کی مختلف شقوں کا زندگی کے مختلف شعبوں میں بہت اثر پڑا۔

طب اور حفظان صحت کے محکمے بھی زمانۂ جنگ میں گویا بند رہے دق کے نئے سوشتانی فطری علاج سے جس کے ذریعے دھوپ اور زیرزمینی میں تقریباً برہنہ رہ کر مریض پہلوان بن سکتے تھے اس خیال کو اور تقویت پہنچی کہ انسانی صحت عام جسمانی طاقت پر منحصر ہے اور امراض کا علاج جا بجا موم امی عام اصلاح کے ذریعے سے کرنا چاہیے جنگی مجرد حصین میں ان لوگوں کا علاج جو گولہ باری کے دھماکے سے تخبوط الحواس ہو گئے تھے نفسیاتی تجزیہ کے ذریعے سے کیا گیا جس سے صاف ظاہر ہو گیا کہ نفس جسم طرح باہم مربوط ہیں اور ایک دوسرے سے علیحدہ نہیں کئے جا سکتے۔

دریافتوں کے ضمن میں دسمبر ۱۹۱۱ء میں ایلیٹ سمتھ نے قطب جنوبی کو دریافت کیا۔

نئے خیالات کے سلسلہ میں فرائڈ کا نظریہ کہ جنسیت زندگی کی قوتوں میں سب سے زیادہ طاقت اور قوت سے مقبول خاص و عام ہونے لگا لیکن جنگ کے ان نفسیاتی تجربات سے جن کا اوپر ذکر ہوا ہے یہ بھی ظاہر ہوا کہ ذہنی تخریب میں خوف کا بھی اتنا ہی اثر ہو سکتا ہے جتنا مجبور جنسیت کا۔ فرائڈ نے جنگ سے پہلے جنسیت کو ماہرین نفسیات کے لئے ایک نہایت عام اور مقبول مسلہ بنا دیا تھا جنگ نے اگر جنسیت کے متعلق فہرستی کے توڑ دینے میں اور بھی مدد دی۔ خوخوں میں امراض پوشیدہ کے انسداد کے لئے ضرورت پڑی کہ جنگ جوؤں کو ان کے من عن سے بخوبی آگاہ کیا جائے اور ایک بار جب جنسیت کا ذکر ممنوع نہ رہا تو ہر طرف اس کا چرچا ہونے لگا اور "پاک بازوں" کی ہنسی اڑنے لگی۔

۱۹۱۲ء میں کنگی فوج کے بانی ولیم بوتھ نے انتقال کیا۔ اس کی تحریک روحانی نجات کی بجائے اب زیادہ معاشری اصلاح سے متعلق

ہوتی گئی۔

"روحانیت" کی نئی تحریک جنگ کی وجہ سے کچھ عرصہ پھلی پھولی۔ بہت لوگ بہت سے نوجوان مر مٹ گئے تھے اور ان کے عزیزوں کو ان سے بات چیت کرسکنا بہت مرغوب تھا جنگ کے بعد بھی "بقا بعد الموت" کے خیال کا کچھ اثر باقی رہ گیا "مسیحی حکمت" خسارے میں رہی لیکن روحانیت اور مسیحی حکمت دونوں کے متعلق اس خیال کا کچھ اثر باقی رہ گیا کہ بعض نئی انوکھی سی باتوں کا کچھ پتہ چلتا معلوم ہوتا ہے

عملی طبیعیات نے طیاروں اور آب دوزوں کی رفتار و سود مندی اور گیسوں کی جنگ میں اپنے کارنامے پیش کئے۔

ادبیات میں نوجوانوں نے تحریر و طرز تحریر میں نئے نئے تجربے کرنے چاہے بعض نوجوانوں نے جنگ کے متعلق شاعری کی بعض نے محض لوگوں کو برافروختہ کرنے میں لطف اٹھایا۔ لیکن ولزا اور شا اور ہیینٹ کے سوا باقی مصنفین کا ادب سب جنگی نشر و اشاعت تھا یا محض اشتہار بازی۔

نظری تفتیش میں بعض نئی باتوں پر روشنی ڈالی گئی ایٹم (جزر لاینجزے) کا ٹھوس پن اڑان چھو ہو گیا۔ اس کی لطافت لا انتہا ثابت کی گئی۔ ۱۹۱۲ء میں حیاتین (وٹامن) کا نظریہ ثابت ہوا جس سے اشیائے خوردنی کے خواص کے متعلق اس نئی بات کا انکشاف ہوا کہ غذا میں علاوہ ان کے نزکیبی اجزا کے ایک اور بالکل مسئوری شے وٹامن ہوتی ہے جو اس میں طاقت دہی اور صحت بخشی کی ایک خاص قوت پیدا کر دیتی ہے۔ غدد پر بھی نئی روشنی پڑی ایسی دریافتوں سے انسانی جسم کی ساخت کے زیادہ وسیع و منظم ہونے کا علم ہوا اور حکمت کو تقویت ہوئی

اس زمانے کی بعض اور تحریکات کا مختصر ذکر مفید ہوگا جو بظاہر زیادہ اہم نہیں لیکن جو فی الحقیقت اس دور کے خصوصیات کی مظہر ہیں

طرز تعمیر کی طرف توجہ کم تھی اس لئے بھی کہ نئے مکان متحرک یعنی موٹر کار کے نئے نئے نمونے نکل رہے تھے، ہاں امریکہ کے اونچے فلک بوس مکان اور اونچے ہوتے گئے اور وہیں سینما کی اس طاقت کی بنیادیں بھی استوار ہوئیں جو مستقبل قریب میں ہر کہ و مہ پر اپنا تسلط جمانے والی تھی لباس میں جنگی زمانہ نے کوئی خاص تبدیلی پیدا نہ کی۔ سوائے اس کے کہ مغربی عورتوں کا لباس زیادہ آزادانہ ہوتا گیا اور ان کے اعضائے جسمانی بلند ہوتے گئے کہ ان پر جانگھیوں کا شبہ ہونے لگا۔

رجحان

اس زمانے کی سب سے گہری نیم شعوری تحریک وہ موج تھی جو فقط ایک جانب میں رواں نہ تھی بلکہ جو مختلف بلکہ متضاد جانبوں میں متحرک تھی۔ جنگ عظیم کے برپا ہونے میں ایک عنصر یہ احساس تھا کہ لوگ بہت نرم اور پھسپھسے ہو رہے ہیں اور عبادت پسندی محض کام سے جی چرا رہی ہے اور یہ کہ سستی و سہل انگاری کو چھپانے کے لئے بڑے نفیس اور شیریں الفاظ کے پردے ڈالے جا رہے ہیں اور نوع انسان محض سختیوں اور تکلیفوں سے دور بھاگنا چاہتی ہے

PURE RESEARCH کو APPLIED SCIENCE کہتے

سو جنگِ عظیم حبِ انسانی اور بین الاقوامیت کے خلاف ایک ردِ عمل تھا لیکن جب جنگ آئی تو اس نے امن پسندوں سے لے کر جنگ پرستوں تک سب کو بیزار کر دیا اس پر پھر ایک ردِ عمل ہوا تمدن نے جو سمجھا تھا کہ اس طرح قوت کا بآسانی حصول ہو جائے گا یہ خیال محض غلط نکلا تمام سپتال اور جنگی تواعد اور قیدیوں کی نگہداشت اور غیر جانب داروں کی سود مند خدمت محض لاحاصل اور لغو ثابت ہوئی لوگوں نے جان لیا کہ ہم میں اپنے نئے ظالمانہ و وحشیانہ ارادوں کو عمل میں لانے کی دراصل جرأت نہیں اور ایسی جنگ کو فقط وہی شخص جاری رکھ سکتے ہیں جنھیں یا تو معلوم نہ ہو کہ جنگ فی الحقیقت کیا شے ہے یا پھر ایسے شخص جو اس قدر سخت دل ہوں کہ وہ تمدن کو تباہ و برباد کرنے میں لمحہ بھر کے لئے بھی تامل نہ کریں۔

اس لئے جب جنگ ختم ہوئی تو خاص و عام کے دلوں میں حبِ انسانی کی پھر ایک لہر اٹھی لیکن دقت یہ تھی کہ اب بھی اس "حبِ انسانی" کی مظہر صرف وہی "جدت پسند" تھی جو اپنے آپ کو اس سے قبل عملاً بے عمل اور قطعاً ناکارہ ثابت کر چکی تھی جیسا کہ ہم دیکھیں گے کہ آئندہ دس سالوں کی داستان اس کشمکش پر مشتمل ہے جس میں ادھر حبِ انسانی ہمہ تن اس امر میں منہمک ہوئی کہ کس طرح اپنے خیالات کا اظہار کرے اور اپنے عمل کے لئے ایک نیا میدان تلاش کرے اور ادھر ردِ عمل نے اپنی سرتوڑ کوشش کی کہ وہ اس اظہار و عمل سے پہلے اس کا گلا گھونٹ کر رکھ دے۔

یہ تیز رو زمانہ

۱۹۰۰ء تا ۱۹۳۳ء

نقشۂ واقعات

۱۹۰۰ چین میں مکہ بازوں کی بغاوت چین نے دول یورپ کے آگے سرِ تسلیم خم کیا

۱۹۰۱ جنوبی افریقہ کی جنگ ۱۹۰۱ تا ۱۹۰۲

۱۹۰۲ اتحادِ جاپان و انگلستان

۱۹۰۳ انگلستان اور فرانس کے مابین ثالثی معاہدہ

۱۹۰۴ جنگ روس و جاپان ۱۹۰۴ تا ۱۹۰۵

۱۹۰۵ بنگال کی تقسیم

۱۹۰۶ الجزیرہ کی کانفرنس۔ جرمنی کی پیش قدمی کا سدِ باب۔

۱۹۰۷ روس اور انگلستان کا اپنے اپنے "حلقہ ہائے اثر" پر اتفاقِ رائے۔

۱۹۰۸ نوجوان ترکوں نے اپنا دستورِ اساسی پھر حاصل کیا۔ اسکوتھ انگلستان کا وزیرِ اعظم بنا۔ انگلستان نے اپنے بحری بیڑے میں اضافہ کیا۔

۱۹۰۹ لائڈ جارج نے اپنا "معاشری" میزانیہ پیش کیا

۱۹۱۰ اسکوتھ نے اکثرِ ارکانِ پارلیمنٹ کے ذریعے سے حکومت شروع کی۔ پرتگال میں جمہوریہ کا قیام

۱۹۱۱ اطالیہ نے طرابلس پر قبضہ کیا۔ "پارلیمنٹ کا قانون" نافذ ہوا۔

۱۹۱۲ جنگِ بلقان

۱۹۱۳ کارسن نے السٹر میں بغاوت کا جھنڈا بلند کیا۔

۱۹۱۴ جنگِ عظیم شروع ہوئی

۱۹۱۵ اطالیہ اتحادیوں کا حلیف بنا

۱۹۱۶ جنگِ وردان۔ بحری جنگ جٹلینڈ

۱۹۱۷ ممالکِ متحدہ امریکہ جنگ میں شریک ہوا۔ روس نے جرمنی سے صلح کر لی۔

۱۹۱۸ جرمنی نے ہتھیار ڈال دیئے۔ ولسن نے اپنی چودہ شرائط پیش کیں۔ معاہدہ درسائی۔

۱۹۱۹ کمال پاشا نے ترکی قوت کو منظم کیا۔

۱۹۲۰ جنگِ روس و پولستان

۱۹۲۱ مسولینی نے فاشیت کی بنا ڈالی۔ گاندھی کی طاقت رونما ہوئی۔

۱۹۲۲ یونانیوں کو ایشیائے کوچک سے نکالا گیا۔ معاہدہ واشنگٹن۔ شہر روما میں مسولینی کا داخلہ

۱۹۲۳ ہسپانیہ میں اختیارِ مطلق۔ جاپان میں ہولناک زلزلہ

۱۹۲۴ انگلستان میں مزدوروں کی حکومت کا قیام

۱۹۲۵ لوکارنو کا عہدنامہ۔ ہنڈن برگ جرمن جمہوریہ کا صدر بنا۔

۱۹۲۶ انگلستان میں عام ہڑتال۔ کمال پاشا نے اپنی اصلاحات نافذ کیں۔

۱۹۲۷ روس نے اپنی "پنجسالہ" تجویز پر عمل شروع کیا۔ امان اللہ خاں نے افغانستان میں اپنی اصلاحات جاری کرنی چاہیں۔

۱۹۲۸ کیلگی معاہدہ

۱۹۲۹ معاشی کساد بازاری کا آغاز

۱۹۳۰ امریکہ میں بنکوں کا دیوالہ

۱۹۳۱ سٹیلین نے دوسری "جدید معاشی حکمت عملی" کا اعلان کیا۔ سپاہیہ جمہوریہ بن گیا۔ "ویسٹ منسٹر کا قانون" منظور ہوا۔ انگلستان کی مالیات میں تزلزل۔

۱۹۳۲ جاپان نے منچوریا پر قبضہ کر لیا۔ جینوا میں تخفیف اسلحہ کی کانفرنس۔ جرمنی میں نازی کامیابیاں

۱۹۳۲ امریکی صدر جمہوریہ روزولٹ نے اپنی معاشی منصوبہ بندی کا تجربہ شروع کیا۔

بشیر احمد

مجھے جی لینے دو

مجھے جی لینے دو جتنا بھی جینا ہے مجھے، خون کی گرمی کے ساتھ، اور پھر مجھے مر جانے دو کسی محو خواب کی طرح متراب کے سے نشے میں مست!

مجھے نہ دیکھنے دو گارے کا بنا ہوا یہ روحانی مکان مٹی میں مٹی ہوتا ——— ایک خالی سی زیارت گاہ!

مجھے بہ سرعت جانے دو۔ ایک بتی کی روشنی کی مانند۔ جو عین اپنے کمال نور کی گھڑی میں یک لخت گل ہو جائے!

نصف النہار دے دو مجھے ——— اور پھر بلا سے رات پڑ جانے دو!

بس میں چاہتا ہوں یوں جاؤں میں!

اور مجھ پر اتنی عنایت ہو کہ جب میں اس بھیانک شے کا سامنا کروں تو میرا گیت اپنی شورش میں گم کر دے دھندلے اندھیرے کو!

مجھے بن جانے دو ایک راگنیوں سے کانپتا ہوا تار

جو بہترین و شیریں ترین راگ سے معمور ہو ——— اور پھر ٹوٹ کر رہ جائے!

گلچیں

اے خوبصورتی!

اے خوبصورتی! کیا بات ہے تری!
یہ مخملیں پہاڑ یہ موہنا اُجاڑ
پھولوں کی ریل پیل چڑیوں کی کود پھیل
یہ دھوپ یہ ہوا، یہ خُلد کی فضا
سب شان ہے تری اے خوبصورتی!

ننھی پھوار نے میٹھی سی مار نے
دل کو جگا دیا کیسا مزا دیا
اس چھیڑ چھاڑ میں بوندوں کی آڑ میں

شالے کے دو مناظر



سولسٹن کی ایک پہاڑی سڑک کا نظارہ

تُو تھی چھُپی ہوئی اے خوبصورتی!

دُنیا سے دُور ہوں محوِ سرور ہوں
اے لطفِ جانِ دل رُوح و رانِ دل
آ اور مجھ سے مل آ اور مجھ سے مل
آ اَور بن مری اے خوبصورتی!

جلوہ مجھے دکھا دل میں مرے سما
ہر چیز میں جھلک گہرائیوں تلک
دُنیا بنا اک اَور جس کا نیا ہو طَور
اے میری نت نئی اے خُوبصورتی!

بشیر احمد

پھوہڑ بیوی کی اکیاون لاکھ علامتیں

(۱) شوہر سے پیار کرتی ہے۔

(۲) شوہر کے علاوہ اور کسی مرد کا بھول کر بھی خیال نہیں کرتی۔

(۳) اگر کامل پھوہڑ نہ ہو تو غلطی نمبر ۲ کا احساس بہت دیر سے اسے ہوتا ہے۔ اور پھر فخریہ اس عیب کو یوں چھپاتی ہے "قسم لے لو جو ساری عمر آنکھ اٹھا کر کسی کو دیکھا ہو" کامل پھوہڑ کو یہ کہنے کا کبھی موقع ہی نہیں ہوتا۔

(۴) علامت نمبر ۱ اور علامت نمبر ۲ اس خوردبین کے دو لینز ہیں جن سے شوہر کے عیوب دس کروڑ گنا بڑے نظر آتے ہیں پھوہڑ اگر شرافت سے دوچار کو بھی رکھ لیتی تو اس خوردبین کے دونوں نہیں تو ایک لینز ضرور بیکار ہو جاتا۔ مگر وہ پھوہڑ ہی کیا جس کی خوردبین کی طاقتِ وسعت روزانہ ترقی نہ کرے۔

(۵) پھوہڑ کی خوردبین میں فوٹو لینے کی طاقت (ENLARGED SIZE) قدرتی طور پر موجود ہوتی ہے۔

(۶) پھوہڑ کا حافظہ بوعلی سینا کے حافظہ کو مات کرتا ہے۔ ہر بات کا پس و پیش ہر لفظ کی شانِ نزول اسے ازبر رہتی ہے۔

(۷) پھوہڑ کے ذہنی فوٹو اور طاقتِ گویائی کے متعلق سوا سینتیس لاکھ علامتیں اور ہیں جن کے ذکر کی ضرورت نہیں۔ بات بات پر پچھلے سے پہلے سال کے سول لسٹ کھنگھالتے ہیں تقریروں کی خاموشیوں کی تصویریں دکھائی جاتی ہیں۔ ماضی گویا پھوہڑ کا لازوال خزانہ ہے۔

(۳۷۲۵۰۰۸) پھوہڑ ہمیشہ صحیح بات کہتی ہے اور ہمیشہ بے موقع نوکروں کی بدتمیزی۔ بے پروائی۔ بددیانتی کا قصہ عین اس وقت شروع کرے گی جب شوہر کو خاص طور پر آرام کی ضرورت ہو۔ نوکروں کے متعلق پھوہڑ کی ایک سو بہتر لاکھ علامتیں اور ہیں جن میں سے چند کا ذکر کیا جاتا ہے۔ (افسوس ہے کہ حساب غلط ہو گیا پھوہڑ کی اکاون لاکھ کروڑ علامتیں ہیں)

۳۷۲۵۰۰۸ شوہر کی موجودگی میں بھلی صورت والی نوکرانی پر ضرور سختی کرے گی تاکہ شوہر کا دل اس کی طرف مائل نہ ہو

(۱۷۲۰۰۰۰۰) جس شوہر کو کبھی اس بات کا خیال بھی نہ ہو۔ وہ بھی ہمدردی کرنے لگتا ہے۔

+

(۲۰۹۲۵۰۱۰) شوہر کو پانی کی پیاس ہو تو بہ تکلف شربت پینے پر مجبور کرتی ہے شربت جلدی سے طیار کرانے میں نوکرانیوں کا زبان کی قینچی سے وہ قیمہ کرتی ہے کہ شربت زہر ہو جاتا ہے۔ اگر بھول کر خود شربت پیش کر دے تو لطف سے پاس نہیں پھٹکتی۔ باقی شربت بانٹنے کے اور دھم میں گھر بھر سر پر اٹھا لیتی ہے۔ اور عین اسی وقت "ارے گلاس تو اٹھاؤ" "خوانچہ تو لائے ہوتے" "صراحی

تو ڈھانکی ہوتی" کے وہ نعرے لگاتی ہے کہ عرش معلّٰی کے فرشتے تک کانوں میں انگلیاں دے لیتے ہیں گھر کے انتظام میں چیخ پکار کے متعلق ایک سو ایک ارب علامتیں اور ہیں جن میں سے چند کا ذکر ضروری ہے۔ (حساب پر لعنت! پھر غلط ہو گیا۔ پھوہڑ کی اکاون لاکھ ارب سنکھ علامتیں ہیں۔ اب بھی غلط ہو جائے تو اللہ کرے کہ "ہمایوں" کے مدیر صاحب کی کسی بنئے سے دوستی ہو جائے)

(کئی ارب سنکھ) پھوہڑ کا شوہر جب گھر میں داخل ہوتا ہے تو پھوہڑ ہمیشہ کسی ضروری کام میں مصروف ہوتی ہے۔ مگر جہاں ہو وہیں سے بآواز بلند ہانک لگاتی ہے: "ارے کمبختو! صاحب آ گئے اور چائے نہ شربت" بدحواسی میں تن بدن کا ہوش نہیں ہوتا اور تھکے ماندے شوہر کی دل جوئی کے بجائے ایک قیامتِ صغریٰ کا نمونہ روزانہ ان کی نذر ہوتا ہے۔ اس طویل داستان کے کئی لاکھ ارب سنکھ باب ہیں شوہر گھر سے نکلے تو زمانے بھر کی بدزبانیاں۔ فراموشیوں کے گلے شکوے گھر میں آئے تو وہ ہنود ہائے کہ الامان۔ اس قصّے کے لئے عمرِ نوح چاہیئے۔

(اب یہ حساب نہ مجھ سے سنبھلے نہ کسی بنئے کے باپ سے پھر نئے سرے سے شروع کرتا ہوں)

(۱) پھوہڑ شوہر کے خوش کرنے کے لئے سستا اور پرانا کپڑا استعمال کرتی ہے۔ اچھے اور نفیس کپڑے کو سنبھال کر رکھتی ہے۔ گوٹا ماند پڑ جائے۔ ریشم کو کیڑے چاٹ جائیں۔ مگر پھوہڑ کے سلیقہ میں فرق نہیں آتا۔

(۲) پھوہڑ مرد فیشن سے سو لاکھ میل پیچھے ہوتی ہے۔

(۳) پھوہڑ ہر کپڑے کے متعلق شوہر سے بیسیوں پیشگی مشورے کر کے عین اس کی رائے کے برعکس کپڑا بنواتی ہے اور پہنتی ہے۔ بے موقع نمائش کی موجد اور سہیلیوں کے گنوں کی مداح (لاحول ولاقوۃ! پھوہڑ کی صرف سہیلیوں سہیلیوں کے متعلق کئی کروڑ سنکھ علامتیں ہیں اس کے متعلق کوئی نئی گنتی ایجاد ہونی چاہیئے)

(نئی گنتی ا سے ی تک اور A سے Z تک) پھوہڑ سہیلیوں کی شکل و صورت کی کبھی تعریف نہیں کرتی۔ مگر ان کے کپڑے کی۔ زیور کی۔ روپیہ جوڑنے کی تعریف میں پل باندھ دیتی ہے۔ سہیلی اور سہیلی کے شوہر کی لڑائی میں ہمیشہ سہیلی کے شوہر کو جھوٹا قرار دیتی ہے اور ساتھ ہی یہ بھی کہہ دیتی ہے: "پھر بھی بچارا بہتوں سے اچھا ہے۔ اور لوگوں کی طرح بات کا بتنگڑ تو نہیں بناتا"

پھوہڑ کی سہیلی گھر میں وارد ہو تو گھر میں شوہر کا حقہ پانی بند۔ "آخر تم جانتے ہو کہ گھر میں مہمان ہیں۔ ذرا دیر ہو گئی تو کیا قیامت آ گئی کہ گھر بھر سر پر اٹھا لیا۔ مجھے تو دیکھو کہ دن رات کام میں مرتی ہوں کبھی شکایت کی؟ کمبخت دھوبی کو آٹھ دن سے کہہ رکھا تھا کہ چاندنی دے جانا۔ آج تک نہ لایا۔ ایسی شرم آ رہی ہے کہ کیا کہوں تمھاری بلا سے، تم کو میرے دل کا کیا حال معلوم۔ علی الہذا القیاس طلسمِ ہوش ربا کی سات جلدیں ختم ہو جائیں یہ تقریر نہ ختم ہو۔

(ہر قسم کی گنتی ختم ہو گئی۔ مگر علامتیں ابھی بہت ہیں۔ سنتے ہیں کہ جاپان کی ہر چیز سستی ہے گنتی بھی وہیں سے خریدیں گے۔ بل آئیگا

تو دام ادا کر دیں گے۔ فی الحال استعمال کر لیتے ہیں)

(۸) پھوہڑ بیوی بچے دیتی ہے۔

(۹) پھوہڑ بیوی بہت بچے دیتی ہے۔

(۱۰) بچوں کے ساتھ شکایتیں بھی پیدا کرتی ہے۔

بچوں کی شکایتیں۔ اپنی شکایتیں۔ دنیا جہان کی شکایتیں ہر موقع محل کے لیئے اور بے موقع بے محل ہزارہا شکایتیں اور شوہر سے فوری فیصلہ کی طلبگار رہتی ہے۔

(۹ ۱۰ ۱۱) پھوہڑ بیوی صبر کرتی ہے اور بے انتہا صبر کرتی ہے اور اس صبر کا بے انتہا ذکر کرتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ پھوہڑ بیویوں کے صبر کے حساب کتاب کے لیئے ایک نئی قیامت کا اجرا کیا جائے گا۔

(۱۰ ۱۱ ۱۲) پھوہڑ بیویوں کی ماؤں کی شفقتِ مادرانہ کے سیلابِ عظیم کا مقابلہ سدِ سکندری سے ہو تو ہو چین کی دیوار تو اس کو روک نہ سکی۔

(آخری نوٹ :۔ اصلی پھوہڑ بیویاں آج کل کمیاب ہیں شادی کی منڈیوں میں نقلی مال کا زور ہے۔ خاندان ہی سٹ گئے تو اب وہ خاندانی وضعداریاں کہاں ؟ شوہر کے منہ پر شوہر کے دوستوں کو کوسنا اب محض خواب و خیال ہے ممکن ہے دِلّی لکھنؤ کی راکھ کریدنے سے یہ زرِ گم گشتہ دستیاب ہو جائے مگر امید کم ہے)

"فلک پیما"

مرد کبھی ان عورتوں سے شادی نہیں کرتے جنھیں وہ سمجھ لیتے ہیں۔ اور عورتیں کبھی ان مردوں سے محبت نہیں کرتیں جنھیں وہ خوب سمجھ لیتی ہیں۔

ک۔ ک

رعنائیٔ خیال

کیا آب و تاب فکر ہے؟ کیا طلعتِ خیال
پھیلا ہوا ہے ذہن میں ادراک کا جمال

کیا لحنِ دلنواز سماعت فروز ہے
اِک حُسنِ سحر کار ہے صورت گرِ خیال

شمعیں سی جل رہی ہوں دھندلکوں میں جس طرح
یوں عالمِ خیال میں ہے بارشِ جمال

راتوں کی کائنات بھی کیا کائنات ہے
نیندوں کا اک غبار ستاروں کا ایک جال

برلبِ نواز کون ہے تاروں کے حسن میں؟
جذبات کر رہے یہ ادراک سے سوال

کتنی لطیف ہے مہ و پروین کی راگنی
لہرا رہے ہیں دل کے افق پر حسیں خیال

لہرا رہے ہیں دل کے افق پر حسیں خیال
نکھرے ہوئے ہیں حُسنِ تصوّر کے خدوخال

کتنی کہانیاں ہیں ادھوری پڑی ہوئی
کتنی حکائتیں ہیں ابھی تشنۂ مآل

رعنائیٔ خیال کی تفسیر کیا لکھوں
رعنائیٔ خیال کی تفسیر ہے محال

عدمؔ

افسانہ اور حقیقت نگاری

مغربی ممالک میں جہاں روایات و رسمیات کے خلاف علم بغاوت بلند کرنے کی ہوا چلی ہوئی ہے۔ آئے دن نئی نئی تحریکیں پیدا ہوتی رہتی ہیں جن میں سب سے جدید اور مشہور تحریک حقیقت نگاری کی ہے۔ علماء کا ایک گروہ اس بات پر مصر ہے کہ ادب و شاعری میں زندگی کے حقیقی واقعات اور فطری امور کی من و عن ترجمانی ہونی چاہیئے۔ یہ لوگ "حقیقتین" (ریلیسٹ) کہلاتے ہیں۔ اگر حقیقت نگاری کا مسئلہ نہایت وسیع اور کثیر المعنی نہ ہوتا تو کبھی کی اس کی دھجیاں اڑ گئی ہوتیں لیکن وہ نت نئے لباس میں جلوہ گر ہوتا رہتا ہے جب اس مسئلہ کے ایک مفہوم کی تردید کر دی جاتی ہے تو "حقیقتین" اس کا دوسرا مفہوم پیش کر دیتے ہیں اس طرح حقیقت نگاری نے ایک مستقل ادبی مسئلے کی حیثیت اختیار کر لی ہے۔

جہاں تک تنقیدی ادبیات کا تعلق ہے تحریک حقیقت نگاری کے حامیوں کی رائے بڑی حد تک اصابت و معقولیت سے ہم آغوش معلوم ہوتی ہے چنانچہ اڈمنڈ برک کا قول ہے کہ "آج کل کے نقاد فنون لطیفہ کے قواعد و ضوابط کی تلاش جہاں کرنی چاہیئے وہاں نہیں کرتے بلکہ غلط مقام پر کرتے ہیں۔ وہ نظم تصویر بت۔ عمارت اور موسیقی کاری میں ان کا سراغ لگاتے ہیں حالانکہ خود عمل صناعی میں وہ معیار مفقود ہوتا ہے جو کسی اعلیٰ قدرت فن کار (آرٹسٹ) کے پیش نظر رہنا چاہیئے۔ یہی وجہ ہے کہ تمام صناع بالعموم اور شعراء بالخصوص ایک تنگ دائرہ میں محدود رہتے ہیں نقاد بھی انھیں کا اتباع کرتے ہیں اس لیئے وہ ہماری صحیح رہنمائی نہیں کر سکتے اگر ہم کسی شے کی قدر و قیمت کا اندازہ کسی خارجی معیار سے نہیں بلکہ خود اسی شے کے نوعی معیار سے لگائیں تو وہ ضرور ناقص ثابت ہوگا۔ فی الحقیقت فنون لطیفہ کے حسن و قبح کے جانچنے کا معیار ہر شخص کے پاس موجود ہے بسا اوقات نہایت ادنیٰ اور معمولی چیزوں کے مشاہدہ و معائنہ سے ہمیں سچی روشنی حاصل ہوتی ہے۔ اور اس کے برعکس بڑی سے بڑی ہوش مندی و عرق ریزی جو معمولی مشاہدات کو حقیر و ذلیل سمجھتی ہے ہمیں تاریکی میں چھوڑ دیتی ہے یا اپنی جھوٹی مصنوعی روشنی سے ہمیں گمراہ کر دیتی ہے"۔

تحریک حقیقت نگاری کے نامور علم برداروں کا خیال ہے کہ سچا نقاد کسی صناع یا مصنف کا دوسرے صناع یا مصنف کے ساتھ مقابلہ کرنے کے بجائے یہ دیکھنے کی کوشش کرتا ہے کہ اس نے فطرت بشری کی کس حد تک ترجمانی کی ہے فنون لطیفہ کے معائب و محاسن کے جانچنے کا بہترین معیار وہ ہے جو "سادگی۔ راستی اور فطرتیت" پر مبنی ہو لیکن عوام اپنی "سادگی۔ راستی اور فطرتیت" کے آزادانہ استعمال میں جس پیش کرتے ہیں اور روایتی نقاد کی رائے آسانی سے قبول کر لیتے ہیں۔ یہ ان کی انتہائی کمزوری ہے۔ وہ جو کچھ دیکھتے یا پڑھتے ہیں اس کا موازنہ یا مقابلہ

وہ قدرتی مخلوق سے نہیں بلکہ کسی باکمال و چابک دست صنّاع کی ذہنی و تخیلی پیداوار سے کرتے ہیں۔ اگر ان میں فن کاری کی تھوڑی بہت صلاحیت موجود ہوتی ہے تو وہ حقیقی زندگی کا اتباع کرنے کے بجائے کسی اعلیٰ قدرت صنّاع کی تقلید کرنے لگتے ہیں۔ حالانکہ وہ جانتے ہیں کہ خود اس اعلیٰ قدرت صنّاع کے کمال کار از حقیقی زندگی کی پیروی و ترجمانی میں مضمر ہے۔

بالعموم اگر کوئی نوجوان مصنّف روزمرّہ زندگی کے حقیقی واقعات کی ترجمانی کرتا ہے۔ یا آدمیوں کو اپنے اردگرد جس طرح بولتے اور کام کرتے ہوئے پاتا ہے۔ ویسے ہی بیان کر دیتا ہے تو روایتی نقاد جھٹ اس پر ادنیٰ و حقیر شے پیش کرنے کا الزام عائد کر دیتے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ نوجوان مصنّفوں کے افسانوی کردار جیتے جاگتے انسانوں کی طرح نہیں بلکہ شیکسپیر اسکاٹ تھیکرے۔ بالزاک۔ ہاتھورن یا ڈکنز کے جمال داستان کی طرح دلیس اور عمل کریں۔ غرض کہ ذاتی تجربہ و مشاہدہ کو پس پشت ڈال کر دوسروں کے مذکورات اور تخیلی نتائج کی پیروی کرنا قابل تعریف سمجھا جاتا ہے حقیقت نگار و صداقت پسند مصنّف کو روایتی نقاد کی جانب سے جو ہدایت دی جاتی ہے۔ اس کی حیثیت ویسی ہے جیسے ایک سائنس داں سے کوئی کہے کہ "میں دیکھتا ہوں کہ تم اس ٹڈے کا بڑے غور سے معائنہ و مطالعہ کر رہے ہو جو گھاس میں پھدک رہا ہے۔ شاید تم اسے جیسا دیکھ رہے ہو ویسا ہی بیان بھی کر دو گے۔ لیکن یہ نہ صرف تضیع اوقات ہے بلکہ وضع کے خلاف اور تہذیب کے منافی بھی ہے۔ ادھر آؤ میرے پاس ایک اعلیٰ درجہ کا ٹڈا ہے جو بڑی محنت اور کثیر صرف سے تیار کیا گیا ہے۔ یہ ٹڈوں کا بہترین نمونہ ہے۔ بناتو ہے وہ تارا در بیٹھے ہی کا لیکن اس پر کیسا عمدہ رنگ و روغن چڑھایا گیا ہے معمولی قدرتی ٹڈوں سے وہ ہزار درجے زیادہ خوب صورت۔ خوشنما اور نفیس ہے۔ تم چاہو تو اسے مصنوعی کہو۔ مصنوعی تو وہ ضرور ہے لیکن ساتھ ہی ساتھ مثالی و آئیڈیل بھی ہے۔ قدرتی ٹڈے کی طرح یہ معیاری ٹڈا آسانی سے ہلاک و برباد نہیں ہو سکتا تم کو بھی مثالی و معیاری چیزوں کی پیروی کرنی چاہیئے۔ تمام فنی کتابوں میں تم میرے ہی ٹڈے کا ذکر پاؤ گے تمہارے گھاس میں پھدکنے والے حقیر ٹڈوں کی صناعوں اور فن کاروں کی نظروں میں کوئی قدر نہیں تم اپنے قدرتی ٹڈے کے متعلق جو بیان شائع کرو گے وہ نقادوں کے نزدیک ایک ادنیٰ مبتذل۔ عامیانہ اور حقیر و ذلیل چیز ہوگی۔ اور اگر تم اسے ادنیٰ و حقیر نہ بھی سمجھو تو اس کی زیادہ سے زیادہ تعریف یہی ہو سکتی ہے۔ وہ حقیقی و قدرتی ٹڈے کی عکسی تصویر ہے کسی شے کی عکسی تصویر پیش کرنا صنّاع کے ضعف و عجز کی دلیل ہے صنّاعی کا اقتضاء ہے کہ کسی شے پر تخیل کا رنگ چڑھا کر اسے قدرتی اشیاء سے کہیں زیادہ خوب صورت و نظر فریب بنا دیا جائے۔" حقیقتین کہتے ہیں کہ جب تک اس مثالی ٹڈے کو سائنس سے۔ ادبیات سے اور فنون لطیفہ سے یکسر خارج نہ کر دیا جائے بلکہ جب تک اس معیاری ٹڈے۔ تہماتی ٹڈے۔ شجاع و بطل ٹڈے۔ قدیم رومانی ٹڈے۔ تارا در بیٹھے کے مصنوعی ٹڈے کو بالکل فنا نہ کر دیا جائے اس وقت تک سادہ حقیقی اور فطری ٹڈے کے میدان میں آنے اور عوام کی توجہ جذب کرنے کی توقع نہیں۔ فنون لطیفہ کی جانچ پرتال کے جس معیار تک شخص کی دسترس ہے۔ وہ "سادہ حقیقی اور فطری" ہے لیکن روایتی نقادوں کا قائم کردہ معیار مشکل پیچیدہ۔ کتابی اور مصنوعی ہے۔

اوپر جو کچھ بیان ہوا وہ خلاصہ ہے حقیقتین کے مقاصد و رجحانات کا۔ اس میں بہت سی کام کی باتیں ہیں جن سے ہر مصنف کو استفادہ کرنا

چاہیئے حقیقت نگاری کے حامی جب تک حدِ اعتدال سے تجاوز نہیں کرتے ان کی رائے نہایت صائب معقول اور قابلِ تسلیم ہوتی ہے لیکن جب انتہا پسند حقیقتیں تنگ نظری سے کام لیتے ہیں تو ان کا ہر قول و فعل سخت مضحکہ خیز بن جاتا ہے مثلاً بعض انتہا پسندوں کا خیال ہے کہ حقیقت نگاری زندگی یا جزوِ زندگی کی تصویر کشی کا نام ہے اس لیئے افسانہ نویس کو چاہیئے کہ زندگی کے تمام چھوٹے بڑے واقعات کو بے کم و کاست بیان کرے لیکن انسان کی روزانہ زندگی میں بیسیوں ایسے واقعات پیش آتے ہیں جو ایک دوسرے سے تعلق نہیں رکھتے۔ فرض کرو کہ قصّہ نویس کسی ڈاکو کا کارنامہ پیش کرنا چاہتا ہے۔ ڈاکو کی زندگی میں روزانہ صبح سے شام تک نہ جانے کتنے ادنیٰ و اعلیٰ واقعات پیش آتے ہوں گے جو چوری ڈکیتی اور سزنی سے کوئی تعلق نہیں رکھتے۔ اگر مصنف ترک و انتخاب سے کام نہ لے اور تمام واقعات بیان کرنے لگے تو حقیقت نگاری محض غیر متعلق واقعات و حادثات کی کھتونی بن جائے گی جس میں دلچسپی اور ڈرامائیت یکسر مفقود ہو گی حقیقتیں کی ایک جماعت اس خیال کی موید ہے کہ افسانہ نگار کو اپنی ساری تگ و دو صرف ذاتی تجربات و مشاہدات کی ترجمانی تک محدود رکھنی چاہیئے چنانچہ جین آسٹن تو اس بات کی بھی روادار نہیں کہ کوئی شہری مصنف دیہاتی زندگی کا اور دیہاتی مصنف شہری زندگی کا نقشہ پیش کرے بلکہ وہ عورتوں کو مشورہ دیتی ہیں کہ اگر ان کو افسانہ نویسی کا شوق ہو تو اپنی تصنیفات میں ایسے مکالمہ یا گفتگو کو راہ نہ دیں جو مرد اپنی خالص مردانہ مجلس میں جس میں کوئی عورت شریک نہ ہو ایک دوسرے کے ساتھ کیا کرتے ہیں لیکن ایسا کرنا فی الحقیقت تخیل کے پر و بازو کو توڑ مروڑ کر پھینک دینا ہے۔ کیا دنیا کے وہ بلند پایہ رومانی و تاریخی افسانے صرف اس بنا پر بے حقیقت دبے سود قرار دیئے جا سکتے ہیں کہ ان میں جو واقعات درج ہیں وہ مصنفوں کے ذاتی تجربہ و مشاہدہ میں نہیں آئے تھے؟ سچ پوچھو تو تخیل و خیال آرائی کے ذریعہ سے ماضی کو حال، غائب کو حاضر اور بعید کو قریب بنا کر پیش کرنا کمالِ فن ہے حقیقتیں کا ایک گروہ ایسا بھی ہے جو زندگی کے کسی شعبہ کو پسِ پردہ رکھنا حقیقت و صداقت کے منافی خیال کرتا ہے۔ ان لوگوں نے حیاتِ انسانی کے بعض کثیف اور تاریک پہلوؤں کو نمایاں کرنے میں اس قدر غلو سے کام لیا ہے کہ ان کے اسلوبِ بیان کے ڈانڈے عریانی و فحاشی سے جا ملے ہیں۔ ان کی پیش کی ہوئی زندگی کی برہنہ تصویریں دیکھ کر حیا آنکھیں بند کر لیتی اور تہذیب منہ پھیر لیتی ہے۔

بہر حال مختلف مصنفوں نے مختلف طور پر حقیقت نگاری کی تشریح کی ہے جن میں سے دو کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ آج کل تحریکِ حقیقت نگاری کے سب سے بڑے نقیب امریکی مصنف مسٹر ہاولز (HOWELLS) ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ مختصر الفاظ میں حقیقت نگاری اس کے سوا اور کچھ نہیں کہ ادبی مواد پر سچائی کے ساتھ بحث کی جائے۔ ان کے نزدیک انگریزی ناول نویسوں میں صرف جین آسٹن کو یہ ملکہ حاصل تھا۔ دوسرے کسی مصنف نے جین آسٹن کی طرح مواد افسانہ پر سچائی اور دیانت کے ساتھ بحث نہیں کی ہے لیکن ہاولز کی یہ مجمل تعریف بھی اطمینان بخش نہیں ہے کیونکہ غایہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ مواد پر سچائی کے ساتھ بحث کرنے کی امتیازی علامت کیا ہے؟ سچائی کے ساتھ بحث کرنے میں کون کون سی باتیں بیان کرنی چاہئیں۔ اور اس بحث کے کیا مخصوص طریقے ہیں؟ اب ہم خود کو جہاں سے چلے تھے وہیں پاتے ہیں۔

مواد پر سچائی کے ساتھ بحث کرنے کی تشریح کرتے ہوئے مسٹر ہاولز۔ ایمرسن کے ہم زبان ہو کر فرماتے ہیں کہ "ہمیں شاندار

پر عظمت غیر معمولی اور رومانی چیزوں کی ضرورت نہیں حقیقت نگاری کا علم بردار ہونے کی حیثیت سے ہم تو معمولی ادنیٰ اور مانوس اشیا ہی سے تعلق رکھنا چاہتے ہیں"۔ لیکن یہاں حقیقت نگاری کے ڈانڈے رومانیت سے مل جاتے ہیں۔ رومانی شاعروں کے سرتاج برنس اور ورڈس ورتھ سے بڑھ کر اور کس نے ادنیٰ حقیر معمولی اور مانوس چیزوں پر طبع آزمائی کی ہوگی؟ کہا جا سکتا ہے کہ رومانی شاعروں کا مقصد یہ تھا کہ وہ ادنیٰ اور معمولی اشیا کو اپنے زورِ تخیل سے بطلی اور رومانی بنا دیں لیکن حقیقت نگاری کے نامور علم بردار بھی اس مقصد سے ہمدردی رکھتے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ جن چیزوں کو لوگ ادنیٰ و حقیر جان کر ترک کر دیتے ہیں۔ وہ بھی کارخانۂ قدرت کے قیمتی پرزے ہیں تخلیقِ کائنات کے اعلیٰ ربانی مقصد کی تکمیل میں ان کا بھی حصہ ہے جس اینٹ کو معمار بے کار سمجھ کر رد کر دیتے ہیں لبا اوقات عمارت کے سرے پر اس کی ضرورت پیش آتی ہے۔ بہر کیف چھوٹی چھوٹی اور معمولی معمولی چیزیں بھی اپنی ذاتی قدر رکھتی ہیں اور ان میں شاعروں اور افسانہ نویسوں کے جذبِ تخیل کا پورا سامان موجود رہتا ہے۔ علاوہ بریں کیا کوئی شخص یہ کہنے کی جرأت کر سکتا ہے کہ برنس اور ورڈس ورتھ نے ادنیٰ و حقیر کو بطلی و رومانی درجہ تک بلند کرنے کی فکر یا اخلاقی تعلیم و تلقین کی ذہن میں اپنے موادِ شاعری کی تکذیب کی ہے۔ یا اس پر سچائی سے بحث نہیں کی ہے۔ یا اس کو اس کی فطری سادگی و صداقت سے معرا بنا دیا ہے؟ الغرض صرف "حقیقیین" ہی نہیں بلکہ رومانی شعرا و مصنفین بھی ادنیٰ و حقیر چیزوں سے مصافحہ گیر ہوتے اور مواد پر سچائی کے ساتھ بحث کرتے ہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگرچہ عام طور پر حقیقت نگاری (REALISM) کو رومانیت (ROMANTICISM) اور مثالیت (IDEALISM) کے خلاف سمجھا جاتا ہے لیکن دراصل ان میں کوئی آب بند تفریق موجود نہیں ہے۔ ان کی سرحدیں باہم ملی ہوئی ہیں جن کے درمیان خطِ فاصل قائم کرنا مشکل ہے "حقیقت" میں "مثالیت" کا عنصر شامل ہے علاوہ اس کے حقیقیین کی تصنیفات میں اکثر ایسی ادبی خصوصیات پائی جاتی ہیں جو "رومانیت" کا طرۂ امتیاز ہیں "حقیقیت" میں رومانی معنی بھی پنہاں ہو سکتے ہیں جس کی وجہ سے بعض وقت بیٹھے واقعات اور خیال آرائی کے نتائج میں امتیاز کرنا دشوار معلوم ہوتا ہے ہم کسی افسانوی شاہکار کو خالص حقیقی یا رومانی یا مثالی نہیں کہہ سکتے کیونکہ اس میں تینوں کے اوصاف کم و بیش پائے جاتے ہیں۔ اگر تینوں میں فرق ہے تو نوعیت و کیفیت کا نہیں بلکہ صرف کمیت و تناسب کا۔ اس لئے ہمیں دیکھنا چاہیئے کہ حقیقیین کن باتوں پر زیادہ زور دیتے ہیں۔

مسٹر ہاولس نے حقیقت نگاری کی جو تعریف بیان کی ہے اس پر اوپر بحث ہو چکی۔ اب ہم ایک دوسرے نامور حامیٔ "حقیقیت" مسٹر زولا کے خیالات کا جائزہ لینا چاہتے۔ واضح رہے کہ عام طور پر بالزاک تحریکِ حقیقت نگاری کا نقیب اوّل اور زولا اس کا آخری علم بردار سمجھا جاتا ہے بہر حال زولا کے خیال کے مطابق حقیقت نگاری ایک طرف تو خیال آرائی کے منافی ہے جس میں رومانیت اور پُرشکوہ اسلوبِ بیان شامل ہے۔ اور دوسری طرف وہ تمام مثالی (آئیڈیل) چیزوں کو اپنے دائرہ سے خارج کر دیتی ہے حقیقت نگار مصنف صرف آنکھوں دیکھی اور کانوں سنی باتیں بیان کرتا ہے اور غیر حقیقی مبہم شاندار غیر معمولی اور اصلاحی و اخلاقی موضوع پر کبھی بحث نہیں کرتا۔ جو چیزیں اس کے ذاتی مشاہدہ و تجربہ میں نہ آئی ہوں۔ ان سے وہ کوئی تعلق نہیں رکھتا۔ وہ صرف معاصر واقعات اور گرد و پیش کے معاملات کی ترجمانی کرتا ہے۔ وہ انسانی زندگی اور قدرتی اشیاء کی ہو بہو تصویر پیش کرتا ہے اور خیال آرائی و نکتہ آفرینی سے کام نہیں لیتا۔ الغرض کہ زولا دنیائے انسانہ سے رومان۔ پوشیدہ روحانی صداقت تعبیر و تشریح اور خیال آرائی کو خارج کر دیتا ہے۔

وہ انسان کے قول و فعل کو من و عن بیان کر دینے پر زور دیتا ہے وہ نہیں چاہتا کہ انسانی سیرت اور سائل زندگی کی تعبیر کی جائے مختصر یہ کہ وہ "شخصی نقطۂ نظر" (PERSONAL POINT OF VIEW) یا ذاتی رائے زنی کا سخت مخالف ہے۔ ایک اور قابل ذکر امر یہ ہے کہ وہ ان تمام چھوٹے بڑے اہم و غیر اہم ادنیٰ و اعلیٰ واقعات کو جو تجربہ و مشاہدہ میں آئیں ادبی مواد میں شامل کر دیتا ہے تحریک حقیقت نگاری کا یہی وہ پہلو ہے جو مدت سے حقیقتوں اور مثالیوں کے مابین کبھی جمالیاتی اور کبھی اخلاقیاتی بنا پر وجہ نزاع بنا ہوا ہے حامیان تحریک مثالیت کے نزدیک حقیر مبتذل اور عامیانہ موضوع پر خامہ فرسائی کرنا اعلیٰ لٹریچر کی شان کے خلاف ہے۔

مسٹر ہاکس کا قول ہے کہ "خدا کی پیدا کی ہوئی کوئی چیز حقیر و ذلیل نہیں ہو سکتی" عقلمند آدمی انسانی زندگی کے کسی پہلو یا کسی شعبہ کو ناقابل التفات سمجھ کر اس کی تحقیر نہیں کر سکتا کیا کوئی سائنس دان مادی دنیا کے کسی واقعہ کو اپنی تحقیق و تفتیش کی شان کے خلاف تصور کر سکتا ہے؟ ایک حقیقت نگار مصنف تمام اشیائے عالم کی مساوات اور بنی نوع انسان کی آفرینشی وحدت کا قائل ہوتا ہے۔ اس کی روح کو نمائشی تخیلی اور مثالی اشیاء سے نہیں بلکہ حقیقت و واقعیت سے ترفع حاصل ہوتا ہے۔ کیونکہ حقیقی واقعات ہی میں سچائی پائی جاتی ہے" ادبیات کے متعلق یہی نقطۂ خیال ان بے شمار متبذل۔ بے لطف اور ادنیٰ درجہ کے انسانوں کا ذمہ دار ہے جو سستے رسالوں میں آئے دن چھپتے رہتے ہیں اور جن کا وجود صرف اس لیئے جائز خیال کیا جاتا ہے کہ وہ روزمرہ زندگی کے چھوٹے چھوٹے ناقابل توجہ امور کی آئینہ داری کرتے ہیں۔

آج کل کے بعض انتہا پسند حقیقتین ماہرین سائنس کی طرح زندگی کے جزئیات و تفصیلات کی تلاش و تحقیق میں سرگرداں نظر آتے ہیں حالانکہ اگر یہی جاں کاہی و دماغ سوزی کسی اور جانب منعطف ہوتی تو عظیم الشان نتائج برآمد ہوتے۔ خوردبین کے پیہم استعمال سے تناسبات کے احساس میں ضرور خلل واقع ہوگا جن لوگوں کی ساری توجہ زندگی کے صرف جزئی امور پر مبذول رہتی ہے۔ ان کے دلوں میں شاندار مہماتی واقعات کی عظمت باقی نہیں رہتی وہ حیات انسانی کے ادنیٰ پہلو کو اس کے اعلیٰ پہلو پر ترجیح دینے کے عادی بن جاتے ہیں۔ یہ بھی ایک غور طلب سوال ہے کہ ادبیات میں سائنس کے معیار و مقصد کے استعمال سے فنی لطافت باقی بھی رہے گی یا نہیں؟ سائنس اور لٹریچر میں زمین آسمان کا فرق ہے جو طریقہ تحقیق یا اسلوب بحث سائنس کے لیئے حیات بخش ہوتا ہے وہی اکثر حالتوں میں ادب و شاعری کے لئے پیام اجل بن جاتا ہے۔ اس مادی دنیا کے تمام واقعات و مظاہر حکیمانہ تحقیق کی نظر میں یکساں ہوں تو ہوں لیکن سچا صناع (آرٹسٹ) ہر زمانہ میں اشیائے عالم کی ربانی مساوات کا منکر رہا ہے ہم اپنے اردگرد جتنی چیزیں دیکھتے ہیں ان میں قدر و قیمت کے لحاظ سے بے شمار مدارج پائے جاتے ہیں۔ یہ تفریق خود دست قدرت نے کر دی ہے مثل مشہور ہے کہ خدا نے پانچوں انگلیاں برابر نہیں بنائی ہیں۔ قدر و قیمت کے اختلاف ہی کی وجہ سے انتخاب کی ضرورت پیش آتی ہے۔ ہر صناع اپنی ذہنی پیداوار میں ربط و تسلسل قائم کرنے کے لیئے صرف ضروری واقعات کا انتخاب کرتا اور غیر اہم و بے تعلق واقعات کو چھوڑ دیتا ہے حقیقتین (REALISTS) اور مثالیین (IDEALISTS) دونوں حق انتخاب کے مدعی ہیں لیکن دونوں میں فرق یہ ہے کہ اول الذکر کی نظر انتخاب ہمیشہ ادنیٰ حقیر مبتذل اور عامیانہ اشیاء پر پڑتی ہے کیونکہ وہ صرف انھیں چیزوں کو واقعیت اور صداقت کا حامل خیال

کرتے ہیں برخلاف اس کے حامیانِ مثالیت کی نظر شان دار، پُرعظمت باوقار معیاری اور اعلیٰ و ارفع اشیا پر رہتی ہے اگر انتہا پسند حامیانِ حقیقیت عظمی و شانی چیزوں پر یقین نہیں رکھتے اگر ان کو اپنے ذاتی تجربات کے محدود دائرہ ہی میں تسکین و تشفی کا پورا سامان مل جاتا ہے تو کیوں نہ اُن کو ادبیات کی رفیع الشان عمارت کے ایک حجرے میں آزاد چھوڑ دیا جائے لیکن مشکل تو یہ ہے کہ وہ اپنا حجرہ چھوڑ کر ہمسایوں کے کمرے میں گھس جاتے اور ان کو پریشان کرتے ہیں۔ وہ یہ سمجھ لیتے ہیں کہ ساری عمارت انھیں کے زیر تصرف ہے۔

اگر انتہا پسندی کو راہ نہ دی جائے تو حقیقیت۔ رومانیت اور مثالیت کا اجتماع ممکنات سے ہے مثلاً تھیکرے کی تصنیفات میں تینوں کی خوبیاں اس انداز میں پائی جاتی ہیں کہ بتانا مشکل ہے کہ وہ حقیقی تھا یا رومانی یا مثالی۔ اسے جس زمرہ میں بٹھایا جائے وہ اسی کا ایک فرد معلوم ہوگا۔ سچ پوچھئے حقیقت پرستی کوئی نئی ادبی تحریک نہیں ہے البتہ آج کل اس میں نئی نئی کونپلیں پھوٹ نکلی ہیں انسانوی دنیا میں حقیقیت اور رومانیت کی پیدائش ایک ہی ساتھ ہوئی تھی اس وقت سے دونوں باری باری سے یا پہلو بہ پہلو نشوونما پاتی اور ترقی کرتی رہی ہیں۔ ان کے توالی پر نقادوں کے رجحانات عوام کے مذاق پسند اور زمانہ کی روح کا زبردست اثر پڑا کیا ہے۔ زمانہ کے رنگ و میلان کی تحریک و تہییج سے ادبی رقاص آگے پیچھے جھولتا رہا ہے۔ یہ ایک مسلمہ امر ہے کہ جب کوئی ادبی تحریک اپنے منتہا کو پہنچ جاتی ہے تو لوگوں کی دلچسپیوں میں ردِ عمل شروع ہو جاتا ہے ایسے وقت میں نقادوں کے آگے صرف دو راہیں کھلی ہوتی ہیں۔ یا تو وہ بھی رقاص کے ساتھ ساتھ آگے بڑھتے ہیں یا پیچھے ٹھہر کر رقاص کی حرکت کا تماشہ دیکھتے ہیں۔

لیکن اس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ ادبی اسالیب پر تحریک حقیقت نگاری کا نہایت وسیع و مفید اثر پڑا ہے حقیقیئن کا اصرار ہے کہ افسانہ کے واقعات کتنے ہی فرضی و تخیلی کیوں نہ ہوں لیکن انداز بیان ایسا ہونا چاہئے کہ وہ بالکل صحیح اور سچے معلوم ہوں۔ اسے ہم ایک لفظ "نظر فریبی" سے تعبیر کر سکتے ہیں علاوہ بریں حقیقی مصنف مرئی و مقرون اور نوعی و جزئی چیزوں کی بھی قدر کرتا ہے۔ رومانی لٹریچر میں بھی جو معنی خیز دلتباس آفریں تفصیلات پائی جاتی ہیں وہ تحریک حقیقت ہی کے اثر کا نتیجہ ہیں۔ کون نہیں جانتا کہ سوفٹ (SWIFT) ڈیفو (DEFOE) اور پو (POE) کا شمار سرآمد رومانی مصنفین میں ہوتا ہے لیکن انھوں نے اپنے افسانوں میں جزئی و تفصیلی امور اس خوبی کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ ہر شخص کو ان کی صحت و صداقت کا دھوکا ہوتا ہے۔ ان کی تحریروں میں نظر فریبی و التباس آفرینی کی یہ قوت محض حقیقت نگاری کے اصول و تقاضیات کی پیروی سے پیدا ہوئی ہے۔ البتہ یہ افسوس کی بات ہے کہ بعض ناتجربہ کار روحِ شیلے حقیقیئن احساسِ تناسب کھو کر اہم و ضروری واقعات کی ترجمانی تو کرتے نہیں لیکن چھوٹی چھوٹی غیر معروف باتوں کے بیان کرنے میں اس قدر منہمک رہتے ہیں کہ ان میں وسیع النظری و کشادہ خیالی کا مادہ مفقود ہو جاتا ہے

علاوہ بریں روزمرہ زندگی کی ترجمانی کرنے اور ادنیٰ و معمولی معاملاتِ حیات کو ادب کی بنیاد قرار دینے میں تحریک حقیقت نگاری نے افسانوی دنیا میں بالعموم اور مختصر قصوں کے میدان میں بالخصوص نہایت اہم نمایاں خدمت انجام دی ہے۔ پرانے زمانہ کے افسانوں اور داستانوں میں بادشاہوں، سورماؤں اور سیاحوں کے محیر العقول مہماتی کارنامے بیان کئے جاتے تھے ان سے مفت خواں طے کرایا جاتا تھا جنوں عفریتوں

اور دیووں سے مقابلے ہوتے تھے۔ پہاڑ کی چوٹیوں پر پریاں ملتی تھیں صحرائے طلسم میں اشہبِ تخیل بالکل بے لگام چھوڑ دیا جاتا تھا۔ ساحروں کے پھندے سے ہیرو کو نجات دینے کے لئے فوراً کوئی خضر نما درویش اپنے اعجازی عصا یا نقشِ سلیمانی کے ساتھ حاضر ہوتا تھا۔ غرض کہ جو بات تھی وہ خلافِ فطرت اور جو واقعہ بیان کیا جاتا تھا وہ فوق العادت لیکن آج کل کے قصوں اور افسانوں میں صرف ایسے واقعات بیان کئے جاتے ہیں جو حقیقی زندگی میں پیش آسکیں۔ اگر تخیل سے کام لیا بھی جاتا ہے تو اسے قوتِ ممیزہ کے تابع رکھ کر۔ انسانوی رجال بھی ہر درجہ اور ہر طبقہ سے منتخب کئے جاتے ہیں چنانچہ ڈاکٹر، تاجر، کسان، کاری گر، مزدور، منشی، ساہوکار۔ گداگر سب کے سب افسانوی دنیا میں نظرِ عام پر آرہے ہیں اور آج کل تو اچھوت بھی ہیرو کی حیثیت سے روشناس ہونے لگے ہیں۔ یہ نہ سمجھ لیا جائے کہ اوسط یا ادنیٰ درجہ کے آدمیوں کی زندگی کے واقعات کی ترجمانی کا مقصد بھی پست و ادنیٰ ہی ہوگا بلکہ روزمرہ زندگی سے تعلق رکھنے والے چھوٹے چھوٹے قصے اور افسانے جن کو عصرِ حاضرہ کے رسائل و جرائد میں اس قدر شہرت و مقبولیت حاصل ہے۔ ویسا ہی اعلیٰ و ارفع مقصد پیشِ نظر رکھتے ہیں جیسا انیسویں صدی کے اوائل میں عظیم الشان رومانی تحریک کا تھا اور جس نے دنیائے ادبیات میں ایک تہلکہ مچا دیا تھا۔ اس میں شک نہیں کہ آج کل ممالکِ متمدنہ کا عام رجحان ہی حقیقت پرستی و صداقت پسندی کی جانب ہے لیکن اس سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ حق و صداقت کی حمایت کا یہ عام جذبہ تحریکِ حقیقت نگاری ہی کا آفریدہ ہے۔ بہرحال ہماری روزانہ زندگی کے واقعات اور معمولی انسانی کرداروں کو مختصر قصوں اور افسانوں کے لئے بے شمار چھوٹے چھوٹے موضوع ہاتھ آسکتے ہیں۔

لیکن بعض وقت حقیقت نگاری کے مدعیوں کا غلو اس قدر بڑھ جاتا ہے کہ وہ صرف ادنیٰ، حقیر، مبتذل اور عامیانہ چیزوں ہی کے پیش کرنے کو حقیقت نگاری کا واحد مقصد تصور کرنے لگتے ہیں حالانکہ ادنیٰ و عامیانہ چیزیں فی نفسہ کوئی ادبی قیمت نہیں رکھتیں جب تک تعبیر و تشریح (INTERPRETATION) سے کام نہ لیا جائے وہ بالکل بے وقعت ہوتی ہیں۔ ایک باکمال صنّاع (آرٹسٹ) زندگی کے چھوٹے چھوٹے واقعات کو تعبیر و تشریح کی طلسمی قوت سے نہایت معنی خیز و عبرت آموز بنا دیتا ہے۔ خذف ریزے کو جواہر پارہ اور مٹی کو سونا بنا دینا اس کی تعبیری قوت کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ ہمارے شعرا اسی تعبیری قوت کو معنی آفرینی، نکتہ خیزی خیال آرائی، جدّت طرازی اور نہ معلوم اور کن کن ناموں سے موسوم کرتے ہیں ہم دیکھتے ہیں کہ شام کے وقت قندیل صاف کی جاتی ہے قینچی سے بتّی تراشی جاتی ہے تو اس کی تیز سپید روشنی دور دور تک پہنچتی ہے۔ اب ہر طرف سے پتنگے آآکر اس پر گرنے اور جلنے لگتے ہیں۔ گھریلو زندگی کا یہ ایک معمولی واقعہ ہے جو روزانہ ہر شخص کے مشاہدہ میں آتا ہے۔ اگر انتہا پسند حقیقیین کے اصرار کے مطابق تعبیر و تشریح یا ذاتی رائے زنی سے کام لئے بغیر نفس واقعہ کو من و عن بیان کر دیا جائے تو اس میں کوئی ادبی خوبی یا لطف و دل کشی پیدا نہ ہوگی لیکن جب میر تقی میر جیسے ماہرِ فن کی تعبیری قوت روبکار آتی ہے تو یہی ادنیٰ واقعہ لازوال ادبی جواہر پارہ بن کر ہماری آنکھوں میں خیرگی پیدا کرنے لگتا ہے۔ شعر ملاحظہ ہو۔

مر گیا بیچارہ آخر دیکھی پروانے کی بات
شمع کو گلگیر جھڑے تھی ہی مرجانے کی بات

قطب نما کس نے نہیں دیکھا ہے؟ اس کی سوئی کو ایک آن بھی قرار نہیں ہر وقت تھرکتی رہتی ہے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی مرغ بسمل تڑپ رہا ہے۔ اس پر سودا کی تعبیر ملاحظہ ہو۔

ناوک نے تیرے صید نہ چھوڑا زمانے میں
تڑپے ہے مرغ قبلہ نما آشیانے میں

گھڑی کے کھٹکے۔ دھوبی کے چھوا چھو جھینگر کے جنازے۔ دیا سلائی اور مچھر وغیرہ جیسے ادنیٰ موضوع پر خواجہ حسن نظامی کے مضامین پڑھیے اگر آپ مست ہو کر جھومنے نہ لگیں تو ہمارا ذمہ۔ یہ لطف و دل کشی ان میں کہاں سے آئی؟ اس کا راز آپ کو خواجہ صاحب کی غیر معمولی تعبیری قوت میں مضمر ملے گا۔ موپاسساں (MAUPASSANT) نے سیاہ دھاگہ نیلی چھتری اور مٹی کے پیالہ پر اعلیٰ درجہ کے افسانے لکھ ڈالے ہیں جن کی ساری کامیابی و اثر آفرینی تعبیر و تشریح ہی کی رہین منت ہے غرض کہ تعبیر و تشریح کی قوت ادنیٰ سے ادنیٰ واقعہ اور معمولی سے معمولی چیز کو نہایت معنی خیز، دل کش اور پُر تاثیر بنا سکتی ہے لیکن تعبیر و تشریح یا شخصی نقطۂ نظر یا ذاتی رائے زنی کے استعمال کے متعلق نامور حامیانِ حقیقت کی رایوں میں سخت اختلاف پایا جاتا ہے چنانچہ بالزاک اس کا زبردست موید اور زولا سخت مخالف ہے ہاولز کی رائے بیچ میں ڈانواڈول ہے ایک جگہ وہ رقم طراز ہے کہ "حقیقت نگار مصنف زندگی کے ہر واقعہ پر نظر رکھتا ہے۔ اور اس میں کوئی نہ کوئی مفید مطلب معنی پنہاں پاتا ہے جس کا اظہار ضروری امر ہے۔ وہ زندگی کے کسی معاملہ کو حقیر و بیکار تصور نہیں کرتا کیونکہ تمام چھوٹے بڑے واقعات و معاملات کے مجموعی اثر سے انسان کی قسمت اور سیرت تشکیل پاتی ہے ظاہر ہے کہ زندگی کے بہت سے جزئی امور جو بظاہر کوئی اہمیت نہیں رکھتے۔ اسی وقت مفید و معنی خیز بن سکتی ہیں جب تعبیر و تشریح سے کام لیا جائے لیکن یہی ہاولز۔ بالزاک پر نکتہ چینی کرتے ہوئے کہتا ہے کہ "وہ ذاتی نقطۂ نظر سے بہت کام لیتا ہے اپنے افسانوی رجال کی سیرتوں کی تشریح کرتا جاتا ہے اور ان کو خود بولنے نہیں دیتا" اس میں شک نہیں کہ حقیقیین کے درمیان یہ ایک مابہ النزاع مسئلہ ہے۔

انسانی زندگی کے تاریک پہلو بھی ہوتے ہیں اور روشن پہلو بھی عام طور پر ادبیات میں زندگی کے تاریک و کثیف پہلوؤں کا ذکر ترک کر دیا جاتا ہے لیکن زانسیسی مصنف بالعموم اخلاقی نقطۂ نظر کی کچھ پروا نہیں کرتے۔ وہ اپنے افسانوی کردار کی معصیت کاریوں کو بھی ویسی ہی بیباکی سے بیان کر دیتے ہیں جیسے ان کے روشن کارناموں کو۔ ان کا خیال ہے کہ افسانہ نویس کو زندگی کی مکمل تصویر پیش کرنی چاہیئے۔ اگر زندگی کے صرف روشن پہلو دکھائے جائیں اور تاریک پہلو ترک کر دیئے جائیں تو لامحالہ تصویر ناقص اور ادھوری رہے گی نتیجہ یہ ہے کہ ان کو افسانوی لٹریچر میں بہت سی حیا سوز اور مخربِ اخلاق باتیں راہ پا گئی ہیں۔ اس عریاں نگاری کو "تحریکِ فطریت" (NATURALISM) سے تعبیر کرتے ہیں اور اس کے حامی "فطریین" (NATURALISTS) کہلاتے ہیں۔

بہر حال حقیقت نگاری کے اس کثیف عنصر سے مختصر قصوں اور افسانوں کا دامن ملوث نہیں ہو سکتا کیونکہ عریاں نگاری کے جواز و حمایت

میں صرف یہ دلیل پیش کی جاتی ہے کہ افسانہ نویس کو مکمل زندگی کی ترجمانی کرنی چاہیئے۔ اس لئے اگر تاریک و کثیف امور کا ذکر ترک کر دیا جائے تو زندگی کا نقشہ ناقص و نامکمل رہے گا لیکن مختصر قصہ نویسی کو تو مکمل کردار نگاری کا دعویٰ ہی نہیں چھوٹے قصوں اور افسانوں کا اختصار ہی اس بات کا مقتضی ہے کہ زندگی کے کسی خاص پہلو پر روشنی ڈالی جائے۔ البتہ اس خاص پہلو کا انتخاب مصنف کے مذاق پر منحصر ہوگا۔ اگر کوئی شخص زندگی کے تمام روشن پہلوؤں کو ترک کر کے صرف کسی غلیظ و گندہ پہلو پر بحث کرے تو یہ اس کی بدمذاقی اور کثافتِ باطنی کی دلیل ہوگی الغرض مختصر افسانہ نویسی کے حدود و شرائط نے اسے عریاں نگاری۔ یا "تحریک نظریت" کی گندگی سے پاک رکھا ہے۔

زولا نے حقیقت نگاری کا جو مفہوم پیش کیا ہے اس کا ذکر اوپر ہو چکا ہے۔ اس قسم کی خالص حقیقت عملاً ناممکن ہے کیونکہ یہاں انفرادی نقطۂ نظر یا تعبیر و تشریح کی گنجائش نہیں رکھی گئی ہے جتنی چیزیں ہمارے تجربہ و مشاہدہ میں آتی ہیں ان سے ہماری مجموعی معلومات میں اضافہ ضرور ہوتا ہے لیکن جب تک ان میں شخصی عنصر شامل نہ ہو ہمارے لٹریچر کو ان سے کچھ بھی فائدہ نہیں پہنچ سکتا۔ ہر مصنف کو چاہیئے کہ وہ تعبیر و تشریح سے کام لے ورنہ عکسی تصویر کی طرح لٹریچر بھی جسدِ بے جان بن جائے گا۔ کسی ادیب یا مصنف کو تعبیر و تشریح سے مفر نہیں کیونکہ وہ انھیں تجربات کی لٹریچر میں ترجمانی کرتا ہے جو اس کی دانست میں کوئی خاص معنی یا اہمیت رکھتے ہیں۔ اسی معنی یا اہمیت کا انکشاف و تشریح لٹریچر کی جان ہے۔ جو تجربہ کوئی قدر و قیمت یا معنی و اہمیت نہ رکھتا ہو اس کو ادبی شان و عظمت عطا کرنے اور اس طرح زندۂ جاوید بنانے کی زحمت کون گوارا کرے گا؟

علاوہ بریں افسانہ میں صداقتِ مطلق کو جگہ نہیں مل سکتی جس کا تقاضا ہے کہ زندگی کے تمام چھوٹے بڑے واقعات اور جزئی و کلی امور بے کم و کاست بیان کر دیئے جائیں۔ افسانہ نگار کو ترک و انتخاب۔ ردّ و بدل، ترمیم و اضافہ، قطع و برید اور حک و اصلاح سے کام لینا پڑتا ہے وہ اہم واقعات کا انتخاب کرتا ہے غیر ضروری تفصیلات سے احتراز کرتا ہے جب ضرورت اپنے دل سے بھی بعض باتیں گھڑتا ہے۔ ربط و تسلسل قائم کرنے کے لئے بے تعلق امور کو چھوڑ دیتا ہے بطف و دل کشی کی غرض سے تصویر میں تخیل کا رنگ بھی بھرتا ہے کیا ایسا کرنے سے وہ مواد کی تکذیب کرتا ہے؟ اگر کوئی اسے کذب کہے تو کہنے دو یہ جائز کذب ہے۔ کیونکہ اس کے ذریعہ سے ایک ایسی اعلیٰ تخیلی صداقت حاصل ہوتی ہے جو ہٹھیٹھ حقیقت و واقعیت سے کہیں برتر و ارفع ہے اور جو افسانہ نویسی کے منشا کے عین مطابق ہے۔ یہ بھی ذہن نشین رہے کہ حقیقتِ کلی حاصل نہیں ہو سکتی جب تک ہمارے کسی انفرادی تجربہ کا تعلق گزشتہ اور آئندہ واقعات کے ساتھ نہ دکھایا جائے۔ یا جب تک یہ نہ بتایا جائے کہ انسانی رجحان کی سیرت سے اس کا کیا لگاؤ ہے لیکن اس کے لئے بھی تعبیر و تشریح کی ضرورت ہے۔

جب ناول میں تعبیر و تشریح کی اس قدر ضرورت ہے تو مختصر افسانہ کا تو کچھ پوچھنا ہی نہیں وہ تو اس کے بغیر ایک قدم بھی آگے نہیں بڑھ سکتا زندگی کے تمام پہلوؤں پر غیر جانب داری کے ساتھ بحث کرنا یا زندگی کی مکمل تصویر پیش کرنا مختصر افسانہ نویسی کے اغراض و مقاصد سے خارج ہے وہ تو حیاتِ انسانی کے کسی ایک ہی پہلو پر روشنی ڈالتی اور اس کی تعبیر و تشریح کرتی ہے مختصر افسانہ خواہ سادہ ہو یا پیچیدہ تفصیلی ہو یا اجمالی، رومانیت مثالیت سے دست بہ داماں ہو یا دست و گریباں لیکن ہر حال میں وہ تعبیر و تشریح یا ذاتی نقطۂ نظر کا محتاج ہوگا مختصر قصوں اور افسانوں میں بہترین

حقیقیت بہترین رومانیت اور بہترین شالیت تینوں کے عناصر پائے جاتے ہیں۔ افسانہ نویس تینوں تحریکوں کو اپنی ملک سمجھتا اور ان سے یکساں طور پر استفادہ کرتا ہے۔ افسانہ نویس کا اعلیٰ مقصد واضح و مقرون شکل میں فطرتِ انسانی کے ان اصول و قوانین کو ظاہر کرنا ہے جن کی کارفرمائیوں سے ہماری سیرت و قسمت۔ رفتار و کردار۔ جذبات و احساسات خیالات و افکار اثر پذیر ہوتے ہیں۔ ایک باکمال افسانہ نویس کی نظر ہمیشہ زندگی کی اساسی صداقتوں پر رہتی ہے۔ لیکن لوگوں کی دلچسپی کے لیئے وہ ان صداقتوں کی تشریح قصّہ کے پیرایہ میں کرتا ہے کیونکہ مجرد منطقی بحث میں عوام کی دلچسپی کا سامان مفقود ہوتا ہے جس افسانہ سے فطرتِ بشری کے اساسی اصول کی تشریح نہ ہو سکے وہ طوطے مینا کی کہانی سے زیادہ وقیع نہیں کہلا سکتا ✣

محمد حسین ادیب

لغاتِ انسانی

خوشامدی :۔ جس کی سب سے زیادہ ضرورت پڑتی ہے ایک حسین عورت کو۔ ایک مصنف کو اور ایک سیاست دان کو۔

نصیحت :۔ دل کی بیماری کی ایک دوائی۔ ایک چیز جسے وکیل بیچتے ہیں۔ ساسیں بہو میں دیتی ہیں اور تمھارے دوست تم پر وے مارتے ہیں۔ اچھی نصیحت وہ ہے جو بوڑھے آدمی جوانوں کو کریں۔ جب وہ خود ان کے آگے بری مثال قائم کر سکنے کے قابل نہ رہیں۔

عُمر :۔ پیدائش اور موت کے درمیان نہ ٹھہرنے والی ریل گاڑی!

حیا :۔ ایک دقیانوسی لفظ جس کے استعمال کی اب ضرورت باقی نہیں۔

گولہ :۔ وہ بادشاہ جس کی حکمرانی عالمگیر ہے۔

غیر مہذّب :۔ یہ ان قوموں کا نام رکھا گیا ہے جو اپنی غلطیوں اور برائیوں کو کسی خوش نما لباس کے نیچے چھپا نہ سکیں!

"کتابی کیڑا"

کلجگ کتھا[۵۱]

(۱)

سکھ کے سمندر بیچ پہ تم نے سیکھا مست پڑے رہ جانا کھانا سونا ہنسنا۔ گانا چین منانا جی بہلانا
چال چلی دنیا البیلی۔ کوسوں آگے بڑھا زمانہ

(۲)

بُرا سمے آرام میں بھولے سُستی میں سیکھا گھبرانا غیرت کھوئی۔ لاج گنوائی۔ راس نہ آیا پلک[۵۲] لگانا
چال چلی دنیا البیلی۔ کوسوں آگے بڑھا زمانہ

(۳)

اب تک وہی پُرانی باتیں، رنگ رویّہ وہی پُرانا وہی پرانی چال ڈھال ہے، وہی پُرانا راگ ربانا[۵۳]
چال چلی دنیا البیلی۔ کوسوں آگے بڑھا زمانہ

(۴)

کوئی مذہب کا متوالا، شہرت کا کوئی دیوانہ دھن دولت کا لوبھی کوئی ذات کے ہاتھوں کوئی بکانا[۵۴]
چال چلی دنیا البیلی۔ کوسوں آگے بڑھا زمانہ

---

۵۱ "کلجگ کتھا" کے مجازی معنی اردو میں "شہر آشوب" کے ہوں گے۔
۵۲ "پلک لگانا" یعنی جھپکی لینا۔ اونگھنا یا سونا۔
۵۳ "ربانا" ایک باجہ ہوتا ہے۔ "راگ ربانا" محاورہ بھی ہے۔
۵۴ "بکانا" معنی بک گیا۔ فروخت ہوگیا۔ بیع بالقبضہ۔

(۵)

کوئی سادھو۔ کوئی پریمی کسی نے سیکھا آنکھ لڑانا کوئی جواری، کوئی شرابی، کسی کو آیا بھنگ چڑھانا

چال چلی دنیا البیلی۔ کوسوں آگے بڑھا زمانہ

(۶)

دھوکے اور ٹھگی سے کوئی اپنا کرلے مال برانا[۵۱] کھُلے بند بے کھٹکے لوٹے جیسے چور نگر کا رانا[۵۲]

چال چلی دنیا البیلی۔ کوسوں آگے بڑھا زمانہ

(۷)

اس دنیا میں اُس سے بڑھ کر احمق ہم نے کوئی نہ جانا دھول جھونک کے جو آنکھوں میں سمجھے اپنے کو فرزانہ[۵۳]

چال چلی دنیا البیلی۔ کوسوں آگے بڑھا زمانہ

(۸)

دِل اُس کا پتھر سے بدتر اس مورکھ کو کیا سمجھانا بھینس کے آگے بین جو باجے بھینس کھڑی پگراوے دانہ[۵۴]

چال چلی دنیا البیلی۔ کوسوں آگے بڑھا زمانہ

(۹)

وہ مایا مورکھ بھی ہیں جو دَمڑی پر سیکھیں اِترانا نہیں بدن پر جن کے لتّہ[۵۵]، دھج البتّہ ہے شاہانہ

چال چلی دنیا البیلی کوسوں آگے بڑھا زمانہ

---

۵۱ "برانا" معنی پرایا۔ غیر کا۔ دوسرے کا۔

۵۲ "چور نگر کا رانا" مشہور کہانی سے متعلق ہے۔ یعنی چوروں کا سردار۔

۵۳ "فرزانہ" معنی گیانی۔ بھاگوان۔

۵۴ یہ کل مصرع ایک محاورہ کے ستعار ہے مطلب یہ ہے کہ جس طرح بھینس پر بین و نغمہ کی کیفیت کا اثر نہیں ہوتا اسی طرح ناکارہ لوگوں پر پند و نصائح بیکار ہیں "زمین شورسنبل بر نیارد"

۵۵ لتّہ یعنی دھجی مطلب یہ ہے کہ "گھر میں بھونی بھانگ نہیں اور باہر مستی سوجھی ہے"

(۱۰)

"چلے نہ پا دیں نام ہے گُدّن" بنے ہوئے دِلّی سلطانا[1] مانگے گا جوتا اور ٹوپی سجن سجائے روپ سہانا

چال چلی دنیا البیلی۔ کوسوں آگے بڑھا زمانہ

(۱۱)

کب تک آخر لگا رہے گا یوں اپنی اوقات گنوانا دن بھر پھرنا شام کو آنا۔ کھانا پینا۔ اور سو جانا

چال چلی دنیا البیلی کوسوں آگے بڑھا زمانہ

(۱۲)

کروگے کیا آزادی لے کر۔ اس کی حاجت ہے۔ یہ مانا دھیان سے سوچو یہ بھی تو ہے لوبھ نشے کا ایک بہانا

چال چلی دنیا البیلی کوسوں آگے بڑھا زمانہ

(۱۳)

بین بجل سنکھ گائے گوبر[2] پر دنیا بھر میں اودھم[3] مچانا ارے تمھیں بدنام کئے ہے بات بات پر یہ تن جانا

چال چلی دنیا البیلی کوسوں آگے بڑھا زمانہ

(۱۴)

جہاں ذرا سی ضد پر جائز ہوویں گھر میں آگ لگانا ایسے دیس میں احمد پوری۔ جینے سے بہتر مر جانا

چال چلی دنیا البیلی۔ کوسوں آگے بڑھا زمانہ

(۱۵)

راس نہیں آنے کا ہرگز یہ جیون کی ہنسی اُڑانا ہوش میں آؤ۔ آنکھیں کھولو۔ دیکھو لگا یہ کون زمانہ

---

[1] یہ محاورہ بھی اسی قسم کا ہے "گُدّن" یعنی کودنے والا مطلب یہ ہے کہ چلنے تو پائے نہیں مگر نام رستم ہے۔ دلّی سلطانا یعنی دہلی کے بادشاہ۔

[2] اس سے مطلب ہے سجدوں کے سامنے باجے کی شکایت محرم میں سنکھ کی شکایت اور بقرعید میں گائے وغیرہ کے متعلق نزاع سے

[3] اودھم مچانا معنی دنگا فساد کرنا۔ خانہ جنگی۔

چال چلی دنیا البیلی۔ کوسوں آگے بڑھا زمانہ

(۱۶)

چھوڑو تم یہ کھینچا تانی کرو نہ اپنوں کو بیگانہ　　اگم بھری ہے دکھ کی ندیا بیچ بھنور میں ڈوب نہ جانا

چال چلی دنیا البیلی۔ کوسوں آگے بڑھا زمانہ

(۱۷)

اپنی قوت اور کثرت پر اپنی ہستی بھول نہ جانا　　چور رہیگا جب تک دل میں نہیں ملے گا کوئی ٹھکانا

چال چلی دنیا البیلی کوسوں آگے بڑھا زمانہ

(۱۸)

تن من ہارو۔ جیون وار[۵۱] و قربانی کا ہے یہ زمانہ　　روئے گا کائے کچھ بھی نہ ہوگا۔ یہ کہنا بھی بھول نہ جانا

چال چلی دنیا البیلی کوسوں آگے بڑھا زمانہ

(۱۹)

"سچ کا بول ہمیشہ بالا" کہتے آئے گیانی دانا　　من سندر تو دنیا سندر یہ بھگتوں[۵۲] کا جاپ[۵۳] پرانا

چال چلی دنیا البیلی کوسوں آگے بڑھا زمانہ

(۲۰)

یہ سندیس[۵۴] ہمارا پیارے نیچ اونچ سب کو پہنچانا　　من ہو نرمل[۵۵]۔ دل ہو سچا۔ آپس کا برتاؤ سہانا

چال چلی دنیا البیلی کوسوں آگے بڑھا زمانہ

(۲۱)

اے جگ داتا! انتریامی! تو جو چاہے کر بھگوانا[۵۶]　　آتم[۵۷] کو بھی ہند دیش پر مایا گھیرے نانا بانا

چال چلی دنیا البیلی کوسوں آگے بڑھا زمانہ

مقبول احمد پوری

---

[۵۱] "وار" معنی قربان کرو۔ [۵۲] "بھگتوں" کا "یعنی اہل دل صلیح کل لوگوں کا [۵۳] "جاپ" معنی وظیفہ۔ ورد۔ سمرن۔ دھن۔ مقولہ یا رٹ وغیرہ

[۵۴] "سندیس" معنی پیام [۵۵] "نرمل" معنی صاف۔ [۵۶] "بھگوانا" معنی اے بھگوان۔ اے قسام ازل۔

[۵۷] "آتم" بھی یعنی روحانیت کا شیدائی۔

ریچھ

(ڈراما)

افرادِ تمثیل

لے لینا ایوانوفنا پوپوف :- (ایک بیوہ اور صاحبِ جائداد)

گریگری سٹی پینچ سمرنوف :- (متوسط عمر کا زمیندار)

لیوکا :- (مادام پوپوف کا بوڑھا نوکر)

منظر :- مادام پوپوف کا کمرہ۔

مادام پوپوف (ماتمی لباس پہنے ایک تصویر پر نظریں جمائے ہے) اور لیوکا (خادم)

لیوکا۔ مادام یہ درست نہیں ——— آپ اپنے ہاتھوں اپنی جان لے رہی ہیں ——— باورچن اور ماما دونوں جنگل میں بیر چننے کے لئے گئی ہیں، ہر ذی روح زندگی سے لطف اٹھا رہا ہے حتیٰ کہ معمولی سی بلی بھی جانتی ہے کہ کس طرح خوش و خرم رہا جا سکتا ہے ——— وہ اس وقت پرندے پکڑنے میں مشغول ہے۔ اور آپ تمام دن بند کمرے میں قید رہتی ہیں جیسے کوئی راہبہ ہو ——— آپکے لئے کسی چیز میں بھی لطف نہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں اگر خدا خیال تو کیجئے۔ ایک سال سے کیا کم عرصہ ہوا ہوگا جب سے آپنے دہلیز کے باہر قدم تک نہیں رکھا!

مادام پوپوف۔ اور میں ہرگز گھر سے باہر نہ نکلوں گی ——— آخر کیوں نکلوں؟ میری زندگی ختم ہو چکی ہے۔ وہ قبر میں مدفون ہے؛ اور میں نے اپنے آپ کو گھر کی چار دیواری میں دفن کر لیا ہے ——— ہم دونوں مر چکے ہیں۔

لیوکا۔ پھر وہی قصہ! میں اسے سننا پسند نہیں کرتا۔ تکوّنی رحلت کر چکا ہے اور یہ اٹل بات تھی ——— خدا کی مرضی میں کسی کو کیا دخل ——— خدا مرحوم کو جوارِ رحمت میں جگہ دے! ——— آپ نے ماتم کیا اور بس یہی کافی ہونا چاہیئے ——— یہ ماتمی لباس اور رونا دھونا تا عمر قائم نہیں رہ سکتا ———

میں اپنی بوڑھی عورت کو مٹی دے چکا ہوں ——— میں نے غم کیا اور ایک ماہ کے قریب اس کی جدائی میں روتا رہا ——— اس قدر ماتم اس کے لئے کافی تھا اور اگر میں تمام عمر گریہ وزاری میں گزارتا تو وہ بڈھی عورت اتنے ماتم کے قابل نہ تھی (آہ بھرتا ہے) آپ اپنے پڑوسیوں کو بھول گئی ہیں۔ ملاقاتیوں سے ملنا ترک کر دیا ہے۔ اگر میں یہ کہوں تو بجا ہے کہ ہم چمگادڑوں کے مانند ہیں ——

ہم دن کی روشنی کو نہیں دیکھتے ——— جو ہوں نے میرے کپڑوں کو کتر ڈالا ہے ..... اس طرح تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے گرد و نواح میں کوئی اچھا ملنے والا شخص ہے ہی نہیں حالانکہ تمام قصبہ شرفاء سے بھرا ہے ——— ہمارے پڑوس ہی میں ایک رجمنٹ ہے۔ دیکھنا آنکھوں کے لئے ایک روح پرور نظارہ ہے۔ خیمہ میں ہر جمعہ کے روز رقص ہوتا ہے۔ اور باجہ تو ہر روز ہی بجتا ہے ——— آہ! میری عزیز مادام! آپ جوان ہیں اور خوبصورت بھی ——— گلاب کے پھول کی طرح حسین ——— آپ کو صرف زندہ رہنا اور زندگی سے لطف اٹھانا ہی سزاوار ہے ——— حسن تادیر قائم نہیں رہ سکتا ——— یہ آپ کو معلوم ہی ہے۔ دس سال کے بعد شاید آپ طاؤس کے مانند خوش ہونا چاہیں مگر پھر یہ وقت نصیب نہ ہوگا .....

مادام پوپوف۔ میں تم سے درخواست کرتی ہوں کہ آئندہ مجھ سے ایسی گفتگو نہ کیا کرو۔ تمھیں معلوم ہے کہ نکولی کی وفات کے بعد زندگی کی قدر و قیمت میری نگاہوں میں باقی نہیں رہی تمھیں بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ میں زندہ ہوں مگر یہ صرف قریب نظر ہے! میں قسم کھا چکی ہوں کہ یہ سیاہ لباس میرے تن سے ہرگز جدا نہ ہوگا اور نہ میری نظریں بیرونی دنیا کا مطالعہ کریں گی ——— کیا سنتے ہو؟ خدا کرے کہ اس کی روح میری محبت کا مشاہدہ کر رہی ہو! ——— ہاں! اور میں جانتی ہوں کہ یہ بات تم سے پوشیدہ نہیں ——— وہ اکثر میرے ساتھ بدسلوکی سے پیش آتا تھا ——— ظالم اور ——— اور حتیٰ کہ بے وفا تھا! مگر میں آخری لمحہ تک وفا کے دامن کو نہ چھوڑوں گی اور اسے بتا دوں گی کہ میں اپنی محبت میں کہاں تک ثابت قدم ہوں ——— قبر کی تاریک چار دیواری میں بھی وہ اس حقیقت سے غافل نہیں رہے گا کہ میں ہمیشہ وہی رہی جو اس کی موت سے قبل تھی۔

لیوکا۔ اس قسم کی گفتگو کرنے سے یہی بہتر ہے کہ آپ باغ میں چہل قدمی کے لئے چلی جائیں۔ یا ٹوبی ارجائنٹ کو گاڑی میں جوت کر اپنے پڑوسیوں سے مل آئیں .....

مادام پوپوف۔ (رونے لگ جاتی ہے)

لیوکا۔ میری عزیز مادام! کیا ہوا؟ ———

مادام پوپوف۔ وہ ٹوبی کا بہت شتاق تھا! جب کبھی وہ باہر جاتا تو اسی گھوڑے کی سواری کیا کرتا تھا ——— آہ! وہ کیسا خوبصورت سوار تھا ——— اس کی انگلیوں میں کس غضب کی پھنائی تھی۔ جب وہ گھوڑے کی لگام کو اپنے پورے زور کے ساتھ کھینچا کرتا تھا ——— کیا تمھیں یاد ہے۔ ٹوبی! ٹوبی! ——— گاڑی بان سے کہہ دینا کہ آج اسے ایک سیر دانہ زیادہ دیا جائے۔

لیوکا۔ بہت خوب! مادام (زور سے گھنٹی بجتی ہے)

مادام پوپوف (چونک پڑتی ہے) دیکھو کون ہے؟

کہہ دینا کہ میں کسی سے ملاقات نہیں کیا کرتی

لیوکا ۔ بہت اچھا مادام (باہر چلا جاتا ہے)

مادام پوپوف ۔ (تصویر کی طرف دیکھتے ہوئے بجوس) تمھیں معلوم ہو جائے گا کہ میں کس طرح محبت میں معاف کر سکتی ہوں ——— میری محبت صرف اسی صورت میں مر سکتی ہے کہ جب میرا دل پہلو میں حرکت کرنا بند کر دے (روتے ہوئے ہنس دیتی ہے) اور کیا تم شرمندہ نہیں ہو؟ ——— میں نیک لڑکی ہوں ——— ایک باوفا بیوی۔ میں نے اپنے آپ کو تنبید کر لیا ہے۔ اور تمھاری محبت میں تا دمِ آخر ثابت قدم رہوں گی۔ اور تم ——— کیا شرمندہ نہیں ہو۔ تم گُلکُلے؟ تم نے مجھے دھوکا دیا۔ بیسیوں مرتبہ مجھ سے لڑے جھگڑے۔ مجھے چھوڑ کر ہفتوں باہر رہے ———

(لیوکا گھبرایا ہوا داخل ہوتا ہے)

لیوکا ۔ مادام! آپ سے کوئی صاحب ملنے آئے ہیں ——— ملاقات کرنا چاہتے ہیں۔

مادام پوپوف ۔ مگر کیا تم نے انھیں کہا نہیں کہ میں نے اپنے خاوند کی وفات کے بعد ہر ملاقاتی سے ملنا ترک کر دیا ہے؟

لیوکا ۔ میں نے ان سے کہا مگر وہ سنتے ہی نہیں۔ کہتے ہیں کہ گفتگو از حد ضروری ہے۔

مادام پوپوف ۔ میں کسی سے نہیں ——— مل سکتی!

لیوکا ۔ میں نے یہی الفاظ اس سے کہے تھے مگر ——— وہ تو ایک مکمل شیطان معلوم ہوتا ہے گالیاں بکتا ہوا وہ کمرے میں گھس آیا ہے ——— اور اب کمرۂ طعام میں موجود ہے۔

مادام پوپوف (تنگ آکر) اچھا! اسے کمرے میں بھیج دو۔ کس قدر غیر مہذبانہ فعل ہے!

(لیوکا چلا جاتا ہے)

مادام پوپوف ۔ یہ لوگ کس قدر تنگ کرنے والے ہیں! آخر انھیں مجھ سے مطلب؟ وہ میرے آرام میں کیوں مخل ہوتے ہیں؟ (آہ بھرتی ہے) معلوم ہوتا ہے کہ اب مجھے دیہاتی کسی خانقاہ میں دن گزارنے پڑیں گے ..... (سوچتی ہے) ہاں! ——— خانقاہ میں .....

(لیوکا سمرنوف سمیت داخل ہوتا ہے)

سمرنوف (داخل ہوتے وقت لیوکا سے) اونھ! کھوپڑی تو بہت باتونی معلوم ہوتا ہے۔ گدھا کہیں کا! (مادام پوپوف کو دیکھ کر وقار سے) مادام۔ میں آپ سے متعارف ہونے کا فخر حاصل کرتا ہوں ——— گرگیری سٹی پینچ سمرنوف زمیندار اور سابق فوجی لفٹنٹ ——— میں ایک نہایت ضروری معاملے کے سلسلہ میں آپ کو تکلیف دینے پر مجبور ہوں۔

مادام پوپوف (ہاتھ پیش نہ کرتے ہوئے) میں آپ کی کیا خدمت کر سکتی ہوں۔

سمرنوف ۔ آپ کے مرحوم شوہر میرے ملنے والے تھے۔ انکی طرف دیہاتوں کے سلسلے میں میرے بارہ ہزار روبل نکلتے ہیں۔ چونکہ مجھے کل سائبوکا رہ بنک میں سود کی ایک رقم داخل کرانا ہے اسلئے میں آپ کو یہ تکلیف دینے پر مجبور ہوں کہ وہ روپیہ مجھے آج عنایت کر دیا جائے۔

مادام پوپوف ۔ بارہ ہزار! ..... میرے خاوند نے آپ سے یہ روپیہ کس غرض کے لئے قرض لیا تھا؟

سمرنوف ۔ گھوڑوں کا دانہ خریدا تھا۔

مادام پوپوف ۔ (آہ بھرتے ہوئے لیوکا سے) لیوکا! بھولنا مت! آج ڈربی کو ایک سیر زائد دانہ ملے (لیوکا چلا جاتا ہے ۔ سمرنوف سے) اگر نکولی کے ذمے آپ کے کچھ روپے ہیں تو میں یقیناً وہ ادا کردوں گی ——— مگر آج مجھے معاف فرمائیے میرے پاس فی الحال اتنی رقم موجود نہیں۔ خانساماں پرسوں تک شہر سے واپس آجائے گا میں اس سے کہہ دوں گی کہ آپ کا روپیہ ادا کردے مگر اس سے پہلے میں آپ کے لئے کچھ بھی نہیں کرسکتی ——— اس کے علاوہ آج میرے خاوند کو وفات پائے پورے سات ماہ ہوتے ہیں اور میں اس وقت اس حالت میں نہیں ہوں کہ روپے کے معاملے میں کسی قسم کی گفتگو کرسکوں۔

سمرنوف ۔ اور میں اس حالت میں ہوں کہ اگر کل روپیہ ادا نہ ہوسکا تو مجھے اپنے دماغ میں پستول کی گولی اتارنا پڑیگی ——— وہ میری جائداد فروخت کردیں گے۔

مادام پوپوف ۔ پرسوں آپ کو روپیہ مل جائیگا۔

سمرنوف ۔ میں روپیہ پرسوں نہیں بلکہ آج چاہتا ہوں۔

مادام پوپوف ۔ اگر میرے پاس روپیہ موجود نہ ہو تو میں کیا کرسکتی ہوں؟

سمرنوف ۔ اس کے یہ معنی ہوئے کہ آپ ادا نہیں کرسکتیں؟

مادام پوپوف ۔ نہیں!

سمرنوف ۔ ہوں! کیا آپ کا آخری جواب یہی ہے؟

مادام پوپوف ۔ جی ہاں!

سمرنوف ۔ آخری؟ ——— بالکل آخری؟

مادام پوپوف ۔ بالکل آخری!

سمرنوف ۔ بہت بہت شکریہ۔ مجھے یہ بات یاد دہانی (شانوں کو جنبش دیتا ہے) اور پھر مجھ سے یہ توقع ہے کہ میں خاموش رہوں! ابھی ابھی محکمہ آبکاری کے افسر نے مجھ سے دریافت کیا تھا "گریگری تم ہر وقت خشم آلود کیوں رہتے ہو؟" اپنی جان کی قسم! یہ غصہ کیونکر ضبط ہوسکتا ہے؟ ——— مجھے روپوں کی اشد ضرورت ہے۔ میں اسی جستجو میں پرسوں دن چڑھنے سے پہلے گھر سے روانہ ہوتا ہوں اور ہر قرض دار کے گھر پہ دستک دیتا ہوں مگر کچھ وصول نہیں ہوتا۔ اب ذلیل کتے کی مانند تھک کر چور ہوگیا ہوں خدا معلوم رات کہاں بسر کی تھی ——— ایک یہودی کے شراب خانے میں ۹۰ کوپک[1] کے پیپے کے ساتھ ..... آخر یہاں پہنچتا ہوں یعنی گھر سے پورے پچاس میل دور۔ یہ امید لیے کہ مجھے روپیہ مل جائے گا مگر یہاں دماغی توازن درست نہ ہونے کا عذر پیش کیا جاتا ہے! ——— آخر میں اپنی طبیعت پر کس طرح قابو پاسکتا ہوں؟

مادام پوپوف ۔ مجھے یاد ہے کہ میں آپ سے ایک مرتبہ صاف طور پر کہہ چکی ہوں کہ خانساماں کی واپسی پر آپ کو روپیہ ادا کردیا جائے گا۔

سمرنوف ۔ میں آپ سے گفتگو کرنے آیا ہوں نہ کہ خانساماں سے! ——— مجھے اس شیطان ——— بے ادبی معاف ———

---

[1] روسی شراب۔

مجھے آپکے خانساماں سے کیا غرض ؟

مادام پوپوف معاف فرمائیے جناب میں اس قسم کے الفاظ اور لب ولہجہ کی عادی نہیں ہوں ——— میں آپ سے گفتگو کرنا نہیں چاہتی (جلدی سے باہر چلی جاتی ہے)

سمرنوف۔ اپنی جان کی قسم! دماغی توازن! اس کے خاوند کو مرے سات مہینے ہو چکے ہیں۔ ۔ ۔ ۔ مگر یا مجھے سودا ہو گیا ہے یا نہیں ؟ ——— اس میں کوئی شک نہیں کہ تمھارا خاوند مر چکا ہے۔ تم غم کی حالت میں ہو، اور اسی طرح کی دیگر فضولیات میں گرفتار ہو۔ تمھارا خانساماں کہیں گیا ہوا ہے جہنم میں جائے! ——— مگر میں کیا کروں ؟ ——— کسی غبارے پر سوار ہو کر قرض خواہوں سے بھاگ جاؤں ؟ یا دیوار سے سر پھوڑ کر مر جاؤں ؟ میں گرزڈوف کے ہاں گیا ——— گھر پہ نہیں ہے یا روشی رخ چھپا ہوا تھا۔ کرمین کے ساتھ جھگڑا ہوا۔ اور پیرس تک نوبت پہنچ گئی۔ مازڈوف بیمار تھا۔ اور اس کی طبیعت ناساز ہے! ان تمام مصیبتوں میں سے کسی ایک نے بھی پھوٹی کوڑی تک ادا نہیں کی! صرف اس لئے کہ میں ان سے نرمی کے ساتھ پیش آتا ہوں ——— اس لئے کہ میں بے وقوف ہوں، گیا گزرا بڈھا! میں نے ان کے ساتھ بہت مہذبانہ اور نرم سلوک کیا ہے مگر ٹھہرو تو سہی میں تمھیں بتا دوں گا۔ کیا کر سکتا ہوں تم اب مجھے بے وقوف نہیں بنا سکو گے! میں یہاں اس وقت تک چمٹا رہوں گا جب تک کہ یہ مجھے روپیہ ادا نہ کر دے ——— اُف! آج میری طبیعت کس قدر جوش کھا رہی ہے ——— غصہ کی انتہا یہ ہے کہ سانس مشکل سے چل رہا ہے ——— اُف! لعنت! میں تو ابھی سے اپنے آپ کو بیمار محسوس کر رہا ہوں (چلّاتا ہے) ارے، کوئی ہے ؟

(لیوکا آتا ہے)

لیوکا۔ کیا ہے ؟

سمرنوف۔ تھوڑا سا پانی یا شراب لاؤ۔

(لیوکا چلا جاتا ہے)

سمرنوف۔ یہ بھی خوب منطق ہے! ایک شخص کو روپے کی سخت ضرورت ہے ——— اس کے پاس پھوٹی کوڑی تک موجود نہیں اور یہ صرف اس لیے ادا نہیں کر سکتی کہ اس وقت اس حالت میں نہیں ہے کہ روپے کے معاملے میں گفت وشنید کر سکے! ۔ ۔ ۔ ۔ عورتوں کی منطق کی نمایاں مثال! یہی وجہ ہے کہ میں عورتوں سے گفتگو کرنا پسند نہیں کرتا۔ اور نہ میں نے آج تک پسند کیا ہے۔

میں تو کسی آتشگیر مادے کے پیپے پر بیٹھنے کو عورت کے ساتھ گفتگو کرنے پر ترجیح دوں گا! ——— اُف! میں سرتاپا غصہ بن رہا ہوں ——— اس عورت کی بیٹی نے مجھے کس قدر خشم انگیز کر دیا ہے! بس جب کبھی اس قسم کی شاعرانہ ہستی دور سے بھی دیکھ پاتا ہوں تو میری ٹانگیں غصہ کی وجہ سے کانپنا شروع کر دیتی ہیں جی چاہتا ہے کہ پکار اٹھوں "مدد" "مدد"!

(لیوکا داخل ہوتا ہے اور اسے پانی کا گلاس دیتا ہے)

لیوکا۔ مادام کی طبیعت ناساز ہے اور انھوں نے ملاقاتیوں سے ملنا بند کر رکھا ہے۔

سمرنوف۔ بھاگ جاؤ!

(لیوکا چلا جاتا ہے)

سمرنوف طبیعت ناساز ہے اور ملاقاتیوں سے ملنا بند

کر رکھا ہے! بہت خوب نہ ملو ..... میں اس وقت تک یہیں رہوں گا جب تک تم مجھے روپیہ ادا نہ کر دو گی —— اگر تمھاری طبیعت ایک ہفتہ تک درست ہو گی تو ایک ہفتہ ہی میں یہاں قیام کروں گا۔ اگر تم ایک سال بیمار رہو گی تو ایک سال تک ہی میں یہاں ٹھہرا رہوں گا —— مجھے اپنا روپیہ واپس ملنا چاہئے۔ میری اچھی خاتون! تمھارے گاؤں کے ننھے گڑھے اور یہ ماتمی لباس مجھے متاثر نہیں کر سکتے! ہم سب ان گڑھوں کو اچھی طرح سمجھتے ہیں! دکھڑکی کے پاس جا کر چلاتا ہے) ہیمیون! گھوڑوں کو باہر لے جاؤ، ہم آج نہیں جا رہے۔ صبطبل والوں سے کہہ دینا کہ ان کو دانہ کھلا دیا جائے ارے! تم نے بائیں ہاتھ کے گھوڑے کی پھر باگ میں ٹانگ پھنس جانے دی ہے —— وحشی کہیں کے! (بڑبڑاتے ہوئے) خیر! اب درست ہے (دکھڑکی کے پاس سے چلا آتا ہے) فضا کس قدر خراب ہے! گرمی ناقابل برداشت ہے اور کوئی شخص کوڑی تک ادا نہیں کرتا۔ کل رات سخت بے چینی میں کاٹی ہے۔ اور اب یہ ماتمی عورت خرابیٔ طبیعت کا بہانہ کر رہی ہے! —— سر میں شدت کا درد ہے ..... کیا ووڈکا ملے گا؟ —— شاید مل جائے (بآواز بلند پکارتا ہے) کوئی ہے؟

(لیوکا داخل ہوتا ہے)

لیوکا۔ کیا ہے؟

ووڈکا کا ایک گلاس لاؤ (لیوکا باہر چلا جاتا ہے) اُف! بیٹھ کر اپنے کپڑوں کا استحان کرتا ہے) عجب ہیئت بنی ہے! سر سے پیر تک غبار سے اٹا ہوں۔ کیچڑ سے بھرا ہوا بوٹ۔ بالوں میں کنگھی نہیں منہ کل سے نہیں دھویا۔ واسکٹ پر تنکے پڑے ہیں! اس خاتون نے شاید یہی خیال کیا ہو گا کہ کوئی راہزن ہے (جمائی لیتا ہے) ..... اس حالت میں ملاقاتی کمرے میں داخل ہونا تہذیب کے سراسر خلاف ہے —— مگر اس میں کیا حرج ہے میں ملاقاتی نہیں ہوں —— ایک قرض خواہ کے لیے ہر لباس مناسب ہے۔

(لیوکا داخل ہوتا ہے)

لیوکا۔ (گلاس دیتے ہوئے) جناب آپ آزادی سے کام لے رہے ہیں۔

سمرنوف۔ (غصے میں) کیا؟

لیوکا۔ کچھ بھی نہیں، میں صرف .....

سمرنوف۔ کس سے گفتگو کر رہے ہو؟ چپ رہو اب!

لیوکا۔ (اپنے آپ سے) یہ ضرور کوئی نہ کوئی آفت ہے، غالباً کوئی آندھی لے آئی ہے اسے۔

سمرنوف۔ اُف! کتنا غضبناک ہو رہا ہوں! معلوم ہوتا ہے کہ میں تمام دنیا کو سرمہ بنا دینا چاہتا ہوں ..... طبیعت واقعی خراب ہو رہی ہے ..... (پکارتا ہے) کوئی ہے؟

(مادام پوپوف نگاہیں نیچی کئے داخل ہوتی ہے)

مادام پوپوف۔ جناب تخلیہ میں رہنے کے باعث میرے کان بہت عرصے سے انسانی آواز کے عادی نہیں۔ اور یہ شور برداشت نہیں کر سکتے۔ میں آپ سے نہایت مؤدبانہ گزارش کرتی ہوں کہ میرے آرام میں مخل نہ ہوجیئے۔

سمرنوف۔ میرا روپیہ ادا کر دیجئے۔ میں چلا جاؤں گا۔

مادام پوپوف۔ میں واضح الفاظ میں کہہ چکی ہوں کہ میرے پاس

اس وقت روپیہ موجود نہیں۔ پرسوں تک انتظار کیجئے۔

سمرنوف۔ میں بھی آپ سے واضح الفاظ میں عرض کر چکا ہوں کہ مجھے روپیہ کی ضرورت ہے۔ ——— پرسوں نہیں بلکہ آج اگر آپ آج روپیہ نہ دیں گی تو کل مجھے اپنے آپ کو پھانسی پر لٹکانا پڑے گا۔

مادام پوپوف۔ مگر میں کیا کر سکتی ہوں جب کہ میرے پاس روپیہ موجود ہی نہیں؟ عجیب مصیبت ہے!

سمرنوف۔ تو اس کے یہ معنی ہیں کہ آپ مجھے اس وقت روپیہ ادا نہیں کر سکتیں ..... نہیں کر سکتیں؟

مادام پوپوف۔ نہیں ———

سمرنوف۔ اس صورت میں میں یہیں ٹھہروں گا۔ اور اس وقت تک ٹھہرا رہوں گا جب تک مجھے اپنی رقم وصول نہ ہو جائے (بیٹھ جاتا ہے) روپیہ پرسوں ادا کیا جائے گا! بہت خوب! میں پرسوں تک یہیں بیٹھا رہوں گا ——— اسی طرح جما رہوں گا۔ (اچھک کر پھر بیٹھ جاتا ہے) کیا میں اپنا سودا کل ادا کرنے پر مجبور نہیں ہوں؟ یا آپ نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ میں مذاق کر رہا ہوں؟

مادام پوپوف۔ جناب میں استدعا کرتی ہوں کہ اس طرح شور نہ مچائیے ——— یہ اصطبل نہیں ہے۔

سمرنوف۔ میں اصطبل کے متعلق آپ سے سوال نہیں کر رہا میں پوچھ رہا ہوں ——— کیا میں کل اپنا سودا ادا کر رہا ہوں یا نہیں؟

مادام پوپوف۔ آپ عورتوں کے ساتھ مہذبانہ گفتگو کرنا نہیں جانتے۔

سمرنوف۔ میں عورتوں کے ساتھ مہذب گفتگو کرنا جانتا ہوں۔

مادام پوپوف۔ نہیں تم نہیں جانتے۔ تم غیر مہذب اور ناشائستہ انسان ہو۔ اچھے لوگ عورتوں کے ساتھ اس قسم کی گفتگو نہیں کیا کرتے۔

سمرنوف۔ اوہو۔ یہ تو خوب ہے! ہاں یہ تو بتائیے کہ میں آپ سے کس طرز کی گفتگو کروں؟ فرانسیسی یا کسی اور زبان میں (زیادہ غضبناک ہو کر اور زور الکنت سے) مادام! میں کس قدر خوش ہوں کہ آپ مجھے روپیہ ادا نہیں کر رہیں۔ تکلیف دہی کے لئے معافی کا طالب ہوں۔ آج کیسا پیارا دن ہے؟ اور یہ ماتمی لباس آپ کے جسم پر کتنا بھلا دکھائی دے رہا ہے (ادب سے جھکتا ہے)

مادام پوپوف۔ یہ بہت غیر مناسب اور وحشیانہ گفتگو ہے

سمرنوف (مسخرا اڑاتے ہوئے) غیر مناسب اور وحشیانہ! میں عورتوں سے اچھی طرح گفتگو کرنا نہیں جانتا ——— مادام! مجھے ان چڑیوں سے کہیں زیادہ عورتوں سے سابقہ پڑا ہے جو آپ نے اب تک دیکھی ہیں۔ میں عورتوں کے سلسلے میں تین لڑائیاں لڑ چکا ہوں۔ ہاں کبھی وہ دن تھے کہ میں بالکل بے وقوف اور ناسمجھ تھا جذباتی اور شہد کی طرح شیریں۔ بات بات پر جھکا کرتا تھا .....

دامِ الفت میں گرفتار رہا۔ اور رنج و آلام سہے۔ چاند کی معکوس روشنی دیکھ کر آہیں بھریں ..... میں نے وارفتگی سے محبت کی۔ ہر پہلو سے ثابت قدم رہا۔ لعنت ہو مجھ پر! ——— نیل کنٹھ کی طرح صنف لطیف کے حقوق پر نغمہ آرائی کرتا رہا۔ اپنی نصف دولت اس نازک جذبے کی نذر کر دی ——— مگر اب ——— نہیں مہربانی! اب تم مجھے اپنے دام میں نہیں پھانس سکتی ہو۔ میں کافی سبق حاصل

کر چکا ہوں! کالی بھوین، مدبھری آنکھیں، لب لعلیں، چاہِ غب غب چاندنی، سرگوشیاں، خوفزدہ سانس ——— میں اب ان چیزوں کے لیے تانبے کا ایک پیسہ تک نہیں دے سکتا۔ مادام! آپ کو علیحدہ کرتے ہوئے، تمام عورتیں خواہ وہ جوان ہوں یا بوڑھی، فطرتی طور پر جلد پھر جانے والی، باتونی، اذیت رساں، دروغ گو، حقیر، ارذل اور بیرحم ہوتی ہیں ——— ان کی منطق سخت اشتعال انگیز ہوتی ہے۔ اور اس صنف کے بارے میں (اپنی پیشانی پر ہاتھ مارتا ہے) میری صاف گوئی معاف! اس فلسفی کو جو زنانہ لباس میں ملبوس ہو چڑیاں بھی سبق پڑھا سکتی ہیں! آدمی کسی شاعرانہ ہستی کو دیکھتا ہے ——— سرتاپا سپید ململ میں لپٹی ہوئی، ایک فرشتہ۔ دیوی مجسمۂ محبت؛ اور اگر وہ اس کی روح میں جھانک کر دیکھے تو وہ ایک حقیر مگر مجھ سے کچھ زیادہ وقعت نہیں رکھتی (ایک کرسی کا سہارا لیتا ہے۔ کرسی ٹوٹ جاتی ہے) مگر سب سے زیادہ اشتعال کرنے والی چیز یہ ہے کہ یہ مگر مچھ کسی وجہ سے خیال کرتا ہے کہ اس کی خودمختاری اور اجارہ داری ہی محبت کا جذبہ ناپاک ہے! لیکن، لعنت ہو مجھ پر! ——— آپ مجھے اس کیل پر لٹکا کر پھانسی دے سکتی ہیں۔ اگر کوئی عورت سوائے اپنے پالتو کتے کے کسی اور کی محبت میں ثابت قدم رہی ہو! محبت کے دوران میں شکوہ شکایت کے علاوہ وہ اور کچھ نہیں کر سکتی۔ ——— آپ بدقسمتی سے عورت ہیں اور اس لیے عورت کی فطرت کا مطالعہ آپ اپنے آپ کرتی ہیں! ایمان داری سے بتائیے کہ کیا آپ نے ابھی تک کوئی ایسی عورت دیکھی ہے جو وفا شعار، ثابت قدم اور صاف دل ہو؟ ——— آپ ایسی مثال نہیں پیش کر سکتیں، ایک سینگوں والی بلی آسانی سے مل سکتی ہے۔ مگر وفادار عورت ڈھونڈے سے بھی نہیں مل سکتی!

مادام پوپوف۔ تو کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پھر محبت میں کون ثابت قدم رہتا ہے۔ مرد تو رہ نہیں سکتے۔

سمزوف یقیناً مرد!

مادام پوپوف۔ مرد! (ہنستی ہے) مرد محبت میں سچے اور ثابت قدم! ——— یہ تو بالکل نئی بات ہے (غصے میں) آپ کو کیا حق پہنچتا ہے کہ اس قسم کا فیصلہ مرتب کریں؟ مرد سچے اور ثابت قدم! ——— اگر اسی کے متعلق گفتگو کرنی ہے تو میرا خاوند ان تمام مردوں سے جو میرے ملنے والے تھے نسبتاً بہتر تھا ..... میں اس سے بہت محبت کیا کرتی تھی۔ ایسی محبت جو ایک نوجوان اور پاک باز عورت کر سکتی ہے۔ میں نے اپنی جوانی اس کی نذر کر دی۔ زندگی، مسرت، دولت سب کچھ حوالے کر دیا۔ وہ میرے جسم کی روح تھا۔ ایک بت تھا جس کی میں پجارن بن گئی ——— اور یہ مرد جو اوروں سے بہتر تھا قدم قدم پر مجھے نہایت شرمناک طریقے پر دھوکا دیتا۔ اس کی موت کے بعد مجھے میز کا ایک خانہ عشقیہ خطوط سے بھرا ہوا ملا۔ اور جب وہ زندہ تھا! ..... (اس کی یاد کس قدر رشت خیز ہے) وہ مجھے ہفتوں کے لیے اکیلا چھوڑ جایا کرتا تھا۔ میری آنکھوں کے سامنے وہ بہت سی عورتوں سے اظہار عشق کرتا اور مجھ سے دغا کرتا تھا۔ میرے روپیہ کو برباد کرتا اور میرے احساسات کا مضحکہ اڑاتا تھا ..... مگر باوجود ان سب باتوں کے میری محبت میں کوئی فرق نہ آنے پایا ——— اور اس سے بڑھ کر اور کیا ہو سکتا ہے کہ میں اب بھی ویسی ہی ثابت قدم اور وفاکیش ہوں۔ میں نے ان چار دیواروں کے اندر اپنے آپ کو ہمیشہ کے لئے قید کر لیا ہے۔ اور اس ماتمی لباس کو میں اپنے تن سے ہرگز جدا نہ ہونے دوں گی۔

سمرنوف۔ (حقارت سے ہنستے ہوئے) ماتمی لباس! نہ معلوم آپ نے مجھے کیا سمجھ رکھا ہے۔ جیسے میں کچھ جانتا ہی نہیں ہوں کہ یہ سیاہ لباس پہن کر چار دیواری میں مقید رہنے سے آپ کا کیا مطلب ہے! —— واقعی بڑا پُراسرار ہے —— اور رُومان انگیز! —— اگر کوئی نوجوان مبتدی شاعر آپ کے گھر کے پاس سے گزرے گا تو وہ کھڑکیوں کی طرف دیکھ کر یہ کہے گا "یہاں وہ پُراسرار عورت رہتی ہے جس نے اپنے خاوند کی محبت میں اپنے آپ کو گھر میں قید کر رکھا ہے" —— میں ان ہتھکنڈوں کو اچھی طرح سمجھتا ہوں۔

مادام پوپوف (شرم سے سرخ ہوتے ہوئے) کیا؟ تم یہ کہنے کی کیوں کر جرأت کر سکتے ہو؟

سمرنوف۔ آپ نے اپنے آپ کو زندہ دفن تو کر لیا ہے مگر چہرے پر غازہ لگانا نہیں بھولیں!

مادام پوپوف۔ اس قسم کی نازیبا گفتگو کی تم کیونکر جرأت کر سکتے ہو؟

سمرنوف۔ ازراہِ عنایت شور نہ مچایئے۔ —— میں خانساماں نہیں ہوں! مجھے حق گوئی سے کام لینے دیجئے۔ میں عورت نہیں ہوں۔ اس لئے کھری کھری بات کہنے کا عادی ہوں —— شور نہ مچایئے گا۔ اب!

مادام پوپوف۔ میں خاموش ہوں۔ تمہیں ہو جو اس طرح چلا رہے ہو —— خدا کے لیئے اب تم جاؤ۔

سمرنوف۔ روپیہ ادا کر دیجئے۔ تو میں ابھی چلا جاتا ہوں

مادام پوپوف۔ میں ہرگز نہیں دوں گی۔

سمرنوف۔ مگر آپ کو دینا ہوگا!

مادام پوپوف۔ تمہاری اس ضد پر میں ایک کوڑی تک بھی ادا نہ کروں گی —— بہتر یہی ہے کہ یہاں سے چلے جاؤ۔

سمرنوف۔ معاف کرنا تم میری بیاہتا یا منسوبہ نہیں ہو اس لیئے اس قسم کا جھگڑا ست کر (بیٹھ جاتا ہے) مجھے گفتگو ایک آنکھ نہیں بھاتی۔

مادام پوپوف (غیر مہذبانہ الفاظ سن کر حیران ہوتے ہوئے) تم بیٹھ رہے ہو؟

سمرنوف۔ ہاں! ہاں!

مادام پوپوف۔ میں درخواست کرتی ہوں۔ تم یہاں سے چلے جاؤ۔

سمرنوف۔ روپیہ ادا کر دو (ایک طرف ہو کر) میں کس قدر غضبناک ہو رہا ہوں۔

مادام پوپوف۔ میں ناشائستہ لوگوں کی گفتگو سننا پسند نہیں کرتی۔ ازراہِ عنایت یہاں سے چلے جاؤ (ذرا ٹھہر کر) کیا نہیں جاؤ گے —— نہیں جاؤ گے؟

سمرنوف۔ نہیں!

مادام پوپوف۔ نہیں؟

سمرنوف۔ نہیں!

مادام پوپوف۔ بہت اچھا ٹھہرو (گھنٹی بجاتی ہے)

(لیوکا داخل ہوتا ہے)

مادام پوپوف۔ لیوکا۔ اس شخص کو دروازہ دکھا دو۔

لیوکا (سمرنوف کے قریب جاتا ہے) جناب! جب آپ سے کہا گیا ہے تو آپ تشریف کیوں نہیں لے جاتے۔ یہاں ٹھہرے رہنے

میں کوئی فائدہ نہیں ———

سمرنوف (کرسی پرسے کود کر) زبان کو لگام دو! جانتے ہو کس سے گفتگو کر رہے ہو؟ ——— قیمہ بنا دونگا، خیال رہے!

لیوکا۔ (اپنے دل کے مقام پر ہاتھ رکھتا ہے) خداوندا! (کرسی پر بیٹھ جاتا ہے) آہ! میں بیمار ہو رہا ہوں! بیمار ہو رہا ہوں! سانس مشکل سے چل رہا ہے!

مادام پوپوف۔ ڈاشا کہاں ہے؟ ——— ڈاشا! (پکارتی ہے) ڈاشا! پیلیگیا! (ڈاشا گھنٹی بجاتی ہے)

لیوکا۔ اُف! ——— وہ بیرے چھٹنے گئی ہیں ——— گھر میں کوئی بھی موجود نہیں ——— طبیعت سخت خراب ہو رہی ہے، پانی!

مادام پوپوف۔ برائے مہربانی یہاں سے چلے جائیے

سمرنوف۔ ذرا نرم گفتاری سے کام لیجئے۔

مادام پوپوف (مٹھیاں بھینچتے ہوئے اور ایڑیوں کو زمین پر مار کر) تم ریچھ ہو! ——— ایک وحشی ریچھ! بکواس! دیو!

سمرنوف۔ کیا؟ کیا کہا؟

مادام پوپوف۔ کہتی ہوں تم ریچھ ہو ——— دیو ہو!

سمرنوف۔ (کھڑے ہوتے ہوئے) معاف کرنا تمھیں کیا حق حاصل ہے کہ میری اس طرح ہتک کرو؟

مادام پوپوف۔ ہاں! میں تمھاری ہتک کر رہی ہوں ——— پھر کیا؟ کیا یہ سمجھ رہے ہو میں تم سے خائف ہوں؟

سمرنوف۔ اور کیا تمھارے خیال میں ایک شاعرانہ چیز ہوتے ہوئے تمھیں ہر شخص کی بے عزتی کرنے کا حق حاصل ہے؟ ——— دعوتِ مبارزت قبول ہو!

لیوکا۔ میرے اللہ! ——— پانی!! پانی!!

سمرنوف پستول!

مادام پوپوف۔ اگر تم مضبوط ہاتھوں کے مالک ہو۔ اور سانڈ کی طرح ڈکار سکتے ہو تو کیا تمھارا خیال ہے میں ڈر جاؤں گی؟

سمرنوف۔ مبارزے کے ذریعے سے اس چیز کا فیصلہ ہوگا! مجھے اس کی کچھ پروا نہیں کہ تم عورت ہو ——— ایک کمزور حریف!

مادام پوپوف (سمرنوف کی آواز کو دباتے ہوئے) ریچھ! ریچھ! ریچھ!

سمرنوف۔ اب وہ وقت نہیں رہا کہ صرف مرد ہی ہتک کے لئے سزا بھگتیں؛ اگر مساوات قائم ہونی ہے تو ابھی سے ہو گی۔ لعنت ہو سب پر! تمھیں دعوتِ مبارزت قبول کرنا ہوگی!

مادام پوپوف۔ ڈوئل چاہتے ہو؟ بہت خوشی سے!

سمرنوف۔ ابھی اسی لمحے!

مادام پوپوف۔ اسی لمحے! میرے خاوند کے پاس پستول تھے ——— میں ابھی لاتی ہوں (باہر جاتی ہے۔ اور جلدی سے واپس چلی آتی ہے) ——— میں کس قدر خوش ہوں گی جب پستول کی آہنی گولی تمھارے بھدے دماغ سے پار ہو گی! لعنت ہو تم پر! (چلی جاتی ہے)

سمرنوف۔ میں اسے پرندے کی طرح آسانی سے گولی کا نشانہ بنا دوں گا! دودھ پیتا بچہ نہیں ہوں، جذباتی اور رومانی انسان نہیں ——— عورتوں کے غمزے اور ادائیں میری نظر میں کچھ معنی نہیں رکھتیں۔

لیوکا۔ میرے اچھے صاحب! (گھٹنوں کے بل کھڑا ہو کر)

خدا کے لئے اس بوڑھے آدمی پر رحم کیجئے! یہاں سے تشریف لے جائیے! میں پہلے ہی سے خون کے مارے سر دھوا رہا ہوں۔ اور اب آپ لڑ رہے ہیں!

سمرنوف۔ (لیوکا کی بات پر کان نہ دھرتے ہوئے) ڈوئل! واقعی یہ سعادت ہے! اسی سے تو اصناف کی آزادی کا پتہ چلتا ہے! میں اسے گولی کا نشانہ بناؤں گا۔ مگر کتنی بہادر عورت ہے! (اسے لعن طعن کرتا ہے) کہہ رہی تھی "لعنت ہو تم پر! تمھارے بھیجہ و دماغ میں گولی اتار دوں گی!" ..... کیسی عورت ہے! اس کے گال سرخ ہو رہے تھے آنکھیں چمک رہی تھیں ..... اس نے مقابلہ منظور کر لیا! اپنی عزت کی قسم! آج سے قبل ایسی عورت کبھی دیکھنے میں نہیں آئی! .....

لیوکا۔ اچھے صاحب! تشریف لے جائیے میں آپ کے لئے دعا کیا کروں گا!

سمرنوف۔ وہ واقعی عورت ہے۔ مجھے یہ جرأت بہت پسند ہے! سر سے پیر تک عورت! جذبات کا شمہ بھر بھی موجود نہیں بلکہ سراپا شعلہ ہے۔ آتشگیر مادہ۔ آتش بازی کا ایک چکر! ——— اس عورت کو ہلاک کرنے کے بعد مجھے واقعی افسوس ہوگا۔

لیوکا۔ (روتا ہے) جناب! یہاں سے چلے جائیے۔

سمرنوف۔ یہ عورت مجھے پسند ہے! واقعی بہت پسند ہے! گو اس کے گالوں میں گڑھے ہیں۔ مگر پھر بھی وہ مجھے بہت بھاتی ہے! میں اسے تمام قرض بخش دوں گا۔ میرا غصہ کافور ہو گیا ہے ——— خوب عورت ہے!

(مادام پوپوف ریوالور لیے داخل ہوتی ہے)

مادام پوپوف۔ یہ رہے پستول ..... مگر قبل اس کے کہ ہم ایک دوسرے پر گولیاں چلائیں مجھے سکھا دو کہ پستول کس طرح چلاتے ہیں ——— میں نے عمر بھر پستول کو چھوا تک نہیں۔

لیوکا۔ خدا رحم کرے! میں جا کر گاڑی والے اور باغبان کو ڈھونڈتا ہوں ——— نہ معلوم یہ تکلیف کی آندھی کہاں سے نمودار ہو گئی؟ (چلا جاتا ہے)

سمرنوف (پستولوں کا امتحان کرتے ہوئے) پستول بہت قسم کے ہوتے ہیں ——— یہ تھمپ کمپنی کے تیار کردہ ہیں ——— بہت اچھے ہیں ..... کوئی سو سو روبل کے قریب قیمت ہوگی ..... دیکھئے پستول کو اس طرح پکڑیئے گا (اپنے آپ) کیسی حسین آنکھیں ہیں! کیسی حسین آنکھیں ہیں! ——— ساحرہ ہے!

مادام پوپوف۔ کیا اس طرح؟

سمرنوف۔ بالکل درست ..... اب نلی کو اوپر اٹھائیے ..... اس طرح نشانہ باندھیئے ..... سر کو ہلکی سی جنبش دیجئے۔ ہاتھ کو لمبا لے جائیے ——— ٹھیک ہے ..... پھر اس ننھی سی چیز کو دبا دیجئے اور بس۔ مگر خیال رہے کہ نلی دباتے وقت پریشانی غلبہ نہ پائے۔ اور نشانہ بڑے اطمینان سے لیا جائے۔ ہاتھ ہرگز ہرگز نہ کانپے!

مادام پوپوف۔ بہت اچھا ——— مگر یہاں اس کمرے میں لڑنا درست نہیں۔ آؤ باہر باغ میں چلیں۔

سمرنوف۔ چلو ——— مگر میں تو صرف ہوا میں گولی چلاؤں گا

مادام پوپوف۔ وہ کیوں؟

سمرنوف۔ اس لئے ——— اس لئے ——— کہ یہ میری مرضی ہے۔

مادام پوپوف۔ اب ڈر رہے ہو؟ ہا ہا! نہیں جناب اب میں حیل وحجت نہیں سنوں گی! مہربانی کر کے چلئے ——— میں اُس وقت تک مطمئن نہیں ہو سکتی جب تک آپکے سر میں گولی نہ اتر جائے اس سر میں جس سے مجھے سخت نفرت ہے! کیا واقعی ٹال رہے ہو؟

سمرنوف۔ واقعی!

مادام پوپوف۔ سراسر جھوٹ! ——— مگر تم لڑنے پر آمادہ کیوں نہیں ہو؟

سمرنوف۔ اس لئے .... اس لئے .... کہ میں تمھیں پسند کرتا ہوں۔

مادام پوپوف۔ (زہریلی مسکراہٹ کیساتھ) مجھے پسند کرتا ہے! یہ کہنے کی جرأت کرتا ہے (دروازے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے) تم جا سکتے ہو!

سمرنوف۔ (خاموشی سے پستول ہاتھ سے رکھ دیتا ہے ٹوپی اٹھا کر چلنے لگتا ہے مگر دروازے کے قریب ٹھہر جاتا ہے نصف لمحہ تک وہ ایک دوسرے کی طرف خاموش نگاہوں سے دیکھتے ہیں ——— مادام پوپوف کی طرف جا کر) کیا آپ ابھی تک ناراض ہیں؟ ———

مگر آپ جانتی ہیں ——— آہ! میں اپنا مفہوم کس طرح ادا کروں؟ دیکھئے حقیقت یہ ہے ——— یعنی معاملہ یوں ہے ——— (دیگر الفاظ میں دہراتا ہے) مگر یہ میرا تصور نہیں ہے کہ میں تمھیں پسند کرتا ہوں (کرسی کا سہارا لیتا ہے۔ کرسی ٹوٹ جاتی ہے) لعنت! تمھارا آرائشی سامان کس قدر نازک ہے! میں تمھیں پسند کرتا ہوں؟ ——— سمجھتی ہو؟ ——— تمھاری محبت میں گرفتار ہوں۔

مادام پوپوف۔ دور ہو جاؤ! مجھے تم سے سخت نفرت ہے!

سمرنوف۔ میرے معبود! کیسی نادر عورت ہے، اگر آج تک میری نظر سے اس قسم کی عورت نہیں گزری ——— میں برباد ہو گیا ہوں! تباہ ہو گیا ہوں! ——— اس چوہے کی مانند ہوں جو پنجرے میں گرفتار کر لیا گیا ہو!

مادام پوپوف۔ بھاگ جاؤ۔ ورنہ گولی چلا دوں گی۔

سمرنوف۔ چلا دو! تم نہیں سمجھ سکتی کہ مسرت کا اندازہ نہیں کر سکتی ہو جو ان درخشاں آنکھوں کے سامنے مرنے سے ایک شخص کو نصیب ہو سکتی ہے ——— ان مخملی ہاتھوں میں پکڑے ہوئے پستول سے ہلاک ہونا! ——— دیوانہ ہو گیا ہوں! سوچ کر۔ ابھی ابھی فیصلہ کر لو۔ کیونکہ اگر میں ایک دفعہ یہاں سے چلا گیا تو پھر ملاقات بہت مشکل ہے! فیصلہ کر دو نا! ——— میں اچھے خاندان سے تعلق رکھتا ہوں۔ شریف آدمی ہوں۔ دس ہزار روبل ماہوار معقول آمدنی بھی ہے ——— نشانے میں اتنا ماہر ہوں کہ سکہ ہوا میں اچھال کر ٹکڑے کر سکتا ہوں ——— میرے اصطبل میں اچھے سے اچھے گھوڑے موجود ہیں ——— کیا میری بیوی بننا قبول کرتی ہو؟

مادام پوپوف۔ (حقارت سے پستول کو اٹھاتے ہوئے) ڈوئل! ہمیں فیصلہ کر لینا چاہیئے!

سمرنوف۔ میں دیوانہ ہو گیا ہوں ——— کچھ سمجھ میں نہیں

آتا (پکارتا ہے) کوئی ہے! پانی!

مادام پوپوف۔ (چلاتی ہے) کہہ رہی ہوں ابھی فیصلہ ہونا چاہیئے!

سمرنوف۔ میں پاگل بن گیا ہوں! ایک لڑکے کی طرح محبت میں گرفتار ہوں —— بیوقوف کی مانند! (اس کا ہاتھ پکڑتا ہے؛ وہ چلاتی ہے) میں تم سے محبت کرتا ہوں گھٹنوں کے بل کھڑا ہوکر) ایسی محبت جو میں نے آج سے پہلے کسی سے نہیں کی —— بارہ عورتوں کو ٹھکرا چکا ہوں اور تو مجھے ٹھکرا چکی ہیں۔ مگر اب بالکل موم ہوا جا رہا ہوں —— کھیر کے مانند نرم۔ گھٹنوں کے بل گر کر تمھیں اپنا دل پیش کر رہا ہوں —— کس قدر غیر دانشمندانہ فعل ہے! میں نے مدت سے کسی سے دل نہیں لگایا۔ اس لیئے کہ میں حلف اٹھا چکا تھا۔ مگر یہاں شکست ہوئی جاتی ہے —— دل پیش خدمت ہے۔ بتاؤ۔ ہاں یا نہیں؟ —— بہت اچھا نہ سہی۔ (اٹھ کر تیزی سے دروازے کی جانب بڑھتا ہے) اچھا۔

مادام پوپوف۔ ٹھہرو!

سمرنوف۔ (ٹھہر کر) کیوں؟

مادام پوپوف۔ کچھ نہیں —— جاؤ! مگر تیر ٹھہرو تو —— نہیں نہیں، جاؤ! میں تم سے متنفر ہوں! —— نہیں! مت جاؤ! —— آہ! اگر تمھیں صرف اتنا معلوم ہو کہ میں کس قدر خشمناک ہوں! (پستول میز پر پھینک دیتی ہے انگلیاں اس خوفناک چیز کے پکڑنے سے بے حس ہوگئی ہیں (اپنے رومال کو غصہ میں پھاڑتی ہے) کھڑے کیوں ہو؟ —— جاؤ!

سمرنوف۔ خدا حافظ!

مادام پوپوف۔ ہاں، ہاں، جاؤ! (بآواز بلند پکارتی ہے) کہاں جا رہے ہو؟ ٹھہرو تو —— نہیں تم جا سکتے ہو —— آہ طبیعت کس قدر غصے سے بھری ہے! نزدیک مت آنا! میرے نزدیک مت آنا!

سمرنوف (اس کی طرف جاتے ہوئے) میں اپنے آپ کتنا خفا ہوں! اسکول کے لڑکے کے مانند محبت میں گرفتار ہوں —— گھٹنوں کے بل گرا تھا —— یہ خیال مجھے سرد کر دیتا ہے —— تم سے اس طرح محبت کرتا ہوں جیسے میں واقعی دام الفت میں گرفتار ہونا چاہتا تھا! —— کل مجھے سود کی قسط ادا کرنی ہے —— گھاس کا موسم شروع ہے۔ اور ان سب چیزوں سے پہلے تمھاری محبت نمودار ہوگئی ہے ..... (اس کی کمر میں بازو ڈالتا ہے) میں اپنے آپ کو ہرگز معاف نہ کروں گا!

مادام پوپوف (چلا کر) چلے جاؤ! اپنے بازو ہٹا لو! —— میں تم سے سخت متنفر ہوں —— تمھیں دعوت مبارزت —— قبول —— کرنا —— ہوگی (ایک لمبا بوسہ)

(لیوکا کلھاڑی سے مسلح۔ باغبان کدال پکڑے۔ گاڑیبان لوہے کا پنجہ تھامے اور مزدور لاٹھیاں اٹھائے داخل ہوتے ہیں)

لیوکا (دونوں کو بغلگیر دیکھ کر) میرے معبود!!

(ایک وقفہ)

مادام پوپوف۔ (آنکھیں جھکا کر) لیوکا! اصطبل میں کہہ دینا کہ ٹوبی کو ایک سیر زائد دانہ نہ دیا جائے۔

(پردہ)

سعادت حسن

جہاں ریحانہ رہتی تھی

(ایک عربی نظم کے تاثرات)

"ہمایوں" میں یہ نظم پہلے غیر مکمل صورت میں چھپ چکی ہے۔ اب حضرت خیر شیرانی نے پوری نظم لکھ کر ہمیں عنایت فرمائی ہے۔

یہی وادی ہے وہ ہمدم، جہاں ریحانہ رہتی تھی

وہ اس وادی کی شہزادی تھی اور شاہانہ رہتی تھی
کنول کا پھول تھی سنسار سے بیگانہ رہتی تھی
نظر سے دور مثلِ نکہتِ مستانہ رہتی تھی
یہی وادی ہے وہ ہمدم، جہاں ریحانہ رہتی تھی

یہ پھولوں کی حسیں آبادیاں کاشانہ تھیں اس کا
وہ اک بت تھی یہ ساری وادیاں بتخانہ تھیں اس کا
وہ اک دیوی تھی مثلِ عظمتِ تنخانہ رہتی تھی
یہی وادی ہے وہ ہمدم، جہاں ریحانہ رہتی تھی

انہی صحراؤں میں وہ اپنے گلے کو چراتی تھی
انہی چشموں پہ وہ ہر روز منہ دھونے کو آتی تھی
انہی ٹیلوں کے دامن میں وہ آزادانہ رہتی تھی
یہی وادی ہے وہ ہمدم، جہاں ریحانہ رہتی تھی

مرے ہمدم یہ نخلستان اک دن اُس کا مسکن تھا

اسی کے خرمیٔ آغوش میں اُس کا نشیمن تھا
وہ اس شاداب ویرانے میں بے باکانہ رہتی تھی
یہی وادی ہے وہ ہمدم، جہاں ریحانہ رہتی تھی

وہ اس ٹیلے پہ اکثر عاشقانہ گیت گاتی تھی
عرب کے جنگجوؤں کے فسانے گنگناتی تھی
یہیں پر منتظر میری وہ بے تابانہ رہتی تھی
یہی وادی ہے وہ ہمدم، جہاں ریحانہ رہتی تھی

یہ ویرانہ گزرجس میں نہیں ہے کاروانوں کا
جہاں ملتا نہیں نام و نشاں تک ساربانوں کا
اسی ویرانے میں اِک دن مری ریحانہ رہتی تھی
یہی وادی ہے وہ ہمدم، جہاں ریحانہ رہتی تھی

تمدن کی ہوا اس خاکِ اقدس تک نہ آئی تھی
یہ وہ خطہ تھا جس میں روحِ فطرت کی خدائی تھی
وہ اِس خطے میں مثلِ سبزۂ بیگانہ رہتی تھی
یہی وادی ہے وہ ہمدم، جہاں ریحانہ رہتی تھی

وہ گیسوئے پریشاں یا گھٹائیں رقص کرتی تھیں
فضائیں وجد کرتی تھیں، ہوائیں رقص کرتی تھیں
وہ اِس فردوسِ وجد و رقص میں مستانہ رہتی تھی

یہی وادی ہے وہ ہمدم، جہاں ریحانہ رہتی تھی

شمیمِ زلف سے اُس کی مہک جاتی تھی کل وادی
نگاہِ مست سے اُس کی، بہک جاتی تھی کل وادی
ہوا میں پرفشاں، روحِ مے و میخانہ رہتی تھی
یہی وادی ہے وہ ہمدم، جہاں ریحانہ رہتی تھی

کھجوروں کے تلے، وہ جو کھنڈر سے جھلملاتے ہیں
یہ سب ریحانہ کے معصوم افسانے سناتے ہیں
وہ اِن کھنڈروں میں اکثر صورتِ افسانہ رہتی تھی
یہی وادی ہے وہ ہمدم۔ جہاں ریحانہ رہتی تھی

اُسے پھولوں نے میری یاد میں بیتاب دیکھا ہے
ستاروں کی نظر نے رات بھر بیخواب دیکھا ہے
وہ شمعِ حسن تھی پر صورتِ پروانہ رہتی تھی
یہی وادی ہے وہ ہمدم۔ جہاں ریحانہ رہتی تھی

یہیں مانندِ گلہائے حسیں رہتی تھی ریحانہ
مثالِ حورِ فردوسِ بریں رہتی تھی ریحانہ
یہیں رہتی تھی ریحانہ۔ یہیں ریحانہ رہتی تھی
یہی وادی ہے وہ ہمدم، جہاں ریحانہ رہتی تھی

اختر شیرانی

U965

رنگین وادی

افق کے اُس طرف کہتے ہیں اک رنگین وادی ہے

وہاں رنگینیاں کہسار کے دامن میں سوتی ہیں
گلوں کی نکہتیں ہر چار سو آوارہ ہوتی ہیں
وہاں نغمے صبا کی نرم رو موجوں میں رہتے ہیں
وہاں آبِ رواں میں مستیوں کے رقص بہتے ہیں
وہاں ہے ایک دنیائے ترنم آبشاروں میں
وہاں تقسیم ہوتا ہے تبسم لالہ زاروں میں
سنہرے چاند کی کرنیں وہاں راتوں کو آتی ہیں
وہاں پریاں محبت کے خدا کے گیت گاتی ہیں
کنارِ آب حسن و عشق باہم سیر کرتے ہیں
گئی گذری غلط فہمی کا ذکرِ خیر کرتے ہیں
وہاں کے رہنے والوں کو گنہ کرنا نہیں آتا
ذلیل جذبات سے ڈرنا نہیں آتا
وہاں اہلِ محبت کر نہ کوئی بغض کرتا ہے
وہاں اہلِ محبت کو نہ کوئی نام دھرتا ہے
محبت کرنے والوں کو وہاں رسوا نہیں کرتے
محبت کرنے والوں کا وہاں چرچا نہیں کرتے
ہم اکثر سوچتے ہیں تنگ آ آ کر کہیں چل دیں
مری جاں! اے مرے خوابوں کی رانی چل وہیں چل دیں

افق کے اُس طرف کہتے ہیں اک رنگین وادی ہے

نذیر مرزا برلاس سرحدی

مغربی ایشیا کی ایک وادی

ٹوٹا ہوا برتن

فلسفۂ جمالیات

جمالیات یا فلسفۂ جمالیات پر ہمارے ہاں جسے لٹریچر کہتے ہیں نام کو نہیں۔ شاعر حسن حسن چیخا کرتے ہیں لیکن اُس کی ماہیت سے ان میں سے اکثر و بیشتر لاعلم ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہماری شاعری جہاں تک حسن و عشق کا تعلق ہے دو بست جنسی دائرے میں محدود ہو گئی اور شاعر کا زاویۂ نگاہ چہرے اور انگلیٹ سے آگے نہیں بڑھتا۔ ناکہ ہمارا مطمح نظر وسیع ہو اور ہماری ذہنیت کو حسن کی عالمگیری اور اس کے ہمہ رنگ کا احساس ہو جس کا نتیجہ تزکیۂ نفس اور تنزیۂ ذات ہے آج کی صحبت کے لئے یہ موضوع اختیار کیا گیا۔

اصل موضوع پر آنے سے پہلے یہ بتا دینا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ وہ اردو میں کیا ہے اس لئے اس تحریر میں آپ کوئی نئے لفظ اور ترکیبیں ملیں گی۔ یہ امر ناگزیر تھا۔ کوشش یہ ہوگی کہ مشکل پسندی سے احتراز رہے اور ضرورت پر اصطلاحیں ایسی وضع کی جائیں جو عام فہم ہوں۔

یورپ کے ایک فلسفی کا قول ہے کہ عالم حواس یا اندریانہ دنیا میں جسے ہم حسن یا سُندر پن کہتے ہیں وہ کسی نہ کسی طرح جنسی تعلق سے وابستگی رکھتا ہے لیکن پھولوں کی رنگ و بو سے متعلق یہ بات نہیں۔ مگر پرندوں کے بال و پر کی رنگیلی چمک دمک اور ان کی نغمہ سرائی دونوں بقول ڈارون کے جنسی انتخاب کی نتیجہ ہیں اور یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بعض حشرات الارض کا رنگ و روغن بھی اسی قبیل سے تعلق پاتا ہے ایک عجیب بات ذکر کے قابل یہ ہے کہ یہ خاصہ (جنسی تعلق کا) جو بہترین جنسی پیداوار کی ترقی کے منشا سے عمل پیرا ہوا متعلقہ ہستیوں کو باہم دلکش بنانے کے علاوہ ہم کو بھی سہانا معلوم ہوتا ہے اگر ایسا نہ ہوتا تو جنگل اور کوہسار ہماری نظروں میں سونے سونے لگتے یہ مشاہدہ بہت دلچسپ ہے کہ حسن انسانی کا تصور زیادہ تر اسی عنوان سے کیونکر پیدا ہوا

یہ خیال تقویم پارینہ سے کم نہیں۔ حسن کا عنصر جو جنسی تعلق سے پیدا ہوتا ہے جمالیات کے شعبوں پر اس قدر حاوی ہے یعنی موسیقی، ناٹک، افسانہ اور شاعری پر کہ وہ ایک بنا جامہ پہنتا ہے جب ہم یہ تحقیق کرتے ہیں کہ وہ اندریوں کی ہستی ہیں کہاں تک ساری ہے۔

جو کچھ ابھی کہا گیا وہ گویا حسن کے نیچرل سائنس یعنی طبعی کیفیت و کیفیت پر مبنی تھا۔ اب تک حالت یہ رہی ہے کہ علم نفسیات ارتقا کے اصولوں کی بحث سے معصوم رہا ہے۔ اب تک اس کی نظر میں ذہنی زندگی کے مظاہر ویسے ہی منعکس رہے جیسے کہ وہ ظاہر میں ہیں۔ اس کی کوشش صرف ان کے مشاہدہ اور ادراک تک محدود رہی۔ ان کی علت غائی اور یہ کہ کون کون سے مدارج طے کر کے وہ موجودہ صورت تک پہنچے۔ کس طرح اجمال سے تفصیل کی صورت پکڑی۔ ان کا کونسا جز معطل ہو گیا اور کونسا تہیج و تو غل کا عامل ہوا۔ ان امور کی جانب توجہ نہیں کی گئی۔

یہی حالت جمالیات کی رہی اور رہنی ہی تھی کیونکہ ظاہر ہے جو تعلق اس کا نفسیات سے ہے۔ اندھا دھند اصول قائم ہوئے جو عموماً انسان کے ذہن پر چھا گئے۔ چونکہ حسن کے احساس کی جیسا کہ وہ عہد حاضر میں اثر گستر ہے کسی عملی تجربے یا حواس کے قابل ادراک طریق سے توجیہ نہیں ہو سکتی اس وجہ سے سینکڑوں فلسفیوں نے افلاطون سے لے کر آج تک ایسے تحکمانہ دعوے پیش کئے ہیں کہ یہ احساس صرف ان مستثنیٰ مظاہر میں سے ہے جو انسان میں مافوق الانسان عنصر کا پتہ دیتے ہیں۔

اس فلسفیانہ بحث کو یہیں چھوڑ کر اور جمالیات کے مسئلہ پر دوسرے پہلو سے نظر ڈالئے ہم دیکھتے ہیں کہ ہمارے نظام اخلاق اور زمانہ قضا اور حوادث کے تصور کی طرح ہمارا مفہوم حسن بھی آجکل کی حالت کو نظر میں رکھتے ہوئے کامل نہیں تسلیم کیا جا سکتا ہے اگر افہام و تفہیم سے واسطہ رکھا جائے لیکن یہ تحقیق کرنا ہے کہ نظریہ جمالیات کے متعلق یہ صورت کیونکر پیدا ہوئی۔ یہ نہایت پیچیدہ مسئلہ ہے لیکن نہایت سادہ تھا۔ آج ہم حسین کا حرف ایسے بہت سے مظاہر کے لئے کرتے ہیں جن کی نوعیت مختلف ہے اور جن سے ہمارے مختلف حواس متاثر ہوتے ہیں مثلاً موسیقی۔ تصویر کشی۔ کوئی گلزمین یعنی سین۔ ایک آبشار یا سمندر کا طوفان ایک نظم اور مرصع زیور وغیرہ وغیرہ۔ اسی طرح ہم بہت سے احساسات کو جو آپس میں متباین ہوں جمالیات کی ذیل میں قرار دیتے ہیں جیسے سمندر کے تہیج اور فوج کی ہیبت ناک کیفیت کا تفریحی احساس یا ایک رشک بہزاد کی کھینچی ہوئی تصویر جس کے دیکھنے سے سکون اور اطمینان ہوتا ہے یا ایک عالیشان عمارت کی پسندیدگی۔

جمالیات پر مابعد الطبیعیات کی رو سے بہت استدلال کیا گیا ہے تاکہ اس اتضاد کو اتحاد کا رنگ دیا جائے لیکن کامیابی نہ ہوئی ہم بھی ایسا ہی کرنا چاہتے ہیں لیکن اس کی سبیل اور قبیل دیگر ہے بجائے اس کے کہ متعدد مختلف اور متضاد مظاہر کو زبردستی گڈمڈ کر کے فلسفہ کی رو میں بہا دیں ہم ان کا جداگانہ تجزیہ اور موازنہ کر کے ان کی ہیئت کذائی قائم رکھنا چاہتے ہیں۔

ایک خصوصیت تمام جمالیاتی احساسات میں مشترک ہے یعنی وہ ناگوار نہیں ہوتے۔ گو ناگوار احساسات جو مختلف قسم کے محاسن ہم میں پیدا کرتے ہیں مختلف اندازہ ذرائع سے پیدا ہوتے ہیں۔ پہلے خوشگوار اور ناگوار احساسات کی تشریح کرنی لازم ہے

خوشگوار احساسات وہ ہیں جو اس ارتسام یا اس کے تصور سے پیدا ہوتے ہیں جو کسی نہ کسی طرح فرد یا جماعت کی بقا کے حق میں مفید ہوں۔ ناگوار محسوسات اس کے برعکس ہیں۔

اب دیکھئے وہ خوشگوار احساس جس کی ایک خوبصورت (یہاں یہ لفظ عام اور معروف معنی میں استعمال ہوا ہے) شے ہماری ذات میں محرک ہوتی ہے وہ اپنی اصلیت میں ہمارے دوسرے احساسات سے مختلف نہیں ہوتے۔ وہ اس امر واقعہ کا نتیجہ ہوتے ہیں کہ آجکل جو کچھ ہمیں خوبصورت معلوم ہوتا ہے وہ دراصل فرد اور جماعت کے لئے مفید یا خطرناک تھا یا یہ ہوا ہوگا کہ انسانوں کو پہلے پہل مفید اور منفعت بخش مظاہر سے سابقہ پڑا ہوگا اور وہ (امر واقعہ) التزاماً ان سے وابستہ کر دیا گیا۔

جو مظاہر خوبصورت محسوس ہوتے ہیں اُن کو دو قسموں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ وہ یا تو فردِ واحد کی ذات سے تعلق رکھتے ہیں یا نسل و جماعت سے اول قسم میں دشال، برہن اور متناسب آتے ہیں اور دوسری قسم بالذات خوبصورت یا کہیے حسین اور سندر پر منحصر ہے۔ جمالیات کی یہ شکلیں استعمال میں عموماً گڈمڈ کر دی جاتی ہیں۔ اور ان کی تاویل اور استعمال اکثر غلط ہوا کرتا ہے اور اس وجہ سے کہ ان کے مفہوم جداگانہ ہیں ان کے باہم امتیاز قائم رکھنا چاہیئے۔ ہم اگلے بیان میں ان میں سے ہر ایک سے بحث کریں گے اور اس تعلق کے ادراک کی کوشش کریں گے جو ان کو فرد اور نسل کی جبلتِ تحفظ کے ساتھ ہے۔

دشال۔ دشال فرد مدرک اور مظہر یا حادثۂ طبعی کے درمیان از حد عدم تناسب اور فرد مذکور پر اس مظہر کی قطعی فوقیت و عظمت کا احساس ہے ہر چیز جو اعجوبہ بہت ہی بڑی اور عظیم الشان اور رعب ہو دشال پن کا اثر پیدا کرتی ہے جیسے قطب کی لاٹھ سمندر اور پہاڑ وغیرہ دشال کے احساس کی تہ میں جو احساس ہے وہ یہ ہے: "اس مظہر کے مقابلہ میں میری کیا ہستی ہے۔ اس کا احاطہ کرنا یا اس پر غلبہ پانا میرے بس کی بات نہیں" یہ احساس ہیبت سے بہت کچھ ملتا جلتا ہے۔ اس لئے کہا گیا کہ وہ اصل ہیبت نہیں یا کہیے ہیبتناک نہیں بلکہ صرف بارعب ہے ہیبت میں آپ کو دوسری طرف سے جو تکھوں کا خوف ہوتا ہے رعب میں یہ نہیں ہوتا۔ دشال کا احساس انسان کے ذہن میں اس کی بے بضاعتی اور اس کے ناچیز ہونے کا تصور تو ضرور پیدا کرتا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی یہ یقین بھی پیدا کرتا ہے کہ اس گرانڈیل مظہر سے جنگ کی ضرورت مفقود ہے اور یہ کہ اس کی مرعوب کرنے والی فوقیت مشاہدہ کرنے والے کو عدم آباد نہیں پہنچا دے گی۔ ہم ساحل پر کھڑے ہوئے سمندر کا سخت طوفان اور اس میں ایک ڈوبتا ہوا جہاز دیکھتے ہیں اس وقت جس قسم کا احساس ہمارے ذہن کو ہوتا ہے اسی قسم کا احساس دشال کے مشاہدے سے پیدا ہوتا ہے یعنی سخت رعب۔ لہٰذا نتیجہ درست ہے کہ دشال ایک فرد کی جبلت تحفظ ذاتی سے نہایت قریبی تعلق رکھتا ہے۔

موہن۔ موہنی وہ احساس ہے جو ان مظاہر سے پیدا ہوتا ہے۔ جو ایک معین وقت میں حواس کے اندر بہت سے خیالات مرتسم کرتا ہے اور ادراک عقل اور رائے کے مرکزوں میں فرحت ناک ذکاوت کو بیدار کرتا ہے ایک محض اندھی دیوار یعنی وہ دیوار جس میں کھڑکی دروازہ جھروکہ کنگورا۔ اوپر چھجا وغیرہ کچھ بھی نہ ہو۔ باصرہ کو دھچکا ہوتی ہے کیونکہ صرف ایک واحد ارتسام وقوع پذیر ہوتا ہے جس سے دماغ اشتغال نہیں ہوتا جس قدر اس کی وقعت دریافت کرنے کے لئے ضروری ہے۔ جب کہ دوسری دیوار جو جھروکوں کھڑکیوں اور کارنسوں وغیرہ سے مزین ہو ایک موہنے والا اثر پیدا کرتی ہے۔ کیونکہ وہ ایک نظر میں بہت سے باصرہ نواز ارتسام پیدا کرتی ہے اور دماغ کو اس کی وقعت دریافت کرنے میں مصروف کر دیتی ہے جو شے ایک ڈھال ہو یعنی جس میں کسی طرح بھی تنوع نہ ہو وہ بسیط ہونے کی حالت میں دشالی

سلہ واضح ہو کہ میں ان الفاظ کو اصطلاحی حیثیت دینے کی ضرورت محسوس کرتا ہوں درسب الفاظ تو اہلِ اردو کے لئے معروف ہیں ایک لفظ دشال خوف ہے کہ بعض کو اوپرا معلوم ہو یہ لفظ سنسکرت کا ہے جو ہندی میں بہت رائج ہے میں نے بہت چاہا کہ اس کی جگہ عظیم الشان رکھ دوں لیکن وہ مرکب ہونے کی وجہ سے تعریف سے عاری ہے لیکن دشال سے دشال پن بنا سکتے ہیں۔ اسی طرح عفوی کو چھوڑ کر اندریانہ بنایا ہے کیونکہ جرمنی اس نفسیاتی اصطلاح اندی کے لئے عفو اس کا عامل نہیں جب دیوانہ سے دیوانہ پن بن گیا تو اندی سے اندیانہ بھی بن سکتا ہے۔

تاثر کی نوعیت ہوتی ہے لیکن مومن میں ایسا نہیں ہوتا مختصر یہ کہ جس چیز کے ادراک میں دقت ہو جس کا پھیلاؤ بہت ہو جس میں تفصیلات کی بہتات ہو وہ چیز مومنی سے محروم ہوتی ہے۔

تناسب۔ تناسب یا سڈول اشیاء ایسا احساس تو پیدا نہیں کرتیں جیسا حسین شے کرتی ہے لیکن وہ اطمینان بخش ہوتی ہیں لیکن چونکہ یہ احساس بھی خوشگوار ہوتا ہے۔ اس لئے اس کو یعنی تناسب کو اکثر حسین سے خلط ملط کر دیتے ہیں جو غلط ہے۔ تناسب جلد دلنشیں ہو جاتا ہے۔ کیونکہ وہ مظاہر فطرت کے تدوینی قوانین کے انسانی تصور کا ہم آہنگ ہوتا ہے۔ ایک مخروطی مینار جو اپنی چوٹی پر یعنی الٹا کھڑا ہو حسن کے منافی معلوم ہوگا کیونکہ وہ غیر متناسب دکھائی دیتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کی ساخت میں مرکزی اور اس سے خروج توازن کے تصور سے متباین ہے۔ ہمارے خیال میں یہ آتا ہے کہ وہ اس کنڈے سے بہت مدت قائم نہیں رہے گا بعض صورتوں میں عادت بھی ایک رکن عامل کا منصب رکھتی ہے۔ پہلے لوگ لکڑی کے ستونوں کی چھت والے مکانوں میں رہنے کے عادی تھے جب سُسوال کنکریٹ کی چھتیں پہلے پہل بنیں تو وہ بہت گھبرائے۔ وہ محسوس کرتے تھے کہ یہ چھتیں ایک دم بیٹھ جائیں گی۔ اسی طرح جب انسان نے پہلے پہل گھنا درخت دیکھا ہوگا کہ وہ ایک نسبتاً کم مساحت کے تنے پر کھڑا ہے اور اوپر سے اس کا رقبہ اتنا بڑا اور پھیلا ہوا ہے تو ضرور اسے یہ گمان ہوا ہوگا کہ یہ اب گرا کہ اب گرا کیونکہ وہ اتنے تن بدن کے لئے دو تنوں یا ٹانگوں کا ہونا ضروری سمجھتا تھا اور کوئی جاندار ایک تنے یعنی ایک ٹانگ والا اس کے مشاہدے میں نہیں آیا تھا اور وہ اسی چیز کو مضبوط سمجھتا تھا جس کا پایہ بڑا ہو لیکن جب اس کے علم میں یہ امر واقعہ آیا کہ درخت کی شاخیں خواہ وہ کتنی دور تک پھیلی ہوئی ہوں تنے کے مقابلہ میں پتلی اور ہلکی ہیں تو عدم تناسب کا ناگوار احساس جاتا رہا۔ انسان کو جو چیز بعید الفہم متناقض اور گھم محسوس ہوتی ہے اور وہ اپنے آپ کو اس کا مدمقابل نہیں سمجھتا وہ دلچسپ نہیں ہوتی بخلاف اس کے جس شے میں خفا نہ ہو اور وہ قریب الفہم ہو ایسی شے بیگانگت اور مودت کے انداز سے اس کے لئے دلچسپ ہوتی ہے۔

اب تک کی بحث سے ہم یہاں تک پہنچے ہیں کہ دو شکل ہو میں ادراک تناسب خارجی دنیا یعنی غیر الفیو سے اس کے مخالفانہ و معاندانہ تعلقات کے تصورات اولیہ کی رو سے تعلق رکھتے ہیں اور یہ کہ وہ تینوں حفاظت ذات کی جبلت کی ہیجانی حالت کے محرک ہیں۔ اب ہم اس سے بحث کریں گے حسین اپنے محدود نفسی معنی میں اور بصندیہ دونوں ذہن انسانی کی تحفظ نسلی کی جبلت سے وابستہ ہیں

حسین۔ حسن کا مشاہدہ انسان کے ذہن میں وہ ارتسام یا تاثر پیدا کرتا ہے جس سے دماغ میں ایچ یا تولید کے خاص مرکز کو انگیخت ہوتی ہے خواہ بہ براہ راست ہو یا تلازم خیالات کے سلسلے میں۔ آدمی کی نظر میں حسن کی اول تمثیل عورت ہے۔ شاعروں کے کلام میں آپ حسن و شباب کو پہلو بہ پہلو پاتے ہیں۔ چونکہ آدمی اندریانہ طور پر عورت اور حسن کو لازم و ملزوم یقین کرنے کا عادی رہا ہے اور وہ اپنی حیوانی زندگی میں نفسانیت اور خود غرضی کا بندہ رہا ہے اس لئے وہ ہمیشہ حسین پر قبضہ کرنا چاہتا ہے۔ کیونکہ وہ جنسی عنصر کو جو اس کے اندر غالب ہے اس کی شدید تحریک کرتا ہے یہ نظریہ نوع انسان کی دونوں جنسوں سے متعلق ہے یہ جو کچھ بھی ہے انسان کی نیچرل اور اصلی یعنی حیوانی اور شہوانی حالت سے تعلق رکھتا

ہے تہذیب اخلاق اور مدون اجتماعیت کا نظام ان تحریکوں اور جذبات و احساسات کو حدِ اعتدال پر لے آتا ہے اور جواز و عدم جواز کے قیود عاید کرتا ہے جس میں مذہب کا بھی بڑا حصہ ہے۔

سندر۔ سندرپن کا مظہر براہِ راست یا تلازم خیال کے ذریعے بچپن سے تعلق رکھتا ہے۔ یہ مظاہر بچوں سے پیار کے جذبے کی تحریک کرتے ہیں جس پر تحفظِ نسل کا انحصار ہے۔ سندر کا مفہوم ایسی ہر چیز سے متجسم ہوتا ہے جو بیچوں کو غیر ضروری مدد یا حمایت کی محتاج ہو اس قسم کی تصغیر اسی نسبت سے جو اَسے اصل سے ہے ہم میں وہ تصور پیدا کرتی ہے جو بچہ کو بالغ اشخاص سے ہے یہ تصور غیر ذی روح اشیا پر بھی حاوی ہے چنانچہ انگلستان میں ملمچہ کے لئے جو لفظ ہے اس کے معنی ہیں "سندر دق کا بیٹا"۔

موسمِ بہار۔ بہت سے مظاہرِ فطرت اپنی اہمیت اور تلازمِ خیالات کی مقدار کے موجب ایک ہی وقت میں تحفظِ ذاتی اور تحفظِ نسل کی جبلّت کو تحریک کرتے ہیں اور مختلف طور پر خوبصورت معلوم ہوتے ہیں مثلاً معتدل ملکوں میں موسمِ بہار۔ بیک وقت خوبصورت موہن اور مناسب معلوم ہوتا ہے وہ مرکزِ جنسی کو ہیجان دیتا ہے اس کی اتحادی نوعیت اس وجہ سے ہے کہ وہ حیوانوں یعنی جانداروں کے لئے غذا کا بڑا ذخیرہ مہیا کرتا ہے اور انہیں محنت و مشقت کے لئے قوت اور تازگی بخشتا ہے۔ موسمِ بہار میں موہنی بھی ہے کیونکہ وہ ایسے مظاہر بھی پیش کرتا ہے جو شگوفوں میں اور اس لئے محدود زمانے میں اپنی لطافت کو حواس پر مرتسم کرتے ہیں۔ وہ مناسب بھی ہے کیونکہ وہ انفرادی زندگی کے لئے معتدل ہے۔

نسلِ انسان کی دونوں جنسوں سے متعلق جمالیات کے جو نظریے فلسفیوں نے پیش کئے ہیں۔ ان میں اختلاف رائے ہے ان مختلف رایوں سے قطعِ نظر اس پر ان کے تعلقاتِ باہمی کی طرف نظر ڈالی جاتی ہے جیسے کہ وہ اس وقت کے نظامِ اجتماعی میں پائے جاتے ہیں نسلِ انسان کا جوڑا زیادہ انفرادیت اور خود غرضی کی نمائندگی کرتا ہے اس کی نظر صرف اپنے پر ہوتی ہے یا اپنے مطلب کے لئے دوسروں پر جن کے لئے وہ بھی قطرت سے برسرِ جنگ رہتا ہے اور ادھر اپنے ہم جنسوں سے مقابلہ پر تلا ہوا ہے۔ اسی وجہ سے تحفظِ ذاتی کا خیال بحران بن کر اس کے سر پر سوار رہتا ہے بمقابلہ صنفِ نازک کے۔ بخلاف اس کے صنفِ نازک نسل کے تحفظ کے موروثی خواص کی تعمیل و تکمیل کرتی ہے وہ جنگ و نزاع میں شریک نہیں ہوتی۔ اس لئے اس کو جوکھوں کم ہے۔ لہٰذا تحفظِ ذاتی کی جبلّت کی ترقی کی ضرورت نہیں اور ترقی نسل و مادریت کے تصور اس میں مرد سے زیادہ نشو و نما پاتے ہیں۔ ان وجوہ سے اُسے حسن کا احساس زیادہ ہے اور سندرپن کا احساس اُس سے بھی زیادہ ہوتا ہے بچوں کی محبت اور اور مامتا عورت کا خاصہ ہے لیکن عہدِ حاضر کی بدیسی جنہیں سائنٹیفک رنگ روپ دیا جا رہا ہے۔ غالباً ان خواص میں تغیرِ عظیم کا باعث ہوں گی جس کی تفصیل کا یہ موقع نہیں۔

آرٹ۔ اوّل ادراکِ حسن کا احساس صرف مظاہرِ فطرت سے پیدا ہوتا ہے۔ آرٹ بھی اپنے کمال اور صحت کے درجے کے مطابق ایسا احساس پیدا کرتا ہے۔ آرٹ کا کمال نیچر کی نقالی کی خوش اسلوبی ہے۔ اور یہ تشابہ اور حواس پر ارتسام اور تصورات پیدا کرنے پر موقوف ہے۔ اسی طرح زبان اور ادب بھی وشال کا احساس پیدا کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں جب وہ کسی عظیم الشان یا فوق الانسان کا تصور قائم

کر سکیں مثال کے طور پر جب وہ قادرِ مطلق کی ذاتِ پاک کا بیان کریں یا عظیم مشاہدۂ فطرت یا جنگ یا شدید انسانی سوانح کا ذکر کریں۔

فنِ تعمیر و مثال کا احساس اُس وقت پیدا کرتا ہے جب وہ ایسی وسیع اور رفیع الشان عمارتیں کھڑی کرے جن کے مقابلہ میں انسان اپنے تئیں بہت چھوٹا اور ضعیف و حقیر محسوس کرے جیسے کہ وہ اُس وقت محسوس کرتا ہے جب وہ قطب کی لاٹھ کے پاس کھڑا ہوتا ہے۔ یا ہمالیہ کے کسی گھنے جنگل میں ہوتا ہے۔

آرٹ کے کارنامے تناسب کا تصور اُس وقت پیدا کرتے ہیں جب کہ اُس کا اصل موضوع یا معروض اس کی شکل سے نمایاں ہو۔

کیفی

ایک عظیم الشان ساعت

اچھی قسمت جو میرے قدموں کی رہنما بنی اور لے گئی مجھے باہر آبادی سے دور۔ وہاں جہاں جنگل کے پھول کھلتے ہیں ——— ایک قوسِ قزح اور ایک کوئل، بارِ خدایا!

کس قدر بیش بہا اور عظیم الشان ہے یہ ساعت

جان لو اے بھیڑو

اور گایو

جو بنکتی ہو کہ میں یوں پیروں سے کھڑا ہوں۔

موسلا دھار بارش میں بھیگی ہوئی گھاس پر۔

ایک قوسِ قزح اور کوئل کا ایک گیت

کیا جانے اکٹھے نہ آئیں گے پھر

کیا جانے نہ آئیں گے پھر

قبر کے اُس پار

"گ"

خونی بینڈ

روح بے چین ہے خاموش ہوائے فوج کے بینڈ
اس طرح صبح کی مخمور ہواؤں میں نہ اینڈ

تجھ میں آواز ہے فولاد شکن تیروں کی
سنسناہٹ ہے لچکتی ہوئی شمشیروں کی

کتنی ماؤں کے کلیجوں کی ہیں قاشیں تجھ میں
کتنے مہ پارہ جوانوں کی ہیں لاشیں تجھ میں

کتنی روندی ہوئی لاشوں کی ہے سُرخی تجھ میں
کتنی بیواؤں کے چہرے کی ہے زردی تجھ میں

کتنی خوابیدہ ہیں مایوس نگاہیں تجھ میں
کتنے معصوم یتیموں کی ہیں آہیں تجھ میں

تیرا ہر راگ ہے ڈوبا ہوا چشمِ نم میں
رقصِ خونی کی دھمک ہے ترے زیر و بم میں

سسکیاں تجھ میں ہیں غلطیدۂ دل افگاروں کی
کرٹیں موت کی ہیں گت میں ترے تاروں کی

تیری ہر تان میں پوشیدہ ہیں لاکھوں آنسو
تیری آواز میں غلطاں ہے جوانی کا لہو

گم ہیں رستی ہوئے زخموں کی بہاریں تجھ میں
خنجروں کی ہیں مچلتی ہوئی دھاریں تجھ میں

نغمہ ہے لے میں تری خون کے فواروں کا
زمزمہ تجھ میں ہے چلتی ہوئی تلواروں کا

تیری آواز جب احساس پہ چھا جاتی ہے
موت کے دل کے دھڑکنے کی صدا آتی ہے

جوش

مسرور بچہ

آج میں نے دیکھے رنگ برنگ کے پھول کہ شاخیں اُن سے پٹی پڑی تھیں
لیکن ان میں ایک بھی ایسا نہ تھا جیسا وہ پھول جسے بچے نے توڑ لیا۔
میں نے شکاری کتوں کا غل باغوں میں سنا۔
لیکن ان میں ایک بھی ایسا نہ تھا جیسا وہ کتا جسے بچے نے بھونکتے سنا۔
میں نے سینکڑوں چڑیوں کے چہچہے آج سُنے
لیکن اُن میں ایک بھی ایسی نہ تھی جیسی وہ جسے بچے نے چہچہاتے سُنا
دیکھنے کو میں نے ہزاروں تتلیاں دیکھیں
لیکن اُن میں ایک بھی ایسی نہ تھی جیسی وہ جسے بچے نے اڑتے دیکھ پایا
میں نے بیسیوں گھوڑے دیکھے گھاس پر لیٹتے ہوئے۔
لیکن اُن میں ایک بھی ایسا نہ تھا جیسا وہ جسے بچے نے گزرتے دیکھا
میری دنیا آج کے دن بہت پرلطف رہی
لیکن اس میں وہ دلکشی کہاں جو بچے کی دنیا میں تھی۔

گلچیں



بچپن



ژان دارک میدان جنگ میں سوزی ہے

ننھّی چڑیا

چمن میں صبح آ پیاری چڑیا،
کوئی سرمدی گیت گا پیاری چڑیا

تو رقاصۂ بزمِ قدرت ہے ننھی
ہمیں رقص اپنا دکھا پیاری چڑیا

گلوں کو بہت ناز ہے نازکی پر
غرور اُن کا آ کر مٹا پیاری چڑیا

ادھر جھول تو شاخِ گل سے لپٹ کر
ادھر گل کو جھولا جھلا پیاری چڑیا

نہیں ہے خیاباں میں رونق ترے بن
خیاباں میں ہو جلوہ زا پیاری چڑیا

بیاباں کو چپ سی لگی ہے ترے بن
بیاباں میں آ چہچہا پیاری چڑیا

بہشتِ بریں کی کوئی حُور ہے تُو
پری ہے پرستاں کی یا پیاری چڑیا

تو حد ہے نفاست کی معصومیت کی
نزاکت کی جاں خوش ادا پیاری چڑیا

کوئی شعبدہ ہے کسی سحر فن کا
تو اے دلربا خوشنما پیاری چڑیا

جو رنگیں نوا ہے تو رنگیں ادا بھی،
ادا کار ہے عشوہ زا پیاری چڑیا

تو پھولوں کی سرتاج پھولوں کی رانی
تو پھولوں کی جاں خوشنما پیاری چڑیا

تو اعجاز کا اک حقیقی مرقع،
تو خوبی کی اک انتہا پیاری چڑیا

گھنی سبز شاخوں کے پتوں میں چھُپ کر
لہک چہچہا، پھڑپھڑا پیاری چڑیا

شبستاں ہے تیرا گلاب و سمن میں
ہے گہوارہ ہر گل ترا پیاری چڑیا

ترے سامنے شرم سے جھک چلے ہیں
گل و یاسمن موتیا پیاری چڑیا

بہت ناز سے تتلیاں اُڑ رہی ہیں
ذرا اپنے پر پھیپھٹا پیاری چڑیا

کوئی چھپاتا ہوا پھول ہے تو جو صبحِ ازل کو کھلا پیاری چڑیا
کسی غنچۂ مری چمن میں پلا ہے ترا حسنِ معجز نما پیاری چڑیا
کوئی نجمِ ثاقب ہے تو آسماں کا جو گلشن میں آکر گرا پیاری چڑیا
کسی حسنِ پنہاں کا عکسِ مصفا ہوا تجھ میں جلوہ نما پیاری چڑیا

مرے قلب کو اپنے نغموں سے گرما مری ننھی آتش نوا پیاری چڑیا
تو اڑتی ہوئی چھپا اٹھ یکایک لطافت کی کرتا تھا پیاری چڑیا
اس آواز کو دل کے اس پار کردے مری روح کو جگمگا پیاری چڑیا
ترے گیت روحِ حزیں کو جگادیں مسلسل یہی گیت گا پیاری چڑیا

ترے بال و پر وسعتوں سے شناسا ہے رفعت میں آنگن ترا پیاری چڑیا
فضائیں تری حسن آگیں فضائیں منور جہاں ہے ترا پیاری چڑیا
تری عادتیں خوب، اعمال بہتر کہ فطرت ہے مذہب ترا پیاری چڑیا
کسی سے عداوت نہ پرخاش تجھ کو جبھی خوش ہی صبح و مسا پیاری چڑیا

مرے دل کو بھی اپنی پاکیزگی سے کوئی حصہ کردے عطا پیاری چڑیا
یہ عاداتِ خوش اپنی دے ڈال مجھ کو غمِ دہر دل سے بھلا پیاری چڑیا
محبت کی گرمی ہے نغموں میں تیرے یہ گرمی مجھے کر عطا پیاری چڑیا
سنا مجھ کو رفعت کی کچھ داستانیں
بلندی کی تانیں اڑا پیاری چڑیا

ح۔ ب

سنگ تراش

جب اُس نے شہر کے اندر قدم رکھا تو کوئی شخص اس کو دیکھنے کے لیے موجود نہ تھا۔ نور کے تڑکے دربان نے ابھی شہر کا بڑا دروازہ کھولا ہی تھا کہ وہ داخل ہوا۔ کوچہ و بازار پر رات کی ظلمت ابھی پھیلی ہوئی تھی لیکن آسمان کا میلہ اب بچھڑنے لگا تھا۔ مشرق نے رات کی سیاہی پر مرکی ایک دھندلی سی لکیر کھینچ دی تھی۔ صبح کے رنگ ابھی افق پر روشن نہیں ہوئے تھے مگر پھیلتا ہوا اُجالا سفید ریشم کے تار و پود کی طرح اپنے ہی نور سے جھلمل جھلمل کر رہا تھا۔

کسی کو یہ معلوم نہ تھا کہ وہ کون ہے اور کہاں سے آیا ہے۔ شروع شروع میں کسی نے اس کے وطن۔ کسی نے مذہب اور قومیت کے متعلق قیاس دوڑانے کی کوشش کی آخر جب کچھ پتا نہ چلا تو جیسے انسانوں کی عادت ہے تھک کر خود ہی خاموش ہو گئے۔

لیکن جس چیز نے یہ سب باتیں اُنکو بالکل بھلا دیں وہ اس کا کام تھا۔ اس شہر میں یہ صنعت بالکل اچنبھے کی چیز تھی۔ وہ پتھر کے بیحس ٹکڑے لیتا اور اپنے تیشے کی ضربوں سے ان میں جان ڈال دیتا۔ مسکراتی ہوئی رقاصائیں، بولتی ہوئی، سوچتی ہوئی مورتیں سنگ مرمر کا لباس پہنے گھر گھر پھیل گئیں اور صناع کے اعجاز کی گواہی دینے لگیں۔ لوگ خود بھی حیران رہ گئے۔ جب انہوں نے یہ دیکھا کہ ان پتھر کی مورتوں کے آنے کے بعد اُن کے غموں میں تلخی کی وہ پہلی کیفیت نہیں رہی اور مسرتوں میں یا کیزگی کی ایک نئی جھلک نمودار ہو گئی ہے۔ بوڑھے جو امید سے کنارہ کش ہو کر دنیا پر آخری نگاہِ حسرت ڈال رہے تھے زندگی کی ان جیتی جاگتی اور ہنستی ہوئی تصویروں کو دیکھ کر دل میں مسرت کی ایک لہر محسوس کئے بغیر نہ رہتے۔ بچے جن کے لئے ہر لحظہ ایک نئی خوشی کی تلاش زندگی کا سب سے اہم کام تھا۔ اچھلتے کودتے سنگ تراش کے گھر آتے اور اس کے بنائے ہوئے فرشتوں کے حُسن اور معصومیت سے ایک ایسی کیفیت لے جاتے جو انہیں صرف اپنے سنہرے خوابوں میں میسر ہوتی تھی۔ غمزدہ مائیں جن کی گود تقاضے خالی کر دی تھی روتی ہوئی آتیں اور اُس آسمانی سروپ میں پناہ لیتیں جس کے اشارے پر سنگتراش اندوہ و یاس کو تسلیم و رضا سے گذارتا ہوا طمانیت کی منزل تک پہنچا دیتا تھا۔ بعض نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ اس نے ان کے غم کو محض ایک بے معنی چیز نہیں رہنے دیا بلکہ اپنے مرمر کی تراش و خراش میں اسے ایک نئے مفہوم سے آشنا کر دیا ہے۔ جب وہ کوئی نئی مورت بناتا لوگ بے اختیار ہو کر کہتے کہ اب اس کے ہاتھ بھی اس سے بہتر تصویر یقیناً کبھی نہ بنائیں گے مگر وہ اپنا سر ہلاتا اور مسکرا کر کہتا: "یہ تو ابھی ابتدا ہے۔ جو کام مجھے کرنا ہے اس کا وقت ابھی نہیں آیا۔"

وہ شہر کے شور و غضب سے ہٹ کر ایک پُرسکون محلے میں تنہا رہتا تھا۔ اس کے مکان کے دریچے مشرق کی طرف کھلتے تھے اور بارہا صبح صادق

کے اُجلے آسمان پر جب بلند عمارتوں کے گنبد اور مینار اور مندروں کے کلس ابھی فضا کی تیزگی میں سے اُبھرتے ہی رہتے ہوتے، وہ اپنے کام میں مصروف نظر آتا تھا۔ شہر کے رئیس بارہا اس کو اپنی محفلوں میں بلا بلا بھیجتے اور وہ کبھی ان کے اصرار سے مجبور ہو کر چلا بھی جاتا لیکن وہاں جا کر ایک مسلسل خاموشی اور بے کلی کے عالم میں بیٹھا رہتا۔ ان مجلسوں میں عام طور پر جو چرچے رہتے تھے ان سے وہ بالکل ناواقف تھا۔ وہاں جاتے ہی اس کو اس طرح چپ لگ جاتی جیسے کوئی شخص اپنا کچھ کھو کر حیران بیٹھا ہے۔ ان محفلوں میں ایسے عالم بھی موجود ہوتے تھے جو گفتگو کے ہر پہلو میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔ یہ اپنی کتب بینی پر بے حد نازاں تھے اور جو کتابیں پڑھتے تھے ان کی گنتی رکھتے تھے۔ چنانچہ لوگ ان کی باتوں کو بڑے ادب سے سنتے تھے۔ سنگ تراش کی خاموشی کو دیکھ کر یہ عالم حقارت سے مسکراتے اور سرگوشیوں میں کہتے۔ آج اس شخص کا بھرم کھل گیا۔ یہ بیچارا علم و فن میں سے کسی چیز کو بھی نہیں سمجھ سکتا۔

سنگ تراش جس کمرے میں کام کرتا تھا اس کے دریچے کے سامنے ایک مولسری کا درخت تھا جب اس میں شگوفے آجاتے تو اس کی لدی ہوئی شاخیں جھک جھک کر زمین کو چھونے لگتیں۔ چڑیاں۔ طوطے۔ قمریاں اکثر اس کے پتوں میں بسیرا لیتیں اور کبھی کبھی کوئی فاختہ یا مینا بھی آبیٹھتی۔ جب لوگ اس کی تنہائی کا ذکر کرتے تو وہ بارہا اسی دریچے میں سے باہر کو جھانک کر کہتا کہ اس سے زیادہ رونق کہاں ہوگی۔ وہ ہر صبح اپنے دریچے میں ان چڑیوں اور طوطوں کے لئے کچھ کنگنی اور باجرا ڈال دیتا اور یہ اس سے اتنے مانوس ہو گئے کہ بعض دفعہ جب وہ بے حس و حرکت اپنے کام میں لگا ہوتا تو کوئی بیباک چڑیا چوں چوں کرتی ہوئی پھدک کر اس کے کندھے پر آبیٹھتی۔ یہ پرندے فی الحقیقت اس کی زندگی کا ایک ضروری جزو بن گئے تھے۔ تنہائی کے عالم میں کبھی کبھی جب سکاحسن آفرین تخیل کسی غروب ہوتے ہوئے ستارے کی طرح مدھم اور بے نور ہو جاتا تو اسے اپنے گوشۂ خلوت سے وحشت ہونے لگتی۔ اس کے دل پر ایک خوف طاری ہو جاتا اور اسے یوں معلوم ہوتا گویا اُسے ایک بوجھ سا گھسیٹتا ہُوا اس کی روح کی عظیم الشان تاریک گہرائی میں لئے جا رہا ہے۔ اُس وقت ان پرندوں کا چہچہا اسے پھر کھینچ کر روشنی اور مسرت کی دنیا میں لے آتا۔ اُس وقت وہ دریچے میں سے باہر کو جھک پڑتا۔ اس کی آنکھیں اور کان ان پرندوں کے لئے وقف ہو جاتے۔ وہ ان پرندوں میں ایک پرندہ ہو جاتا۔

پرندوں کی رفاقت کے علاوہ ایک اور پاکیزہ مسرت اُسے حاصل تھی۔ ہمسائے کے مکانوں کے بچے اس کے بے تکلف دوست بن گئے تھے۔ جس دن مدرسے میں چھٹی ہوتی وہ پڑا باندھکر اس کے پاس آتے اور ایک پہر ضرور اس کے گھر میں گذارتے۔ وہ ان کو ساتھ کبھی آنکھ مچولی کھیلتا۔ کبھی ان کو کاندھوں پر اٹھا کر اِدھر اُدھر بھاگتا۔ ان میں سے بعض کبھی اس کے اوزار اٹھا لیتے اور پتھر کے بیکار ٹکڑوں کو لے کر تراشنے بیٹھ جاتے۔ جو ذرا چھوٹے ہوتے وہ اس سے پوچھتے کہ اس کی بنائی ہوئی مورتیں چل پھر بھی سکتی ہیں یا نہیں اور کیا یہ کبھی کوئی بات بھی کرتی ہیں؟ بعض کو اس بات پر حیرت ہوتی کہ آخر اس کو یہ کیونکر معلوم ہو جاتا ہے کہ فلاں پتھر کو چھیلنے پر اندر سے اس طرح کی مورت نکل آئے گی۔ غرضکہ جب وہ باتیں کرنے پر آتے تو اُن کے سوالوں کا جواب دیتے دیتے سنگ تراش اپنے کام کو بھی بھلا دیتا۔ پھر بچے خود

ہی اکتا جاتے اور سب ایکا ایکی پھر بری لے کر اُٹھنے اور میدان میں ڈوٹیں لگانے کے لئے نکل جاتے۔

ایک دن صبح ہی صبح جب بچے سنگ تراش کے مکان پر پہنچے تو انہوں نے ایک عجیب نظارہ دیکھا۔ وہ سنگ مرمر کی ایک عظیم الہیئت تراش سل کے سامنے بیحس و حرکت کھڑا تھا۔ اس کا چھریرا بدن کسی قدر آگے کو جھکا ہوا تھا۔ اس کی بھویں تن رہی تھیں اس کے ماتھے پر بل پڑے ہوئے تھے اور اس کی چمکتی ہوئی آنکھیں سنگ مرمر پر اس طرح گڑی تھیں جیسے سل کے اندر دھنس جانا چاہتی ہیں بچے اس لئے دبے پاؤں آگے بڑھے کہ اکبارگی اسے چونکا دیں لیکن جوں ہی ان کی نظر اس کے چہرے پر پڑی وہ خود چونک اٹھے اور ایک دھیمی اور لمبی "اُو!" کے ساتھ اس طرح پیچھے ہٹے جس طرح مرغابیوں کی ڈاریں کسی خطرے کا سراغ پا کر اپنے خطِ پرواز سے منحرف ہو جاتی ہیں۔ سنگ تراش ان کی آوازوں کو سن کر مسکراتا ہوا مڑا۔ وہ آج ان کے ساتھ نہیں کھیل سکتا تھا۔ اس نے کہا کہ وہ خود میدان میں جا کر کھیل آئیں کیونکہ آج وہ ایک اتنے بڑے کام کو شروع کر رہا تھا کہ اب اپنے سب پہلے کارنامے اُس کو اس عظیم الشان کام کا دھندلا سا خاکا معلوم ہوتے تھے۔ جو بچے عمر میں کچھ بڑے تھے انہوں نے بیتاب ہو کر پوچھا "وہ کیا کام ہے؟ وہ کس چیز کی مورت ہوگی؟"

سنگ تراش تھوڑی دیر کے لئے رُکا جیسے اس سوال کا جواب دینے کے لئے اسے صحیح الفاظ نہیں ملتے۔ آخر اس نے مسکراتے ہوئے کہا۔ "بس تم یہ سمجھ لو کہ یہ مورت ایک بہت خوبصورت عورت کی ہوگی۔"

"جیسے حوروں کی شکل ہوتی ہے؟"

"بہشت کی حوروں اور آسمان کی دیویوں سے بھی زیادہ خوبصورت"

ہم اس کو دیکھنے آئیں گے۔"

"ہاں ضرور!"

اور جب بچے چلے گئے تو وہ پھر سنگ مرمر کے ستون کے سامنے آ کھڑا ہوا۔ یہ ستون کے پائے کے پاس اس کے اوزاروں کا ڈھیر لگا تھا۔ اب اس نے ایک بسولی اٹھائی لیکن اسے ہاتھ میں لے کر پھر بہت دیر تک اسی طرح دم بخود کھڑا رہا۔ ایک نسل جو سالہا سال سے اس کے تخیل کی دنیا میں معدوم رہی تھی۔ جس کی گریز پا درخشانی ہمیشہ اس کو فریب دے کر نکل جاتی تھی آج اپنی پوری تجلیوں کے ساتھ اس کے دماغ کو منور کر رہی تھی۔ آج وہ اپنے کام کی عظمت سے خود مرعوب معلوم ہوتا تھا۔ اس کی آنکھوں میں ایک فاتح کی سی چمک ضرور تھی لیکن اس کے چہرے کے نازک نسوانی خدوخال پر ایک ہیجانی لرزش کے آثار موجود تھے اور اس کا اپنی انگلیوں کو اضطراری طور پر جھٹکنا اس کے اندرونی اضطراب کا پتا دے رہا تھا۔ اس کی بسولی ایک تھپکی کی ملاطفت کے ساتھ سنگ مرمر کو جگہ جگہ تھرکاتی تھی وہ پتھر کی اُس سل کو بھی جس سے نوری اُس شکل کا ظہور ہونے والا تھا احترام کے احساس کے بغیر نہ دیکھ سکتا تھا

اور اب سوچ رہا تھا کہ سنگِ مرمر کو بسولی کی پہلی ضرب کس طرف سے لگائی جائے۔

دن ڈھل چکا تھا جب آخر اس نے اپنا کام شروع کیا، لیکن جب پتھر پر تیشے کا پہلا وار ہو چکا تو پھر صبح سے شام تک اس کا وقت اپنے معمل میں گزرنے لگا۔ اب سنگِ مرمر کو چھوڑ کر اُسے برمے اور بسولے۔ تیشے اور ریتی کے سوا کوئی چیز نظر نہ آتی تھی۔

اس نے عام دستور کے خلاف اپنے مجسمے کو پیروں کی طرف سے شروع کیا۔ ایک نازک برہنہ پاؤں سنگِ مرمر کی ایک چوکی پر جما ہُوا تھا اور دوسرا اس پر سے اٹھ رہا تھا جیسے محبّہ نیچے اترنے ہی کو ہے۔ ان پیروں کی پہلی ہی تراش میں اس نے ایسی جان ڈال دی تھی کہ مرمر کی رگوں میں ایک تھرتھری سی نظر آتی تھی اور زندگی کی شعاعیں پتھر میں سے چھن چھن کر نکلتی ہوئی معلوم ہوتی تھیں۔ لیکن ان کی تمام رعنائی کو آشکار کرنے سے پہلے وہ پورے مجسمے کو ایک ابتدائی صورت دے لینا چاہتا تھا۔ چند روز کی لگاتار محنت کے بعد وہ پاؤں سے بڑھتا ہُوا سر تک جا پہنچا تھا۔ اب بڑے اوزاروں کو چھوڑ کر اس نے صرف نازک اوزار اپنے استعمال کے لئے رکھے۔ مجسمے کے اعضا کا باہمی تناسب قائم ہو چکا تھا۔ اب ان کا اپنا اپنا حسنِ تکمیل کا منتظر تھا۔

اس منزل پر اُسے نہ صرف اپنا پورا کمال فن بلکہ اپنا پورا صبر بھی کام میں لانا پڑا۔ مجسمے کے ان اجزا کی ایک ایک تفصیل کے انکشاف میں اسے بعض دفعہ کئی کئی دن لگ جاتے۔ بار بار اسے یہ احساس ہوتا کہ پتھر نے اس کے اپنے تصور کی لطافت کا پورا حق ادا نہیں کیا۔ ایسے نوقعوں پر اس کی ننھی سی چھینی ایک نہایت محدود سے رقبے کو پیہم کاوش کے ساتھ دیر تک چھیلتی اور کریدتی رہتی۔ لیکن تخلیق کا یہ عمل کبھی کبھی غیر متوقع اور برجستہ کامیابیاں بھی اپنے ساتھ لاتا۔ مجسمے کے خدوخال میں کسی پنہاں جذبے کی لطیف سی جھلک اس طرح اُبھر آتی کہ وہ خود عش عش کر اٹھتا۔ کسی ایک ہی تراش سے کوئی اشارہ اس طرح بولنے لگتا کہ اس پر وجد کی کیفیت طاری ہو جاتی۔ اُس وقت اس کی شادمانی اس کے اندر سما نہ سکتی۔ وہ اٹھتا اور اپنی مسرت کی بے تابی سے کمرے میں اِدھر اُدھر ٹہلنے لگتا۔ اور پھر جب تک یہ ہیجان فرو نہ ہو جاتا کام کو ہاتھ لگانا اس کے لئے محال ہوتا۔

اب گویا اس کی زندگی نے سنگِ مرمر کے اس مجسمے سے پیمانِ وفا باندھ لیا۔ اس کے بیداری کے خیال اور اس کی نیند کے خواب سب مرمر کی تصویروں سے آباد رہتے تھے۔ سڑک پر سے راہگیر کبھی باتیں کرتے، کبھی گاتے ہوئے گذرتے تھے۔ خوانچے والے حلوے بادام کشمش کی پکار لگاتے ہوئے ایک دم کے لئے اس کے دروازے پر بھی رکتے۔ قریاں اور طوطیاں اب بھی اس کے دریچے کے پاس شور مچاتیں مگر اب اس کے کان ان آوازوں کو نہ سنتے تھے۔ بچے اب بھی آتے تھے اور وہ تھوڑی دیر ان کے ساتھ ضرور کھیلتا لیکن پھر وہ ان کو دو ایک لطیفے دو ایک کہانیاں سناتا اور وہ ہنستے اور کھلکھلاتے ہوئے چلے جاتے۔

چھ سات سال کا ایک خاموش بچہ جس کی پیشانی روشن اور آنکھیں متین تھیں کبھی کبھی ان کے جانے کے بعد بھی وہیں بیٹھا رہتا اور جب سنگ تراش اُسے بتاتا کہ اب وہ اپنے کام میں لگنا چاہتا ہے تو وہ جواب دیتا میں چپ بیٹھا رہوں گا۔ کوئی بات

نہیں کروں گا۔" اور پھر سنگ تراش اپنے کام میں لگ جاتا تو وہ روشن پیشانی والا بچہ اپنی تیز آنکھوں سے سنگتراش کی انگلیوں کا تعاقب اس طرح کرتا گویا سنگ مرمر کے ہر نازک خم اور دل فریب اُبھار کو پیدا ہوتے ہوئے دیکھنا اس کی زندگی کا سب سے دلچسپ مشغلہ ہے۔ اس کی خاموشی اس قدر گہری ہوتی کہ سنگ تراش اس کی موجودگی سے غافل ہو کر اپنے کام میں کھو جاتا۔ لیکن کچھ عرصہ کے بعد جب وہ پھر بیدار ہوتا تو بچے کے معصومانہ سکوت کو دیکھ کر ایک دم اپنے اوزار پھینک دیتا اور اُٹھ کھڑا ہوتا۔ پھر وہ اسی جگہ فرش پر خود گھوڑا بنتا اور بچے کو اپنی پیٹھ پر سوار کر کے کمرے کے چاروں کونوں میں لئے پھرتا

لیکن اپنے کام کی تکمیل کے لئے اُسے جس امن و سکون کی آرزو تھی اُس کا قائم رکھنا اس کے لئے روز بروز مشکل ہونے لگا شہر میں دھوم تھی کہ سنگ تراش نے حسنِ کامل کی تعبیر کے لئے ایک عجیب و غریب مجسمہ تیار کرنا شروع کیا ہے۔ لوگ مضطرب تھے کہ اس مجسمے کو آ کر ایک نظر دیکھ سکیں۔ شہر کے بڑے قاضی نے بھی یہ چرچے سنے۔ ایک دن اسنے اپنے سر کے خازنگ لال پر سبز ریشم کا عمامہ رکھا اپنے بھاری تن و توش پر حریر کی عبا ڈالی اور اپنے چند مصاحبوں کو لے کر سنگ تراش کے محل میں پہنچا۔ اس کے ایک ہاتھ میں رنگین جریب اور دوسرے میں عقیق کے دانوں کی تسبیح تھی جو سونے کے تاروں میں پروئی گئی تھی۔ قاضی نے محل میں داخل ہوتے ہی کہا۔ "اُف اس پتھر کی مورت کی خاطر اتنا شور تھا! کیسا کفرانِ نعمت ہے! ایسی پتھر خلق خدا کے کسی کام آ سکتا تھا۔ بھلا یہ مورت بنا کر تمہیں کیا فائدہ ہوگا؟"

دریچے سے باہر مولسری کے درخت پر ایک فاختہ دھیمے سُروں میں کُو کُو کر رہی تھی۔ سنگ تراش نے ایک نگاہ قاضی کی پوشاک کے طلا و حریر پر ڈالی اور پھر فاختہ کی طرف اشارہ کر کے جواب دیا۔ "وہی فائدہ جو اس پرندے کو گانے سے ہو رہا ہے"۔

کیسی مہمل بات ہے! ان خیالی تصویروں کے بجائے کسی نیک عمل پر توجہ دینا ہزار گنا بہتر ہے"۔

"یہ خیالی تصویر نہیں ہے۔ میں نے اسے نہیں بنایا۔ یہ مورت ہمیشہ سے موجود تھی اور صرف اپنے ظہور کی منتظر تھی۔ یہ مجھے پتھر کی ہر سل میں سے پکار پکار کر بلاتی تھی۔ اس کی پکار مجھے ہر پہاڑ پر بکھری ہوئی نظر آتی تھی لیکن ابھی مجھے یہ قدرت نہ ملی تھی کہ اسے رہائی دوں۔ اب میں نے صرف ایک ایسی کشمکش میں اس کی مدد کی ہے جو یہ خود ازل سے کر رہی تھی۔

"آہ! بدنصیب۔ کاش تو یہ وقت حقیقت کی تلاش میں صرف کرتا!"

"حقیقت! حقیقت کسے کہتے ہیں؟ حقیقت اور حسن میں کیا فرق ہے؟ اپنے نزدیک میں بھی حقیقت کے چہرے کے پردے ہٹا رہا ہوں"۔

"تو پھر تم کس نتیجے پر پہنچے ہو؟"

یہ سوال قاضی نے نہایت تلخی کے عالم میں پوچھا۔ اس کے چہرے پر غصے کی شکنیں پڑی ہوئی تھیں اور اب معلوم ہوتا تھا کہ سنگ تراش کو اپنی نگاہِ عتاب سے جھلس ڈالے گا۔ مگر سنگ تراش نے اسی اطمینان سے جواب دیا۔ "آخری منزل تک رسائی انسان کو نہیں دی گئی۔

کیا خدا کی تقدیس کا حق انسان سے ادا ہو سکتا ہے؟ پھر بھی انسان ایک ایسی چیز کو شمار کرنے سے باز نہیں رہتا جس کا شمار ناممکن ہے" اور یہ کہکر سنگ تراش نے ایک نگاہ قاضی کی تسبیح پر ڈالی۔

اب قاضی کے غیظ و غضب کی کوئی انتہا نہ رہی۔ اس نے اپنی مرصع جریب کو ہوا میں بلند کیا اور کہا "مجہول!" لیکن پھر کسی اور خیال سے اس نے جریب دفعتہً کھینچ کر کے سنگ تراش کو جہنم کی ایک خوفناک دھمکی دی اور بڑبڑاتا ہوا اپنے مصاحبوں سمیت باہر نکل گیا۔

فنِ سنگ تراشی کے کچھ نقاد بباطن اپنے تجسس سے مجبور ہو کر بظاہر سنگ تراش کو ممنون کرنے کے لئے اس کے مکان پر آئے۔ وہ تھوڑی دیر تک مجسمے کے سامنے کھڑے ہو کر ایک واقف کارانہ انداز سے آنکھیں پھیرتے اور سر ہلاتے رہے۔ اس دن سنگ تراش اپنے مجسمے کے چہرے پر سعادت و پاکیزگی کی وہ جھلک پیدا کرنے کی کوشش کر رہا تھا جو صرف بے لوث روحوں کے حصے میں آئی ہے۔ ایک نقاد نے کہا "یہ کوشش خلافِ قاعدہ ہے کیونکہ فنون کو اخلاق سے کوئی تعلق نہیں" دوسرے نے کہا "تجربہ تو ایک اصولی بحث ہے جس سے قطع نظر کرنا چاہیئے لیکن بڑا عیب اس میں یہ ہے کہ مجسمے کا اٹھتا ہوا قدم ہماری حسِ واقعیت کو صدمہ پہنچاتا ہے۔ یہ جنبش ہمیں ایک ایسی امید دلاتی ہے جو کبھی پوری نہیں ہو سکتی" ایک اور نے کہا "یہی تو اس کی سب سے بڑی خوبی ہے۔ البتہ دائیں ہاتھ کی انگلیاں اگر ذرا آگے کو پھیلا دی جائیں تو نہ صرف روانی کی ایک کیفیت پیدا ہو جاتی بلکہ بائیں پاؤں اور داہنی پنڈلی کے ساتھ ان کا خاص تناسب قائم ہو جاتا" سنگ تراش نے یہ سب باتیں خاموشی کے ساتھ سنیں مگر اتنے میں دو ایک نقادوں نے نیشے اور برمے ہاتھ میں پکڑ لئے اور مجسمے کا رُخ کیا۔ سنگ تراش نے آگے بڑھکر بغیر درشتی کے مگر مضبوطی کے ساتھ یہ چیزیں ان کے ہاتھ سے لے لیں اور کہا۔ "جو تصویر میں پیش کرنا چاہتا تھا وہ ایسی ہی ہے۔ اس میں کسی تبدیلی کی گنجائش نہیں" یہ کہکر وہ مسکراتا رہا مگر نقاد اس کی خود پسندی اور نافہمی پر مایوسی سے سر ہلاتے ہوئے چلے گئے۔

اس کے چند روز بعد ایک عجیب واقعہ پیش آیا۔ سنگ تراش مجسمے کے بیشتر حصے کی تکمیل کر چکا تھا اور اب صرف چہرے کے نقوش صاف کر رہا تھا۔ جو لوگ تقریباً ہر روز اس کے عمل میں جھانک لگا جاتے تھے انہوں نے ایک دن ناگہاں محسوس کیا کہ مجسمے کے چہرے کو خود سنگ تراش کے خال و خد سے خاص مشابہت ہے اور یہ مشابہت روز بروز بڑھتی جاتی ہے۔ شہر کے لوگوں میں اس کے متعلق پہلے ایک بھنبھناہٹ سی ہوئی اور پھر ایک غلغلہ برپا ہو گیا۔ طرح طرح کے قیاس دوڑائے گئے۔ آخر سب اس پر متفق ہوئے کہ وہ اپنی بہن کی مورت بنا رہا ہے۔ لوگوں کی جدت طرازی یہیں ختم نہ ہوئی۔ ان کے زورِ تخیل نے اس کی بہن کی حسرتناک موت۔ سنگ تراش کے رنج و غم اور پھر اس صدمے کی تاب نہ لا کر وطن سے نکل کھڑے ہونے کو ایک دل گداز داستان کی شکل دے دی۔ ادھر خود سنگ تراش کو اپنی مورت کی اس مشابہت کا وہم و گمان بھی نہ تھا۔ جب بعض لوگوں نے اس کو اس حقیقت کی طرف توجہ دلائی تو وہ پہلے تو چونکا مگر پھر مورت کے چہرے پر نگاہ ڈال کر ہنس پڑا اور کہنے لگا "لیکن حیران ہونے کا موقع ہی کیا ہے؟ اگر اس کو مجھ سے کوئی ربطِ نہانی نہ ہوتا تو صبح آفرینش سے میرے انتظار میں کیوں رہتی؟"

شہر والوں کے تخیلاتی میں ہر روز اضافہ ہوتا گیا اور اب بعض دفعہ ایک ہجوم سنگ تراش کے مکان کے سامنے جمع ہو جاتا۔ ایک شہزادہ جب

فنونِ لطیفہ کا مربی بننے کا بے حد شوق تھا ان ہنگاموں سے اس قدر متاثر ہوا کہ مجسمے کی تکمیل پر اس نے صنّاع کو زر و جواہر کے ساتھ تولنے کا وعدہ کیا۔ اس عظیم الشان قدر دانی کی وجہ سے شہر میں ایک طوفان مچ گیا۔ مگر سب سے زیادہ بیتابی کا اظہار شہر کی حسین عورتوں کے حلقوں میں ہونے لگا۔ وہ سرگوشیوں میں ایک دوسری سے پوچھتیں تم نے یہ مورت دیکھی ہے؟ لوگ کہتے ہیں کہ اس میں ایک ایسی دلکشی ہے جو کسی انسانی پیکر میں نہیں ہو سکتی۔" شہر کی ملکہ حسن جس کے سامنے بڑے بڑے کج کلاہ رئیسوں کے سر جھکتے تھے سوچنے لگی۔ کیا واقعی وہ پتھر کی مورت مجھ سے زیادہ حسین ہے؟ "دیکھوں اس نوجوان صنّاع پر میرے حسن کا جادو نہیں چلتا اور وہ اپنی اس مورت کو چھوڑ نہیں دیتا۔" وہ اٹھی اور اپنی پیش دستوں کو جو خود ستاروں کی طرح حسین تھیں ساتھ لے کر سنگ تراش کے مکان پر پہنچی۔

نکھرے ہوئے آسمان پر جس طرح قوس قزح جلوہ پاش ہوتی ہے اسی طرح حسین عورتوں کا یہ جھرمٹ اپنی رنگین پوشاکوں میں سنگ تراش کی آنکھوں کے سامنے نمودار ہوا۔ اس نے شہر کی ملکہ حسن کو پہلی دفعہ دیکھا تھا مگر اب اس کی نظریں ایک تحسین آمیز دلربائی سے اس کے چہرے پر جمی ہوئی تھیں وہ ایک عورت کو نہیں دیکھ رہا تھا اس کی آنکھیں کہہ رہی تھیں کہ حسن کے اس نظارے سے ایک بے تعلق تماشائی کی طرح لطف اندوز ہو رہا ہے۔ مگر تھوڑی دیر بعد اُسے خود بخود یہ احساس ہوا کہ یہ حسین عورت اس کی روح کو اپنے دام میں اسیر کر لینا چاہتی ہے۔ اور اُسے ہمیشہ کے لئے اس کے کام اس کے مجسمے سے چھین لینے کے لئے آئی ہے۔ معاً اس نے دیکھا کہ اُس عورت کی شوخ و شنگ آنکھوں پر بھی اس دلی کشمکش کا راز کھل گیا ہے؛ جو اُس کے سینے میں برپا تھی۔ اُس وقت اس کے بدن کے رُوئیں رُوئیں پر ایک کپکپی چھا گئی اور وہ سر سے پاؤں تک ایک نامعلوم خوف سے کانپ گیا۔ اس موقع پر وہ عورت ایک مجسّم سوال تھی۔ کیا وہ اس کے حسن کے سامنے جھک جائے گا؟ اس کے ایک طرف وہ حسین عورت کھڑی تھی اور دوسری طرف وہ مجسمہ جو اس کی اپنی صنعت سے پیدا ہوا تھا۔ ناگہاں سنگ تراش نے مڑ کر مجسمے کی طرف دیکھا اور مجسمے کی پاک نگاہ اور پُر جلال پیشانی کے سامنے اس کا سر فرطِ ادب سے خود بخود جھک گیا۔ وہ عورت ایک تلخ ہنسی ہنس کر چلی گئی کیونکہ صنّاع کی اس ایک جنبش سے اس کی قطعی شکست بالکل واضح ہو چکی تھی۔ لیکن وہ خود دیر تک مجسمے کے سامنے سرنگوں کھڑا رہا اور جب اس نے دوبارہ اپنے اوزار ہاتھ میں لئے تو اس نے مجسمے کے ہونٹوں میں ایک ادائے استقلال اور بردوں میں ایک تمکنت اور آنکھوں میں حلم گداز اور محبت پیدا کر دی۔

شہر کی ملکہ حسن اُس شہزادے کی محبوبہ تھی جس نے صنّاع کو گراں بہا انعام دینے کا وعدہ کیا تھا۔ لہٰذا وہ شہزادے کے پاس گئی۔ کہنے لگی۔ جس سنگ تراش پر زر و گوہر لٹانے کو تیار بیٹھے ہو۔ وہ محض کودن ہے اور اس کے مجسمے میں طرح طرح کی خامیاں ہیں۔

دوسرے دن شہزادے نے اپنے درباریوں سے کہا "میری رائے اس صنّاع کو انعام دینے کے متعلق بدل گئی ہے۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ وہ محض کودن ہے اور اس کے مجسمے میں طرح طرح کی خامیاں ہیں۔"

نقادوں نے جب یہ سنا تو ان میں سے ہر ایک اپنی آنکھیں چمکا کر بولا "میں نے پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ اس مورت میں ایک نقص ہے

اب ہمارے شہزادے نے وہی خامی دیکھ کر انعام کا وعدہ واپس لے لیا"

شہر کے بڑے قاضی نے اپنی رنگیں جریب زور سے زمین پر ماری اور اپنے مصاحبوں سے کہا "تمام سرکشوں کی تادیب تقدیر اسی طرح کرتی ہے۔ خدا ہمارے شہزادے کو سلامت رکھے جس کے ایمان نے آخر اس صحیح فیصلہ کرا دیا"۔

عالموں نے اپنی کتابوں کے ورق الٹتے الٹتے اپنی نگاہیں اوپر اٹھائیں اور مسکرا کر کہا "ہم نے کہا نہیں تھا کہ اس شخص کا پول ایک دن کھل کر رہے گا"؟

علم و فن کی کتابوں پر عبور نہ ہو تو ایسے کاموں پر ہاتھ ڈالنا یعنی ہے ہمارا روشن ضمیر شہزادہ لاکھ شہزادہ سہی پھر بھی کسی صحبتوں میں فنون لطیفہ کی ماہیت پر ہمارے خیالات سن چکا ہے۔ بھلا ایسے شخص کو دھوکا دینے کی کوشش کرنا اس مجسمہ ساز کی خیرہ چشمی نہیں تھی تو اور کیا تھا

اور عام لوگوں نے خیال کیا: "ہم تو اپنے دل میں اس مورت کو بہت کچھ سمجھے ہوئے تھے۔ خدا جانے عالموں نے اب اس میں کیا خرابی دیکھی ہے۔ خیر ہم سیدھے لوگ ان باتوں کو کیا جانیں۔ جو کچھ بڑے آدمی کہتے ہیں وہی ٹھیک ہے" اور اس کے بعد سنگ تراش کے متعلق ان کا جوش بالکل سرد پڑ گیا۔

صناع کو خود اس انقلاب کی کچھ خبر نہ تھی البتہ شروع میں اس بات پر ایک اطمینان آمیز حیرت اُس کو ضرور ہوئی کہ لوگوں نے اب کیوں اسے امن میں کام کرنے کے لئے تنہا چھوڑ دیا ہے۔ مگر چند ہی روز میں اسے معلوم ہو گیا کہ تمام شہر اس سے پھر گیا ہے اُسے اب مجسمے پر کام کرتے ہوئے کئی ہفتے بلکہ مہینے گذر چکے تھے۔ اب عرصے سے اُس نے اپنی بنائی ہوئی کوئی مورت یا کھلونا فروخت نہیں کیا تھا۔ اور اُس کے پاس جو سرمایہ تھا وہ ختم ہو چکا تھا۔ اب کبھی کبھی اُس کے دن ایک روٹی کے ٹکڑے اور پانی کے پیالے پر اور کبھی فاقے میں گزرنے لگے۔ جو لوگ اُس کی مدد کرنا چاہتے وہ بھی یہ سوچ کر رک جاتے کہ کہیں شہزادہ ناراض نہ ہو یا قاضی کا قہر و غضب حرکت میں نہ آ جائے۔ اگر نقادوں اور شہزادوں کی رائے کے اثر سے کوئی آزاد رہا تو وہ چھوٹے بچے تھے جواب بھی اپنی جوش و خروش کے عالم میں اُس سے کھیلنے آتے تھے انہیں جب موقع ملتا اپنی ننھی ننھی جیبوں میں بادام اور مٹھائی اور سیب اُس کے لئے بھر بھر کر لاتے۔ اور اُس کی آنکھیں بند کرا کے یہ چیزیں خود اُس کے منہ میں ڈالتے۔

لیکن دراصل سنگتراش کو اب خود بھی اپنی بھوک پیاس کا کچھ ہوش نہ تھا۔ اس پر ان دنوں ایک بخار کی سی کیفیت طاری تھی جس جوں مجسمے کی تکمیل کا وقت نزدیک آتا گیا وہ ایک عالم سرخوشی میں صبح سے شام تک اپنے کام میں مصروف رہتا۔ بچوں کی لائی ہوئی ناریلیاں بارہا اُس کے دریچے میں بیکار پڑی رہتیں اور اُسے خبر بھی نہ ہوتی۔ بچے بھی اب سمجھ گئے تھے کہ وقت قریب آ پہنچا ہے وہ اُس کے کمرے میں آتے تو سرگوشیوں میں باتیں کرتے اور جب اُس نے سمجھا کہ کام ختم کرنے میں صرف دو ایک دن باقی ہیں اس نے بچوں سے کہہ دیا کہ اب وہ اسی دن ان کے ساتھ کھیلے گا جس دن مجسمہ تیار ہو جائیگا۔ بچے اب ہر صبح اس کے دروازے پر دستک دیتے۔ اس کا ہنستا ہوا چہرہ کھڑکی

میں سے باہر کو جھانکتا۔ اور وہ گنتا "کل" اور جب دو تین دن تک یہی جواب بچوں کو ملتا رہا تو وہ ہر روز اور زیادہ زور سے ہنستے اور چلے جاتے۔

آخر وہ دن بھی آگیا جب دو یقین کے ساتھ کہہ سکتا تھا کہ مجسمہ آج ضرور تکمیل کو پہنچ جائے گا۔ اس کی آنکھوں میں ایک فوق الفطرت چمک تھی۔ اس کے ایک ایک عضو میں شعلۂ برق کی تڑپ تھی اور اس کی سبک انگلیوں میں نسیم صبح کی روانی اور جستگی تھی۔ آج اس کے ہاتھ کے چھوٹے سے چھوٹے اشارے میں اس کی ساری روح سمٹ آئی تھی۔ وہ دن بھر اپنے کام میں لگا رہا اور جب رات ہوئی تو شہر والوں نے دیکھا کہ اس کا کمرہ شمعوں کی روشنی سے جگمگا رہا ہے۔ وہ اب بھی کام کر رہا تھا۔

ایک روشن پیشانی اور متین آنکھوں والے بچے کو نیند نہیں آتی تھی وہ دبے پاؤں اپنے بستر سے نکلا اور سنگ تراش کے مکان کے پاس پہنچ کر اس نے آواز دی "کیا مورت تیار ہو گئی ہے" اور اندر سے صناع کی خوش بخوش آواز آئی "ہاں صبح سویرے"

تمام شہر خاموشی کی نیند سو گیا۔ سنگ تراش اٹھا اور اپنا دریچہ کھول کر اس نے اس عظیم الشان سکوت پر ایک نگاہ ڈالی۔ خواب آلود گنبد اور مینار اندھیرے میں کھوئے کھوئے معلوم ہوتے تھے اور تمام بازار تاریک سایوں میں لپٹے پڑے تھے۔ اس وقت اس کو یوں محسوس ہوا جیسے وہ کسی اور عالم میں کھڑا ہے۔ کیا اس کی آنکھیں اس وسیع خاموش منظر کو آنے والی صبح کے عکس سے روشن ہوتے ہوئے دیکھیں گی؟ کل کا عجیب و غریب دن اس کے لئے کسی نئی زندگی کا پیغام لائے گا؟ اور یہ سوتا ہوا شہر جب بیدار ہوگا تو اس کے تکمیل پائے ہوئے مجسمے کو کس نظر سے دیکھے گا؟ لیکن ابھی تو رات کی شمعیں جل رہی تھیں اور وہ صبح سے پہلے پہلے اپنا کام ختم کرنے کے لئے بیقرار تھا۔ مجسمے پر ایک ہی نظر اسے واقعات کی دنیا میں لے آئی۔ اور وہ پھر اپنے کام میں لگ گیا۔ گذشتہ و آئندہ کا خیال محو ہو چکا تھا۔ اب پھر وہ خود نہیں رہا تھا صرف سنگ مرمر کی ایک تصویر تھی۔

اور پھر وہ ساعت بھی آپہنچی جب اس نے اپنے اوزار آہستہ سے فرش پر رکھ دیئے۔ کرچہ و بازار پر رات کی ظلمت ابھی پھیلی ہوئی تھی لیکن آسمان کا سیلہ اب بچھڑنے لگا تھا۔ مشرق نے رات کی سیاہی پر مرمر کی ایک دھندلی سی لکیر کھینچ دی تھی۔ صبح کے رنگ ابھی افق پر روشن نہیں ہوئے تھے۔ مگر بڑھتا ہوا اجالا سفید ریشم کے تار و پود کی طرح اپنے ہی نور سے جھلمل جھلمل کر رہا تھا۔

وہ مجسمے کے سامنے کھڑا ہو گیا اور اس نے سر سے پاؤں تک پرسکون مسرت سے بھری ہوئی ایک طویل نگاہ اس کے حسن پر ڈالی۔ جو نظارہ اس وقت اسے دکھائی دیا اس سے مسحور ہو کر وہ دم بخود رہ گیا۔ گو اس نے محسوس کیا کہ اس نے مرمر کا مجسمہ نہیں بنایا بلکہ ایک زندہ پیکر کی تخلیق کی ہے جس چہرے پر اس نے لطیف سے تبسم کا محض ایک اشارہ چھوڑا تھا۔ اس پر ایک شگفتہ ہنسی کے آثار نمایاں ہو رہے تھے اور تھوڑی دیر بعد دانتوں کے وہ آبدار موتی بھی وہاں چمکنے لگے جن کی ساخت کسی انسانی تیشے سے نہیں ہوئی تھی۔ مورت نے اب اپنا قدم اٹھایا اور مرمر کی چوکی سے نیچے اتر آئی۔ اس نے اپنی باہیں اپنے صناع کی طرف پھیلا دیں۔ اس کے مسکراتے ہوئے ہونٹ اب صاف

طور پر ملنے نظر آتے تھے

"میں نے تمہارے انتظار میں عمریں گزاردیں"۔

سنگ تراش لپک کر آگے بڑھا اور اُس سے ہمکنار ہوگیا۔ اُس کے گرم گرم بازوؤں سے اپنے بدن کے گرد محسوس ہوئے اُس کے سانس کی مہک سے سنگتراش کے زرد رخسارے سرخ ہوگئے اُس کے سانس میں باغِ جنت کے پھولوں کی خوشبو تھی۔

اور جب آفتاب کی پہلی شعاعوں نے اِس منظر کو بے نقاب کیا تو وہ روشن پیشانی والا بچہ اور اس کے پیچھے دوسرے بچے سب سے پہلے سنگتراش کے کمرے میں داخل ہوئے۔

سفید چوکی پر مرمر کی مورت اپنے بےمثال حسن میں ملبوس کھڑی تھی۔ اُس کے چمکتے ہوئے چہرے پر ایک آسمانی روشنی کی جھلک تھی جس سے تمام کمرہ منور ہو رہا تھا۔ اُس کے قدموں میں سنگتراش کا بے جان جسم پڑا تھا۔

حمید احمد خاں

درخت

میں سمجھتا ہوں میں کبھی نہ دیکھوں گا
کوئی نظم اتنی دلکش جیسے ایک درخت
ایک درخت جس کا بھوکا پیاسا منہ لگا رہتا ہے۔
شیریں زمین کی دودھ بھری چھاتی کے ساتھ
ایک درخت جو دن بھر خدا کو تکتا رہتا ہے اور اپنی پتوں بھری باہیں اٹھائے دعا مانگتا ہے
ایک درخت جو بہار کے دنوں میں پہنے رہتا ہے
چڑیوں کا ایک گھونسلا اپنے بالوں کے اندر
جس کے سینے پر کہر پڑا ہے
اور جو مینہ کے ساتھ مل کر مزے سے دن گزارتا ہے
نظمیں تو لکھ لیتے ہیں مجھ سے احمق بھی
لیکن ایک درخت کو صرف خدائے پاک پیدا کر سکتا ہے



خیال

دینے کا بچپن

دیارِ محبوب

(ایک ریلوے اسٹیشن پر)

میری اُمیدوں کا مرکز ہے نظر کے سامنے
کوئی ایسے میں خدارا آئے مجھ کو تھامنے

یہ دیارِ حُسن ہے محبوب کی منزل ہے یہ
جو سدا دامن کشِ دل ہے وہی منزل ہے یہ

خاکِ پاک اس شہر کی آئینہ دارِ حُسن ہے
اس کی رنگینی سے وابستہ بہارِ حُسن ہے

یہ زمیں وہ ہے کہ جس پر آسماں کرتا ہے ناز
بہ ضرور ہے جس کے سجدوں سے سرِ عجز و نیاز

اس کے دامن میں نہاں ہے گوہرِ نایابِ حُسن
آسماں اس کو اگر کہیئے تو وہ مہتابِ حُسن

جس کے جلووں سے منور میرے دل کی کائنات
حاصلِ ہستی مجھے جس کی نگاہِ التفات

خوشہ چیں جس کے تبسم کی بہارِ گلستاں
جس کی منت کش مرے جذبات کی رنگینیاں

یاد بھی جس کی تصوّر کو پرِ پرواز ہے
آہ! وہ جس کو مرے ذوقِ وفا پر ناز ہے

ہُو کا عالم، چاندنی، پچھلا پہر، ٹھنڈی ہوا
میں وطن سے دُور ہوں مارا ہُوا آلام کا

کون جا کر اک مسافر کا اُسے پیغام دے
کس کو اُس محفل میں اذنِ باریابی مل سکے؟

آج اس غربت میں میرا ہمنوا کوئی نہیں
بے کسی ہے اور میں، درد آشنا کوئی نہیں

چاند! اے نیت فزائے آسماں تجھ پر نثار
میرا دل تیرے حوالے میری جاں تجھ پہ نثار!

تو کہ ہے دانائے رازِ گردشِ ایّام جا
اس حریمِ ناز میں لے کر مرا پیغام جا

جلوہ گاہِ حسن میں جا کر نہ گھبرانا کہیں
اپنے داغ آلودہ چہرے سے نہ شرمانا کہیں

اے حسیں قاصد! بہت ممکن ہے وہ جانِ شباب!
میری قسمت کی طرح اس وقت ہو مصروفِ خواب

اس کے جلووں سے تری آنکھیں نہ ہونے پائیں مس
ورنہ تجھ کو میری نظروں سے گرا دے گی ہوس

خواب کی صورت میں آہستہ سے اس کے پاس جا
خواب ہی میں جا کے اُس کو میرا حالِ دل سُنا

اس سے ملنے کی کہیں دل ہی میں حسرت رہ نہ جائے
میرا ذوقِ دید محرومِ سعادت رہ نہ جائے

ہو سکے تو اپنی کشتی میں بٹھا لانا اُسے
یعنی جوئے کہکشاں سے لے کے آجانا اُسے

حفیظ ہوشیارپوری

از کجاست تا بہ کجا

یہ ذکر لندن کا ہے۔

شام کے پونے آٹھ بجے کے قریب لندن کے مشہور چوک پکیڈلی کے ایک طرف الگ کھڑے چند ہندوستانی نوجوان خود اپنی جیبیں ٹٹول ٹٹول کر تھیلی پر شلنگ اور پنس جمع کر کر کے حساب لگا رہے تھے کہ شام خوش دلی کے لئے کل مشترکہ سرمایہ کیا ہے؟ آخر بے اختیار ہنس دیئے کہ تھیٹر تو کجا کل جمع پونجی متوسط ترین اکل و شرب کے لئے بھی کافی نہ نکلی۔ مگر وعدہ کر چکے تھے کہ جو کچھ کریں گے اکٹھا کریں گے۔ اس لیے ہر پیش شدہ تجویز کی دو ٹوں سے چھان بین کر رہے تھے پکیڈلی کی رونق چہل پہل کی طرف معنی خیز مسکراہٹ اور شوق افزا نگاہیں پھینکتی ہوئی گزر گئیں مگر یہاں تو "یاراں فراموش کردند عشق" والا معاملہ تھا۔ کسی کی آنکھ نہ ہلی کسی کا قدم نہ اٹھا جب ایک سنچلے نے یہ تجویز کی کہ نہ کھانا نہ تماشہ یہ شام محض BEER اور SANDWICH کی نذر کی جائے تو بحث پھر پوری پارلیمنٹری آب و تاب سے چمک نکلی۔ ایک نے کہا کہ SANDWICH کو محذوف کر دو۔ دوسرے نے کہا کہ یہ آئرن ہوس ہندوستان کی لازوال گزشتہ شان کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلہ کرے کہ انسان پیئے تو خوب پیئے ورنہ برت رکھ لے اور اس لیے میرا ووٹ ہے کہ BEER کو علیکم السلام کہا جائے تیسرے نے کہا کہ میں پوریا ہو BEER سے ہونٹ تر کر لیں گے۔ نشہ اندر سے نکالیں گے اور شام گزر جائے گی۔ اس لئے BEER ضرور ہو مگر تھوڑی ہو۔ یہ سب ابھی اسی بحث میں تھے کہ ایک خوش رو ہندوستانی نوجوان تیزی سے قدم بڑھاتا ہوا ان کی طرف عازم ہوا۔ اور پہنچتے ہی کہنے لگا۔

نووارد۔ کیا شیطان تمھاری کچھ مدد کر رہا ہے؟

ایک۔ کیوں۔

نووارد۔ اس لئے کہ اگر کر رہا ہے تو ضرور تم میں سے کسی کے پاس ایک دو پونڈ فالتو ہوں گے وہ مجھے دے دو۔

دوسرا۔ شیطان صاحب نے تو دیوالہ کی درخواست دے رکھی ہے۔

نووارد۔ مجھے پہلے ہی یہ توقع تھی۔ خدا ہم غریبوں کی سنتا نہیں (AND THE DEVIL FAILS YOU)

تیسرا۔ پھر اب کریں تو کیا کریں؟

نووارد۔ کچھ نہ کرو میرے ساتھ چلو۔ مگر اس شرط پر کہ گیارہ بجے سب فرد ہو جاؤ۔ میری بھٹیاری ذرا تلخ مزاج ہے۔

سب۔ منظور۔ مگر دو شرطیں ہیں۔ ایک تو یہ کہ سنما سٹار یا ایکٹرس کا تذکرہ نہ ہو اور سیاسیات خارج از بحث رہیں۔ اور دوم

یہ کہ خرچ سب مشترکہ ہو۔

نووارد۔ O.K.

۲

(ہندوستانی گھروں میں ان نوجوانوں کی بہنیں، بھابیاں، خالائیں، پھوپھیاں، مائیں، نانیاں سب خیال کرتی ہوں گی کہ ہمارا بچارا انھا ضرور کسی مس کا شکار ہو گیا ہوگا۔ دھڑکتے دل کے ساتھ ہزاروں ذہنی تصویریں ان کے پیش نظر ہوں گی کہ بس کسی چڑیل مس نے شراب پلا پلا کر اپنا دیوانہ بنا رکھا ہے تبھی تو خط دیر میں آتا ہے اور وہ بھی چار سطروں کا۔ نیتیں مانگتی ہوں گی کہ بچ کر چلا آئے تو اجمیر شریف چڑھاوا چڑھائیں۔ چچا کو رہ رہ کر یہ خیال آتا ہوگا کہ اب اپنی بیٹی کا کسی اور جگہ ارادہ کروں (ہندوستانی والدین بیٹیوں کے لئے جگہ تلاش کرتے ہیں تو ہر چاہے کیسا ہی ہو) باوا اگر قہر کے گھر میں ہوئے تو صاف کہتے ہوں گے "عجب پاجی ہے کہ خرچ اٹھائے جا رہا ہے اور امتحان پاس کرنیکا نام نہیں لیتا"۔ اور اگر مزاج کا پارہ ذرا کم تیز ہوا تو دبی زبان سے یوں بھی فرما دیتے ہوں گے۔ "بھئی آخر کیا کرے۔ لندن نئی جگہ نہ ہنگی جگہ انتشار کا گھر۔ خرچ نہ کرے فیل نہ ہو تو اور کیا کرے۔")

۳

یہ نوجوان ایک سستی جگہ سے کچھ کھانے پینے کی چیزیں لے کر نووارد کے گھر پہنچے۔ لینڈ لیڈی (LAND LADY) کی بیٹی نے ان کو کمرے میں داخل ہوتے ہوئے دیکھ کر اپنا فرض سمجھا کہ کرایہ دار (یعنی مسٹر نووارد) سے دریافت کرے کہ کیا یہ لوگ کچھ SUPPER کے متلاشی ہوں گے؟

نووارد۔ لوسی تھینک یو۔ مگر سپر ہمارے ساتھ ہے اور ہم تو محض باتوں سے پیٹ بھریں گے۔ ان سب شاہزادوں کے پاس حکل ٹین (یعنی نقدہ و حرمتہ) کی عارضی کمی ہے۔

لوسی (دلفریبی سے مسکرا کر) یوں تو نہ کہئے کہ یہ ان PRINCES کا تصور ہے یوں فرمائیے کہ وہ کھیت جس کا نام باپ ہے آج کل زرخیز نہیں۔

نووارد۔ تصحیح کا شکریہ! اسی لیے تو میں کہتا رہتا ہوں کہ مجھے تم سے ابھی بہت کچھ سیکھنا ہے۔

لوسی۔ گڈ نائٹ۔

اس مس کے پیٹھ موڑنے پر گفتگو یوں شروع ہوئی۔

ایک۔ غنیمت ہے۔ اس سے تو جان بچی۔

دوسرا۔ کس کی؟

تیسرا۔ سلسلۂ گفتگو قطعی ممنوع ہے۔ آج شام زبان کے لیئے عورت اور شراب دونوں حرام ہیں۔

نووارد۔ یہ بتاؤ کہ کھاؤ گے کس وقت؟

سب۔ جب آنتیں بالکل قل ہواللہ پڑھیں گی۔ اس سے پہلے ہرگز نہیں۔

نووارد۔ میرا قرآن تو تقریباً ختم ہے۔

ایک۔ میرا بھی دوسرا۔ سچ پوچھو تو میرا بھی تیسرا علیٰ ہذا القیاس۔

اس پر سب کے سب خوب ہنسے اور خوشی خوشی حاضر کو گھٹنوں پر ٹکی ہوئی طشتریوں میں رکھتے گئے اور کھاتے گئے۔ تھا ہی کیا؟ بس سنٹ میں چاروں میں وہ دو BEER کی بوتلیں اور کافی مزہ دار SANDWICH گویا اونٹ کے منہ میں زیرہ ہو کر رہ گئیں۔ مگر ان لوگوں کی بشاشت کی کوئی انتہا نہ تھی۔ سب کے سب صحت کی دولت سے مالا مال تھے اور اس سے بڑھ کر یہ تھا کہ خداداد ذہانت کی برقی روشنی سے چہرے تمتما رہے تھے۔ باتیں کرتے کرتے ایک نے فارسی شاعری کا ذکر چھیڑ دیا۔

نووارد۔ واہ حضرت! کس بیابان میں جا گھسے؟

ایک۔ بیابان تو ضرور ہے۔ مگر اس میں ہلا کے ساحر آباد ہیں۔ سچ پوچھو تو خدا کی بنائی ہوئی دنیا کو ردی کر کے جو خیالی دنیا فارسی شاعروں نے کھڑی کر دی ہے وہ قطعی بے مثل ہے۔

دوسرا۔ یہ کیسے؟ کیا یونانیوں کے اور ہندوؤں کے دیوی۔ دیوتاؤں کے قصے کچھ کم حیرت خیز ہیں۔ حالاتِ موجودہ کو کس خوبی سے منسوخ کر کے ان لوگوں نے محض زبان آوری کی لیاقت کے جادو سے ایک مفروضہ دنیا کو انسانی دلوں پر حکمران کر دیا۔ اور فارسی والوں میں اصلی تخیل کتنا خفیف و نزار ہے۔ "ہمہ اوست" اور "ہمہ از وست" کے دو عامیانہ جملوں کو فصاحت کی شراب پلا پلا کر ان لوگوں نے متوالے پن کی شان میں اضافہ ضرور کیا ہے۔ مگر غائر نظر سے دیکھو تو اور کچھ بھی نہیں۔ پل میں فنا ہوتے ہیں۔ پل میں بقائے دوام کے دعوے دار بنتے ہیں اور عمر بھر اسی فنا و بقا کی بے معنی ترشی کو مینائے فراست سے انڈیلتے ہیں اور پھر اسی میں ڈال دیتے ہیں۔ ایک آدھ نے خم شکنی بھی کی ہے۔ مگر فارسی شاعری میں تصوف کا سوسنا تھ جوں کا توں موجود ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ فارسی والوں کے پاس۔ خدا، معشوق۔ اور رے کے علاوہ صرف آئینۂ حیرت، جبر و اختیار اور فنا و بقا کا داغی سرمایہ تھا اور باقی خیر سلا۔ جہاں تک ان سے ممکن ہو سکا۔ ان چند تانوں کو وہ لمبا کرتے رہے مگر . . . . . .

تیسرا۔ اب بس بھی کرو کہ لکچر دیتے چلے جاؤ گے؟ اس بحث میں میں بھی حصہ لینا چاہتا ہوں؟

ایک (گاتے ہوئے) میں پڑوں تورے پیاں۔

معاف کر دے

تیسرا۔ معاف کیا۔ اچھا اب میری سنو کیا شعر کو اس کے معنی کے لئے پڑھنا اور پڑھنا خالص گدھا پن نہیں؟ ایشیائی ستم کی انتہائی رقت

یہ ہے کہ حُسن کو اور حسن آفرینِ فنِ انسانی کو نیک و بد کی ترازو میں تولا جاتا ہے۔ اور مزید براں یہ کہ شاعر خود اس مہمہ دانی مہم فہمی کے دھوکے میں مبتلا ہو کر گویا واعظ بن جاتے ہیں الا بعض دفعہ واعظ سے بڑھ کر عین معرفت کے ترجمان ہونے کے دعوے دار۔ شاعر تو خیر تھا ہی لن ترانیوں کے لئے مگر لوگوں کی عقل کا کیا کہیئے کہ ان ابلہ فریبوں کو حقیقت کا کامیاب شکاری سمجھتے ہیں میری رائے میں شعر کو پرکھنے اور اس سے لطف اٹھانے کا ایک ہی طریقہ ہے اور وہ یہ ہے کہ کیا شاعر نے الفاظ کے سنگ ریزوں کو یوں جڑا ہے کہ وہ الماس و زمرد کو مات کر دیں؟ شاعر لفظوں کا صناع ہے۔ جیسے جوہری ہیرے اور یاقوت کا۔ دونوں اپنے اپنے فن کے کاریگر ہیں۔ کاری گر کی لیاقت کا معیار اس خیال سے کرنا کہ چیز قیمتی ہے۔ گویا اس کی کاریگری کا خون کرنا ہے۔ آپ لوگ جو مضمون پر مرتے ہیں۔ گویا یہ کہتے ہیں کہ قطب صاحب کی لاٹ اگر سونے چاندی کی ہوتی تو بہت زیادہ پسندیدہ ہوتی۔ قطب صاحب کی لاٹ کی قدر و منزلت اس لیے کم نہیں ہو جاتی کہ دراصل وہ محض اینٹ پتھر چونے اور گارے کا مجموعہ ہے۔ اس کی اصلی شان یہ ہے کہ کاریگر نے اینٹ پتھر کو اپنی حسن آفرین طبیعت سے وہ مرتبہ دے دیا ہے جو کہ ڈرمن سونے کو حاصل ہونا ناممکن ہے یہی حال شاعر کا ہے۔ اپنی کیمیا گری سے مٹی کو سونا کرتا ہے۔

درسایہ مجو دل عزا تی
کاں زرہ با فتاب پیوست

نووارد۔ بھئی سنو بحث نہ کرو۔ تم سب جانتے ہو کہ اس مضمون میں مجھے بھی کچھ شُد بد ہے اور وہ مبالغہ جو ابھی (ایک کی طرف مخاطب ہو کر) تم نے کیا ہے دانستہ کیا ہے۔ مجھے خوب علم ہے کہ تم چاہتے تو شاعری کی TECHNIQUE کی بحث کر دیتے اور مضمون کی خوبی کے مدح میں قصیدے کے قصیدے لکھ ڈالتے۔ مگر ایک شعر مجھ سے بھی سن لو عرفی کا ہے۔

مرا ز چشمِ تو ہر شیوہ کہ باید ہست
ہمیں نہفتہ نگہ ہائے آشنا ست کہ نیست

یہ ہے شاعری کا کمال کہ کتنے مختصر لفظوں میں کتنی خوبصورت داستان لکھ دی ہے۔ کیا ہست و نیست کا تلازمہ ہے۔ سب کچھ ہے اور پھر کچھ بھی نہیں اور محض اس لیے کہ شریر آنکھیں شرارت سے باز رہیں تو بھی ستم کر جاتی ہیں۔

سب۔ واللہ لاجواب شعر ہے۔ پھر کہو۔

نووارد۔ پھر وہی شعر دہراتا ہے۔ سب کے سب لہر الہرا کے گنگناتے ہیں۔ گویا مہوت سے ہو جاتے ہیں اور یہ عالم کچھ دیر تک طاری رہتا ہے پھر سب کے سب بے اختیار ہنس دیتے ہیں۔

نووارد۔ واللہ ہمارے سب کے دماغ کیا ایک سانچے میں ڈھلے ہیں؟ یا تو اس شعر کا لطف لے رہے تھے اور یا یہ خیال آ گیا کہ عرفی بھی کس دنیا میں رہتا ہو گا؟ "تغافل ہائے تمکیں آزما" والی دنیا کے رہنے والے بچاروں کے لیے نگاہِ بے محابا بڑی دولت تھی۔ لندن میں کوئی

ایسا مفلس نہیں جیسے یہ میری میسر نہ ہو۔ واقعی ہندوستان سخت نادار ہے۔

سب۔ تو گویا یورپ کا یہ سبق ہمارے دلوں میں سب سے زیادہ پائدار ہے؟

نووارد۔ یہ ہوہ مت بکو۔ تم جانتے ہو کہ میرا نظریہ یہ ہے کہ ہم زندگی سے سیکھنے کچھ نہیں آئے بلکہ زندگی کو کچھ سکھانے آئے ہیں یہاں ہم پارسائی کی تلقین کریں گے جب گھر جائیں گے تو رندی کا درس دیں گے۔

سب۔ اپنا فضول فلسفہ رہنے دو۔ لو اب چلنے میں بھی تمہاری بدولت خوب شام گذری۔

ایک۔ ہاں بھئی شکریہ پیسے بچ گئے۔ وقت کٹ گیا۔

دوسرا۔ یوں کہو کہ وقت زندہ ہو گیا۔

تیسرا۔ واللہ اس تفریح سے کل کے کام کے لئے جان میں جان آگئی۔

ایک۔ ضرور تم تو کل رستم بن کر ریاضی کے اسفندیار کو زیر کر لوگے مگر ہمارا اقتصادی پہلوان ہم سے نہیں بچھڑتا خدا ستیاناس کرے۔ اس گول چاندی کی ٹکیہ کا جس کا نام روپیہ ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ روپیہ آدمی کے لئے ہے یا آدمی روپیہ کے لئے ہے۔

سب۔ بھئی ایک شعر اور سنا دو تب جائیں گے۔

نووارد۔ سنو۔

ادب زمن طلبد شوخ آشنا روئے کہ از تبسم او مے شود حیا گستاخ

سب۔ واللہ کیا موتی پروئے ہیں۔

دوسرے مصرع کو سب بار بار پڑھتے ہیں اور جھومتے ہوئے خدا حافظ خدا حافظ کہہ کر ہشاش بشاش رخصت ہونے کو تھے کہ نووارد بولا۔

نووارد۔ ایک شعر اور سنتے جاؤ۔

در خواب غلط بماند خسرو
کایں حال مرا نہ بود یا بود

سب چلے جاتے ہیں۔

۴

لوسی۔ میں آسکتی ہوں؟

نووارد۔ آئیے۔ کیوں خیر ہے؟

لوسی۔ مجھ سے غلطی ہوئی ہے معاف کیجئے۔

نووارد۔ کیا؟

لوسی ۔ مجھے نیند نہ آرہی تھی ۔ اس لئے میں پڑھنے لگ گئی ۔ اتفاقاً اس پردہ کے پیچھے سے گزری تو آپ لوگوں کو دیکھا عجب حالت تھی ۔ آپ کچھ کہہ رہے تھے ۔ آپکے دوست اس بات کو جھوم جھوم کر دہرا رہے تھے ۔ میں اس SCENE کو دیکھ کر ہل نہ سکی ۔ گویا پاؤں زمین میں گڑ گئے ۔ آپ اپنی زبان بول رہے تھے اس لیئے یہ تو آپ کو شبہ نہ کرنا چاہیئے کہ مجھ میں پرائی بات سننے کی ذلیل جستجو تھی ۔ مگر پھر بھی میں معافی مانگتی ہوں ۔ امید ہے کہ آپ بُرا نہ مانیں گے ۔

نووارد ۔ لوسی ۔ تم کیسی باتیں کرتی ہو ، معافی کا اور برا ماننے کا کیا سوال ہم تو ایسے بیہمک تھے کہ ہم میں سے قطعی کسی نے محسوس نہیں کیا کہ پس پردہ بھی کوئی ہے ۔

لوسی ۔ یہی تو میں تعجب کرتی ہوں کہ وہ کیا چیز تھی جس نے آپ کو اس قدر بے خود کر رکھا تھا ۔ آپ لوگوں کے چہروں پر اس وقت ایسی SPIRITUAL - LIGHT تھی جو اپنے وطن میں مجھے کبھی خلگفتہ سے شگفتہ رخ دل کش میں نظر نہیں آتی ۔ دوسروں کو خوش دیکھ کر کتنی خوشی ہوتی ہے ۔

نووارد ۔ لوسی ہم فارسی زبان کے اشعار کو پڑھ کر ان کا لطف لے رہے تھے ۔

لوسی ۔ کیا عمر خیام کے اشعار تھے ؟ ۔

نووارد ۔ عمر خیام بچارا کیا شعر لکھتا ۔ ایک شعر عراقی کا تھا ۔ دو عرفی کے ۔ اور ایک امیر خسرو کا ۔

لوسی ۔ آپ کو نیند نہ آرہی ہو تو مجھے ترجمہ سنا دیجئے ۔ مجھے سخت بے تابی ہے ۔

نووارد ۔ نیند تو نہیں آرہی مگر ان اشعار کا ترجمہ ہو نہیں سکتا ۔ البتہ تم کہو تو دو ایک اور کا ترجمہ سنا دیتا ہوں ۔

لوسی ۔ ضرور سنائیے ۔ کوئی شراب کا یا گلاب کا شعر ہو ۔

نووارد ۔ کیا تمھیں نیند نہیں آرہی ؟

لوسی ۔ ہرگز نہیں ۔ لائیے آپ کا کوٹ اتار دوں ۔ آپ ڈریسنگ گون پہن لیجئے ۔

نووارد ۔ تھینک یو ۔

لوسی ۔ نہایت بے تکلفی سے کوٹ و اسکٹ اتار لیتی ہے ۔ گرم ڈریسنگ گون اٹھا لاتی ہے ۔ اور نوجوان اپنے گلے کو کالر نکٹائی کی قید سے آزاد کرتا ہے ۔

نووارد ۔ سنو ایک شعر یہ ہے ۔

ترسا بچہ ، نشوخ ۔ شنگ ۔ بشکر افشانے
در ہر خمِ زلف او گمراہ مسلمانے

(شعر سنا کر ترجمہ بھی کرتا جاتا ہے۔ اور اس کے بالوں سے بھی کھیلتا جاتا ہے)

از دیر بروں آمد، بر خوبیٔ خود سرمست
ہر کس کہ بدید او را والہ شد و حیرانے

(پھر ترجمہ کرتا ہے) ایک اور غزل میں ایک شعر یہ ہے۔

شکر زلبش می چیں، تا چند ز کفر دیں۔ در زلف و رخِ او بیں، گبرے و مسلمانے

(پھر ترجمہ کرتا ہے)

لوسی۔ یہ شعر تو ایکٹنگ کے قابل ہے۔

چنانچہ ایکٹنگ ہوتا ہے مگر وہ نہیں جس کا ہندوستان میں بیٹھی بچاری ماؤں کو بہنوں کو ڈر لگا رہتا ہے۔ کیونکہ زمانہ ترقی پذیر ہے۔ نہ دل آتا ہے نہ دل جاتا ہے جو ہوتا ہے وہ فطری سادہ دلی سے اور ایسی بھولی طرح کہ ملال کا۔ گناہ کا گمان تک نہ ہو۔

لوسی۔ کاش کہ میں آپ کا کافی شکریہ ادا کر سکوں (جمائی لے کر) نیند بھی کیا فضول چیز ہے۔ کاش جاگتے چلے جائیں، تم شعر پڑھتے ہو تو بچوں سے بڑھ کر بھولے معلوم ہوتے ہو۔ گڈ نائٹ۔

نووارد۔ گڈ نائٹ۔

۵

اجمیر شریف۔ چڑھاوا چڑھے کو کئی سال گزر گئے۔ چچا کی بیٹی کے لئے جگہ کی تلاش کا سوال پیدا ہی نہ ہوا۔ گھر کا کام گھر ہی میں ختم ہوا۔ باوا کی تکمین میں فارغ البالی کے آثار ہیں۔ کیونکہ گو کماؤ بیٹے نے الگ کوٹھی میں رہنا پسند کیا۔ مگر صاحبہ نے سعادت مندی کو کچا نہ نگلا۔ باپ کی ہاں بہنوں کی آؤ بھگت میں توقع سے زیادہ خلوص تھا چھوٹی بہن البتہ کبھی کبھی کہہ اٹھتی کہ خدا جانے شادی کے بعد آکا سیاں کے مزاج میں وہ چلبلا پنا کیوں کم ہو رہا ہے جو ولایت سے واپس آنے پر ہونٹوں اور آنکھوں سے فوارے کی طرح چھلتا دکھائی دیتا تھا۔ مگر اور سب کو کامل اطمینان تھا کہ سلیم طبائع پر لندن کا جادو کارگر نہیں ہوتا۔ سمجھنے والے خوب سمجھ رہے تھے کہ ہندوستانی سوشل گرد و غبار اپنا کام کر رہے ہیں مگر اس معاملہ میں کوئی کر کیا سکتا ہے جس طرح گول کمرے کی رلایتی چاندی کی چیزیں۔ روزانہ جھاڑ پونچھ کے باوجود ماند پڑ جاتی ہیں۔ اسی طرح وہ ذہین خوش رو چہرے جن پر چار پانچ سال لندن نے محنت سے جلا دی ہو ہندوستانی گھروں میں ہندوستانی حالات کے دباؤ کے افسوسناک اثر سے بچ نہیں سکتے۔ سب سے پہلے بوٹ بدھم ہونے شروع ہوتے ہیں اور پھر مانگ تک نوبت پہنچتی ہے کہ کبھی ہے اور کبھی نداردبوٹ بوٹ۔ دل۔ دماغ سب کو ہند کی معاشرتی پھپھوندی کھا کر چھوڑتی ہے۔

ہاں مگر کبھی کبھی اگر دوست مل بیٹھیں تو۔

۶

یہ ذکر ہندوستان کے ایک شہر کا ہے۔

(نام نہ شہر کا لکھا جائے گا نہ کسی شخص کا۔ نام ان کے ہوتے ہیں جو کچھ ہوں اور جو کر سکیں۔ جو وطن سے باہر کبھی زندہ رہے ہوں مگر وطن میں محض چلتی پھرتی لاشیں ہوں۔ کیا ان کا نام کیا ان کے شہر کا پتہ؟ مگر یہ داستان سیکڑوں گھروں کی زندہ تاریخ ہے)

تار آنے پر مسٹر وقار دمعمول سے قدرے زیادہ تعلیق طرز میں شام سے ذرا پہلے موٹر میں سٹیشن پر جانے کے لئے طیار ہیں کہ چھوٹی بہن آ نکلتی ہے۔

چھوٹی بہن۔ آ کامیاں! آج تو آپ بہت بشاش معلوم ہوتے ہیں۔ کیا بات ہے؟

نووارد۔ مُنّی میرے تین دوست آ رہے ہیں۔ صرف ایک رات کے لیے لندن میں ہم چاروں بہت دیر یک جا رہے۔ سب کے سب لائق تھے اور اب کامیاب ہیں۔ مجھے بے انتہا شوق ہے کہ ان سے مل کر گپ بازی ہوگی۔

بیوی۔ کھانے کے لئے میں نے کہہ دیا ہے۔ پلاؤ ہوگا اور دو ایک سالن مچھلی اور کباب تو خیر ہوں گے ہی۔ اور کچھ چاہیں تو بنوا دوں؟

نووارد۔ سنئے۔ میں پہلے کہہ چکا ہوں کہ کھانا وہ لوگ شاید ہی کھائیں اور تکلف کا کھانا۔ اگر آپ میری نہیں تو ہرگز طیار نہ کرائیے۔ سینڈوچ کافی رکھوا دیجئے۔

بیوی۔ یہ بھلا کیسے ہو سکتا ہے کہ آپ کے دوست آئیں اور کھانا نہ بنواؤں؟ سینڈوچ بھی بھلا کوئی کھانے کی چیز ہے۔ مگر آپ اصرار کرتے ہیں تو ضرور تیار ہو جائیں گے۔

چھوٹی بہن۔ بھابی! کیا آپ آ کامیاں کے دوستوں سے بھی پردہ کریں گی؟

بیوی۔ مُنّی! پردہ ہے تو سب سے ہے۔

نووارد کے چہرے پر ایک غیر معلوم مٹھاس کے لئے بشاشت مفقود ہو جاتی ہے۔ مگر چھوٹی بہن اور بیوی کی طرف ہاتھ ہلاتا ہوا موٹر میں سوار ہو جاتا ہے۔

سٹیشن پر چاروں دوستوں کا ملنا۔ عرصے کے بعد ملنا اور تھوڑے عرصے کے لئے ملنا!!! "ہیلو" "ڈیم یو" "ابے پیٹو" "ابے رندی خیلی" "ابے شیطان کے گرو" اور اسی قسم کی بیسیوں بے تکی صلواتوں کے گویا طوفان کا سہا ہونا تھا۔ کہاں پرانی تہذیب کہ دیر کے بعد ملو تو آب دیدہ ہو کر ملو۔ کہاں یہ نیا طریقہ کہ دلی مسرت کو بدتمیزی کا برقع پہنا دو۔ ہاتھ بھی چلے۔ زبان بھی چلی۔ مگر اس تڑاق پڑاق اور گالی گلوچ میں طبیعتوں سے ہندوستان کا رنگ مدھم ہو گیا۔ سامان ملازموں کے حوالہ کر کے موٹر کے پاس پہنچے۔ بھلا نووارد کو خود اپنی موٹر کون چلانے دے! ایک کرایک نے WHEEL کو تھاما۔ دوسرے نے نووارد کو پچھلی سیٹ میں دھکیلا جو موٹر چلانے بیٹھا وہ خوشی سے بولا PETROL بہت ہے پہلے دیکھیں میل

کا چکر لگائیں گے۔ یہ جا وہ جا۔ مضافات کے باغ دیکھے۔ رات ہوگئی تو شہر کی سڑکوں پر گھومے۔ ایک RESTAURANT سے BEER کی دو بوتلیں اٹھالائے اور پھر رات کے نو بجے گھر پہنچے۔ خدا گنگا نے عرض کیا کہ تصور کھانا لاؤں کہ ایک کہنے لگا نہیں کھانا نہیں صرف سینڈوچ لاؤ۔ دوسرا کہنے لگا ہاں درست آج لندن کی رات سناؤ۔ کھانے کو GOOD BYE تیسرا چہکا کہ یہ ہوجائے تو کیا کہنے مگر یار وہی شرط کہ عورت کا لفظ زبان پر نہ آئے۔ خوش طبعی کے اس جلسہ میں میزبان بھی بھول گیا کہ زندگی میں سوائے دوستوں سے مل کر خوش ہونے کے کوئی اور فرائض بھی ہوتے ہیں اور یہ چاروں گویا پھر طالب علم ہوگئے۔ نہ کوئی قائم مقام کلکٹر رہا۔ نہ کوئی کامیاب بیرسٹر۔ نہ انجینیر۔ نہ ڈاکٹر سینڈوچ BEER کا گلاس اور باتیں کرکٹ میچ کی باتیں۔ جہاز کے سفر کی باتیں۔ استادوں کی باتیں بچھڑے ہوئے ہم سبق کسی مدراسی۔ کسی بنگالی کی باتیں۔ باتیں اور بات بات پر قہقہے۔

ایک۔ ارے وہ مرہٹا چندکہاں ہے جو انگریزی میں نظم لکھا کرتا تھا۔

دوسرا سنتا ہوں کہ اس کی دو چار نظمیں انگریزی رسالوں میں شائع ہوچکی ہیں۔ مگر یہ بھی سنا کہ بیوی سے وہ بھاگ نکلا۔

تیسرا۔ یہ تو ہونا ہی تھا۔ شاعری اور بیوی متضاد چیزیں ہیں۔

نووارد۔ سچ کہتے ہو۔ اسی لئے میں TENNYSON کو بڑے شاعروں میں شمار نہیں کرتا۔

دوسرا۔ یہ تھا راظلم ہے۔ ٹینی سن لاجواب چیزیں لکھ گیا ہے۔

نووارد۔ (جلدی سے) لعنت بھیجو اس کی لاجواب بکواس پر جو شخص یہ لکھ سکتا ہے۔

LET MORE + MORE OF RE VERENCE IN US DWELL وہ کبھی شاعر ہو ہی نہیں سکتا۔

ایک۔ آج تو تم بہت مبالغے پر تلے ہوئے ہو۔

نووارد۔ اچھا بحث کو جانے دو۔ کیا وہ تمھیں یاد ہے جس میں حسن کا دعویٰ ہے کہ خدا اپنے ستارے سے اترے۔

AND BOW BEFORE THE WONDER OF MY EYES اس کے بعد کی انگریزی گفتگو کا لطف اردو میں بیان ہونا ناممکن ہے۔ انگریزی شاعری کا طوفان امنڈ پڑا۔ طالب علمی اور شباب! کسی نے کچھ پڑھا کسی نے کچھ۔ پورے دو گھنٹے گزر گئے اور خیال تک نہ ہوا کہ رات آدھی جاچکی ہے۔ آخر ایک نے فرانسیسی شاعر BAUDLAIRE کا ذکر چھیڑا تو نووارد بولا۔

نووارد۔ عربی نے "خندۂ گلہائے بدنامی" کی ترکیب باندھی ہے مگر BAUDLAIRE کے FLOWERS OF EVIL کی گرد تک کو نہ پہنچ سکا۔

دوسرا۔ اچھا تو اب یہ گل بدکرداری کاشت کرو کہ پاؤں پھیلا کر سو جاؤ۔

سب مل کر نووارد کو تو گھر کے اندر دھکیلتے ہیں اور کہتے جاتے ہیں کہ تم سوتے رہنا ہم صبح چل دیں گے۔ "نائٹ نائٹ اولڈ بائے"۔

اور "DAMN GOOD TIME WE HAVE HAD" کا شور مچ گیا۔

۷

نووارد دوستوں کی خوشی کی شراب سے مخمور پلنگ کمرے میں داخل ہوتا ہے تو کیا دیکھتا ہے کہ بیگم بیدار ہیں۔

نووارد۔ ارے۔ تم جاگتی ہو؟۔

بیوی۔ کون سو سکتا ہے۔ پکا پکایا کھانا آپ لوگوں نے غارت کیا۔ یہ بھی کوئی طریقہ ہے کہ کھانا برباد کیا نیند گنوائی اور پوری دو تولیں تم لوگ چٹ کر گئے۔ لندن میں یہی سیکھا ہوگا ان سب نے مجھ سے تو رہا نہ گیا۔ پردے کے پیچھے سے جھانکا تو کیا دیکھتی ہوں کہ اچک اچک کر انگریزی میں سب کے سب کچھ بکے جا رہے ہیں۔ مجھے تو دیوانے معلوم ہوتے تھے۔ کسی اور کا بھی خیال کیا ہوتا۔ تم لوگ تو بچوں سے بدتر ہو گئے۔

انسانی دماغ کا گراموفون بعض وقت عجب طرح بجتا ہے۔ بیگم کی یہ عقل کی باتیں (ہندوستانی عقل ہندوستانی غصہ سے کہیں زیادہ زہر آلود ہوتی ہے) سنتا جاتا تھا۔ مگر اس کے دماغ میں وہ بالکل بھولے ہوئے نقرے گونجنے لگے "دوسروں کو خوش دیکھ کر کتنی خوشی ہوتی ہے"۔ "نیند بھی کیا فضول چیز ہے"۔ "آپ کے چہروں پر SPIRITUAL LIGHT تھی"

نووارد کچھ نہ بولا۔ بیوی کچھ بھی متعجب ہو کر رہ گئی کہ شوہر یہ گنگنا رہا ہے۔

ترسا بچۂ شوخے ، شنگے شکر افشانے

اسے کیا پتہ کہ صنفِ نازک کی ایک دور بیٹھی مغربی کلی اپنی مشرقی بہن کے آڑے آ رہی ہے۔

"فلک پیما"

اگر میں تم سے کہہ دوں کہ تم مجھے پیاری لگتی ہو تو اے بھورے بالوں والی اے نیلی آنکھوں والی! خدا جانے تم اس پر کیا کہو؟

(ایلفرڈ ڈمبوسے)

"گ"

غزل

دم اے ملک الموت ذرا بہرِ خدا لے
واپس مرا قاصد درِ جاناں سے تو آلے

حسرت ہے کہ منہ سے بھی سنوں ناز کی باتیں
اونچی نگاہوں سے مجھے دیکھنے والے

ہو جس کی خلش روح کو سرمایۂ لذت
کیونکر کوئی وہ تیر کلیجے سے نکالے

اے نالۂ دل اُس پہ اثر ہو تو میں جانوں
بے فائدہ یوں عرش ہلانے کو ہلالے

مٹتے ہیں مٹانے سے کہیں نقشِ وفا کے
اے حُسن مجھے صفحۂ ہستی سے مٹالے

نامے پہ لٹائیں گہرِ اشک کی لڑیاں
قاصد کو کیا خوبیٔ قسمت کے حوالے

میں عفو کا طالب ہوں یہ اب تجھ پہ ہے موقوف
ٹھکرا مرا سر یا مجھے سینے سے لگالے

مشتاق غبارِ سُمِ توسن کی ہیں آنکھیں
اے اسپ نشیں خاک نشینوں کی دعا لے

جو کچھ وہ کہیں گے تجھے معلوم ہے اے صدق
حالِ دلِ بے تاب سنانے کو سنالے

صدق جائسی

خرابات کی رات

ساقیا ابر اٹھا جھوم کے بھر دے ساغر
مست کر دے کہ ہے مستانہ ادا یہ منظر

ابر بدمست ہے گل وجد میں کلیاں سرشار
جلد پھولوں کا بچھا کُنجِ چمن میں بستر

خمِ ابرو کی طرح خم کو جھکا دے ساقی
مست آنکھوں کی قسم جھوم کے بھر دے ساغر

بادۂ ناب کے دو گھونٹ پلا دے ساقی
کھولدے مہر و محبت کے دریچے دل پر

محفلِ اہلِ خرابات پہ دم بھر کے لئے
تیرے قربان ذرا مہر و عنایت کی نظر

نرگسی چشم سے کر بارشِ صہبا ساقی
جھومتا ابر چلا آتا ہے مے خانے پر

ذرّے ذرّے سے اُبلتی ہے جوانی کی اُمنگ
مئے گلرنگ میں ہے عکسِ جمالِ دلبر

کر دے اعلان نہ میخانہ کوئی بند کرے
آج ہیں صبح سے وا میکدۂ خلد کے در

ہم جو خرّم کرم آج رہیں تو کیونکر
بادہ نوشی کا ہے ہر ذرۂ عالم پہ اثر

کوئی کہدو مہ و خورشید کی پروا ہی نہیں
آج رندوں کو ہیں بس جام و سبو شمس و قمر

گونجتی آتی ہے کانوں میں پپیہے کی صدا
سرخیٔ بادۂ گلگوں ہے سبک پھولوں پر

ایسے لمحوں میں کہ خود دہر ہے اک میخانہ
اُس کی قسمت ہو جسے آج بھی ہو اپنی خبر

نورِ مہتاب میں کلیوں کی ہے خوشبو کا سُرور
ہوگی اب شب نہ میسّر کوئی اس سے بڑھکر

جسم کا خون بڑھاتی ہے چمن کی خوشبو
روحِ خوابیدہ جگاتی ہے مئے جاں پرور

جام اک اور دے بیتاب ہے مخمور جلال
تیری آنکھوں کی قسم ساقیٔ مسکیں پرور

جلالؔ

گندم کے پودے کی موت

اکثر سنا گیا ہے کہ رعد و برق کے ایک تیز و تند طوفان کے بعد موٹے گندم کا کھیت جھلس کر سیاہ پڑ جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آگ کی لپٹ اس پر سے گذر گئی ہے۔ دیہاتی تو کہتے ہیں کہ کھیت کی شکل بجلی بگاڑ گئی ہے لیکن میں نہیں بتاتا ہوں کہ چڑیوں کا اس کے متعلق کیا خیال ہے۔ چڑیوں نے یہ بات ایک بوڑھے بید کے درخت سے سنی تھی جو موٹے گندم کے ایک کھیت کے قریب اگا تھا اور اب تک وہیں ہے۔ یہ بہت بڑا درخت ہے اور اس کی تعظیم کرنا ہر ایک کا فرض ہے۔ اگرچہ عمر کے تقاضے سے اس کے اعضا بیکار ہو چکے ہیں۔ اس کا تنا پھٹ چکا ہے اور اس کے اندر گھاس اور خاردار بوٹیاں اُگ آئی ہیں۔ یہ تھوڑا سا آگے کو جھکا ہوا ہے اور شاخیں لٹک کر زمین تک آ پہنچی ہیں جو بالکل اس کے سبز سبز بال معلوم ہوتی ہیں۔ آس پاس کے تمام کھیتوں میں غلہ اُگا ہے صرف بڑی بڑی دیو گندم اور جو ہی نہیں بلکہ جئی بھی ——— خوبصورت جئی جو بیک کریوں معلوم ہوتی ہے جیسے چھوٹی چھوٹی سنہری چڑیوں کا کوئی جھنڈ شاخوں پر بیٹھا ہے۔ غلے کے کھیت عموماً مسکراتے رہتے ہیں۔ بھاری بھاری اور عمدہ بالے پودوں کے سر نیچے جھکا دیتے ہیں اور پودے ایسے معلوم ہوتے ہیں جیسے بہت ہی عاجز اور نیک ہیں۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ وہاں موٹے گندم کا بھی ایک کھیت تھا یہ کھیت بید کے درخت کے عین بالمقابل اُگا تھا۔ اس کا ایک پودا دوسرے پودوں کی طرح کسی طرح اپنا سر نیچا نہ کرتا تھا اور اکڑ کر نہایت غرور سے کھڑا تھا۔ وہ کہنے لگا "میں بھی اتنا ہی معزز ہوں جتنے دوسرے قیمتی پودے اور میں اوروں سے زیادہ خوش رُو ہوں۔ میرے پھول سیب کے پھولوں کی طرح خوشنما ہیں۔ کون ہے جو مجھ سے زیادہ حسین ہو؟ بتاؤ کوئی ہے؟ بتا اے بوڑھے کھوسٹ بید!!"

بوڑھے بید نے جواب میں سر کو یوں جنبش دی جیسے وہ کہہ رہا ہے "ہے! ہے! ہے!!!"

لیکن موٹے گندم کا یہ نامعقول پودا غرور سے تن کر کھڑا ہو گیا اور پھر آپ ہی آپ بڑبڑا کر کہنے لگا۔ "نامعقول درخت! اتنا بوڑھا ہو گیا ہے کہ اس پر گھاس بھی اُگ آئی ہے!"

اس کے بعد یوں ہوا کہ ایک سخت خوفناک طوفان آیا۔ کھیتوں کے تمام پھولوں نے سہم کر یا تو اپنی پتیاں سمٹا لیں یا اپنے چھوٹے چھوٹے سر نیچے جھکا دیئے طوفان چپکے سے ان پر سے گذر گیا۔ لیکن موٹے گندم کا پودا نخوت سے اکڑا کھڑا رہا۔ پھول بہتیرا سمجھاتے رہے کہ "ہماری طرح سر جھکا لو" ہماری طرح سر جھکا لو" مگر اس نے سنی ان سنی ایک کر دی۔

اس کے بعد غلّے کی بالوں نے بھی چلّا چلّا کر اس سے کہا "ہماری طرح سر جھکا لو! جھکا لو! جھکا بھی لو! طوفان کا فرشتہ آرہا ہے۔ اس کے پر آسمان سے زمین تک پھیلے ہیں۔ اس سے پہلے کہ تم رحم کے لیے چیخو وہ تمہیں چیخ کر زمین پر دے مارے گا۔"

لیکن موٹے گندم کا پودا بڑے اطمینان سے بولا "مجھی مجھے تو جھکنے کی کوئی ضرورت نہیں۔"

اب بوڑھا بید بھی بولا۔ کہنے لگا۔ "اپنے پھول بند کر لو اور سر جھکا لو اور جب بادل پھٹیں تو آسمان میں مت جھانکنا۔ یہ تو آدمی بھی نہیں کر سکتے۔ بجلی کے ایک بار کوندنے سے آسمان کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ دیکھنے کو تو ہم اندر دیکھ سکتے ہیں لیکن یہ نظارہ انسان کو بھی اندھا کر دیتا ہے پھر ہماری کیا بساط جو ایسی جرأت کریں ——— ہم جو زمین کی پیداوار ہیں اور ہر بات میں اُن سے کم ہیں۔"

پودا بڑے تکبر سے کہنے لگا کم! کم؟ سچ مچ!؟ اچھا اب تو میں آسمان میں ضرور جھانکوں گا۔"

یہ کہکر اس نے نہایت بے باکی سے اوپر دیکھا اور اپنی پُرغرور نگاہیں آسمان پر جما دیں۔ بجلی آسمان کے آر پار نہایت غضب سے بھڑکی اور تمام دنیا کو آگ لگتی ہوئی محسوس ہوئی۔ . . . . . .

جب یہ دہشتناک طوفان خاموش ہو چکا تو پھولوں اور پودوں نے اپنے جھکے ہوئے سر بارش سے دھلی ہوئی پاکیزہ اور ساکن ہوا میں اوپر اٹھا لیے۔ لیکن افسوس بیچارہ موٹے گندم کا پودا ایک بیکار رشتے کی طرح کھیت میں گر پڑا تھا۔ اس کا جسم بجلی نے جلا کر سیاہ کر ڈالا تھا۔

بوڑھے بید کی شاخیں تیز ہوا میں سرسرانے لگیں۔ اس کے سرسبز پتوں سے پانی کے موٹے موٹے قطرے گرنے لگے۔ یوں معلوم ہوا جیسے وہ رو رہا ہے۔ چڑیاں اس سے کہنے لگیں "آس پاس کی ہر چیز اتنی مسرور ہے۔ تم کیوں روتے ہو؟ دیکھتے نہیں سورج کس طرح چمک رہا ہے اور بادل نیلے آسمان پر تیر رہے ہیں۔ کیا پھولوں اور جھاڑیوں کی خوشبو تمہیں نہیں آرہی؟ تم کیوں رو رہے ہو؟"

بید نے انہیں دیو گندم کے پودے کی خود پسندی اور غرور کا غمناک قصہ سنایا اور بتایا کہ اسے کس قدر دردانگیز سزا ملی ہے۔ یہ کہانی ایک شام مجھے چڑیوں نے سنائی تھی جب میں نے ان سے کہا تھا "اچھی چڑیو کوئی کہانی تو سناؤ۔"

(اینڈرسن)

مہدی علی خاں

اتنی سی تسلی

میری بتی برابر دونوں طرف سے جل رہی ہے۔
بھلا یہ رات بھر کب روشن رہے گی!
لیکن آہ میرے حریفو اور او میرے دوستو!
کس قدر پُرلطف اور دلکش ہے اس کی روشنی!

غزل

حریم شاہدِ معنی میں بار یاب نہیں
رہِ طلب میں جو دل خانماں خراب نہیں

تری تلاش میں گم ہو کے پا لیا تجھ کو
حجاب آپ ہی انساں۔ کوئی حجاب نہیں

بہار کیا ہے جو تیرا نہیں تبسمِ ناز
خزاں ہے کیا۔ جو ترا شیوۂ عتاب نہیں

ترا فقیر زمانہ ہے اے شہِ خوباں!
پیالہ بھیک کا ہے۔ قرصِ آفتاب نہیں

وہ خود ہی پردہ اوراق میں ہے زمزمہ ساز
کتابِ دل سے مقدس کوئی کتاب نہیں

سکوت خود ہے تکلم۔ سخن شناس تو ہو
نگاہ پاک تو لا۔ پھر کوئی حجاب نہیں

اگر تو شہرۂ آفاق ہے تغافل میں
مری بلا طلبی کا کہیں جواب نہیں

وظیفہ عشقِ بتاں کا نہ کر برائے خدا
کتابِ حسن میں اے دل! وفا کا باب نہیں

وہ دل ہے کیف مئے زندگی سے نامحرم
جو تلخیِ غمِ دوراں سے بہرہ یاب نہیں

نفس کی شعلہ نوائی پہ رقص کرتے ہیں
جو اہلِ دل ہیں۔ انہیں حاجتِ رباب نہیں

مجھے تو مدِ نظر بیخودی ہے اے ساقی!
ملا لے آنکھوں سے آنکھیں اگر شراب نہیں

فنا ہوئیں جو امیدیں۔ تو کھل گئیں آنکھیں
کہ زندگی سے دلآویز کوئی خواب نہیں

ہمارا غم کہ [illegible] ہے
چراغ شب کو نہیں۔ دن کو آفتاب نہیں

وہی ہے بیں حوادث۔ وہی ہے برقِ بلا
غم آشناؤں کی دنیا میں انقلاب نہیں

کہیں جنازۂ حسرت۔ کہیں مزارِ امید
کسی دکھی کی ہے دنیا۔ مرا شباب نہیں

امید۔ مرکزِ امید۔ مرقدِ امید
یہ سرگذشت ہے اپنی خیال و خواب نہیں

ترا فسانہ بلا کا ہے خونچکاں نشتر
بس اب خدا کے لئے بس کہ دل کو تاب نہیں

نشتر جالندھری

سی آر داس کی شاعری

خواب

اُس تاریک و خاموش شب کو مجھے حیرت انگیز طور پر مسحور کن گہری نیند آئی اور میری دونوں آنکھیں بند ہو گئیں۔
اُس وقت اندر باہر ہر چہار طرف تاریکی ہی تاریکی پھیلی ہوئی تھی۔
یکایک ایک روح پرور خواب میں مجھے ایک انسانی جسم نظر پڑا۔
اُس کا چہرہ ماہ مثال تھا اور اُس کی آنکھیں مشعل کی طرح روشن تھیں۔
اُس نے کوئی بھی بات مجھ سے نہ کی۔ بہرحم و سنگ دل دیوتا کی طرح خاموش کھڑا رہا۔
بیخوف، خاموش اور دائم ہنس مکھ
میری تمام خوابیدہ خواہشیں یک لخت بیدار ہو گئیں
لیکن آہ وہ چلا گیا اور آسمان پر اپنے کالے کالے کاکلوں کی سیاہی چھوڑ گیا۔

اپنے دل رُبا سے

اے میرے محبوب! ٹھہر جا یہیں رہ اور راحت پذیر ہو میں تجھے شراب محبت پلا پلا کر مخمور بنا دوں گا اور تیری بڑی بڑی خوبصورت آنکھوں پر بوسے دوں گا۔

اے میرے محبوب! تو سوجا باہر آسمان رکھا ہے کالے بادل چھائے ہوئے ہیں، برق نہایت تیزی سے چمک رہی ہے۔ رعد زور شور سے گرج رہا ہے اور چاروں طرف تاریکی کی سلطنت بھی ہے۔ اے مجھ دیوانے کے لعل ایسے وقت میں تو کہاں جانا چاہتا ہے۔

اے میرے محبوب! تو سوجا۔ راحت پذیر ہو۔ میں تجھے شراب محبت پلا پلا کر مخمور بنا دونگا اور تیری کومل اور خوبصورت آنکھوں پر بوسے دوں گا تیری آنکھوں میں تجسس ہے تو کس چیز کا طالب ہے؟ زر و جواہر کا۔ یا کسی کی ناز برداری کا یا کسی اور کی محبت کا۔ اے محبوب یہ سب فانی ہیں۔ ان کی آب و تاب ان کی آرائش و زیبائش۔ ان کی ہستی صرف چند روزہ ہے۔

اے میرے محبوب! سوجا۔ سوجا اے میرے دل و جان کے مالک میں تجھے شراب محبت پلا پلا کر مخمور بناؤنگا اور تیری خوبصورت آنکھوں پر بوسے دوں گا۔

اے میرے پیارے تجھ سے میری طرح کون محبت کر سکے گا۔ کون تیری ناز برداری کر سکے گا۔ آہ اے میرے خوبصورت پتنگ! تو

اڑنے کے لئے اپنے پروں کو نہ پھیلا۔ کہاں جائے گا تو؟ باہر رعد بھیانک آواز سے گرج رہا ہے اور تاریکی کا سمندر ٹھاٹھیں مار رہا ہے ہاں۔ اے میرے محبوب! تو کہیں بھی مت جا۔ یہیں رہ اور راحت پذیر ہو۔ میں تجھے شرابِ محبت پلا پلا کر مخمور بنا دوں گا اور تیری بڑی بڑی خوبصورت آنکھوں پر بوسے دونگا۔

آرزو

گو تمہاری ہی باتیں میرے کاشانۂ حیات میں بسنت کے راگ کی طرح گونج رہی ہیں۔
گو تمہارے ہی عشق کی تپش سے میرے دل کا خون پھول بن کر کھلا ہوا ہے
گو یہ جو ترا تمہاری ہی محبت کے نشہ میں سرشار ہو کر تم کو گھیرے ہوئے بھنبھنا رہا ہے۔
اور گو تصور میں بسنت کے پھولوں کی طرح میرے پژمردہ دل کا شگوفہ کھلا ہوا ہے
مگر پھر بھی میری آرزو بہت بے پایاں ہے میں تمہارے تصور کو چھوڑ کر تم کو پانا چاہتا ہوں اور تمہارے لب لعلیں پر ایک پرجوش بوسہ دینا چاہتا ہوں۔
تم کہاں ہو؟ آؤ میرے نزدیک آؤ اور میرے سینہ کی خشک زمین پر ایک ہرا بھرا باغ لگا دو

تارے

ان دو نمور آنکھوں کے ساتھ اے میرے تارے اے میرے محبوب!
تو دیکھ رہا ہے اوپر کے ان تاروں کی طرف
اے کاش میں آسمان بن جاؤں
کہ پھر تجھ کو اپنی صد ہزار آنکھوں سے دیکھا کروں

"گلچیں"

افشائے راز

میری زباں نہیں آلودۂ شکایتِ غم
مرے لبوں پہ نہیں شورِ نالۂ ماتم

میں غم نصیب ہوں لیکن خموش رہتا ہوں
میں ہوں تو بحر مگر بے خروش بہتا ہوں

مری جبین ہے آئینہ نوجوانی کا
ہے اس میں عکس ابھی رنگِ شادمانی کا

شریکِ حلقۂ یارانِ میگسار ہوں میں
چمن میں نغمۂ رنگینیٔ بہار ہوں میں

نگران آنکھوں کی مشکل کو کیا کروں ہمدم!
کہ اُس کا ذکر چھڑا اور یہ ہوئیں پُرنم

یہ سُرخ سُرخ سے آنسو ٹپک ہی پڑتے ہیں
یہ دل کی آگ سے گویا شرار جھڑتے ہیں

یہ آنکھیں روتی ہیں بے اختیار روتی ہیں
کہاں سنبھلتی ہیں دیوانہ وار روتی ہیں

یہ موتی اشکِ محبت کے دل لیتی ہیں
مگر یہ راز مرے غم کا کھول دیتی ہیں

اثر صہبائی

دو خط

انوار ———

"تم نہ تو خط لکھتے ہو نہ یہاں آتے ہو تم نے مجھے بھلا دیا ہو لیکن کیوں؟ میں نے کیا کیا ہے میرے پیارے میرے دل کے مالک بتاؤ میں تم سے کتنی محبت کرتی ہوں۔ اُف کس قدر تمہیں چاہتی ہوں۔ کاش تمہیں معلوم ہوتا تو ہمیشہ تم میرے پاس رہتے مجھے اپنی آغوش میں لیے ہوئے۔ میرا دل اپنے دل سے لگائے ہوئے۔ تمہارے ہونٹ میرے ہونٹوں سے چپٹے ہوئے! ——— مجھے تم سے محبت ہے، میرے حسین دیوتا! ——— شباب کی تمام امنگوں کے ساتھ، روح کی تمام آرزوؤں کے ساتھ، ہاں مجھے تم سے محبت ہے میں تمہیں چاہتی ہوں"

تمہاری پجارن
صوفیہ

———

پیارے

"میری ننھی صوفیہ

میں جو کچھ کہنے کو ہوں۔ تم ذرا بھی نہ سمجھ سکو گی لیکن کوئی ہرج نہیں اگر یہ خط کسی اور عورت کے ہاتھ میں بھی پڑ جائے تو اُس کیلئے بھی مفید ہوگا۔ اگر تم گونگی بہری ہوتیں تو میں یقیناً تم سے زیادہ عرصہ تک محبت کر سکتا لیکن جو کچھ ہوا اُس کی وجہ یہی ہے کہ تم بول سکتی ہو۔ بس۔

تم جانتی ہو محبت میں خواب بھی لغو ہوتے ہیں لیکن اس لئے کہ خواب گیت ہو سکیں ضرور ہے کہ اُن میں مداخلت نہ کی جائے۔ جب بوسوں کے درمیان ہم بولنے لگتے ہیں تو یہ خواب آسمانی خواب جن میں ہماری روحیں پرواں ہوتی ہیں، ٹوٹ جاتے ہیں! ہاں اگر اس وقت کی گفتگو بھی آسمانی ہو تو اور بات ہے مگر حسین لڑکیوں کے ننھے ننھے لبوں پر آسمانی الفاظ نہیں آتے۔

تم کچھ نہیں سمجھ رہی ہو؟ ہے نا؟ اچھا ہے۔ میں کہے جاؤں گا۔ تم عورتوں میں سب سے زیادہ حسین ہو۔ سب سے زیادہ دلکش، پیار کرنے کے لائق، کیا دنیا میں اور آنکھیں بھی ہیں جن میں تمہاری آنکھوں سے زیادہ خواب ہوں؟ سحر ہو؟ زیادہ نامعلوم خاموش وعدے، محبت کی گہرائی؟ کم از کم میرے خیال میں نہیں۔

اور جب تمہارے پیارے خمیدہ ہونٹوں والے دہانہ پر تبسم رقصاں ہو کر ننھے ننھے دانتوں کو عریاں کر دیتا۔ تو ایسا معلوم ہوتا کہ ان شیریں ہونٹوں سے موسیقی پھوٹ پڑی ہے۔ ایسا نرم، نازک نغمہ ایسا رسیلا کہ جسے سن کر آدمی بے اختیار آہ بھرنے لگے اور اُس وقت، آہ اُس وقت تم بولنے لگتیں تمہاری اُس وقت کی گفتگو مجھے ناقابلِ بیان اذیت پہنچاتی۔ اُس وقت تو میرا جی چاہنے لگتا کہ کاش میں نے تمہیں کبھی نہ دیکھا ہوتا۔

تم ابھی تک کچھ نہیں سمجھ رہی ہو نا؟ میرا بھی یہی خیال تھا۔ تمہیں یاد ہے جب تم پہلی بار میرے کمرہ میں مجھ سے ملنے آئی تھیں؟ کیسی خوشی سے

چمکتی ہوئی تم اندر داخل ہوئی تھیں! ..... بنفشہ کی خوشبوئیں جو تمہارے کپڑوں سے چمٹی ہوئی تھیں تم سے پہلے میرے نزدیک آکر مجھے مسحور کر چکی تھیں۔ کیسے ہم لوگ دیر تک ایک دوسرے کو دیکھتے رہے ایک لفظ کہے بغیر اور پھر لپٹ گئے دو بچوں کی طرح ننھے معصوم بچوں کی طرح۔ پھر اس وقت سے آخر تک ہم ایک لفظ بھی نہ بولے"۔

"جدا ہوتے وقت ہمارے کانپتے ہاتھوں نے، ہماری آنکھوں نے بہت کچھ کہا تھا اتنا کہ کوئی زبان وہ الفاظ ادا نہیں کر سکتی کم از کم میں نے تو یہی سمجھا اور جاتے جاتے تم سرگوشیوں میں کہتی گئیں "ہم پھر ملیں گے بہت جلد"

"تم نے اتنا ہی کہا تھا لیکن تم نہیں سمجھ سکتیں کہ کتنے خوشگوار دل خوش کن خواب تم نے بیدار کر دئے۔ میں نے اپنی تمام آرزوؤں کا اپنی تمام تمناؤں کا عکس تمہاری آنکھوں میں دیکھ لیا تھا"

"تم نے دیکھا، میری ننھی صوفی مردوں کے لئے جو عورتوں سے زیادہ سمجھدار ہوتے ہیں، محبت کیا ہوتی ہے کتنی جلدی وہ اس سے مغلوب ہو جاتے ہیں ہم عورتیں محبت میں کسی بات کے مضحکہ خیز پہلو کا بھی خیال نہیں کرتیں کبھی یہ نہیں دیکھتیں کہ کونسی بات کس جگہ بے معنی ہے۔

"وہی بات جو ایک شریر چنچل ننھی دوشیزہ کی زبان سے پیاری معلوم ہوتی ہے کیوں ایک موٹی لانبی سنجیدہ عورت کے منہ سے حماقت خیز محسوس ہوتی ہے؟ وہی محبت کے الفاظ جن کی تمنا ہم کسی ایک سے کرتے ہیں کیوں دوسرے کی زبان سے تکلیف دہ معلوم ہوتے ہیں! اس لئے کہ ہر چیز میں اور خاص کر محبت میں ہم آہنگی ہونی چاہئے۔ اس ہستی کے حرکات، آواز، الفاظ اور اظہار محبت میں جو حرکت کرتی ہے بوسی ہے اور پیار کرتی ہے موافقت ہونی ضروری ہے ہم آہنگی عمر میں۔ قد میں۔ بالوں کے رنگ میں، حسن میں۔

جب سے تم نے اپنی نوازشیں مجھ پر صرف کرنی شروع کیں سب کچھ ختم ہو گیا بعض اوقات ہم ایک طویل بوسے میں خود کو گم کر دیتے، ایسے بوسے میں جب زبانیں بند ہو جاتیں اور دل کی حرکت قریب قریب رک جاتی! ——— اور پھر جب ہمارے لب الگ ہوتے تم زور سے ہنس کر کہہ اٹھتیں "کتنا اچھا بوسہ میری جان"! مجھے ایسا صدمہ پہنچتا کہ جی چاہتا مار دوں اتنا کہ تم رونے لگو چیخنے لگو آہ میرے فردوسی خواب کو برباد کر دینے والی ظالم!

لیکن محبت تو ایک حیوانی جذبہ ہے، سوچنے پر کتنا مضحکہ خیز آہ میری ننھی صوفیہ کس طاقت نے تم سے یہ چھوٹا سا محبت کا خط لکھوایا ہے؟

تم نے ہمیشہ اپنی محبت کا اظہار عجیب عجیب خطوں سے کیا ہے میں نے سب کو ایک جگہ جمع کر لیا ہے لیکن دکھاؤں گا نہیں، تمہاری محبت کے خیال سے۔

"اور بعض اوقات تو تم بالکل بے موقع بول اٹھتیں مثلاً کبھی تو ایسے ایسے مرقعوں پر سرگوشی میں کہتیں کہ مجھے تم سے محبت ہے کہ مجھے بڑی مشکل سے ہنسی ضبط کرنی پڑتی!

سنو بعض بعض حالات میں یہی الفاظ "مجھے تم سے محبت ہے" نہایت بے محل اور مضحکہ خیز ہو جاتے ہیں"

"لیکن تم سمجھ نہیں رہی ہو؟ ہاں بہت سی دوسری عورتیں بھی نہیں سمجھیں گی اور مجھے احمق خیال کریں گی لیکن مجھے تو اس کی پروا بھی نہیں!

بھوکے کھانے پر ٹوٹ پڑتے ہیں لیکن مہذب لوگ اسے بدتمیزی خیال کرتے ہیں محبت میں بھی یہی حال ہے۔

"میری سمجھ میں نہیں آتا کہ وہ عورتیں جو رنگین ساریوں، ریشمی موزوں، غازے سے رنگے ہوئے رخساروں رنگین ہونٹوں، کھلے بازوؤں اور جسم کو عریاں کر دینے والے لباس کے اثرات سے خوب واقف ہیں کیوں نہیں اس نفرت کو سمجھ سکتیں جو ان کے بے محل احمقانہ جملوں سے ہمارے ——— ہم مردوں کے ——— دل میں پیدا ہو جاتی ہے؟

بعض اوقات بے معنی بے محل جملے عجیب کام کرتے ہیں ——— لیکن شاذ و نادر!

کوئی بات جو اپنے موقع پر ہوتی ہے کبھی تکلیف نہیں دیتی۔ انسان کو یہ جاننا چاہئے کہ کس وقت خاموش رہنا مناسب ہے۔

ہاں تو میں تمہیں اپنی آغوشِ محبت میں لیتا ہوں اور تمہارے ہونٹوں کو چومتا ہوں اس شرط پر کہ تم کچھ بولو نہیں!

(مالپساں) تمنائی ریتی

اگر دنیا کی ساری نعمتیں میرے سامنے پھیلا دی جائیں کہ ان میں سے وہ شے چن لے جو تیری زندگی کو سب سے زیادہ خوش و خرم بنا دے تو میں ایک بچے کو اٹھا کر اپنے گلے سے لگا لوں گا۔

جس کے پاس ایک بچہ ہو وہ اس دنیا میں کبھی تنہا نہیں رہتا

اگ

بچہ اور سارس

جنگل میں سے گذرتے ہوئے راستے پر چھوٹے چھوٹے دروازوں والی دو دیہاتی جھونپڑیاں کھڑی تھیں ان کی چند کھڑکیاں تو اونچی تھیں اور چند زمین کے ساتھ لگی ہوئی تھیں ان کے ارد گرد شہتوت کے درخت اور خاردار جھاڑیاں دکھائی دیتیں اور دونوں کی چھت پر کائی زرد رنگ کے پھول اور گھاس اگی تھی کھیتوں میں صرف گوبھی اور آلو نظر آتے۔ باڑ کے قریب بید مجنوں کا بڑا درخت کھڑا تھا، اس کے نیچے ایک لڑکی بیٹھی ایک پرانے شاہ بلوط کے درخت کی طرف جوان جھونپڑیوں کے عین وسط میں تھا غور سے دیکھ رہی تھی۔ درخت کا سال خوردہ تنا خشک ہو چکا تھا اور چوٹی پر سے کاٹ ڈالا گیا تھا اس میں ایک سارس نے گھونسلا بنا لیا تھا۔ وہ اس میں کھڑا چونچ مار رہا تھا کہ ایک ننھا سا لڑکا آیا اور لڑکی کے ساتھ کھڑا ہو گیا یہ دونوں بھائی بہن تھے لڑکے نے کہا تم کس طرف دیکھ رہی ہو؟ لڑکی نے جواب دیا "میں سارس کو دیکھ رہی ہوں ہماری پڑوسن کہتی تھی آج ہمیں ایک ننھا سا لڑکا یا لڑکی لا دے گا۔ آؤ بچے کو آتے دیکھیں"

لڑکا کہنے لگا "سارس کوئی ایسی چیز نہیں لا سکتا۔ پڑوسن نے مجھے بھی یہی کہانی سنائی تھی اور بناتے وقت ہنس پڑی تھی پھر میں نے اس سے کہا سچ سچ کہو مگر وہ چپ رہی۔ اس سے میں نے معلوم کر لیا کہ سارس کے متعلق تمام کہانی جھوٹی ہے اور وہ ہمیں بچہ سمجھ کر ہم سے مذاق کر رہی ہے"۔

لڑکی نے پوچھا "مگر بچے آتے کس جگہ سے ہیں"

"ہاں ہاں فرشتہ انہیں اپنے چوغے میں چھپا کر آسمان سے لے آتا ہے مگر اسے کوئی نہیں دیکھ سکتا اور یہی وجہ ہے کہ ہم معلوم نہیں کر سکتے کہ وہ کب لاتا ہے؟"

اسی وقت بید کے درخت کی ٹہنیوں میں سرسراہٹ پیدا ہوئی۔ بچوں نے اپنے ہاتھ باندھ لئے اور ایک دوسرے کی طرف حیرانی سے دیکھنے لگے دیکھو یہ کوئی فرشتہ بچے کو لا رہا ہے" معاً ایک جھونپڑی کا دروازہ کھلا پڑوسن باہر نکل کر کہنے لگی "اندر آجاؤ دونوں اور دیکھو سارس کیا لایا ہے" ——— ایک ننھا سا لڑکا ———

پھر دونوں نے ایک دوسرے کی طرف دیکھ کر بڑی سنجیدگی سے اپنے سر ہلائے انہیں پہلے ہی سے معلوم ہو چکا تھا کہ بچہ آگیا ہے۔

(اینڈرسن)

طاہر فرشی

بیوی کا روٹھنا

شریف لوگوں کی طرح میں بھی اپنی منسوبہ کو فرشتہ کہا کرتا تھا۔ اب شادی کے بعد جب مجھے اس پر غصہ آتا ہے تو اسے گمراہ فرشتہ کہتا ہوں اور جب ازدواجی افق ابر آلود نہیں ہوتا تو اسے "پرخنکہ فرشتہ" کہنے پر اکتفا کرتا ہوں۔ پہلی مرتبہ جب میں نے اس شاعرانہ اصطلاح کا استعمال کیا تو فیروزہ نے پوچھا "تم مجھے پرخنکہ کیوں کہتے ہو؟" میں گھبرا گیا۔ جواب کیا دیتا شادی کو ابھی زیادہ وقت نہ گذرا تھا۔ اس لئے جھوٹ کی عادت نہ پڑی تھی مجھے معلوم نہ تھا کہ ازدواجی زندگی میں غلط بیانی کتنی مفید ہوتی ہے۔ اور اگر حقیقت پر پردہ ڈالا جائے تو عورت کی آنکھیں اس کی آسمانی سیخرہ اور دیدہ ور نہیں ہوتیں۔ میں نے فیروزہ کو ایک مٹھائی کا ٹکڑا پیش کرتے ہوئے طفلانہ سادگی اور جوش سے کہا "فیروزہ! اگر تمہارے پر نکلے ہوتے تو مجھے کس طرح یقین ہوتا کہ تم میرے پاس رہ کر مجھے ہمیشہ خوش رکھو گی؟ مجھے ہر دم یہ فکر رہتا کہ تم پرواز کر جاؤ گی"... میں اپنے شاعرانہ رنگ میں کہنے ہی کو تھا اور ان نورانی فضاؤں میں پہنچ جاؤ گی جہاں تمہارا آشیانہ ہے" مگر فیروزہ نے مجھے فقرہ ختم نہ کرنے دیا اور بول اٹھی "تمہارا خیال ہے کہ میں تم سے بے وفائی کروں گی!" میں نے عذر پیش کرنا چاہا مگر اس نے میرے جواب کی پروا نہ کی۔ منہ موڑ لیا اور روٹھ گئی۔ میں نے التجائیں کیں۔ دھمکیاں دیں۔ منت سماجت کی اور پھر ہار کر خاموش ہو گیا۔ میری کسی بات کا اثر نہ ہوا۔ وہ روٹھی ہی رہی۔ میرے چہرے پر محبت نفرت۔ غم غصے اور یاس کے آثار علی الترتیب ظاہر ہوتے مگر وہ چپ سادھے بیٹھی رہی۔ اسوقت مجھے پہلی مرتبہ احساس ہوا کہ روٹھنا کسے کہتے ہیں اور میں آج تک عورت ذات کی اس طاقت سے جسے تریا ہٹ کہتے ہیں کانوں پر ہاتھ دھرتا رہا ہوں۔ ابھی میری شادی ہوئے ایک مہینہ ہی گذرا تھا کہ میری مسرت کا آفتاب برج سرطان میں داخل ہو گیا۔ پہلے تو فیروزہ نے روٹھنے کیلئے ایک کرسی مخصوص کر لی پھر ایک گوشہ ڈھونڈا پھر روٹھنے کیلئے ایک کمرے کا انتخاب کیا حتیٰ کہ اب اسے روٹھنے کی اتنی مشق ہو گئی ہے کہ گھر میں جہاں بھی جاہتی ہے روٹھ جاتی ہے۔

میں نے نباسی اور عملی فلسفے دونوں کا مطالعہ کیا ہے اور منطق، مابعد الطبیعت، حکمت اور نفسیات سے بھی بے بہرہ نہیں لیکن عورت کے روٹھنے کا مسئلہ ایسا عقدہ ہے جسے میں فانخ عقل سے سلجھا نہیں سکا۔ البتہ میں نے اپنے تجربات کی بنا پر بعض اصول وضع کئے ہیں جن سے ممکن ہے کہ دنیا کی موجودہ حالت میں لوگوں کو فائدہ پہنچے۔ اس لئے میں ان کی اشاعت میں بخل کرنا نہیں چاہتا۔

عورت کا روٹھنا بھی ایک بیقاعدہ جنگ کی طرح ہے جس میں مرد کی حیثیت ایک باقاعدہ اور مجتمع فوج کی ہوتی ہے اور عورت کی حیثیت ایک ایسے غریب دشمن کی جو نہ میدان میں آ کر جنگ کا فیصلہ کرتا ہے نہ اطاعت قبول کرتا ہے۔ مرد کی تمام طاقتیں اکٹھی ہو کر بھی عورت کے مقابلے میں کامیاب نہیں ہو سکتیں۔ توپخانہ مرد کے پاس ہے مگر اس کا کام کا نہیں۔ جب وہ بارود کو مشتعل کرنا چاہتا ہے تو ایک مچھر اس کے ہاتھ کو کاٹ لیتا ہے اور توپ سرکرنے کی نوبت ہی نہیں آتی۔ پھر مرد لاکھ دھاڑیں سے تیر باری کرے لیکن عورت کے دل پر کوئی اثر نہیں ہوتا کیونکہ اس کی زرہ کو کوئی تیر نہیں چھید سکتا۔ مگر جس طرح بندوق کا مرد کے پاس

جواب نہیں۔ عورت کی زبان ایک ایسی تلوار ہے جس کی دو دھاریں ہیں۔ ایک دھار طعنہ زنی اور دوسری خاموشی۔ اگر عورت طعنہ زنی پر اتر آئے تو ممکن ہے کہ مرد اسے اپنی حاضر جوابی اور دلائل سے قائل کر لے۔ اگرچہ یہ بھی کچھ کم صبر آزما نہیں لیکن اگر عورت چپ سادھ لے (جسے ہماری اصطلاح میں روٹھنا کہتے ہیں) تو کسی تدبیر سے بھی اس کی مہر خاموشی نہیں ٹوٹ سکتی۔ مرد کی تمام کوششیں ناکام ثابت ہوتی ہیں اور اسے بری طرح پسپا ہونا پڑتا ہے۔ اب اس کے لئے اس کے سوا کوئی چارہ نہیں رہتا کہ عورت کی تمام شرائط کے آگے سر تسلیم خم کر کے صلح کر لے۔

جب مرد کو غصہ آتا ہے تو کم از کم اس کے ہوش ضرور قائم رہتے ہیں۔ غیظ و غضب کی موجیں اس کے پاؤں کو چھو کر واپس ہو جاتی ہیں لیکن جب عورت کو غصہ آتا ہے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ مینہ میں سر سے پاؤں تک بھیگ گئی ہے۔ کون کی ایک کرن بھی اسکے غضب آلود چہرے کو روشن نہیں کرتی جب فیروزہ سے میری لڑائی ہوتی ہے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ نصف گھنٹے میں صفائی ہو جائیگی اور ہم پھر مل بیٹھیں گے لیکن وہ دل میں کہتی ہے کہ اب ہم ہمیشہ کے لئے جدا ہو جائیں گے۔ ایسے وقت میں غلط فہمی جلتی پر تیل کا کام کرتی ہے یوں تو میں اسے فیروزہ کہا کرتا ہوں لیکن جب وہ خفا ہو جاتے تو پیار سے صرف "روذا" ہی کہتا ہوں۔ وہ اس پر چڑ کر کہتی ہے "تمہارا خیال ہے کہ جس طرح روزدل ہے تمہارا خون خشک ہو جاتا ہے اسی طرح مجھے دیکھ کر بھی ہو جاتا ہے مجھے ڈائن سمجھتے ہو نا؟" اسی سے آپ کو اندازہ ہو جائیگا کہ عورت کو بے قاعدہ جنگ میں کتنی مہارت ہوتی ہے۔

میں نے کئی مرتبہ یہ تجویز پیش کی ہے کہ وہ اپنے روٹھنے کا ایک دن مجھ سے پیشگی طے کر لیا کرے یعنی میں ایک مہینہ پہلے ہی تسلیم کرنے کو تیار ہوں کہ وہ حق پر ہے۔ لیکن وہ ایسا معاہدہ کرنے پر راضی نہیں ہوتی۔ اس لئے مجھے اندازہ داجی جنتری میں کئی "روٹھنے کے دنوں" کی خانہ پری کرنی پڑتی ہے۔ اور سال کے ختم ہونے پر ان کی تعداد دیکھ کر اندازہ کچھ زائد ہوتی ہے میری جنتری میں جو عجیب لیکن یاس انگیز بات ہے وہ یہ ہے کہ فیروزہ کے روٹھنے کے متعلق جس دن اور ساعت کا میں اندازہ کرتا ہوں وہ عموماً درست ہوتی ہے۔ لیکن میں اس کے دوبارہ خوش ہو جانے کے دن اور ساعت کی تعیین نہیں کر سکتا۔ وہ کبھی کبھی روٹھ کر خود بخود دن بھی جاتی ہے لیکن اس کے منانے میں بھی ایک شان ہے۔ مجھے یہ معلوم بھی نہیں ہوتا کہ وہ کس بات سے خوش ہوتی ہے۔ اس نے ایک دفعہ مجھے یہ راز بتایا کہ نسوانی فطرت ہی ایسی ہے کہ جب عورت روٹھ جاتی ہے تو اسے اسوقت تک چین نہیں آتا جب تک اسے منا نہ لیا جائے اس کا دل ایک گھڑی کی طرح ہے جب وہ خفا ہوتی ہے تو یہ گھڑی بند ہو جاتی ہے وہ اسے دوبارہ جانبی دیتی ہے اور اسوقت اسے بجنے دیتی ہے جب اسکی ہوئی محبت کی ساعت پر پہنچ جاتی ہے۔ اگر وہ یہ نہ کرے تو دل کی گھڑی بیکار ہو جائے۔

اگر فیروزہ مجھے مسرت کی جنت سے اچانک نکال دیا کرتی ہے اور کئی کئی گھنٹے بلکہ کئی کئی دن گزر جاتے تک اس میں داخل ہونے نہیں دیتی تو اس میں وہ حق بجانب ہے کیونکہ میرے گھر کی حکومت میں بھی وہی نقص ہے جو ہسپانیہ کی حکومت میں ہے یعنی سب اقتدار صرف ایک قانون ساز ادارہ کے اختیار میں ہے اور یہ ادارہ میری بیوی اور مجھ پر مشتمل ہے جب کوئی بحث چھڑتی ہے تو یہ تعجب کی بات ہے کہ عورت کا دل متعصب کے بانار کی طرح ہے جہاں نیلے آسمان کی جھت کے تلے شاخ اب پھول اور پھل نظر آتے ہیں۔ حسن ظرافت، نفاست اور نزاکت کی جنس اس بازار میں بکنے آتی ہے لیکن ساتھ ہی ظلم، احسان فراموشی، کینے اور بغض کا سودا بھی اس بازار میں بکتا ہے۔ اگر خانہ داری کے لئے میں میں ایک کی جگہ دو قانون ساز ادارے ہوں جن میں شہر یا لالی ادارے کی حیثیت رکھتا ہو اور بیوی کی حیثیت محدود کی ہو تو اس سلطنت میں امن قائم ہو سکتا ہے اگر خانہ جمہوری کو طبقہ اسوا پر غالب آنے کا موقع نہیں ملتا۔

عطاء اللہ کلیم

قدیم روس کی ایک دعوت عروسی

گرمی

ایک تھا بادشاہ!

"ایک تھا بادشاہ"

بچپن میں ہمیں یہ معلوم کرنے کی ضرورت نہ ہوتی تھی کہ کہانی کا بادشاہ تھا کون؟ خواہ اس کا نام سلاجیت ہو خواہ سیوا ہو، وہ کاشی میں رہتا ہو یا قنوج میں، بات ایک ہی تھی۔ ایک سات سال کے بچے کا دل جس بات پر خوشی سے دھڑکنے لگتا وہ تو یہ عظیم الشان صداقت یعنی حقیقتِ کبریٰ تھی کہ "ایک تھا بادشاہ"۔

لیکن اس نئے زمانے کے پڑھنے والے کہیں زیادہ دقیقہ رس اور محقق واقع ہوئے ہیں۔ جب وہ کسی کہانی کا ایسا آغاز دیکھتے ہیں تو فوراً اُن کی تنقید اور تفتیش کی حس بیدار ہو جاتی ہے۔ وہ تصے کے دھندلکے پر علمی تجسس کی روشنی ڈال کر پوچھتے ہیں "کون سا بادشاہ؟"

آج کل کے داستان گو بھی ذرا زیادہ محتاط ہو گئے ہیں۔ اب وہ خود کہانی کے اس پرانے غیر معیّن آغاز سے مطمئن نہیں ہوتے کہ "ایک تھا بادشاہ"۔ بلکہ اس کے بجائے نہایت عالمانہ تبصرہ بنا کر یوں کہتے ہیں کہ "ایک تھا بادشاہ جس کا نام تھا اجاتشترو"

لیکن آج کل کے پڑھنے والوں کے جذبۂ تفحص کی اس پر بھی کہاں تسکین ہوتی ہے۔ وہ اپنی علمی عینک میں سے مصنف پر ایک نظر ڈال کر دریافت کرتے ہیں "کون سا اجاتشترو؟"

بچپن میں ہم ہر اچھی چیز کا رس پا لیتے تھے اور ایک اپنی ہی بے خطا حکمت سے ہم پریوں کے قصوں میں بھی مومنی کا کھوج لگا لیتے تھے۔ اُن دنوں ہم علم جیسی ناکارہ چیز کی طرف مطلق توجہ نہ کرتے تھے۔ ہمیں صرف حقیقت سے غرض تھی اور ہمارے ننھے منھے بے لوث دل جو ہنوز علمی گورکھ دھندوں میں نہ الجھے تھے خوب جانتے تھے کہ حقیقت کا موتی محل کہاں ہے اور ہم وہاں کیونکر پہنچ سکتے ہیں۔ لیکن آج کل ہم سے یہ توقع رکھی جاتی ہے کہ ہم صفحوں کے صفحے واقعات سے سیاہ کرتے چلے جائیں۔ حالانکہ حقیقت محض اسی قدر ہوتی ہے کہ: "ایک تھا بادشاہ"

مجھے کلکتے کی وہ شام خوب یاد ہے جب یہ کہانی شروع ہوئی۔ دن بھر بارش ہوتی رہی تھی۔ شہر میں ہر طرف پانی ہی پانی نظر آتا تھا۔ خود ہمارے کوچے میں گھٹنوں گھٹنوں پانی چڑھ آیا تھا اور میرے دل کی خیمیہ سی امید اب یقین کی حد تک پہنچ چکی تھی کہ میرا استاد آج شام نہ آ سکے گا۔ میں برآمدے کے آخری کنارے ایک کرسی پر بیٹھا ہوا کوچے کے

نظارے میں مصروف تھا اور میرا مضطرب دل دھک دھک کر رہا تھا۔ میری آنکھیں بارش کے قطروں پر جمی ہوئی تھیں اور جب مینہ ذرا تھمنے لگا تو میں نے پورے خشوع و خضوع سے دعا کی کہ "یا میرے اللہ مینہ کو ساڑھے سات بجے تک تو برسنے دیجیو!"۔ اُس وقت مجھے پورا یقین تھا کہ بارش کا مقصد صرف یہ ہے کہ وہ کلکتے کے کسی گوشے میں ایک شام کسی بے یار و مددگار بچے کو اُس کے استاد کے ہیبتناک پنجے سے بچالے۔

اگر میری دعا کے جواب میں نہیں تو کم از کم قدرت کے کسی زیادہ سخت قانون کے مطابق بارش کا سلسلہ نہ رکا لیکن افسوس کہ یہ بھی میرے استاد کو آنے سے باز نہ رکھ سکا۔

ٹھیک وقت پر مجھے کوچے کے نکڑ میں اُس کا چھاتا آگے بڑھتا ہوا نظر پڑا۔ امید کا نصر رفیع دفعتہً دھڑام سے نیچے آ رہا اور میرا بے چارہ دل اِس کے نیچے کچل کر رہ گیا۔ اگر موت کے بعد پاداشِ عمل کا کوئی منصفانہ قانون ہے تو یقیناً میرا استاد ایک دوسرے جنم میں میری جگہ لے گا اور میں استاد بنوں گا۔

جونہی مجھے چھاتا دکھائی دیا میں سر پر پاؤں رکھ کر اپنی ماں کے کمرے کی طرف بھاگا۔ میری اماں اور دادی اماں چراغ جلائے آمنے سامنے بیٹھی تاش کھیل رہی تھیں۔ میں دوڑ کر اپنی ماں کے قریب بستر پر جا پڑا اور بولا "اماں استاد آ گیا ہے اور میرے سر میں درد بہت ہے۔ آپ کہیں تو میں آج سبق نہ پڑھوں"۔

مجھے امید ہے یہ کہانی کسی بچے کو نہ پڑھائی جائے گی اور مجھے سچے دل سے یقین ہے کہ یہ نصابِ تعلیم میں یا چھوٹی جماعتوں کے طلبہ کی درسی کتابوں میں شامل نہ کی جائے گی کیونکہ جو کچھ میں نے کیا وہ ایک خوفناک جرم تھا اور مجھے اس کے لئے کوئی سزا نہ ملی بلکہ اس کے بجائے میری مجرمانہ درخواست قبول کر لی گئی۔

اماں نے کہا نہایت اچھا اور پھر ملازم سے مخاطب ہو کر کہا "جاؤ استاد سے کہہ دو آج آپ واپس گھر جا سکتے ہیں"۔

یہ صاف ظاہر تھا کہ میری اماں نے میری بیماری کو کوئی اہمیت نہ دی کیونکہ انہوں نے کھیل جاری رکھا اور پھر میری طرف قطعاً توجہ نہ ہوئیں ادھر میں تکیے میں سر دے کر دل کھول کر ہنسا۔ میں اور میری اماں ایک دوسرے کو خوب سمجھتے تھے۔

لیکن ہر شخص کو اس بات کا اندازہ ہوگا کہ سات سال کے ایک بچے کے لئے بیماری کے فریب کو دیر تک جاری رکھنا کتنا دشوار ہوتا ہے۔ ایک منٹ بھی نہ گزرا ہوگا کہ میں نے دادی جان کا دامن پکڑ کر کہا "اچھی دادی اماں کوئی کہانی!"

یہ التجا مجھے کتنی ہی مرتبہ دہرانی پڑی۔ دادی جان اور اماں برابر تاش کھیلتی چلی گئیں اور میری بات پر ذرا بھی متوجہ نہ ہوئیں۔

آخر اماں نے کہا "جان نہ کھا بچے"۔ ہیں کھیل ختم کر لینے دے مگر میں بھی اپنی ہٹ کا پکا تھا۔ وہی رٹ لگائے گیا "دادی اماں کوئی کہانی!" جب اِس طرح کام نہ نکلا تو میں نے منہ پھیر کر اماں سے کہا "کھیل تو کل بھی ختم ہو سکتا ہے اِس وقت مجھے دادی جان سے کوئی کہانی تو سن لینے

دیجئے"

ناچار میری ماں نے تماش کے پتے نیچے پٹخ کر کہا "یہ نٹ کھٹ اب مجھ سے سنبھالے نہ سنبھلے گا۔ اب اسی کی ضد پوری کیجئے"۔ شاید انہیں خیال آیا ہوگا کہ مجھے تو دوسرے دن کسی تکلیف دہ استاد سے سابقہ نہیں پڑے گا اور اسے پھر دی بے معنی سبق دہرانے ہوں گے۔

اپنی اماں کی اجازت پاتے ہی میں اچھل کر دادی جان سے لپٹ گیا اور اُن کا ہاتھ پکڑ کر خوشی سے ناچتا ہوا انہیں اپنے بستر پر لے گیا۔ پھر میں نے جوشِ مسرت سے تکیہ کو دونوں ہاتھوں میں دبوچ کر پھدکنا شروع کیا۔ آخر جب میرے جذبات میں کچھ سکون پیدا ہوا تو میں نے کہا "اچھا دادی جان اب کہانی سنئے"۔

دادی جان نے سلسلہ جاری رکھتے ہوئے کہا "اور بادشاہ کی تھی ایک ملکہ"

کہانی کا یہ آغاز مبارک تھا کیونکہ ملکہ صرف ایک ہی تھی۔ عموماً کہانی کے بادشاہ بیویوں کی تعداد کے معاملے میں بہت مسرف ہوا کرتے ہیں اور جب کبھی ہم یہ سنتے ہیں کہ بادشاہ کی دو رانیاں تھیں تو ہمارا دل بیٹھنے لگتا ہے۔ کیونکہ اُن میں سے ایک نہ ایک پر ضرور کوئی بلا ٹوٹتی ہے۔ لیکن دادی اماں کی کہانی میں اس قسم کا کوئی خطرہ نہ تھا۔ ملکہ صرف ایک تھی۔

اس کے بعد دادی جان نے بتایا کہ بادشاہ کا کوئی بیٹا نہ تھا۔

سات سال کی عمر میں مجھے یہ بات بالکل معمولی معلوم ہوئی۔ کیا ہوا اگر اُس کا بیٹا نہ تھا۔ ممکن ہے بعد میں پیدا ہو جائے۔ یہ بات سن کر بھی میں قطعاً متاثر نہ ہوا کہ بادشاہ بیٹا حاصل کرنے کی آرزو میں تپسیا کرنے کے لئے جنگلوں میں چلا گیا۔ مجھے تو جنگل میں جانے پر صرف ایک ہی بات آمادہ کر سکتی تھی اور وہ یہ کہ اس طرح مجھے اپنے استاد کے جنگل سے نجات حاصل ہو جاتی۔

بادشاہ اپنے پیچھے ملکہ کے پاس ایک ننھی سی بیٹی چھوڑ کر گیا۔ جو رفتہ رفتہ بڑی ہو کر ایک خوبصورت شہزادی بن گئی۔

بارہ سال گذر گئے لیکن بادشاہ کی تپسیا ختم نہ ہوئی اور اسے اپنی خوبصورت بیٹی کا کبھی خیال تک نہ آیا۔ اب شہزادی کا شباب اپنی پوری بہار پر آگیا۔ شادی کا وقت بھی گزر گیا لیکن بادشاہ واپس نہ آیا۔ ملکہ گھٹ گھٹ کر مرنے لگی کہ "ہائے میری چاندنی بیٹی کی قسمت! یہ عمر بھر کا کنوارپن کیونکر کٹے گا"۔

ایکدن ملکہ نے بادشاہ کے پاس ایلچی بھیجے کہ "اگر زیادہ نہیں تو فقط ایک رات کے لئے واپس آئیے اور ایک دفعت کا کھانا محل میں کھائیے"۔ بادشاہ نے یہ بات منظور کر لی۔

ملکہ نے اپنے ہاتھ سے چھ سات نفیس کھانے پکائے پھر اُس نے یہ کھانا صندل کے ایک تخت پر سونے کی تشتریوں اور چاندی کے پیالوں میں چُنا۔ شہزادی مورچھل ہاتھ میں لئے تخت کے پیچھے کھڑی ہو گئی۔ بادشاہ پورے بارہ سال کے بعد

محل میں داخل ہوا۔ شہزادی مورچھل ہلا رہی تھی اور تمام کمرہ اُس کے حسن سے روشن ہو رہا تھا۔ بادشاہ نے اپنی بیٹی کا دلفریب چہرہ دیکھا تو کھانا بھی بھول گیا۔

آخر ملکہ کی طرف منہ پھیر کر بولا "میں کہتا ہوں یہ لڑکی کون ہے جس کا حسن ایک دیوی کی طلسمائی مورت کی طرح جگمگ جگمگ کر رہا ہے یہ کس کی بیٹی ہے؟"

ملکہ سر پیٹ کر رہ گئی اور بولی "ہائے میرے نصیب! آپ اپنی بیٹی کو بھی نہیں پہچانتے؟"

بادشاہ کو کچھ دیر کے لئے سناٹا سا گزر گیا۔ پھر بولا "میری ننھی سی بیٹی تو اب عورت بن گئی ہے۔"

ملکہ نے آہ بھر کر کہا "بھلا اور کیا ہوتا۔ آپ کو خیال نہیں بارہ سال گزر چکے ہیں؟"

بادشاہ نے پوچھا "لیکن تم نے اس کی شادی کیوں نہ کر دی؟"

ملکہ نے جواب دیا "میں آپکی غیر موجودگی میں کس طرح کوئی مناسب جگہ تلاش کر سکتی تھی؟"

یہ سن کر بادشاہ کے دل میں ایک عجیب جوش بھر گیا اور اُس نے قسم کھائی کہ "کل صبح محل سے نکلتے ہی مجھے جو شخص ملا، اُسی سے اپنی لڑکی بیاہ دوں گا۔"

شہزادی خاموش کھڑی برابر مورچھل ہلاتی رہی اور بادشاہ نے کھانا ختم کیا۔

صبح جب بادشاہ باہر نکلا تو اسے محل کے دروازوں کے سامنے جنگل میں ایک برہمن کا بیٹا ایندھن کے لئے لکڑی جمع کرتا ہوا ملا۔ اس کی عمر سات یا آٹھ سال کی ہوگی۔ بادشاہ نے کہا "میں اس سے اپنی بیٹی کی شادی کروں گا۔"

بھلا شاہی حکم میں دخل دینے کی کس کو مجال تھی۔ برہمن لڑکا فوراً بلایا گیا اور شہزادی نے اسے اور اُس نے شہزادی کو شادی کی مالا پہنانے کی رسم ادا کی۔

یہ سنتے ہی میں گھبرا کر اپنی دادی جان کے اور قریب ہو گیا اور بہت بیقراری سے بولا "پھر کیا ہوا؟"

اُس وقت میرے دل کی گہرائی میں یہ پرخلوص آرزو چھپی ہوئی تھی کہ کاش وہ لکڑی جمع کرنے والا سات سال کا خوش قسمت لڑکا میں ہی ہوتا۔ رات کی خاموشی میں میز کی تڑاتڑ مسلسل گونج رہی تھی۔ میرے بستر کے قریب مٹی کے دیئے کی لو مدھم ہو گئی تھی اور کہانی سناتے سناتے دادی اماں کی آواز بھی پڑنے لگی تھی۔ ان سب باتوں نے میرے بھولے بھالے دل کے ایک گوشے کے اندر یہ خیال پیدا کرنے میں مدد دی کہ میں ہی ایک نامعلوم بادشاہ کی سلطنت میں کسی نامعلوم زمانے کی ایک دھندلی صبح کو لکڑیاں چن رہا تھا اور پھر دفعتہً میرے اور اُس شہزادی کے درمیان جو سرسوتی دیوی کی طرح حسین تھی شادی کی مالاؤں کی بدلی ہوئی۔ وہ ایک عروسِ نو کی طرح از فرق تا بقدم طلائی زیور سے لدی ہوئی تھی اور اُس کی زریں پایلوں کی

چھم چھم سے قدم قدم پر راگ پیدا ہوتا تھا۔

اگر میری دادی اماں مصنفہ ہوتیں تو انہیں اس چھوٹی سی کہانی کے لئے بیسیوں قسم کی جواب دہی کرنی پڑتی۔ ہر شخص کا سب سے پہلا سوال تو یہی ہوتا کہ بادشاہ ایک نہ دو اکٹھے بارہ سال تک جنگل میں کیوں رہا اور پھر اس کا مطلب کیا ہے کہ اس طویل عرصے میں اُس کی بیٹی کی شادی ہی نہ ہوئی۔ اس قسم کی تاخیر سراسر ناقابلِ قیاس ہے یہاں تک تو ممکن ہے دادی جان اپنے نقادوں سے نبٹ لیتیں لیکن شادی کے معاملے پر یقیناً ایک الگ طوفان اٹھتا۔ پہلا اعتراض تو یہ ہوتا کہ شادی سرے سے ہوئی ہی نہ تھی۔ دوسرا یہ کہ جنگجو فرقے کے ایک چھتری راجہ اور مذہبی فرقے کے ایک برہمن لڑکے کی شادی ہو ہی کیسے سکتی ہے۔ پڑھنے والے فوراً یہ حکم لگا دیتے کہ مصنفہ نازیبا طور پر درپردہ ہمارے معاشرتی ضابطہ قوانین کے خلاف ہمیں متاثر کر رہی ہے اور وہ فوراً اخباروں کو اس کے متعلق مراسلے بھیجنے شروع کر دیتے۔

اسی لئے یہ میرے دل کی سچی دُعا ہے کہ دوسرے جنم میں میری دادی اماں ایک دادی اماں ہی رہیں اور تقدیر کا کوئی منحوس پھیر انہیں اپنے برگشتہ بخت پوتے کی جون میں نہ لے آئے۔

میں نے جوشِ مسرت سے دھڑکتے ہوئے دل کے ساتھ سوال کیا "دادی اماں! دادی اماں! پھر کیا ہوا؟"

دادی جان نے سلسلہ جاری رکھتے ہوئے کہا "پھر شہزادی اپنے ننھے شوہر کو لے گئی اور اُس کے لئے ایک بہت بڑا ہفت پہلو محل بنا کر اُس میں اُس کی پرورش کرنے لگی۔

میں خوشی سے بستر پر اچھل پڑا اور تکیہ کو دونوں ہاتھوں کی پہلے سے بھی زیادہ مضبوط گرفت میں لے کر دریافت کیا "اچھا، اچھا پھر کیا ہوا؟"

دادی جان سناتی چلی گئیں:۔ وہ ننھا لڑکا روز مدرسے جاتا اور روز اپنے استادوں سے نئے نئے سبق پڑھتا۔ جب وہ ذرا بڑا ہوا تو اُس کے ہم جماعت لڑکے اُس سے پوچھنے لگے "ہفت محل میں تمہارے ساتھ وہ خوبصورت عورت کون رہتی ہے؟"

برہمن لڑکا خود یہ جاننے کے لئے بیقرار تھا کہ وہ کون ہے۔ اُسے صرف اتنا یاد تھا کہ ایک دن جب وہ جنگل میں ایندھن اکٹھا کر رہا تھا تو ایک ہل چل سی پڑ گئی تھی۔ لیکن یہ تمام واقعہ اتنا پرانا ہو چکا تھا کہ اب اس کے دل میں اس کی محض ایک دھندلی سی یاد ہی رہ گئی تھی۔

اس طرح چار یا پانچ سال گزر گئے۔ اُس کے ساتھی ہمیشہ اُس سے پوچھتے "ہفت محل میں وہ خوبصورت عورت کون

ہے؟" اور برہمن کا بیٹا مدرسے سے آکر معصوم صورت بنائے شہزادی سے کہتا "میرے بھولی ہمیشہ مجھ سے پوچھتے ہیں کہ ہفت محل میں یہ خوبصورت عورت کون ہے لیکن میں کچھ جواب نہیں دے سکتا۔ خدا کے لئے مجھے بتاؤ تم کون ہو؟"

شہزادی کہتی "آج کے دن نہ سہی، پھر کسی دن میں تمہیں ضرور بتا دوں گی"۔ برہمن کا لڑکا روز یہی سوال کرتا کہ تم کون ہو اور شہزادی روز یہی جواب دیتی کہ آج کے دن نہ سہی، پھر کسی دن میں تمہیں ضرور بتا دوں گی"۔ چنانچہ اسی طرح اور چار یا پانچ سال گزر گئے۔

آخر برہمن کا بیٹا صبر کھو بیٹھا اور بولا "خوبصورت خاتون اگر آج بھی تم میرے سوال کا جواب نہ دو گی تو میں ہفت محل چھوڑ کر چلا جاؤں گا"۔ شہزادی نے جواب دیا۔ "اچھا میں کل ضرور تمہیں بتا دوں گی" دوسرے دن برہمن کے لڑکے نے مدرسے سے آتے ہی کہا "اب بتاؤ تم کون ہو؟" شہزادی نے جواب دیا۔ "سنو۔ آج رات کھانے کے بعد جب تم سونے لگو گے تو میں تمہیں بتا دوں گی"۔

برہمن کا بیٹا رات ہونے تک بے صبری سے انتظار کی گھڑیاں گننے لگا۔ شہزادی نے طلا کا بستر کو سنید چمبیلی کے پھولوں سے آراستہ کیا اور سونے کے دیئے میں خوشبودار تیل ڈال کر اُسے جلایا۔ پھر سر کے بالوں کو گوندھ کر نیلے رنگ کی ایک خوبصورت پوشاک پہنی اور خود بھی رات کے انتظار میں گھڑیاں گننے لگی۔

اُس شام شہزادی کا شوہر برہمن لڑکا بہت بیقرار تھا۔ وہ بمشکل تھوڑا سا کھانا کھا کر سونے کے کمرے میں اپنے زریں بستر پر جو چمبیلی کے سفید سفید پھولوں سے ڈھکا ہوا تھا جا لیٹا۔ لڑکے نے دل میں کہا "آج تو میں ضرور دریافت کر کے رہوں گا کہ ہفت محل میں یہ خوبصورت عورت کون ہے"۔

شہزادی نے اپنے شوہر کا بچا کھچا کھانا کھایا اور پھر چپکے سے سونے کے کمرے میں چلی گئی۔ آج کی رات اُسے ہفت محل کی خوبصورت عورت کا بھید کھولنا تھا۔ لیکن جب وہ اپنے شوہر کے بستر کے قریب گئی تو اسے معلوم ہوا کہ پھولوں میں سے ایک ناگ نکل کر برہمن بچے کو سونگھ گیا ہے۔ اس کا شوہر پھولوں کی سیج پر بے حس و حرکت پڑا تھا اور اُس کے چہرے پر موت کی زردی چھا رہی تھی۔

دفعتہً مجھے یوں معلوم ہوا کہ میرے دل کی حرکت بند ہو گئی ہے۔ آنسوؤں سے میری آواز گلوگیر ہو گئی اور میں نے روہانی صورت بنا کر پوچھا "پھر کیا ہوا؟"

دادی جان بولیں "پھر . . . . . "

لیکن کہانی کی مزید تفصیلات میں جانے سے کیا فائدہ؟ اس طرح بعید از قیاس باتوں کا ایک اور سلسلہ شروع ہو جائے

گا سات سال کا بچہ کیا جانے کہ اگرچہ موت کے بعد بھی "پھر کیا ہوا" کہنے کی گنجائش ہے لیکن اس کا جواب کسی دادی اماں کی دادی اماں بھی نہیں دے سکتی۔ لیکن بچے کا ایمان کبھی متزلزل نہیں ہوتا۔ وہ تو موت کے فرشتے کا دامن بھی پکڑ کر کھڑا ہو جاتا ہے کہ خبردار! آگے مت بڑھنا۔ پھر یہ بات تو یقیناً بچے کے دل کو غضب میں ڈال دیتی کہ ایک ایسی کہانی جو ایک ایسی شام کو شروع ہوئی جب وہ استاد کی مصیبت سے چھٹکارا پا چکا تھا اس طرح یکدم ختم ہو جائے۔ اس لئے ایک دادی کو ہمیشہ اپنی کہانی انجام کے بند دروازوں سے دُور ہی دور رکھنی پڑتی ہے اور اس کا طریقہ بھی بہت سادہ ہے۔ لاش دریا میں کیلے کے تنے پر تیرتی ہوئی بہی چلی جاتی ہے کہ اُس پر ایک رحم دل جادوگر کی نظر پڑتی ہے جو زندگی کا منتر پڑھنے لگتا ہے۔ لیکن برکھا رت کی اُس رات کو دیئے کی ہلکی ہلکی روشنی میں ننھے لڑکے کے دل سے موت اپنا تمام "داؤ پاپن" کھو بیٹھتی ہے اور اُس کی حقیقت ایک رات بھر کی گہری نیند سے زیادہ نہیں رہتی۔ کہانی ختم ہونے پر تھکی ہوئی آنکھوں کے بوجھ سے بند ہونے لگتے ہیں اور یوں ہم ایک ننھے بچے کے جسم کو نیند کی پشت پر لاد کر دفعت کے خاموش دریا میں تیرنے کے لئے ڈال دیتے ہیں اور پھر صبح کو کچھ منتر پڑھ کر اُسے دوبارہ زندگی اور روشنی کی اس دنیا میں لے آتے ہیں۔

ٹیگور

مترجمہ

حامد علی خاں

بچپن

اُس شخص سے ڈرو جو بچوں کی ہنسی پر ناک بھوں چڑھائے،
میں دنیا میں صرف دو چیزوں سے محبت رکھتا ہوں، خدا اور بچے!

"میرے پیارے بیٹے! جو کام تم آج کر سکو اُسے کبھی کل پر نہ چھوڑو"

"نوامی جان! آؤ نا پھر کی ہوئی کھیر آج رات ہی کھالیں!"

"مک مک"

محفلِ ادب

قطعِ تعلق

اچھا . . . خیر . . . . تو خدا حافظ
مگر تو کچھ بھولی تو نہیں جاتی
نہیں تو اچھا رخصت!
مجھے اب کچھ اور کہنا نہیں ہے ——— اچھا خدا حافظ۔
جاتی ہے؟ اچھا چلی جا
لیکن ذرا ٹھہر
دیکھ بارش شروع ہو گئی ہے
پانی تھمتے ہی چلی جانا ——— مجھے کچھ اور کہنا نہیں ہے
اچھی طرح بدن چھپا لے باہر بڑی تیز سردی ہے۔
اس وقت تو تجھے اوور کوٹ پہننا تھا۔
کیا تیری سب چیزیں تجھے واپس مل چکی ہیں؟
اپنی تصویر اور خط بھی تجھے واپس مل گئے ہیں؟
بہت اچھا ہوا کہ تیری کوئی چیز اب میرے پاس باقی نہیں
اچھا، جا خدا حافظ
لیکن ذرا ٹھہر۔ جدا ہو ہی رہے ہیں تو ایک ہی دفعہ اور مجھے دیکھ لے
ذرا نگاہیں اٹھا دے۔
مگر خبردار نہ میں روؤں نہ تو روئے بیہودگی ہے
آہ یہ کس قدر تکلیف کی بات ہے کہ ہم اس وقت اپنا پرانا عشق یاد کرنے کی کوشش کریں۔

آہ میں اپنی زندگی تجھے دے چکا تھا اور تو اپنی زندگی مجھے دے چکی تھی
ایک دن ایک برس کے لئے نہیں عمر بھر کے لئے ہمیشہ کے لئے۔
لیکن آج ہم اپنی اپنی زندگی واپس لے رہے ہیں
میں الگ ہو رہا ہوں تو الگ ہو رہی ہے۔
میری بھی نئی زندگی شروع ہو گی اور تیری بھی نئی زندگی شروع ہو گی۔
آج سے میری راہ الگ بنے گی اور تیری راہ الگ بنے گی
شاید اس جدائی کا مجھے بھی کچھ غم ہو گا اور تجھے بھی کچھ غم ہو گا
پھر اس کے بعد؟
اس کے بعد بھول جانا فراموش کر دینا۔
میں تجھے بھول جاؤں گا۔ تو مجھے بھول جائے گی
پھر اس کے بعد؟
تیری دنیا الگ ہو گی میری دنیا الگ ہو گی۔
آج تک لوگ مجھے اور تجھے ایک ہی سمجھتے تھے ———
کل الگ الگ دیکھیں گے۔
تو میری زندگی کا ایک بھولا بسرا واقعہ بن جائے گی۔
پھر اس کے بعد؟

راستہ میں تو اتفاقیہ کہیں مل جائے گی ہیں تجھے دیکھ بھی لوں
گا تو سلام کلام کچھ نہیں کروں گا اور نہ تو کرے گی۔
تو ایسے کپڑے پہنے نکلے گی جو مجھے پسند نہیں اور میں ایسی
حالت میں ہوں گا کہ تو کراہت کرے گی۔
مہینے گذر جائیں گے اور ہم ایک دوسرے کو نہیں دیکھیں گے
تیرے دوست میرا تذکرہ کریں گے اور تو غور سے سنا
کرے گی اور میں اپنے دوستوں سے تیرے حالات سنا کروں گا
حالانکہ تو میری جان تھی اور میری جان کا اصلی رس۔
میں پوچھوں گا اُس چھوکری کا اب کیا حال ہے
دوست جواب دیں گے ——— خوش ہے
اور میرے دل کا خون ہو جائے گا۔
لیکن خبر یہ بیوقوفی کی بات ہے۔
لیکن ذرا مجھے یہ تو بتا کہ ہم دونوں کے عظیم الشان دل کیا
اتنے ہی خفیر اور چھوٹے تھے جتنے اس وقت معلوم ہو رہے ہیں
کیا ہم شروع سے پاگل تھے؟
کیا تجھے بھی خوش نصیبی کے گذرے ہوئے دن یاد ہیں؟
کیا تجھے یاد ہے جب ہم روز آسمان پر پہنچ جایا کرتے تھے
کیا واقعی ہم عاشق تھے۔
دیکھ ذرا دیکھ تو، کیا یہی ہماری محبت تھی۔
تو مجھ سے کہتی تھی ——— میں تجھے چاہتی ہوں ———
اور میں تجھ سے کہتا تھا ——— میری جان میں تجھ پر دم
دے دوں گا۔
لیکن کیا تیرے اور میرے اس دعوائے محبت کا یہی انجام
ہونا تھا جو آج درپیش ہے
میرے اللہ، آہ، میرے اللہ! یہ انجام کس قدر شرمناک ہے
کیا میں بھی بے وفا ہوں اور کیا تو بھی بیوفا ہے؟
اف تو کیا میں بھی اور تو بھی دونوں اب لوگوں ہی کی
طرح دنیادار ہیں۔
اُف اے موت تجھے اب کس بات کا انتظار ہے
لیکن نہیں یہ سب بیوقوفی کی باتیں ہیں۔
تو جا رہی ہے؟
بہت اچھا جا خدا حافظ!
مگر بارش موسلا دھار ہے تو کیسے جائے گی۔
اف ری ضدن! اس مینہ میں بھی تو نکل جائے گی
تو میں کوئی چوہا ہوں
بہت اچھا چلی جا۔ جا خدا حافظ
ارے تو چل پڑی؟
لیکن زنجیر تجھ سے نہیں کھلے گی۔
زور کرتی ہے ——— کیا واقعی تو جا ہی رہی ہے
اس پانی میں بھی جا رہی ہے۔
لیکن نہیں ——— میں سنگدل سہی ——— اس پانی میں تجھے جانے
نہیں دوں گا۔ میری جان آہ نہیں۔ میں تجھے جانے نہیں دونگا۔
یہیں رہ ——— صرف آج کی رات
معون ہو جاؤں اگر تجھے ہاتھ بھی لگاؤں
رہ جا میری جان رہ جا۔
ہے میرا سر تیرے قدموں پر ہے

تجھے چھوڑ دوں گا؟
ناممکن ——— ناممکن ——— ناممکن
بیٹھ بھی اب ہم اچھی طرح رہیں گے۔
(پال گرالڈی)

جو کچھ تو کہے گی میں وہی کروں گا
بس غصہ تھوک دے
آج کے بعد پھر کبھی تجھ سے نہیں لڑوں گا۔
"ہند"

مشرق و مغرب

پوچھا یہ میں نے ایک حکیم فرنگ سے
انصاف کا یہ کونسا معیار ہے کہ یوں
مغرب کی پستیوں کو کہا جائے سربلند
مشرق کی رفعتوں کو کیا جائے سرنگوں
مغرب میں جس کو جذبۂ ملت قرار دیں!
مشرق میں وہی تو مسلمین مذہبی جنوں
مغرب میں ہو قتال تو وہ جہد للبقاء!
مشرق میں ہو جہاد تو بیہودہ کشت و خون
مغرب میں فتنہ گر کو بھی آزادیٔ زباں
مشرق میں راست گوئی بھی اک حرکت زبوں
مغرب میں وہم و خبط کی بھی قدر دانیاں
مشرق میں علم و فضل کی قسمت بھی دار گوں
مغرب میں داستان بھی تاریخ کا مواد
مشرق میں واقعات بھی افسانہ و فسوں
مغرب میں تو ہوس بھی ہو فطرت کا اقتضا
مشرق میں جوشِ عشق بھی ٹھہرے فسادِ خوں
مغرب میں شغلِ رقص بھی تہذیب کا نشاں
مشرق میں وحشیانہ ہر اک حرکت و سکوں
بولے نہیں یہ مشرق و مغرب کا امتیاز
ہے یہ تو صرف سطوتِ ظاہر کا اک فسوں"

طاقتوروں کی عقل کے معیار میں اسدؔ
کمزور کو کہاں ہے مجالِ چرا و چوں!!

اسد ملتانی
"معارف"

کلوپیٹرا کی ایک رات

کلوپیٹرا چند سہیلیوں کے ساتھ دریائے نیل کے کنارے اپنے قصر میں چپ سادھے بیٹھی ہے۔ اینٹنی مصر میں موجود نہیں اس لئے زندگی اس کیلئے دوبھر ہو رہی ہے۔ اس وقت اسے یونان اپنا وطن یاد آرہا ہے اور وہ مصر اور اس کی سرحدوں سے تنفر ہی ہو رہی ہے کچھ سوچ کر وہ اپنے دل کی بات اپنی سب سے بڑی سہیلی سے یوں کہتی ہے۔

شارمیان اگر میری زندگی میں کوئی دلچسپی ہوتی محبت! آہ والہانہ محبت! تو پھر مجھے مصر کا یہ ویرانہ بھی اپنے یونان کی طرح پیارا معلوم ہوتا جس کے علاج

کے بت، برّاق معبد، مصفا چشمے اور پر فضا گلزار ہر وقت میری نگاہوں میں رہتے ہیں کاش میری زندگی میں کوئی دلچسپی پیدا ہو کوئی جنون خیز واقعہ پیش آئے۔ مگر کون ایک ملکہ سے محبت کرنے کی جرأت کر سکتا ہے۔

کلوپیٹرا اپنی خیالات میں غرق ہے کہ ہوا کو چیرتا۔ سائیں سائیں کرتا ہوا ایک تیر کھڑکی کے راستے سے اندر آتا ہے اور زناٹے کے ساتھ دیوار کے چوبی حصّے میں پیوست ہو کر تھرتھرانے لگتا ہے تیر کے ساتھ ایک رقعہ بندھا ہے جس پر یہ الفاظ لکھے ہیں "مجھے تم سے محبت ہے"۔ یہ وہی چیز ہے جس کے لئے اس دفعت کلوپیٹرا کا دل بیقرار ہے۔

تیر انداز جس نے ملکہ کی محبت کے جنون میں جان کی بازی لگائی ہے۔ ایک نوجوان شکاری میامون ہے جس کا مردانہ حسن کسی دیوتا کے تانبے سے ڈھلے ہوئے مجسمے کی یاد دلاتا ہے۔ تیر چلانے کے بعد وہ غائب ہو جاتا ہے لیکن محض اس لئے کہ شاہی حمام میں پانی پہنچانے کی راج بہا میں غوطہ لگا کر باغ میں جا نکلے اور کسی درخت کے تنوں میں چھپ جائے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جب کلوپیٹرا جس کے بالوں میں ایک پن دیوی کی طرح کائی کے ریشے اور کنول کے پھول گندھے ہیں تیر نے کے تالاب سے برآمد ہونے لگتی ہے تو دفعتہً اس کی نگاہیں دو آتشیں آنکھوں سے دوچار ہوتی ہیں جو درختوں کے تنوں کے درمیان اس پر ٹکٹکی جمائے ہوئے ہیں۔ کلوپیٹرا کی ہلکی سی چیخ سن کر اس کے غلام جھپٹتے ہوئے آتے ہیں اور اس بے باک نامحرم کو گرفتار کر کے طرفۃ العین میں ملکہ کے قدموں میں لا ڈالتے ہیں۔ کلوپیٹرا کے اس سوال کے جواب میں کہ کیوں تم فوراً قتل کر دیئے جاؤ وہ یہی چند الفاظ گنگناتا ہے "مجھے تم سے محبت ہے"

کلوپیٹرا ہکا بکا سی رہ جاتی ہے تیر کے ساتھ رقعہ باندھ کر بھیجنے والا نوجوان یہی ہے وہ دفعتہً اپنے دل میں ایک فیصلہ کرتی ہے۔ نوجوان شکاری رات بھر میرے پاس رہے گا لیکن صبح اسے موت کی گھاٹ اترنا ہوگا

نوجوان جو خوشی سے پھولا نہیں سماتا محل میں پہنچا دیا جاتا ہے جہاں حسب معمول ایک عظیم الشان ضیافت کا سامان ہو رہا ہے۔

رات گہنا جاتی ہے اور پو پھٹنے کے ساتھ ہی ایک خوفناک گھڑی شکاری کے سر پر آ کھڑی ہوتی ہے۔ ایک غلام اسے سونے کا ایک پیالہ پیش کرتا ہے جس میں ابلتا اور کھدکتا ہوا ایک زہریلا مائل بھرا ہے۔

کلوپیٹرا کا رنگ اس وقت زرد ہے۔ اس نے اپنا ایک ہاتھ شکاری کے بازو پر رکھا ہے جس کی جرأت دیکھ کر ملکہ کا جذبۂ رحم برانگیختہ ہو رہا ہے اور وہ یہ کہا ہی چاہتی ہے کہ ابھی زندہ رہ اور مجھ سے محبت کر لیکن ایوان سے باہر نرسنگے کی آواز بلند ہوتی ہے یہ مارک اینٹنی کی واپسی کا نقیب ہے کلوپیٹرا اپنی انگلیاں نوجوان کے بازو سے اٹھا لیتی ہے۔ وہ پیالہ لبوں سے لگا کر غٹا غٹ چڑھا جاتا ہے اور اس کے ساتھ ہی اس کی لاش یوں زمین پر گر پڑتی ہے گویا اس پر بجلی آ پڑی ہے۔

انٹنی نمودار ہوتے ہی کہتا ہے "میری پیاری ملکہ! معلوم ہوتا ہے میں دفعت گذرنے کے بعد آیا ہوں ضیافت ختم ہو چکی ہے فرش پر یہ لاش کیسی ہے؟

کلوپیٹرا سکرا کر جواب دیتی ہے "کچھ نہیں آقا! میں ایک نئے زہر کی آزمائش کر رہی تھی آپ تشریف رکھئے اور دنیا ان بہادروں سے اپنا دل بہلائیے۔

(حامد علی خاں)

"ادبی دنیا"

مطبوعات

تاریخ ادبیاتِ ایران

پروفیسر ایڈورڈ براؤن مرحوم کی مشہور تصنیف "لٹریری ہسٹری آف پرشیا" کا جو درجہ تنقیدی کتب میں ہے اسے درجہ بحث نہیں بنایا جا سکتا مشرق و مغرب کے علماء نے علامہ براؤن کی اصابت رائے اور صحیح ذوق کی تعریف کی ہے اور ان کی دیانت داری کی داد دی ہے انھوں نے نہ صرف اہل مغرب کی اس غلط فہمی کو دور کیا کہ ایران میں عمر خیام اور حافظ کے سوا کوئی اعلیٰ درجے کا شاعر پیدا ہی نہیں ہوا بلکہ اہل مشرق کے دلوں میں ملکم صاحب کی تحریروں سے جو شکوک جاگزین ہو گئے تھے انھیں اپنی بے تعصبانہ روش سے رفع کر دیا۔ فارسی ادب کا وہ قدر داں طبقہ جو انگریزی سے نا آشنا ہے پہلے اس قابل قدر تصنیف سے فائدہ نہ اٹھا سکتا تھا اب پروفیسر سجاد حسن صاحب عثمانیہ کالج حیدر آباد نے اس کا اردو میں ترجمہ کر کے اس مشکل کو بھی حل کر دیا ہے زیر تبصرہ کتاب میں تاریخ ایران اور فارسی ادبیات پر بیک وقت بحث کی گئی ہے۔ پہلوی۔ زند پازند اور دوسری قدیم زبانوں کا سیر حاصل ذکر کیا گیا ہے۔ اور جدید تحقیق کی روشنی میں ان کی ابتدا و ارتقا پر رائے زنی کی گئی ہے۔ فارسی نثر پر پہلے بہت کم توجہ دی جاتی تھی اور اس کے متعلق کوئی اچھی تنقیدی کتاب دستیاب نہ ہو سکتی تھی لیکن پروفیسر براؤن کی کتاب نے اس کمی کی تلافی کر دی ہے۔ ہمارے سامنے اس وقت اس کی پہلی جلد ہے جس میں کیانی تاجداروں کی ابتدائے حکومت سے عہد بنو امیہ کے خاتمہ تک ایران کی مکمل تاریخ شامل ہے اور ایران کی مقدس کتب کے علاوہ تاریخی کتبوں اور دوسرے قدیم شواہد کی ادبی حیثیت اور اہمیت کے بارے میں مصنف نے اپنی رائے کا اظہار کیا ہے۔

ترجمہ پُر زور، بامحاورہ اور رواں ہے۔ دلچسپ ہونے کے علاوہ سادہ اور عالمانہ بھی ہے۔ اگرچہ کہیں کہیں عبارت میں تصنع بھی نظر آتا ہے مثلاً تخت کے متعلق فردوسی کے حال میں لکھا ہے "بغایت دلچسپ کتاب ہے لیکن اس کا مطالعہ ناگوار اور گراں گزرتا ہے"

آگے چل کر لکھا ہے "اوستا کو لسانی یا تقصص یا متابعے کی ضرورتوں کے علاوہ کسی اور ارادے سے پڑھنا دوبھر اور بلائے جان معلوم ہوتا ہے"

فن تنقید کی متانت "دوبھر اور بلائے جان" جیسے الفاظ کی متحمل نہیں ہو سکتی اور خصوصاً مذہبی کتب کے متعلق ان کا استعمال مناسب نہیں، نہ براؤن صاحب کا یہ مفہوم تھا اگر مصنف اور مترجم کے اختلاف کی ایسی مثالیں بہت کم ہیں اور بحیثیت مجموعی ترجمہ نہ صرف کامیاب بلکہ قابل تعریف بھی ہے۔

قدیم ناموں کے بارے میں مترجم نے انگریزی کی تقلید میں "ڈیریس" "اسائرس" اور "سیٹیائی" کا استعمال کیا ہے اگر ان کی جگہ "داریوش" یا "دارا" "سیروس" اور "مدی" لکھے جاتے تو بہتر ہوتا کیونکہ یہی الفاظ آج کل ایران میں رائج ہیں اور ایران کے ذکر میں یونانیوں کی تقلید فضول ہے۔ صفحے ۴۵۶ قیمت بلا جلد چار روپے آٹھ آنے انجمن ترقی اردو اورنگ آباد سے طلب فرمائیے۔

تذکرہ گلزار ابراہیم و تذکرہ گلشن ہند

علی ابراہیم خاں صاحب خلیل جو وارن ہیسٹنگز کے زمانے میں کمپنی بہادر کی طرف سے بنارس کے گورنر تھے شعرائے ہند کے اولین تذکرہ نویسوں میں سے ہیں اور اپنی غیر جانبداری اور صحیح ذوق تنقید کی وجہ سے سب میں ممتاز ہیں۔ انھوں نے بارہ سال کی محنت سے اردو کے شعراء کے حالات مرتب کئے اور ان کے کلام کا انتخاب

بھی کیا۔ یہ تذکرہ اردو زبان کے سرپرست جان گلکرسٹ کو اتنا پسند آیا کہ انھوں نے اس کے اردو میں ترجمہ کیے جانے کا حکم دیا۔ مرزا علی لطف نے حسب الحکم اس کا ترجمہ کیا اور حسب ضرورت اپنی طرف سے اس میں اضافہ بھی کیا۔ مولانا شبلی نے ۱۹۰۷ء میں اسے دیکھا اور تعریف کی اور از راہ قدردانی اس کی تصحیح اور تحشیہ کا کام اپنے ذمے لیا۔ مولانا عبدالحق صاحب سکرٹری انجمن ترقی نے اس کا مقدمہ لکھا اور ڈاکٹر محی الدین صاحب ایم۔ اے پی۔ ایچ۔ ڈی نے دیباچہ لکھا۔ اب یہ کتاب ان ہی خوبیوں کے ساتھ دوبارہ چھپی ہے۔ ہماری رائے میں اپنے مکمل اور صحیح تذکرے بہت کم ہیں اور ہر اہل ذوق کو اس کی ضرورت ہے۔ صفحے ۲۹۶ قیمت بلا جلد دو روپے مجلد ڈھائی روپے۔

انجمن ترقی اردو اورنگ آباد دکن سے مل سکتی ہے۔

مجلس

یہ ان مضامین کا انتخاب ہے جو گورنمنٹ کالج لاہور کی مجلس اردو کے جلسوں میں ۱۹۳۳-۳۴ء کے دوران میں پڑھے گئے۔ انھیں دور حاضر کے نوجوانوں نے لکھا ہے اور ان مضامین کا تعلق بھی دور حاضر سے ہے۔ نو مضامین میں سے چار۔ دور جدید کے ان شعراء سے متعلق ہیں جو ابھی زندہ ہیں یعنی اقبال۔ اختر شیرانی۔ جوش ملیح آبادی اور فانی۔ اقبال کی شاعری پر صرف اس نقطۂ نگاہ سے تنقید کی گئی ہے کہ وہ بحیثیت فلسفی دنیا کے مستقبل کے متعلق کن خیالات کا اظہار کرتا ہے۔ اختر شیرانی کی شاعری کے متعلق راشد وحیدی صاحب کا مضمون بہت دلچسپ ہے۔ لیکن ان کے انداز سے کسی قدر تکلفی ظاہر ہوتی ہے جس سے ایک نقاد کو گریز کرنا چاہیئے۔ حضرت جوش ملیح آبادی کی شاعری کے متعلق حفیظ صاحب ہوشیارپوری کا مضمون ان کی قوت مشاہدہ اور تجسس کا ثبوت دیتا ہے لیکن اگر اس میں ان کی شاعری سے جدید مثالیں بھی شامل کی جاتیں تو بہتر تھا۔ جناب عمر فاروق صاحب کی "باقیات فانی" پر تنقید ہر لحاظ سے قابل قدر ہے۔ باقی پانچ مضامین میں سے دو جو من ادب اور فلسفہ سے متعلق ہیں اور ان میں گوئٹے اور نٹشے کے پیغام سے بحث کی گئی ہے، بدقسمتی سے مضمون نگار فلسفہ کے دقیق مسائل کو بھی طرح واضح نہیں کر سکے اور انھیں دلچسپ بنانے میں کامیاب نہیں ہوئے۔ ایک اور مضمون میں منشی پریم چند کے افسانوں اور ناولوں پر تنقید کی گئی ہے۔ طرز تنقید انگریزی ہے اور عام تنقیدوں سے اس لیے بہتر ہے کہ نہ تقریظ ہے نہ تعریض بلکہ تنقید۔ ان مضامین کے علاوہ ایک افسانہ اور ایک علمی مضمون بھی شامل ہے صفحے ۱۲۱ قیمت عہ۸ء ملنے کا پتہ:۔ آغا عبدالحمید محمد مجلس اردو معرفت دارالاشاعت پنجاب لاہور

سال نامہ "ادبی دنیا"

"ادبی دنیا" کا سال نامہ اس سال ۲۴۰ صفحات پر غیر معمولی اہتمام سے نکلا ہے، اور اس میں بکثرت بلند پایہ مضامین اور خوبصورت تصاویر نظر آتی ہیں مضامین کا معیار یوں تو بحیثیت مجموعی قابل تعریف ہے لیکن یہ مضامین خاص طور پر ہمیں پسند آئے ہیں۔ ڈرامے۔ علی کا بیاہ اور آنکھ کا نشہ۔ افسانے:۔ وفا کا جال۔ کلوپٹرا عورت کی طاقت اور مہتمن۔ علمی مضامین:۔ اردو شاعری کا پہلا شاعرہ۔ نظموں میں۔ جوش۔ آزاد۔ سیماب۔ وحشت۔ احسن کا کلام اور تفرقات میں فتوح الشام عورت اور آرٹ وغیرہ۔ ضخامت ۲۵۰ صفحات۔ قیمت ایک روپیہ چار آنے۔ دفتر "ادبی دنیا" لاہور سے طلب کیجیے۔

ع۔ ا۔ ک

*

ONTARIO LIBRARY

تصاویر

دیہاتی لڑکی خان بہادر عبدالرحمٰن صاحب چغتائی کے آرٹ کا جدید ترین نمونہ ہے جس میں انھوں نے زورِ تخیل سے رنگ و خط کو اپنا تابع بنا لیا ہے۔ انھیں اپنے فن میں ایسی قدرت حاصل ہو گئی ہے کہ وہ تصویروں میں خیالات کا اظہار پوری کامیابی کے ساتھ کر سکتے ہیں۔ اس تصویر میں دیہاتی لڑکی اپنی نوجوانی کے خیالات میں گم، اپنی راہ کی پروا کئے بغیر اپنی دُھن میں جا رہی ہے۔ درختوں کے جھکے ہوئے سر بھی اس کی حیرانی کی تصدیق کر رہے ہیں۔ گویا مصور نے کائنات کو لڑکی کا ہم نوا بنا لیا ہے۔ تصویر کا ہر خط اور رنگ اس کے جذبات کی ترجمانی کر رہا ہے۔

سوئٹستان کی ایک پہاڑی سڑک سوئٹستان یورپ کے وسط میں ایک روح پرور خطہ ہے جسے بسا اوقات کشمیر سے تشبیہ دی جاتی ہے۔ مغرب کی عیش گاہ جسے گلزارِ یورپ بھی کہا جاتا ہے۔ دنیا کی خوشنما ترین سیر گاہوں میں شمار ہوتی ہے۔ یہ سڑک پہاڑ کو کاٹ کر بنائی گئی ہے۔ ایک درہ میں جھیل کا منظر نظر آ رہا ہے۔

ٹوٹا ہوا برتن مشہور فرانسیسی مصور گز کا شاہکار ہے۔ گز کی تصویروں میں اس کی فطرت کی دردمندی جھلکتی ہے۔ اس تصویر کے مؤثر ہونے کا راز بھی یہ ہے کہ مصور کو اپنی تخلیق سے پوری ہمدردی ہے۔ لڑکی کا بھولا بھالا چہرہ ایسا ہے کہ اسے دیکھتے ہی دل میں رحم کا جذبہ پیدا ہو جاتا ہے۔ اسکے لباس کی ترتیب بھی اسکی پریشانی کا اظہار ہوتا ہے۔

شملے کے دو منظر یہ مکتی تصویریں میاں شیر احمد صاحب نے شملہ کے قیام کے دوران میں رسوم گرما میں خود لی تھیں۔ اب انکی نظم خواصبوتی کے ساتھ شائع ہو رہی ہیں۔

مغربی ایشیا کی ایک وادی یہ تصویر زیلیک گوٹل کے قلم کی آفرینش ہے اور کنعان کا ایک منظر پیش کرتی ہے۔ اس وادی میں چرواہا اور شبان آزادانہ زندگی بسر کرتے ہیں۔ یہی وہ سرزمین ہے جو بنی اسرائیل کے پیغمبروں کا گہوارہ بنی۔

بچپن یہ دو تصویریں بچپن کی معصومانہ مسرت اور جد و جہد کی یاد دلاتی ہیں۔ ایک بچے کے چہرے سے شرارت ٹپک رہی ہے۔ دوسرا پھلوں کی ٹوکری میں ہاتھ ڈال رہا ہے۔ گویا ابھی سے دنیا میں اپنا حق جتانا چاہتا ہے۔

ژان وارک میدان جنگ میں سو رہی ہے فرانس کی یہ شیر دل لڑکی سپاہیوں کی طرح رہتی سہتی تھی اور ان کی طرح رات کو میدانِ جنگ ہی میں سوتی تھی۔ ایسے موقعوں پر وہ احتیاطاً مردانہ لباس پہنتی تھی۔ مصور نے اسے زرہ میں ملبوس دکھایا ہے۔

خیال جوزف سنگر اش گمٹاوبحل کی صنعت کی بہترین یادگار ہے جو لونم برگ کے نگارخانہ کی زینت ہے۔ "ہمایوں" کی گزشتہ اشاعت میں سوچ بچار کے نام سے جو تصویر چھپی ہے اس سے مقابلہ کرنے پر معلوم ہوگا کہ دونوں فنکاروں کا تخیل انھیں ایک ہی جگہ لے گیا ہے لیکن ان کے تاثرات میں کچھ اختلاف ہے۔

ڈینٹی کا بچپن مشہور اطالوی شاعر ڈینٹی بیٹیرس کے ساتھ کھیل رہا ہے۔ اسی وقت اس کے دل میں بیٹیرس کی محبت کا پاک جذبہ پیدا ہوتا ہے جس سے متاثر ہو کر وہ آیندہ بیٹیرس کی شان میں ایسی نظمیں لکھتا ہے جن سے وہ زندۂ جاوید ہو جاتی ہے۔

قدیم روس کی دعوتِ عروسی روس میں ایشیائی رسوم بہت حد تک رائج ہیں۔ اکثر دعوتوں میں مشرقی تزک و احتشام سے خیر مقدم کیا جاتا ہے۔ اس تصویر میں بھی کچھ ایسی ہی قدیم رسم کا منظر نظر آتا ہے۔

گرمی یہ تصویر رائل اکیڈمی کی تفریح گاہ میں ایک دیوار پر بنی ہوئی ہے۔ گرمی اس میں پورے جوبن پر دکھائی گئی ہے۔ رومانی عورتیں فراغت سے سونے پر دراز ہیں۔ وہ گرمی کا ایک نشہ سا محسوس کر رہی ہیں جس نے انھیں مست بنا دیا ہے لیکن گرمی ایسی شدید نہیں جس سے وہ گھبرا جائیں۔ وہ صرف انھیں کام سے چھڑا کر فرحت بخشنا چاہتی ہے۔

سرورق بچپن کی ملاقات کے بعد جب ڈینٹے نو سال کے بعد بیٹیرس سے ملا تو وہ ایک نوجوان دوشیزہ بن چکی تھی۔ اب اس کے حسن نے ڈینٹے کو کامل طور پر مسحور کر لیا۔ سرورق کی خوب صورت رنگین تصویر اس موقع کی ہے؛

طلسمِ زندگی

یعنی

جناب میاں بشیر احمد صاحب بی۔ اے۔ آکسن مدیر "ہمایوں" کی تازہ تصنیف کے متعلق اہلِ ملک کی رائیں

میاں عبدالعزیز صاحب بیرسٹر ایٹ لا صدر بلدیہ لاہور

"طلسمِ زندگی" کے ملتے ہی جلد اور چھپائی کی خوبصورتی کو دیکھ کر جب فہرست مضامین پر نظر ڈالی تو دل نہ چاہا کہ اس کتاب کو بغیر پڑھے اور ختم کئے چھوڑا جائے اور نہ چھوڑا جا سکتا ہے۔ میں نے اس کتاب کو اپنی میز پر رکھ لیا ہے تاکہ وقتاً فوقتاً اس کے کسی نہ کسی مضمون کو دوبارہ سہ بارہ بلکہ متواتر پڑھا جائے۔ یہ ایک خوب صورت چھوٹے چھوٹے مگر قیمتی موتیوں کی لڑی ہے۔ آپ نے صرف زرِ کثیر سے اس کو مرتب کر کے شائع کیا ہے اور حضرتِ ہمایوں مرحوم کی یاد تازہ کر دی ہے۔ خدا آپ کو اس کا صلہ بخشے۔

میر عابد حسین صاحب نجیب ہنمکنڈہ حیدر آباد دکن

"طلسمِ زندگی" آرائشِ ظاہری کے باعث بے حد نظر افروز اور حسنِ معنوی کی وجہ سے نہایت روح افزا ہے۔ کتاب کو دیکھ کر طبیعت پھڑک گئی اور جی باغ باغ ہو گیا۔

چودھری محمد ضیاء الدین صاحب شمسی جرنلسٹ

میں فصل رائے تو ساری کتاب پڑھ کر ہی لکھوں گا لیکن اتنا کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ مرقعِ چغتائی کے بعد یہ پہلی کتاب ہے جو اس شان کے ساتھ شائع ہوئی ہے۔ اسے دیکھ کر میں بلا خوفِ تردید کہہ سکتا ہوں کہ یہ ایک زندہ مصنف کی زندہ زبان میں زندہ رہنے والی تصنیف ہے۔ کتابت طباعت تصاویر جلد ہر چیز نظر فریب اور دیدہ زیب ہے۔ اور آپ کے حسنِ مذاق کی شاہد۔

کاش آپ کا اندازِ تحریر میرے مقدر میں ہوتا +

قیمت ——— پانچ روپے ——— علاوہ محصول ڈاک

پتہ:۔ سید عبداللطیف فرزند "ہمایوں" ۲۳۔ لارنس روڈ لاہور

مژدہ اے پیمانہ بردارِ خمستانِ حجاز بعد مدت کے ترے رندوں کو پھر آیا ہے ہوش

بالِ جبریل

ترجمانِ حقیقت علامہ ڈاکٹر سر محمد اقبال مدظلہ کا تازہ اردو کلام

ڈاکٹر صاحب کا یہ تازہ اردو کلام تقریباً بیس سال کے بعد شائع ہو رہا ہے اس اثنا میں بارہا صاحب ممدوح کو ان کے اپنے وہ الفاظ یاد دلائے گئے جو انھوں نے غالب مرحوم کی روح کو مخاطب کرکے کہے تھے ؎

گیسوئے اردو ابھی منت پذیرِ شانہ ہے شمع یہ سودائیِ دل سوزیِ پروانہ ہے

